اس میدان میں ایک ہی عمارت تھی جو آنکھوں کو اپنی طرف کھینچتی تھی یعنی ورامین کا مشہور مینار . اس کا آدھا دھڑ جسکی لہریےدار گولائی کے اوپر گاجرنما برجی تھی دور سے دکھائی دیتا تھا . برج کی اینٹوں کے گرجانے سے دراڑیں بن گئی تھیں اور ان میں چڑیوں نے گھونسلے بنا رکھے تھے. چڑیاں بھی گرمی کی تپن سے چپ تھیں اور اونگھ رہی تھیں. کیول ایک کتے کی دکھ بھری آواز اس سناٹے کو تھوڑی تھوڑی دیر بعد چونکا دیتی تھی.

یہ کتا سکاٹلینڈی نسل کا تھا . اس کے ہونٹ اور دہانہ دھنوارے رنگ کے تھے اور پیروں پر کالے گل تھے . ایسا جان پڑتا تھا کہ کیچڑ میں دوڑا ہو اور گندے چھینٹے کھاکر آیا ہو . اس کے کان بدھنے کی ٹونٹی جیسے' دم مرکی' بال چمکیلے کالے رنگ کے تھے . آنکھیں آدمیوں کی سی تھیں جو بالدار چہرے میں سے چمکتی تھیں . اسکی آنکھوں کی تہہ میں آدمی کی روح کی پرچھائیں تھی . عمر کی آدھی رات جو اس کے جیون پر چھا گئی تھی اسکی آنکھوں سے ایک اننت وستو کی آبھا کو چمکاتی تھی . اس میں ایک سندیسا تھا جسے پا لینا کٹھن تھا کیونکہ یہ اس کے دیدوں کے پیچھے چھپا تھا . پر یہ آبھا نہ تو چمک ہی تھی نہ رنگ. بلکہ کوئی ایسی وستو تھی جسے یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کیا تھی . اسکی آنکھوں میں کچھ ایسا دکھائی دیتا تھا جیسے کسی گھایل ہرن کی آنکھوں میں. آنکھیں نہ کیول آدمی کی آنکھوں کے سمان تھیں بلکہ ہوبہو وہی جنچتی تھیں—دو آنکھیں ہرے آسمانی رنگ کی جن میں دکھ' ترس' آس بھری ہو—ایسی جو ایک بھولے بھٹکے کتے کے چہرے ہی میں دکھائی دیتی ہوں.

پر ایسا جان پڑتا تھا کہ کوئی بھی اسکی آرت پرارتھنا بھری نگاہوں کو نہ دیکھتا ہے نہ سمجھتا ہے . نانبائی کی دوکان کے سامنے نوکر اس کے گھونسے لگاتا تھا . قصائی کا لڑکا پتھر سے مار بھگاتا تھا . اگر موٹر کے نیچے دبکتا تھا تو شوفر کے کیل‌دار بوٹ کی کڑی ٹھوکر اس کا سواگت کرتی تھی اور جب سب مار پیٹ سے تھک جاتے تو کھیر بیچنے والے کا لڑکا اسے ستانے میں مزہ لیتا تھا . جب بھی درد سے چلاتا ایک پتھر کا ڈھیلا اسکی کمر پر پڑتا اور لڑکے کے ٹھٹھے کی آواز بلند ہوتی اور وہ کہتا "پاجی کہیں کا!" دیکھنے والے بھی اس کا ساتھ دیتے اور چپکے چپکے اسے بڑھاوا دیتے اور مسکراتے جاتے. سبھی اسے ایشور کو خوش کرنے کیلئے مارتے تھے . ان کا وشواس تھا کہ کتا گندہ جانور ہے. دھرم اس کا ترسکار کرتا ہے. اسکی

करना होगा. रुपये पर सूद मिलता है. हमें मेहनत के बजाय रुपये के बलबूते पर होने वाली इस कमाई को बन्द करना होगा. रुपये का इस्तेमाल वहीं तक होना चाहिये जहां तक चीज़ों के लेन देन में मदद मिलती है.

बाज़ार :—कच्चे माल और रोज़मर्रा काम आने वाले सामान का बदलाव प्राकृतिक ढंग से होना चाहिये, राजनीत और दूसरे अप्राकृतिक कंटरोल इस तरह के बदलाव में दख़ल न दें.

ऐसे क़दम उठाने पर हथियारबन्दी के लिये कोई गुंजाइश बाक़ी न रह जायेगी. छोटे मोटे झगड़े बात चीत से तय हो जाएंगे. केवल इसी तरह आदमी जानवरों के स्तर से ऊंचा उठ सकता है और दूसरे इन्सानों का वध करना बन्द कर सकता है. सर्वोदय के नियमों के पालन से भी दुनिया में शान्ति हो सकती है और मनुष्य जाति भयंकर रूप से आत्महत्या करने से बच सकती है. परिस्थिति जिस साहस और विश्वास की मांग करती है वह हमको अपने अन्दर पैदा करना चाहिये.

भूला भटका कुत्ता

(सादिक़ हिदायत,)

[सादिक़ हयात फ़ारसी के बहुत प्रसिद्ध लेखक हैं. उनकी कहानियों का संसार की बहुत सी भाषाओं में अनुवाद हो चुका है. उनकी सबसे अच्छी कहानियों में से एक का हिन्दुस्तानी अनुवाद हम नीचे दे रहे हैं.

—डाक्टर ताराचन्द]

वरामिन के मैदान में कुछ छोटी छोटी दुकानें लगी हुई थीं. उनमें नानबाई, क़साई और अत्तार बैठते थे. उनके अलावा दो क़हवाख़ाने थे और एक नाई की दुकान. यह सब किसी तरह अपना पेट पालते थे और घर की आवश्यकताओं को पूरा करते थे. इनका जीवन सादा था. सूरज की कड़ी धूप में मैदान और उसके निवासी दिन भर जलते भुनते थे और इनकी एक ही इच्छा होती थी कि किसी तरह सांझ की पवन डोले और रात की छाया आए. आज आदमी, दूकानें, पेड़ और जानवर सभी कामकाज से थके थे. गर्म हवा के थपेड़े उनके सिरों पर भार लादे थे और धूल और हलका हलका धुंधलका नीले आकाश पर लहरा रहा था. मोटरों के बराबर आने जाने से ग़ुबार बढ़ता जाता था.

एक तरफ़ एक पुराना चुनार का पेड़ था. उसका तना एक तरफ़ से पोला था और उसमें गहरा खड्ड हो गया था. पर पेड़ ढिठाई के साथ अपनी टेढ़ी टहनियों पर कोढ़िया की मारी शाखों को फैलाए खड़ा था. उसकी धूल से भरी पत्तियों के नीचे एक बड़ा चबूतरा बना था. दो लड़के

ھوگا . روپئے پر سود ملتا ہے . ہمیں محنت کے بجائے روپے کے بل بوتے پر ہونے والی اس کمائی کو بند کرنا ہوگا. روپے کا استعمال وہیں تک ہونا چاہئے جہاں تک چیزوں کے لین دین میں مدد ملتی ہے .

بازار :—کچے مال اور روزمرہ کام آنے والے سامان کا بدلاؤ پراکرتک ڈھنگ سے ہونا چاہئے . راج نیت اور دوسرے اپراکرتک کنٹرول اس طرح کے بدلاؤ میں دخل نہ دیں .

ایسے قدم اٹھانے پر ہتھیار بندی کے لیئے کوئی گنجائش باقی نہ رہ جائے گی . چھوٹے موٹے جھگڑے بات چیت سے طے ہو جائیں گے . کیول اسی طرح آدمی جانوروں کے استر سے اونچا اٹھ سکتا ہے اور دوسرے انسانوں کا بدھ کرنا بند کر سکتا ہے . سروودے کے نیموں کے پالن سے ہی دنیا میں شانتی ہو سکتی ہے اور منشیہ جاتی بھینکر روپ سے آتم ہتھیا کرنے سے بچ سکتی ہے . پرستھتی جس ساہس اور وشواس کی مانگ کرتی ہے وہ ہم کو اپنے اندر پیدا کرنا چاہیئے .

بھولا بھٹکا کتا

(صادق ھدایت)

[صادق حیات فارسی کے بہت پرسدھ لیکھک ہیں. ان کی کہانیوں کا سنسار کی بہت سی بھاشاؤں میں انوواد ہو چکا ہے . اُن کی سب سے اچھی کہانیوں میں سے ایک کا ہندستانی انوواد ہم نیچے دے رہے ہیں .

—ڈاکٹر تاراچند]

وارامین کے میدان میں کچھ چھوٹی چھوٹی دوکانیں لگی ہوئی تھیں . ان میں نانبائی' قصائی اور عطار بیٹھتے تھے . ان کے علاوہ دو قہوہ خانہ تھے اور ایک نائی کی دوکان . یہ سب کسی طرح اپنا پیٹ پالتے تھے اور گھر کی آوشکتاؤں کو پورا کرتے تھے . ان کا جیون سادہ تھا . سورج کی کڑی دھوپ میں میدان اور اس کے نواسی دن بھر جلتے بھنتے تھے اور انکی ایک ہی اچھا ہوتی تھی کہ کسی طرح سانجھ کی پون ڈولے اور رات کی چھایا آئے . آج آدمی' دوکانیں' پیڑ اور جانور سبھی کام کاج سے تھکے تھے . گرم ہوا کے تھپیڑے ان کے سروں پر بھار لادے تھے اور دھول اور ہلکا ہلکا دھندھلکا نیلے آکاش پر لہرا رہا تھا . موٹروں کے برابر آنے جانے سے غبار بڑھتا جاتا تھا .

ایک طرف ایک پرانا چنار کا پیڑ تھا . اس کا تنا ایک طرف سے پولا تھا اور اس میں گہرا کھڈ ہوگیا تھا . پر پیڑ ڈھٹائی کے ساتھ اپنی ٹیڑھی ٹہنیوں اور کوڑھیا کی ماری شاخوں کو پھیلائے کھڑا تھا . اسکی دھول سے بھری پتیوں کے نیچے ایک بڑا چبوترا بنا تھا . دو لڑکے

इद गिर्द पाया जाता हो. इन सामानों के बनाने में ऐसी शक्ति न लगाई जाये जो कम दाम में मिले और आदमियों को बेरोज़गार कर दे. आजकल कोयला, तेल और बिजली अनुचित दाम पर सप्लाई होते हैं. इस से बेकारी, ग़रीबी और असन्तोष बढ़ता है. बिजली आदि की सस्ती सप्लाई की वजह से बड़े बड़े कारख़ाने स्टेन्डर्ड सामान बनाते हैं. इस वजह से अनुचित होड़ कारख़ानों में लगती है.

कारख़ाना चलाने की यह सारी ताक़तें प्रकृति से ली जाती हैं. इनको हासिल करने में इन्सानी शक्ति का उपयोग कम होता है. प्राकृतिक साधनों की कोई क़ीमत नहीं लगाई जाती. केवल इन्सानी शक्ति का दाम आंका जाता है, इसलिए दाम बहुत कम होता है.

प्रकृति से जो साधन मिलते हैं वह सारी जनता की मीरास हैं. इन साधनों को थोड़े से दामों में कुछ लोगों के हाथों इस तरह न बिकना चाहिये. दाम मुक़र्रर करने में इस बात का ज़रूर ख़्याल रखना चाहिये कि मज़दूरों को इतनी रक़म मिल जाये कि वह सुखी जीवन बिता सकें.

जो दाम इन नियमों के अनुसार मुक़र्रर हो उससे ज़्यादा जो मुनाफ़ा हो उसका मालिक राष्ट्र हो और यह मुनाफ़ा सारी जनता के हित के लिये ख़र्च किया जाये. आजकल की प्रथा ख़त्म होनी चाहिये. केवल कारख़ानेदारों को ही सहायता के रूप में मुनाफ़े की रक़म न मिलनी चाहिये. ऐसी पालिसी अपनाने से जो सामान बनाए जाएंगे उनके दाम बढ़ जाएंगे. इस से उन लोगों को फ़ायदा पहुंचेगा जो कारख़ानों में काम करते हैं. इस पालिसी से सामाजिक अन्याय की जड़ पर चोट लगेगी. ऐसा करने से बेरोज़गारी ख़त्म हो जायेगी और ग़रीबी से लोगों को छुटकारा मिल जायेगा.

अगर सिर्फ़ हम इतना ही कर लें तो हमारे आर्थिक ढांचे का रुख़ बदल जाएगा और हम अपने पैरों पर ख़ुद खड़े हो सकेंगे और अपनी मदद ख़ुद कर सकेंगे. लड़ाई का एक बुनियादी कारण आर्थिक मामलों में दूसरे देशों का हस्तक्षेप है. अगर दूसरे देश आर्थिक मामलों में दख़ल न दें तो स्थाई शान्ति की तरफ़ हम तेज़ी से बढ़ सकेंगे. क्या इतना साहस है कि हम इस परिस्थिति का मुक़ाबिला कर सकें? यह क़दम हमारे जीवन की गुत्थियों को सुलझायेगा और लाखों को ख़ुशी प्रदान करेगा. आजकल हमने जीवन की डोर उलझा ली है, अपने ऊपर मुसीबत ओढ़ ली है, परिस्थितियां डगमग होती रहती हैं.

धन :—सामानों का दाम रुपयों में मुक़र्रर होता है. इस से हर क़िस्म की नाबराबरी पैदा होती है. जिसके पास जितने ज़्यादा रुपये हैं वह उतना ही अधिक सामान ख़रीद सकता है. रुपये के इस गुण को उससे अलग

اردگرد پایا جاتا ہو۔ اِن سامانوں کے بنانے میں ایسی شکتی نہ لگائی جائے جو کم دام میں ملے اور آدمیوں کو بیروزگار کردے۔ آجکل کوئلہ، تیل اور بجلی انوچت دام پر سپلائی ہوتے ہیں۔ اس سے بیکاری، غریبی اور اسنتوش بڑھتا ہے۔ بجلی آدی کی سستی سپلائی کی وجہ سے بڑے بڑے کارخانے اسٹینڈرڈ سامان بناتے ہیں۔ اس وجہ سے انوچت ہوڑ کارخانوں میں لگتی ہے۔

کارخانہ چلانے کی یہ ساری طاقتیں پرکرتی سے لی جاتی ہیں، اِن کو حاصل کرنے میں انسانی شکتی کا اُپیوگ کم ہوتا ہے۔ پراکرتک سادھنوں کی کوئی قیمت نہیں لگائی جاتی۔ کیول انسانی شکتی کا دام آنکا جاتا ہے اس لئے دام بہت کم ہوتا ہے۔

پرکرتی سے جو سادھن ملتے ہیں وہ ساری جنتا کی میراث ہیں۔ اِن سادھنوں کو تھوڑے سے داموں میں کچھ لوگوں کے ہاتھوں اس طرح نہ بکنا چاہئیے۔ دام مقرر کرنے میں اِس بات کا ضرور خیال رکھنا چاہئیے کہ مزدوروں کو اتنی رقم مل جائے کہ وہ سکھی جیون بتاسکیں۔

جو دام اِن نیموں کے انوسار مقرر ہو اُس سے زیادہ جو منافع ہو اُس کا مالک راشٹر ہو اور یہ منافع ساری جنتا کے ہت کے لئے خرچ کیا جائے۔ آجکل کی پرتھا ختم ہونی چاہئیے۔ کیول کارخانےداروں کو ہی سہایتا کے روپ میں منافع کی رقم نہ ملنی چاہئیے۔ ایسی پالیسی اپنانے سے جو سامان بنائے جائیں گے اُن کے دام بڑھ جائیں گے۔ اِس سے اُن لوگوں کو فائدہ پہونچے گا جو کارخانوں میں کام کرتے ہیں۔ اس پالیسی سے سماجک انیائے کی جڑ پر چوٹ لگے گی۔ ایسا کرنے سے بے روزگاری ختم ہو جائے گی اور غریبی سے لوگوں کو چھٹکارا مل جائے گا۔

اگر صرف ہم اتنا ہی کر لیں تو ہمارے آرتھک ڈھانچے کا رخ بدل جائے گا اور ہم اپنے پیروں پر خود کھڑے ہو سکیں گے اور اپنی مدد خود کر سکیں گے۔ لڑائی کا ایک بنیادی کارن آرتھک معاملوں میں دوسرے دیشوں کا ہستکشیپ ہے۔ اگر دوسرے دیش آرتھک معاملوں میں دخل نہ دیں تو استھائی شانتی کی طرف ہم تیزی سے بڑھ سکیں گے۔ کیا اتنا ساہس ہے کہ ہم اس پرستھتی کا مقابلہ کر سکیں؟ یہ قدم ہمارے جیون کی گتھیوں کو سلجھائے گا اور لاکھوں کو خوشی پردان کرے گا۔ آجکل ہم نے جیون کی ڈور اُلجھا لی ہے، اپنے اوپر مصیبت اوڑھ لی ہے، پرستھتیاں ڈگ مگ ہوتی رہتی ہیں۔

دھن:—سامانوں کا دام روپئے میں مقرر ہوتا ہے۔ اس سے ہر قسم کی نابرابری پیدا ہوتی ہے۔ جس کے پاس جتنے زیادہ روپئے ہیں وہ اتنا ہی ادھک سامان خرید سکتا ہے۔ ہمیں روپئے کے اس گن کو اس سے الگ کرنا

शान्ती का यक़ीनी रास्ता

(डाक्टर जे. सी. कुमारप्पा)

जब से एटम बम की ईजाद हुई है, हाईड्रोजन बम का विस्फोट हुआ है और कोबाल्ट बम के खतरे की चरचा होने लगी है तब से शान्ती क़ायम करने के बहुत से तरीक़ों पर सोच विचार एक फ़ैशन हो गया है. कहीं जंग विरोधियों की कानफ्रेंस होती है, कहीं पेसिफ़िस्ट लोग सर जोड़ कर बैठते हैं, कहीं शान्ती कौन्सिल की बैठक होती है और कहीं राजकाजियों की सभा होती है. यह कान्फ्रेंस और मीटिंगें शर्तें रखती हैं, प्रस्ताव पास करती हैं और अपीलें जारी करती हैं. लेकिन फिर भी हम वहां ही हैं जहां थे. इस से इन सब तरीक़ों की नाकामयाबी का पता चलता है. इस तरह की सारी कोशिशें बिना किसी चाल के की जाती हैं. लेकिन इनकी नाकामी की वजह यह है कि इलाज ऊपरी निशानियों का किया जाता है और बीमारी की जड़ को नहीं छेड़ा जाता.

हम बार बार कह चुके हैं कि बुनयादी गड़बड़ी हमारे आर्थिक ढांचे में है. इस ढांचे में सब लोगों की ज़रूरी आवश्यकताएं पूरी नहीं हो पातीं, इस असलियत का सामना करने के लिये बहुत कम लोग तैयार होते हैं.

इनसान ही एक ऐसा जानवर है जो अपना वातावरन खुद तैयार करता है और अपने भाग्य का खुद विधाता है. लड़ाई हमारे आर्थिक ढांचे का नतीजा है. यह ढांचा नाइनसाफ़ी, लालच और ग़ैर ज़रूरी आवश्यकताओं पर खड़ा है. हम अपनी मांगों को पूरा करने के लिए ग़लत रास्ते अख्तियार करते हैं. अगर हम चाहते हैं कि लड़ाई न हो और हमारा जीवन शान्ति से हो तो ज़रूरी है कि हम अपने तरीक़ों और जीवन को जड़ मूल से बदल डालें. यह तरीक़ा सर्वोदय है. सर्वोदय पर अमल करने से अहिंसा पैदा होगी. सर्वोदय क्या है इस की चरचा थोड़े से में हम नीचे करते हैं.

मांग :—हमारे जीवन की आवश्यकताएं क़ुदरती होनी चाहिये. ऐसी आवश्यकताओं की ज़रूरत नहीं जिनसे व्योपार किया जा सके. इन आवश्यकताओं का आधार स्वदेशी की सच्ची भावना होनी चाहिये.

सप्लाई—हमारी ज़रूरतों की पूर्ति में जिन सामानों की आवश्यकता है वह मुक़ामी तौर पर बनाए जाएं. इन में ज़्यादातर कच्चा माल वह इस्तेमाल किया जाय जो

شانتی کا یقینی راستہ

(ڈاکٹر جے . سی . کمارپا)

جب سے ایٹم بم کی ایجاد ہوئی ہے، ہائڈروجن بم کا وسفوٹ ہوا ہے اور کوبالٹ بم کے خطرے کی چرچا ہونے لگی ہے تب سے شانتی قائم کرنے کے بہت سے طریقوں پر سوچ وچار ایک فیشن ہوگیا ہے . کہیں جنگ ورودھیوں کی کانفرنس ہوتی ہے، کہیں پیسفسٹ لوگ سر جوڑ کر بیٹھتے ہیں، کہیں شانتی کونسل کی بیٹھک ہوتی ہے اور کہیں راج کاجیوں کی سبھا ہوتی ہے . یہ کانفرنس اور میٹنگیں شرطیں رکھتی ہیں، پرستاو پاس کرتی ہیں اور اپیلیں جاری کرتی ہیں . لیکن پھر بھی ہم وہاں ہی ہیں جہاں تھے . اس سے ان سب طریقوں کی ناکامیابی کا پتہ چلتا ہے . اس طرح کی ساری کوششیں بنا کسی چال کے کی جاتی ہیں . لیکن ان کی ناکامی کی وجہ یہ ہے کہ علاج اوپری نشانیوں کا کیا جاتا ہے بیماری کی جڑ کو نہیں چھیڑا جاتا.

ہم بار بار کہہ چکے ہیں کہ بنیادی گڑبڑی ہمارے آرتھک ڈھانچے میں ہے . اس ڈھانچے میں سب لوگوں کی ضروری آوشیکتائیں پوری نہیں ہوپاتیں . اس اصلیت کا سامنا کرنے کے لئے بہت کم لوگ تیار ہوتے ہیں .

انسان ہی ایک ایسا جانور ہے جو اپنا واتاورن خود تیار کرتا ہے اور اپنے بھاگیہ کا خود ودھاتا ہے . لڑائی ہمارے آرتھک ڈھانچے کا نتیجہ ہے . یہ ڈھانچہ، ناانصافی، لالچ اور غیر ضروری آوشیکتاؤں پر کھڑا ہے . ہم اپنی مانگوں کو پورا کرنے کے لئے غلط راستے اختیار کرتے ہیں . اگر ہم چاہتے ہیں کہ لڑائی نہ ہو اور ہمارا جیون شانتی سے ہو تو ضروری ہے کہ ہم اپنے طریقوں اور جیون کو جڑ مول سے بدل ڈالیں . یہ طریقہ سرودے ہے . سرودے پر عمل کرنے سے اہنسا پیدا ہوگی . سرودے کیا ہے اس کی چرچا تھوڑے سے میں ہم نیچے کرتے ہیں .

مانگ :—ہمارے جیون کی آوشیکتائیں قدرتی ہونی چاہئیں. ایسی آوشیکتاؤں کی ضرورت نہیں جن سے بیوپار کیا جاسکے . ان آوشیکتاؤں کا آدھار سودیشی کی سچی بھاونا ہونی چاہئے .

سپلائی :—ہماری ضرورتوں کی پورتی میں جن سامانوں کی آوشیکتا ہے وہ مقامی طور پر بنائے جائیں. ان میں زیادہ کچا مال وہ استعمال کیا جائے جو

वास्तविकता के घेरे से बाहर न कोई कला है और न हो सकती है.

यही नहीं कि सोशलिस्ट समाज में लेखक और जनता का सम्बन्ध होता है बल्कि इस सम्बन्ध की पूरी पूरी जानकारी भी होती है.

किसी समय यह बात "समाज का हुक्म" समझी जाती थी. लेकिन आजकल के कुछ सम्पादक और आलोचक समझते हैं कि "समाज" हट गया है और केवल "हुक्म" बाक़ी है. एक ही शब्द से काम चल जाये यह असली बात है लेकिन लेखक की कला के अनुकूल यह बात नहीं है.

इन्क़लाब से पहले लेखकों को ऐसा अनुभव आसानी से नहीं होता था. चेख़ोफ़ के पत्रों से पता चलता है कि कुछ पत्रिकाओं ने उनसे हुक्मन कहानी मांगी है. लेकिन उस समय के गुस्ताख़ से गुस्ताख़ सम्पादक ने कहानी का विषय समझाने का साहस मुश्किल से किया होगा. क्या कोई कल्पना भी कर सकता है कि एक प्रकाशक साहब टाल्सटाय और गोर्की को हुक्म देते हैं कि "अनाकरीना" और "मां" लिख डालो ?

मुश्किल से कोई ऐसा लेखक होगा जिसका व्यक्तित्व न हो और जो हर चीज़ से इतना उदासीन हो कि उसे बताने की ज़रूरत पड़े कि वह क्या लिखे.

(सिलसिले के लिये अगला अंक देखिये)

ईसा का सन्देश

लेखक—डाक्टर जे. सी. कुमारप्पा.

अनुवादक—सुरेश रामभाई.

इस किताब में हज़रत ईसा के सन्देश की व्याख्या ऐसे लाजवाब ढंग से की गई है कि पढ़ने वाला बड़ी आसानी से यह समझ जायगा कि ईसाई धर्म की ख़ास तालीम क्या है और हज़रत ईसा ने इनसान-इनसान की बराबरी, भाई चारे, प्रेम और अहिन्सा पर कितना ज़ोर दिया है.

महात्मा गांधी ने इस किताब के बारे में कहा है कि—

"हर आस्तिक से, चाहे वह ईसाई हो या किसी और धर्म का मानने वाला हो, मेरी सिफ़ारिश है कि इसे पढ़े... "

सुन्दर जिल्द, बढ़िया काग़ज़, क़रीब सवा सौ सफ़े की किताबका दाम सिर्फ़ एक रुपया.

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द', 145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

واستوکتا کے گھیرے سے باہر نہ کوئی کلا ہے اور نہ ہو سکتی ہے ۔

یہی نہیں کہ سوشلسٹ سماج میں لیکھک اور جنتا کا سمبندھ ہوتا ہے بلکہ اس سمبندھ کی پوری پوری جانکاری بھی ہوتی ہے ۔

کسی سمے یہ بات "سماج کا حکم" سمجھی جاتی تھی لیکن آج کل کے کچھ سمپادک اور آلوچک سمجھتے ہیں کہ "سماج" ہٹ گیا ہے اور کیول "حکم" باقی ہے ۔ ایک ہی شبد سے کام چل جائے یہ اصلی بات ہے لیکن لیکھک کی کلا کے انوکول یہ بات نہیں ہے ۔

انقلاب سے پہلے لیکھکوں کو ایسا انوبھو آسانی سے نہیں ہوتا تھا ۔ چیخوف کے پتروں سے پتہ چلتا ہے کہ کچھ پتریکاؤں نے ان سے حکماً کہانی مانگی ہے ۔ لیکن اس سمے کے گستاخ سے گستاخ سمپادک نے کہانی کا وشے سمجھانے کا ساہس مشکل سے کیا ہوگا ۔ کیا کوئی کلپنا بھی کر سکتا ہے کہ ایک پرکاشک صاحب ٹالسٹائے اور گورکی کو حکم دیتے ہیں کہ "اناکرینا" اور "ماں" لکھ ڈالو ؟

مشکل سے کوئی ایسا لیکھک ہوگا جس کا ویکتتو نہ ہو اور جو ہر چیز سے اتنا اداسین ہو کہ اسے بتانے کی ضرورت پڑے کہ وہ کیا لکھے ۔

(سلسلہ کے لئے اگلا انک دیکھئے)

عیسیٰ کا سندیش

لیکھک—ڈاکٹر جے ۔ سی ۔ کمارپا ۔

انوادک—سریش رام بھائی ۔

اس کتاب میں حضرت عیسیٰ کے سندیش کی ویاکھیا ایسے لاجواب ڈھنگ سے کی گئی ہے کہ پڑھنے والا بڑی آسانی سے یہ سمجھ جائیگا کہ عیسائی دھرم کی خاص تعلیم کیا ہے اور حضرت عیسیٰ نے انسان انسان کی برابری بھائی چارے، پریم اور اہنسا پر کتنا زور دیا ہے ۔

مہاتما گاندھی نے اس کتاب کے بارے میں کہا ہے کہ—

"ہر آستک سے، چاہے وہ عیسائی ہو یا کسی اور دھرم کا ماننے والا ہو، میری سفارش ہے کہ اسے پڑھے..."

سندر جلد، بڑھیا کاغذ، قریب سوا سو صفحے کی کتاب کا دام صرف ایک روپیہ ۔

ملنے کا پتہ—

مینیجر، 'نیا ہند' 145 مٹھی گنج، الہ آباد ۔

है और वह अनुभव मचलते हैं कि इनका वर्नन किया जाये. इस तरह ही अनुरागपूर्न किताबों का जन्म होता है. ऐसी पुस्तकों में कलात्मक कमजोरियां भी होती हैं फिर भी पाठक के दिल को यह पुस्तकें हिला देती हैं.

यही कारन है कि मैं उन आलोचकों की बात नहीं समझ पाता हूँ जो लेखक को क़ुसूरवार ठहराते हैं क्योंकि उसने वालगा डान नहर, कपड़ा उद्योग या शान्ति आन्दोलन पर रचना नहीं की. क्या यह बेहतर नहीं होगा कि उस लेखक को बुरा भला कहा जाये जिसने ऐसी चीज़ पर क़लम उठाया जिस पर लिखने के लिये उसकी आत्मा ने उसे मजबूर नहीं किया और जिस विशय पर रचना किये बिना वह अच्छी तरह ज़िन्दा रह सकता था. उद्योगी पैदावार सम्बन्धी आंकड़ों से जो काम किया जाता है वह कला के क्षेत्र में नहीं लिया जा सकता है. मुझसे आप लोग सहमत होंगे कि एक अच्छा उपन्यास सौ घटिया उपन्यासों से बेहतर है. नाविल न तो कोयले की तरह इस्तेमाल किए जाते हैं और न वह जूते की तरह घिसते हैं.

एक सुंसान जज़ीरे पर घिरी सलोनी घटाएं किसी लेखक के दिमाग़ में उथल पुथल भले ही मचावें लेकिन कोई ऐसी चीज़ वहां नहीं है जो पुस्तक लिखने पर उसे उत्साहित कर सके. लेखक जनता के सम्बन्ध में लिखता है और जनता के लिये लिखता है.

समाजिक जीवन से शुद्ध साहित्य का सदा से सम्बन्ध है. लेखक के अकेलेपन के बारे में बुरजुवा समाज में चरचा उसी समय से चली है जब से वह ढलने लगा है और जब से उपन्यासकारों ने यह निश्चय कर लिया है कि जो निर्मान दुनिया में होने थे वह सब हो चुके और अब वास्तविकता की जगह सपने को ले लेना चाहिये. मैं यह भी कह दूं कि तमाम सपनों की तरह इन लोगों के सपनों में भी वास्तविकता की झलक मिलती है. केवल इतना अन्तर होता है कि यह झलक तोड़ी मरोड़ी होती है.

कलाकार की कल्पना, घटना, भाव और अमल का अनुपात बदल सकती है लेकिन सारे उपन्यासों यहां तक कि मनमौजी और काल्पनिक उपन्यासों तक का आधार वास्तविक जीवन होता है. विल्स ने 'मार्स' और 'केपिक' के आदमियों के सम्बन्ध में जो कुछ लिखा है वह इन्सानी समाज की पैरोडी है.

अजीब अजीब मुखड़े वाले काल्पनिक नाइटों का चित्रन करने से पहले सारवंत ने अपने युग के इन्सानों के सम्बन्ध में पूरी पूरी जानकारी हासिल की थी.

ہے اور یہ انوبھو مچلتے ہیں کہ اِن کا ورنن کیا جائے. اس طرح ہی انوارگ پورن کتابوں کا جنم ہوتا ہے . ایسی پستکوں میں کلاتمک کمزوریاں بھی ہوتی ہیں پھر بھی پاٹھک کے دل کو یہ پستکیں ہلا دیتی ہیں .

یہی کارن ہے کہ میں اُن آلوچکوں کی بات نہیں سمجھ پاتا ہوں جو لیکھک کو قصوروار ٹھہراتے ہیں کیونکہ اُس نے والگا ڈان نہر' کپڑا اُدیوگ یا شانتی آندولن پر رچنا نہیں کی . کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ اُس لیکھک کو برا بھلا کہا جائے جس نے ایسی چیز پر قلم اُٹھایا جس پر لکھنے کے لئے اُسکی آتما نے اُسے مجبور نہیں کیا اور جس وشے پر رچنا کئے بنا وہ اچھی طرح زندہ رہ سکتا تھا . اُدیوگی پیداوار سمبندھی آنکڑوں سے جو کام کیا جاتا ہے وہ کلا کے چھیتر میں نہیں لیا جاسکتا ہے . مجھ سے آپ لوگ سہمت ہوں گے کہ ایک اچھا اُپنیاس سو گھٹیا اُپنیاسوں سے بہتر ہے . ناول نہ تو کوئلے کی طرح استعمال کئے جاتے ہیں اور نہ وہ جوتے کی طرح گھستے ہیں .

ایک سنسان جزیرے پر گھری سلونی گھٹائیں کسی لیکھک کے دماغ میں اُتھل پتھل بھلے ہی مچاویں لیکن کوئی ایسی چیز وہاں نہیں ہے جو پستک لکھنے پر اُسے اُتساہت کرسکے . لیکھک جنتا کے سمبندھ میں لکھتا ہے اور جنتا کے لئے لکھتا ہے .

سماجک جیون سے شدھ ساہتیہ کا سدا سے سمبندھ ہے . لیکھک کے اکیلےپن کے بارے میں بورژوا سماج میں چرچا اُسی سمے سے چلی ہے جب سے وہ ڈھلنے لگا ہے اور جب سے اُپنیاس کاروں نے یہ نشچے کرلیا ہے کہ جو نرمان دنیا میں ہونے تھے وہ سب ہوچکے اور اب واستوکتا کی جگہ سپنے کو لے لینا چاہئے . میں یہ بھی کہدوں کہ تمام سپنوں کی طرح اِن لوگوں کے سپنوں میں بھی واستوکتا کی جھلک ملتی ہے . کیول اتنا انتر ہوتا ہے کہ یہ جھلک توڑی مروڑی ہوتی ہے .

کلاکار کی کلپنا' گھٹنا' بھاؤ اور عمل کا انوپات بدل سکتی ہے لیکن سارے اُپنیاسوں یہاں تک کہ من موجی اور کالپنک اُپنیاسوں تک کا آدھار واستوک جیون ہوتا ہے. ولس نے 'مارس' اور 'کیپک' کے آدمیوں کے سمبندھ میں جو کچھ لکھا ہے وہ انسانی سماج کی پیروڈی ہے .

عجیب عجیب مکھڑے والے کالپنک نائٹوں کا چترن کرنے سے پہلے سارونت نے اپنے یگ کے انسانوں کے سمبندھ میں پوری پوری جانکاری حاصل کی تھی .

छोड़ देती हैं. आलोचक कहते हैं कि इसका कारन रचना में कलात्मक गुनों की कमी है. मेरा ख्याल है कि इसका कारन कुछ और है.

हमारे बीच ऐसे लेखक हैं जो पाठक को झकझोर कर रख देते हैं. लगभग ऐसे सभी लेखकों की रचना में कलात्मक सुन्दरता मिलती है. लेकिन पाठक को जो पुस्तकें उदासीन बनाती हैं, जिन में उसे कोई मजा नहीं आता है उन में सुन्दर कला और अच्छे तकनीक का अभाव हो, यह जरूरी नहीं है. पिछले दस बरस में कला का स्टैन्डर्ड ऊपर उठा है और लड़ाई के समय के उपन्यासों का अस्तर बहुत ऊंचा है.

एक दफ़ा मैं इनक़लाब से पहले की पत्रिकाओं की फ़ाइल देख रहा था. मेरी नजर "रूसी रतन" "सब की पत्रिका" "आधुनिक संसार" नामक पत्रिकाओं पर पड़ी. उस समय चेखोफ़, गोर्की और ब्लाक लिख रहे थे. उन्हीं लोगों के साथ साथ दर्जनों दूसरे औसत दर्जे के लेखकों के लेख भी इन्हीं पत्रिकाओं में छपते थे. इन लेखकों की रचनाएं कमजोर और बेढंगी थीं. अगर आज के औसत दर्जे के लेखकों से उस जमाने के औसत दर्जे के लेखकों का कोई मुक़ाबिला करे तो साफ़ पता चल जाएगा कि आजकल के लेखक उन लोगों से कहीं ज़ियादा अच्छा लिखते हैं.

इस तरह यह बात साफ़ हो जाती है. लेनिनग्राड के मेरे मित्र ने जो अरुचि कुछ किताबों में अनुभव की वह इस कारन से नहीं है कि उनका कला पच्छ कमज़ोर है. अगर यह वजह है भी तो यह केवल एक मात्र कारन नहीं है.

टाल्सटाय से किसी ने पूछा कि अच्छी रचना कैसे की जाये? उन्होंने दो क़ीमती सीखें दीं—उस विशय पर कभी मत लिखो जो तुम्हें खुद दिलचस्प मालूम न हो, अगर दिमाग़ में कोई ऐसा विशय है जिस पर लिखना चाहते हों लेकिन भावना यह नहीं है कि उस विशय पर जरूर लिखो तो क़लम उठाना बेहतर न होगा.

लेखक मशीन नहीं है जो यांत्रिक रूप से घटनाओं को नोट करता जाता है. वह पुस्तक इसलिए नहीं लिखता है क्योंकि उसे किताबें लिखनी आती हैं, वह इसलिए भी नहीं लिखता है क्योंकि वह सोवियत लेखक संघ का मेम्बर है और उससे पूछा जायेगा कि उतने अरसे तक कोई रचना उसने क्यों नहीं छपवाई.

जीविका कमाने के लिये भी लेखक नहीं लिखता. वह लिखता है क्योंकि उसे इस बात की जरूरत अनुभव होती है कि जनता को वह कुछ बताए, वह लिखता है क्योंकि उसकी किताब दिमाग़ में चक्कर काटा करती है, वह लिखता है क्योंकि जनता, वस्तु और भाव को उसने देख

چھوڑ دیتی ہیں۔ آلوچک کہتے ہیں کہ اس کا کارن رچنا میں کلاتمک گنوں کی کمی ہے۔ میرا خیال ہے کہ اسکا کارن کچھ اور ہے۔

ہمارے بیچ ایسے لیکھک ہیں جو پاٹھک کو جھکجھور کر رکھ دیتے ہیں۔ لگ بھگ ایسے سبھی لیکھکوں کی رچنا میں کلاتمک سندرتا ملتی ہے۔ لیکن پاٹھک کو جو پستکیں اداسین بناتی ہیں، جن میں اسے کوئی مزا نہیں آتا ہے ان میں سندر کلا اور اچھی تکنیک کا ابھاؤ ہو، یہ ضروری نہیں ہے۔ پچھلے دس برس میں کلا کا اسٹینڈرڈ اوپر اٹھا ہے اور لڑائی کے سمے کے اپنیاسوں اور کہانیوں کے مقابلے میں آج کل کی کہانیوں اور اپنیاسوں کا استر بہت اونچا ہے۔

ایک دفعہ میں انقلاب سے پہلے کی پتریکاؤں کی فائل دیکھ رہا تھا۔ میری نظر "روسی رتن" "سب کی پتریکا" "آدھنک سنسار" نامک پتریکاؤں پر پڑی۔ اس سمے چیخوف، گورکی اور بلاک لکھ رہے تھے۔ انہیں لوگوں کے ساتھ ساتھ درجنوں دوسرے اوسط درجے کے لیکھکوں کے لیکھ بھی انہیں پتریکاؤں میں چھپتے تھے۔ ان لیکھکوں کی رچنائیں کمزور اور بے ڈھنگی تھیں۔ اگر آج کے اوسط درجے کے لیکھکوں سے اس زمانے کے اوسط درجے کے لیکھکوں کا کوئی مقابلہ کرے تو صاف پتہ چل جائے گا کہ آج کل کے لیکھک ان لوگوں سے کہیں زیادہ اچھا لکھتے ہیں۔

اس طرح یہ بات صاف ہو جاتی ہے کہ لینن گراڈ کے میرے متر نے جو ارچی کچھ کتابوں میں انوبھو کی وہ اس کارن سے نہیں رچی ہے کہ ان کا کلا پکش کمزور ہے۔ اگر یہ وجہ ہے بھی تو کیول ایک ماتر کارن نہیں ہے۔

ٹالسٹائے سے کسی نے پوچھا کہ اچھی رچنا کیسے کی جائے؟ انہوں نے دو قیمتی سیکھیں دیں—اس وشے پر کبھی مت لکھو جو تمہیں خود دلچسپ معلوم نہ ہو؛ اگر دماغ میں کوئی ایسا وشے ہے جس پر لکھنا چاہتے ہو لیکن بھاونا یہ نہیں ہے کہ اس وشے پر ضرور لکھو تو قلم اٹھانا بہتر نہ ہوگا۔

لیکھک مشین نہیں ہے جو یانترک روپ سے گھٹناؤں کو نوٹ کرتا جاتا ہے۔ وہ پستک اس لئے نہیں لکھتا ہے کیونکہ اسے کتابیں لکھنی آتی ہیں، وہ اس لئے بھی نہیں لکھتا ہے کیونکہ وہ سوویت لیکھک سنگھ کا ممبر ہے اور اس سے پوچھا جائے گا کہ اتنے عرصے تک کوئی رچنا اس نے کیوں نہیں چھپوائی۔

جیوکا کمانے کے لئے بھی لیکھک نہیں لکھتا۔ وہ لکھتا ہے کیونکہ اسے اس بات کی ضرورت انوبھو ہوتی ہے کہ جنتا کو وہ کچھ بتلائے، وہ لکھتا ہے کیونکہ اسکی کتاب دماغ میں چکر کاٹا کرتی ہے، وہ لکھتا ہے کیونکہ جنتا، وستو اور بھاؤ کو اس نے دیکھا

लेखक और उसकी कला

(लेखक—इलिया एहरन बर्ग,
अनुवादक—मुजीब रिज़वी)

(गतांक से आगे)

समाज बदलता है

हम ऐसे युग में रह रहे हैं जब हमारी आंखों के सामने समाज तेज़ी से बदल रहा है, जनता तेज़ी से विकास की मंज़िलें तय कर रही है. यह ठीक है कि सब लोग यकसां विकास नहीं करते और सब के विकास में यकरंगी नहीं होती. इसी कारण वह लेखक जो आत्मिक विरोधों के चक्कर में भटकते रहते हैं अपने चरित्रों के व्योहार को ग़लत अर्थ पहनाने लगते हैं. ऐसे लेखक की ग़लती को पाठकों के सामने लाना चाहिये. मार्क्सवादी परमाण्त साहित्य हमें बताता है कि ऐसी आलोचना लिखी जा सकती है जिसे पढ़कर यह अनुभव न हो कि लेखक पर किसी अदालत में मुक़द्दमा चलाया जा रहा है.

साहित्यक आलोचकों को चाहिये कि दूसरे प्रकार के लेखकों की ग़लतियों पर भी वह रोशनी डालें. यह लेखक अपने चित्रों की सही व्याख्या करते हैं. उनके सम्बन्ध में उचित जानकारी रखते हैं, लेकिन फिर भी इनके चरित्रों में जान नहीं होती. जिन किताबों में लेखक पूरी तरह से नहीं समा जाता, जिन पुस्तकों के लिखने में वह जी जान तोड़ कर मेहनत नहीं करता, वह किताबें घटिया होती हैं. लेखक की नीयत चाहे जितनी अच्छी हो पर किताबों का अस्तर वह ऊंचा नहीं उठा पाता. ऐसा लेखक अपने चरित्रों को न जानता है और न उनको समझता है. आलोचक ऐसे लेखक की विफलताओं की व्याख्या कर सकते हैं, नाकामयाबी के कारण उसे बता सकते हैं, अगर वह रचना निर्मान के मनोविज्ञान पर ध्यान दें.

लेखक हर चीज़ के सम्बन्ध में और हर व्यक्ति के बारे में नहीं लिख सकता. विषय, वस्तु और चरित्रों के चुनाव के सम्बन्ध में वह असीम नहीं है, घिरा हुआ है. बड़े से बड़े लेखक के सामने दीवार होती है. एक उपन्यासकार की रचना का मूल्य आंकन उस समाज के आधार पर होता है जिसमें वह रहता है. इस बात की अब सब को जानकारी है. लेकिन लेखक जो साहित्य निर्मान करता है उसका मूल्य आंकन लेखक के जीवन चरित्र, उसके अनुभव और स्वभाव के आधार पर भी होता है.

लेखक किसी के हुक्म पर नहीं लिख सकता

लेनिनग्राड के इन्जीनियर का कहना सही है कि हमारे कुछ उपन्यास और कहानियां पाठक को उदासीन

لیکھک اور اسکی کلا

(لیکھک—ایلیا اہرن برگ،
انوادک—مجیب رضوی)

(گتانک سے آگے)

سماج بدلتا ہے

ہم ایسے یگ میں رہ رہے ہیں جب ہماری آنکھوں کے سامنے سماج تیزی سے بدل رہا ہے' جنتا تیزی سے وکاس کی منزلیں طے کر رہی ہے. یہ ٹھیک ہے کہ سب لوگ یکساں وکاس نہیں کرتے اور سب کے وکاس میں یک رنگی نہیں ہوتی. اسی کارن وہ لیکھک جو آتمک ورودھوں کے چکر میں بھٹکتے رہتے ہیں اپنے چرتروں کے ویوہار کو غلط ارتھ پہنانے لگتے ہیں. ایسے لیکھک کی غلطی کو پاٹھکوں کے سامنے لانا چاہئے. مارکس وادی پرمانت ساہتیہ ہمیں بتاتا ہے کہ ایسی آلوچنا لکھی جا سکتی ہے جسے پڑھکر یہ انوبھو نہ ہو کہ لیکھک پر کسی عدالت میں مقدمہ چلایا جا رہا ہے.

ساہتیک آلوچکوں کو چاہئے کہ دوسرے پرکار کے لیکھکوں کی غلطیوں پر بھی وہ روشنی ڈالیں. یہ لیکھک اپنے چرتروں کی صحیح ویاکھیا کرتے ہیں' اُن کے سمبندھ میں اُچت جانکاری رکھتے ہیں لیکن پھر بھی اِن کے چرتروں میں جان نہیں ہوتی. جن کتابوں میں لیکھک پوری طرح سے نہیں سما جاتا' جن پستکوں کے لکھنے میں وہ جی جان توڑ کر محنت نہیں کرتا' وہ کتابیں گھٹیا ہوتی ہیں. لیکھک کی نیت چاہے جتنی اچھی ہو پر کتابوں کا استر وہ اونچا نہیں اٹھا پاتا. ایسا لیکھک اپنے چرتروں کو نہ جانتا ہے اور نہ اُن کو سمجھتا ہے. آلوچک ایسے لیکھک کی وپھلتاؤں کی ویاکھیا کر سکتے ہیں' ناکامیابی کے کارن اُسے بتا سکتے ہیں' اگر وہ رچنا نرمان کے منووگیان پر دھیان دیں.

لیکھک ہر چیز کے سمبندھ میں اور ہر ویکتی کے بارے میں نہیں لکھ سکتا. وشے' وستو اور چرتروں کے چناؤ کے سمبندھ میں وہ اسیم نہیں ہے' گھرا ہوا ہے. بڑے سے بڑے لیکھک کے سامنے دیوار ہوتی ہے. ایک اپنیاس کار کی رچنا کا مول آنکن اُس سماج کے آدھار پر ہوتا ہے جس میں وہ رہتا ہے. اِس بات کی اب سب کو جانکاری ہے. لیکن لیکھک جو ساہتیہ نرمان کرتا ہے اُس کا مول آنکن لیکھک کے جیون چرتر' اُس کے انوبھو اور سوبھاؤ کے آدھار پر بھی ہوتا ہے.

لیکھک کسی کے حکم پر نہیں لکھ سکتا

لینن گراڈ کے انجینیر کا کہنا صحیح ہے کہ ہمارے کچھ اپنیاس اور کہانیاں پاٹھک کو اداسین

फिर कहा—"तो तुमने काबे का तवाफ़ किया ही नहीं. अब बताओ जब तुम सफ़ा और मरवा की पहाड़ियों के बीच में दौड़े तो तुम्हारे अन्दर सफ़ा यानी पाकी और मुरव्वत यानी दूसरों का लिहाज़ पैदा हुआ या नहीं ?" उसने जवाब दिया—"नहीं !" जुनैद ने फिर कहा—"तब तुम दौड़े ही नहीं. अब बताओ कि जब तुम क़ुर्बानी की जगह पहुंचे तो तुमने अपनी दुनियावी ख़्वाहिशों को क़ुर्बान किया या नहीं ?" उसने जवाब दिया—"नहीं !" जुनैद ने फिर कहा—"तब तुमने क़ुर्बानी की ही नहीं. अब बताओ कि जब तुमने कंकरियां फेंकीं तो जो कुछ शहवत (यानी काम वासना) के विचार तुम्हारे मन में रह गये थे उन्हें भी फेंक दिया या नहीं ?" उसने जवाब दिया—"नहीं !" जुनैद ने कहा—"तब तुमने कंकरियां फेंकी ही नहीं और न तुम ने हज की है."

हिन्दू और मुसलमान सन्तों और फ़कीरों की बानी में इस तरह के विचार भरे पड़े हैं. धर्म या मज़हब के इन ऊपरी रूपों से हट कर धर्म मज़हब के असली मक़सद की तरफ़ यानी अपने अन्दर की तरफ़ रुख़ करना ही सच्चे धर्म और सच्चे दीन की तरफ़ बढ़ना है. यही मज़हब के जिस्म से मज़हब की रूह की तरफ़ जाना है. यही इन्सानी एकता को समझना और अपने और सब के अन्दर के ईश्वर अल्लाह को पहचानना है.

हिदायत

"मैं अपना जीवन बिताने के लिये संसार में जा रहा हूं. मेरे प्रभु ! मुझे कोई हिदायत दीजिये, जिस से मैं वहां सफलता पा सकूं !" मनुश्य ने ईश्वर से कहा.

ईश्वर ने प्रसन्न हो कर कहा—"मेरे बेटे, मैं तुम्हें जीवन की दो विभूतियां दे रहा हूं. संसार में एक को अक़्ल और दूसरी को ईमान कहते हैं. मेरी हिदायत है कि अक़्ल को हमेशा ख़ूब ख़र्च करना और ईमान को हमेशा महफ़ूज़ रखना."

मनुश्य ने सिर झुकाया और दोनो हाथ आगे बढ़ा दिये. ईश्वर ने उसके बाएं हाथ में अक़्ल और दाएं हाथ पर ईमान रख दिया. भूल मनुश्य का स्वभाव है; यहां भी वह भूल गया कि उसने अक़्ल की जेब में ईमान और ईमान की जेब में अक़्ल रख ली.

संसार में अब वह दोनों हाथ ईमान लुटा रहा है और अक़्ल को उंगली नहीं लगाता. उसे अपने ईश्वर की हिदायत याद है कि अक़्ल हमेशा ख़ूब ख़र्च करने और ईमान महफ़ूज़ रखने की चीज़ है !

جواب دیا—"نہیں !" جنید نے پھر کہا—"تو تم نے کعبہ کا طواف کیا ہی نہیں. اب بتاؤ جب تم صفا اور مروا کی پہاڑیوں کے بیچ میں دوڑے تو تمہارے اندر صفا یعنی پاکی اور مروت یعنی دوسروں کا لحاظ پیدا ہوا یا نہیں ؟" اس نے جواب دیا—"نہیں !" جنید نے پھر کہا—"تب تم دوڑے ہی نہیں . اب بتاؤ کہ جب تم قربانی کی جگہ پہونچے تو تم نے اپنی دنیاوی خواہشوں کو قربان کیا یا نہیں ؟" اس نے جواب دیا—"نہیں !" جنید نے پھر کہا—"تب تم نے قربانی کی ہی نہیں . اب بتاؤ کہ جب تم نے کنکریاں پھینکیں تو جو کچھ شہوت (یعنی کام واسنا) کے وچار تمہارے من میں رہ گئے تھے انہیں پھینک دیا یا نہیں ؟" اس نے جواب دیا—"نہیں !" جنید نے کہا—"تب تم نے کنکریاں پھینکیں ہی نہیں اور نہ تم نے حج کی ہے ."

ہندو اور مسلمان سنتوں اور فقیروں کی بانی میں اس طرح کے وچار بھرے پڑے ہیں . دھرم یا مذہب کے ان اوپری روپوں سے ہٹکر دھرم مذہب کے اصلی مقصد کی طرف یعنی اپنے اندر کی طرف رخ کرنا ہی سچے دھرم اور سچے دین کی طرف بڑھنا ہے . یہی مذہب کے جسم سے مذہب کی روح کی طرف جانا ہے . یہی انسانی ایکتا کو سمجھنا اور اپنے اور سب کے اندر کے ایشور اللہ کو پہچاننا ہے .

ہدایت

" میں اپنا جیون بتانے کے لئے سنسار میں جا رہا ہوں. میرے پربھو ! مجھے کوئی ہدایت دیجئے' جس سے میں وہاں سپھلتا پا سکوں !" منشیہ نے ایشور سے کہا .

ایشور نے پرسن ہو کر کہا—" میرے بیٹے' میں تجھے جیون کی دو وبھوتیاں دے رہا ہوں . سنسار میں ایک کو عقل اور دوسرے کو ایمان کہتے ہیں . میری ہدایت ہے کہ عقل کو ہمیشہ خوب خرچ کرنا اور ایمان کو ہمیشہ محفوظ رکھنا ."

منشیہ نے سر جھکایا اور دونوں ہاتھ آگے بڑھا دیئے . ایشور نے اس کے بائیں ہاتھ میں عقل اور دائیں ہاتھ میں ایمان رکھ دیا . بھول منشیہ کا سبھاؤ ہے؛ یہاں بھی وہ بھول گیا کہ اس نے عقل کی جیب میں ایمان اور ایمان کی جیب میں عقل رکھ لی .

سنسار میں اب وہ دونوں ہاتھ ایمان لٹا رہا ہے اور عقل کو انگلی نہیں لگاتا . اسے اپنے ایشور کی ہدایت یاد ہے کہ عقل ہمیشہ خوب خرچ کرنے اور ایمان محفوظ رکھنے کی چیز ہے !

तीर्थों, पाक मुक़ामों, ईंट पत्थर के मन्दिरों, मस्जिदों, गिरजों, मूर्तियों और बाहरी रीत रिवाजों की कुछ लोगों को उसी तरह ज़रूरत पड़ती ही है जिस तरह शुरू के पढ़ने वाले बच्चों को लकड़ी के टुकड़ों और खिलौनों की ज़रूरत पड़ती है. पर उस हद के बाहर यह चीज़ें लाभ के बजाय हानि पहुंचाने लगती हैं, लोगों के दिलों और दिमाग़ों को ठस कर देती हैं और प्रेम की जगह झगड़े की जड़ें बन जाती हैं. इसीलिये सब धर्मों के समझदार लोगों को चाहिये कि वह अधिक मूर्तियों, मंदिरों, मक़बरों, मस्जिदों वग़ैरा के बनने को रोकें. हिन्दू धर्म में कहा गया है कि कोई नया मन्दिर बनवाने की जगह किसी पुराने मन्दिर की ठीक ठीक मरम्मत कराकर उसे बनाए रखना ज़्यादा अच्छा है. इस्लाम में बताया गया है कि कोई नई मस्जिद ऐसी जगह नहीं बननी चाहिये कि जहां किसी पहली मस्जिद की अज़ान की आवाज़ पहुंच सकती हो.

मशहूर मुसलमान संत हज़रत जुनैद ने अपनी एक कहानी में ऊपरी दीन और भीतरी दीन के इस फ़र्क़ को या धर्म के अन्दर साधन और साध्य के फ़र्क़ को बड़ी सुन्दरता से समझाया है. कहानी यह है:—कोई आदमी काबे की हज करके लौटा और जुनैद से मिला. उसने जुनैद से कहा मैं हज की सारी रसमें ठीक ठीक अदा कर आया हूं. जुनैद ने उससे पूछा—"जिस समय से तुम अपने घर से सफ़र के लिये निकले उस समय से जितना जितना तुम अपने घर से दूर होते गये उतना उतना अपने गुनाहों से भी दूर होते गये या नहीं?" उस आदमी ने जवाब दिया—"नहीं!" जुनैद ने फिर कहा—"तो तुम ने घर से सफ़र किया ही नहीं. अच्छा अब यह बताओ कि हर पड़ाव पर जहां तुम ठहरे तुम एक पड़ाव और अल्लाह की तरफ़ बढ़े या नहीं?" उसने जवाब दिया—"नहीं!" जुनैद ने फिर कहा—"तो तुम ने अभी कोई पड़ाव किया ही नहीं. अब बताओ कि जब तुमने अपने मामूली कपड़े उतार कर अहराम बांधा (यानी हज के कपड़े पहने) तो कपड़ों के साथ साथ तुमने अपनी बुराइयों को फेंक कर उनकी जगह नेकियों को अपने ऊपर ओढ़ा या नहीं?" उसने जवाब दिया—"नहीं!" जुनैद ने फिर कहा—"तो तुम ने अहराम बांधा ही नहीं. अच्छा तो अब बताओ कि जब तुम इर्फ़ात की पहाड़ी पर खड़े हुए तो तुम्हारा दिल अल्लाह के ध्यान में डूबा हुआ था या नहीं?" उसने जवाब दिया—"नहीं!" जुनैद ने फिर कहा—"तो तुम इर्फ़ात पर खड़े ही नहीं हुए. अच्छा तो अब बताओ कि जब तुम ने काबे के चारों तरफ़ चक्कर लगाये तो तुमने ला मकान (यानी निराकार) अल्लाह की अलग अलग सिफ़तों पर ग़ौर किया या नहीं?" उसने जवाब दिया—"नहीं!" जुनैद ने

تیرتھوں، پاک مقاموں، اینٹ پتھر کے مندروں، مسجدوں، گرجوں، مورتیوں اور باہری ریت رواجوں کی کچھ لوگوں کو اسی طرح ضرورت پڑتی ہی ہے جس طرح شروع کے پڑھنے والے بچوں کو لکڑی کے ٹکڑوں اور کھلونوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ پر اس حد کے باہر یہ چیزیں لابھ کے بجائے ہانی پہونچانے لگتی ہیں، لوگوں کے دلوں اور دماغوں کو ٹھس کر دیتی ہیں اور پریم کی جگہ جھگڑے کی جڑیں بن جاتی ہیں۔ اسی لئے سب دھرموں کے سمجھدار لوگوں کو چاہیئے کہ وہ ادھک مورتیوں، مندروں، مقبروں، مسجدوں وغیرہ کے بننے کو روکیں۔ ہندو دھرم میں کہا گیا ہے کہ کوئی نیا مندر بنوانے کی جگہ کسی پرانے مندر کی ٹھیک ٹھیک مرمت کرا کر اسے بنائے رکھنا زیادہ اچھا ہے۔ اسلام میں بتایا گیا ہے کہ کوئی نئی مسجد ایسی جگہ نہیں بننی چاہیئے کہ جہاں کسی پہلی مسجد کی اذان کی آواز پہونچ سکتی ہو۔

مشہور مسلمان سنت حضرت جنید نے اپنی ایک کہانی میں اوپری دین اور بھیتری دین کے اس فرق کو یا دھرم کے اندر سادھن اور سادھیہ کے فرق کو بڑی سندرتا سے سمجھایا ہے۔ کہانی یہ ہے:—کوئی آدمی کعبہ کی حج کرکے لوٹا اور جنید سے ملا۔ اس نے جنید سے کہا کہ میں حج کی ساری رسمیں ٹھیک ٹھیک ادا کر آیا ہوں۔ جنید نے اس سے پوچھا—"جس سمے سے تم اپنے گھر سے سفر کے لئے نکلے اس سمے سے جتنا جتنا تم اپنے گھر سے دور ہوتے گئے اتنا اتنا اپنے گناہوں سے بھی دور ہوتے گئے یا نہیں؟" اس آدمی نے جواب دیا—"نہیں!" جنید نے پھر کہا—"تو تم نے گھر سے سفر کیا ہی نہیں۔ اچھا اب یہ بتاؤ کہ ہر پڑاؤ پر جہاں تم ٹھہرے تم ایک پڑاؤ اور اللہ کی طرف بڑھے یا نہیں؟" اس نے جواب دیا—"نہیں!" جنید نے پھر کہا—"تو تم نے ابھی کوئی پڑاؤ کیا ہی نہیں۔ اب بتاؤ کہ جب تم نے اپنے معمولی کپڑے اتار کر احرام باندھا (یعنی حج کے کپڑے پہنے) تو کپڑوں کے ساتھ ساتھ تم نے اپنی برائیوں کو پھینک کر انکی جگہ نیکیوں کو اپنے اوپر اوڑھا یا نہیں؟" اس نے جواب دیا—"نہیں!" جنید نے پھر کہا—"تو تم نے احرام باندھا ہی نہیں۔ اچھا تو اب بتاؤ کہ جب تم عرفات کی پہاڑی پر کھڑے ہوئے تو تمہارا دل اللہ کے دھیان میں ڈوبا ہوا تھا یا نہیں؟" اس نے جواب دیا—"نہیں!" جنید نے پھر کہا—"تو تم عرفات پر کھڑے ہی نہیں ہوئے۔ اچھا تو اب بتاؤ کہ جب تم نے کعبہ کے چاروں طرف چکر لگائے تو تم نے لامکاں (یعنی نراکار) اللہ کی الگ الگ صفتوں پر غور کیا یا نہیں؟" اس نے

बुद्ध ने साफ़ शब्दों में कहा है कि—"आदमी को अपनी मुक्ति यानी नजात अपने अन्दर ही ढूंढनी चाहिये."

बुद्ध का सब से आख़िरी उपदेश यह बताया जाता है :—

"तुम अपनी आत्मा को ही अपने लिये चिराग़ बनाओ, अपनी आत्मा का ही सहारा लो, दूसरे किसी का सहारा न लो. बाहर की सब चीज़ों का सहारा और उनसे पैदा होने वाली इच्छाएं और उम्मीदें सब मिट जायेंगी. केवल आत्मा ही बाक़ी रह जायेगी. इसलिये ध्यान के साथ अपनी आत्मा को खोजने और समझने में लग जाओ."

जैनियों की किताब 'समाधि शतक' में भी यही बात इन्हीं शब्दों में कही गई है. फिर भी जैन मन्दिरों से बढ़ कर रुपया शायद किसी धर्म के मन्दिरों पर ख़र्च नहीं किया जाता. इनमें से कुछ मन्दिर बहुत ही सुन्दर और शानदार हैं. कलावन्तों की राय है कि आबू पहाड़ के जैन मन्दिर शान और सुन्दरता में आगरा के ताज से शायद कुछ ही कम हों.

गुरु नानक ने कहा है :—

काहे रे मन ! बन खोजन जाई !
सरब निवासी सदा अलेखा, तो संग रहत सदाई !
पहुप मांहि जस बास बसतु है, मुकुर मांहि जस छाई !
तैसे ही हरि बसत निरन्तर, घटहिं में खोजो, भाई !
भीतर बाहर एक ही जानो, यह गुरु ज्ञान बताई !
कहे नानक बिनु आपा चीन्हे, मिटे न भ्रम की काई !

यानी—ऐ मेरे दिल तू क्यों जंगलों में खोजने जाता है. वह ईश्वर सब के अन्दर है, सब जगह है. कहीं दिखाई नहीं देता लेकिन सदा तेरे साथ रहता है. जिस तरह फूल में ख़ुशबू रहती है और जिस तरह शीशे में अक्स रहता है वैसे ही ईश्वर हमेशा सब के दिलों में रहता है. ऐ भाई उसे अपने दिल के अन्दर ढूंढो, गुरु ने यह ज्ञान बताया है कि भीतर और बाहर सब एक ही जानो. नानक कहता है कि बिना अपने आपे को पहचाने जिहालत की काई नहीं मिट सकती.

एक और पंजाबी सूफ़ी संत ने कहा है :—

"ऐ भाई ! तू ढूंढने वाले को ढूंढ. तू दूसरे घरों के चक्कर में क्यों पड़ा है ? जिसे तू जंगलों में ढूंढता फिरता है वह सब का दोस्त कहीं ख़ुद तू ही न हो !"

लेकिन सिक्खों में भी ग्रंथ साहब के क़ीमती उपदेशों को समझने और उन पर अमल करने के बजाय ख़ुद ग्रंथ साहब को क़ीमती रेशमी कपड़ों में लपेट लपेटकर ऊंची जगह पर रक्खा जाता है और उन पर चंवर डुलाए जाते हैं.

بدھ نے صاف شبدوں نے کہا ہے کہ—" آدمی کو اپنی مکتی یعنی نجات اپنے اندر ہی ڈھونڈھنی چاہیئے."

بدھ کا سب سے آخری اُپدیش یہ بتایا جاتا ہے :—

" تم اپنی آتما کو ہی اپنے لئے چراغ بناؤ' اپنی آتما کا ہی سہارا لو' دوسرے کسی کا سہارا نہ لو . باہر کی سب چیزوں کا سہارا اور اُن سے پیدا ہونے والی اِچھائیں اور اُمیدیں سب مٹ جائیں گی . کیول آتما ہی باقی رہ جائے گی . اس لئے دھیان کے ساتھ اپنی آتما کو کھوجنے اور سمجھنے میں لگ جاؤ ."

جینیوں کی کتاب 'سمادھی شتک' میں بھی یہی بات اِنہیں شبدوں میں کہی گئی ہے . پھر بھی جین مندروں سے بڑھکر روپیہ شاید کسی دھرم کے مندروں پر خرچ نہیں کیا جاتا . اِن میں سے کچھ مندر بہت ہی سندر اور شاندار ہیں . کلاونتوں کی رائے ہے کہ آبو پہاڑ کے جین مندر شان اور سندرتا میں آگرہ کے تاج سے شاید کچھ ہی کم ہوں .

گرونانک نے کہا ہے :—

کاہے رے من ! بن کھوجن جائی !
سرب نواسی' سدا الیکھا' تو سنگ رہت سدائی !
'پہوپ مانہی جس باس بستو ہے' مکر مانہی جس چھائی !
تیسے ہی ہری بست نرنتر' گھٹہی میں کھوجو بھائی !
بھیتر باہر ایک ہی جانو' یہ گرو گیان بتائی !
کہے نانک بنو آپا چینہے' مٹے نہ بھرم کی کائی !

یعنی—اے میرے دل تو کیوں جنگلوں میں کھوجنے جاتا ہے . وہ ایشور سب کے اندر ہے' سب جگہ ہے . کہیں دکھائی نہیں دیتا لیکن سدا تیرے ساتھ رہتا ہے . جس طرح پھول میں خوشبو رہتی ہے اور جس طرح شیشے میں عکس رہتا ہے ویسے ہی ایشور ہمیشہ سب کے دلوں میں رہتا ہے . اے بھائی اسے اپنے دل کے اندر ڈھونڈھو' گرو نے یہ گیان بتایا ہے کہ بھیتر اور باہر سب ایک ہی جانو . نانک کہتا ہے کہ بنا اپنے آپے کو پہچانے جہالت کی کائی نہیں مٹ سکتی .

ایک اور پنجابی صوفی سنت نے کہا ہے :—

"اے بھائی ! تو ڈھونڈھنے والے کو ڈھونڈھ . تو دوسرے گھروں کے چکر میں کیوں پڑا ہے ؟ جسے تو جنگلوں میں ڈھونڈھتا پھرتا ہے وہ سب کا دوست کہیں خود تو ہی نہ ہو !"

لیکن سکھوں میں بھی گرنتھ صاحب کے قیمتی اُپدیشوں کو سمجھنے اور اُن پر عمل کرنے کے بجائے خود گرنتھ صاحب کو قیمتی ریشمی کپڑوں میں لپیٹ لپیٹ کر اُونچی جگہ پر رکھا جاتا ہے اور اُن پر چنور ڈلائے جاتے ہیں .

[की पूजा की जाती है जिसे 'कान यिन' बुद्ध कहते उसके हाथ में एक बच्चा होता है. उसे दया की देवी ा जाता है जो सारी दुनिया की प्रार्थनाएं सुनती है. ाम में फ़ातिमा और हसन हुसेन, ईसाई धर्म में मरियम उनका बेटा, हिन्दू धर्म में यशोदा और कृष्ण या शल्या और राम, यह सब मिलती जुलती चीज़ें हैं.

लेकिन इस तरह की चीज़ों को आदमी आम तौर वाजिब से अधिक महत्व देने लगता है. वह जल्दी ही से बाहर हो जाता है और उन चीज़ों की अच्छाई ई में बदल जाती है. हिन्दू मन्दिरों की गिरावट और इयां सब को मालूम हैं. मुसलमानों में भी क़ब्रों और रों की पूजा वैसी ही गिरी हुई हालत तक पहुंच गई -घर घर में मन्दिर और गली गली में मज़ार— लिये सब धर्मों के समझदार लोग आदमी को हमेशा ऊपरी चीज़ों से हटा कर अन्दर की चीज़ों और सलियत की तरफ़ लाने की कोशिश करते रहते हैं. सूफ़ी ता है :—

दिला तवाफ़े दिलां कुन की काबा मख़फ़ी अस्त
कि आं ख़लील बिना कर्द व ईं ख़ुदा ख़ुद साख़्त
ता के ज़्यारते मुक़ाबिर, ए अफ़सुरदा !
यक गुर्बए ज़िन्दा बह अज़ हज़ार शेर मुरदा

यानी—ऐ दिल ! दिलों की परिक्रमा कर कि उनके र काबा छिपा हुआ है. उस काबे को तो हज़रत लील ने बनाया था और इस काबे को ख़ुद ख़ुदा ने या है. ऐ बदक़िस्मत ! तू कब तक क़ब्रों की ज़्यारत ता रहेगा ? एक ज़िन्दा बिल्ली हज़ार मरे हुए शेरों से च्छी है.

हिन्दू परापूजा में लिखा है :—

"जो ईश्वर पूर्न यानी सब में है उसे एक मन्दिर के र कैसे बन्द किया जा सकता है, जो सबका आधार ो सहारा है उसे एक जगह ला कर कैसे बिठाया जा ता है, जिसका कोई ओर छोर नहीं उसकी प्रदक्षिना कैसे कर सकता है और जिसके सिवा कोई दूसरा है नहीं उसको कोई नमस्कार कैसे कर सकता है."

योग शास्त्र में लिखा है :—

"ईश्वर न स्वर्ग में रहते हैं न पाताल में, न पहाड़ों की ाओं में, न समुंदर की गहराई में. वह आदमी के की गुफ़ा में रहते हैं और उस गुफ़ा को अपने नूर रोशन किये हुए हैं. उसी नूर में आत्मा यह अनुभव ती है कि मैं कोई अलग वजूद हूं ही नहीं."

ठीक यही बात इन्हीं शब्दों में इंजील में जगह जगह गई है.

بدھ کی پوجا کی جاتی ہے جسے 'کوان ین' بدھ کہتے ہیں۔ اس کے ہاتھ میں ایک بچہ ہوتا ہے۔ اسے دیا کی دیوی مانا جاتا ہے جو ساری دنیا کی پرارتھنائیں سنتی ہے۔ اسلام میں فاطمہ اور حسن حسین، عیسائی دھرم میں مریم اور ان کا بیٹا، ہندو دھرم میں یشودا اور کرشن یا کوشلیا اور رام یہ سب ملتی جلتی چیزیں ہیں۔

لیکن اسطرح کی چیزوں کو آدمی عام طور پر اُچت سے ادھک مہتو دینے لگتا ہے۔ وہ جلدی ہی حد سے باہر ہو جاتا ہے اور ان چیزوں کی اچھائی برائی میں بدل جاتی ہے۔ ہندو مندروں کی گراوٹ اور برائیاں سب کو معلوم ہیں۔ مسلمانوں میں بھی قبروں اور مزاروں کی پوجا ویسی ہی گری ہوئی حالت تک پہنچ گئی ہے— گھر گھر میں مندر اور گلی گلی میں مزار—اسی لئے سب دھرموں کے سمجھدار لوگ آدمی کو ہمیشہ ان اوپری چیزوں سے ہٹا کر اندر کی چیزوں اور اصلیت کی طرف لانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔

صوفی کہتا ہے :—

دلا طواف دلاں کن کہ کعبہ مخفی است
کہ آں خلیل بنا کرد وایں خدا خود ساخت
تاکے زیارت مقابر، اے افسردہ!
یک گربہ زندہ بہ از ہزار شیر مردہ

یعنی اے دل! دلوں کی پریکرما کر کہ ان کے اندر کعبہ چھپا ہوا ہے۔ اس کعبہ کو تو حضرت خلیل نے بنایا تھا اور اس کعبہ کو خود خدا نے بنایا ہے۔ اے بدقسمت! تو کب تک قبروں کی زیارت کرتا رہے گا؟ ایک زندہ بلی ہزار مرے ہوئے شیروں سے اچھی ہے۔

ہندو پرا پوجا میں لکھا ہے :—

" جو ایشور پورن یعنی سب میں ہے اسے ایک مندر کے اندر کیسے بند کیا جا سکتا ہے، جو سب کا آدھار یعنی سہارا ہے اسے ایک جگہ لا کر کیسے بٹھایا جا سکتا ہے، جس کا کوئی اور چھور نہیں اسکی پردکھشنا کوئی کیسے کر سکتا ہے اور جس کے سوا کوئی دوسرا ہے ہی نہیں اس کو کوئی نمسکار کیسے کر سکتا ہے۔"

یوگ شاستر میں لکھا ہے :—

" ایشور نہ سورگ میں رہتے ہیں نہ پاتال میں، نہ پہاڑوں کی کندراؤں میں، نہ سمندر کی گہرائی میں۔ وہ آدمی کے دل کی گفا میں رہتے ہیں اور اس گفا کو اپنے نور سے روشن کئے ہوئے ہیں۔ اسی نور میں آتما یہ انوبھو کرتی ہے کہ میں کوئی الگ وجود ہوں ہی نہیں۔"

ٹھیک یہی بات انہیں شبدوں میں انجیل میں جگہ جگہ کہی گئی ہے۔

काबे में अब बुत नहीं हैं फिर भी हाजियों का कहना है कि काबे की हज के रीत रिवाजों और हिन्दू तीर्थों के रीत रिवाजों में तरह तरह की समानता है. गंगा जल या मन्दिर के चरनामृत की जगह वहां ज़मज़म के पाक कुएं का पानी पिया जाता है. हाजी लोग ज़मज़म का पानी पीते भी हैं और अपने बदन पर छिड़कते भी हैं. वह उस पानी को बोतलों में भर कर भी अपने अपने देश ले जाते हैं और दूसरों को पिला कर पाक करते हैं. हज के समय केवल दो बेसिले कपड़े पहनते हैं जिन्हें 'अहराम' कहा जाता है. यह दोनों कपड़े बिलकुल हिन्दुओं के धोती और उत्तराय जैसे होते हैं. काबे की परिक्रमा की जाती है जिसे 'तवाफ़' कहते हैं. हज्रुल असवद को बोसा दिया जाता है. हाजी लोग वहां ध्यान जमा कर बैठते हैं. हज के वक़्त मुसलमान पंडे और मंगते इसी तरह उन्हें चारों तरफ़ से घेरते हैं जैसे हिन्दू मन्दिरों में. काबे के दो ख़ास पत्थर हैं हज्रुल असवद और हज्रुल यमान जिन की बाबत कहा जाता है कि यह दोनों आसमान से गिरे हुए टूटे तारे हैं जिन्हें अंग्रेज़ी में मीटियर कहते हैं, यानी आदमियों के गढ़े हुए नहीं हैं. हिन्दुस्तान के कई मशहूर मन्दिरों में जो शिव लिंग स्थापित हैं उनकी बाबत भी यही कहा जाता है. इन्जील के पुराने अहदनामे में भी एक जगह लिखा है :—

"अगर तुम ईश्वर के लिये पत्थर की वेदी बनाओ तो उसे आदमी के हाथ से गढ़े हुए पत्थर से न बनाओ, क्योंकि अगर तुमने औज़ार लेकर उसके ऊपर चलाना तो उसे नापाक कर दोगे."

मुसलमान यात्री यानी ज़ाइर मक्का के अलावा मदीना, नजफ़, करबला, मशहद वग़ैरा और तीर्थों की भी ज़्यारत करते हैं. ज़्यारत और ज़ाइर और यात्रा और यात्री चारों शब्द एक ही असल से निकले हैं और एक हैं.

यहूदी धर्म का सबसे बड़ा तीर्थ येरूसलम है. ईसाई धर्म के भी अनेक तीर्थ हैं जिनमें से कुछ वह हैं जिनका हज़रत ईसा के जीवन के साथ कुछ न कुछ सम्बन्ध रहा है. रोमन कैथलिक गिरजों में मरियम, ईसा और ईसाई सन्तों की मूर्तियां भरी रहती हैं जिस तरह हिन्दू मन्दिरों में हिन्दू देवी देवताओं की और उनकी ठीक उसी तरह पूजा की जाती है, धूप दीप जलाए जाते हैं, जल छिड़का जाता है और घन्टे घड़ियाल बजाये जाते हैं जिस तरह हिन्दू मन्दिरों में.

एक आदर्श मां और उसके गोद के बच्चे की पूजा भी लगभग सब धर्मों में किसी न किसी रूप में मिलती है और एक दर्जे तक क़ुदरती, अच्छी और मुफ़ीद है. यहां तक कि चीन के बौद्ध धर्म में भी एक नारी रूप में

کعبہ میں اب بت نہیں ہیں پھر بھی حاجیوں کا کہنا ہے کہ کعبہ کی حج کے ریت رواجوں اور ہندو تیرتھوں کے ریت رواجوں میں طرح طرح کی سمانتا ہے۔ گنگا جل یا مندر کے چرنامرت کی جگہ وہاں زمزم کے پاک کنویں کا پانی پیا جاتا ہے۔ حاجی لوگ زمزم کا پانی پیتے بھی ہیں اور اپنے بدن پر چھڑکتے بھی ہیں۔ وہ اس پانی کو بوتلوں میں بھر کر بھی اپنے اپنے دیش لے جاتے ہیں اور دوسروں کو پلاکر پاک کرتے ہیں۔ حج کے سمے سب کیول دو بے سلے کپڑے پہنتے ہیں جنہیں 'احرام' کہا جاتا ہے۔ یہ دونوں کپڑے بالکل ہندوؤں کے دھوتی اور اترییہ جیسے ہوتے ہیں۔ کعبہ کی پریکرما کی جاتی ہے جسے 'طواف' کہتے ہیں۔ حجرالاسود کو بوسہ دیا جاتا ہے۔ حاجی لوگ وہاں دھیان جما کر بیٹھتے ہیں۔ حج کے وقت مسلمان پنڈے اور منگتے اسی طرح انہیں چاروں طرف سے گھیرتے ہیں جیسے ہندو مندروں میں۔ کعبہ کے دو خاص پتھر ہیں حجرالاسود اور حجرالیمان جن کی بابت کہا جاتا ہے کہ یہ دونوں آسمان سے گرے ہوئے ٹوٹے تارے ہیں جنہیں انگریزی میں میٹیر کہتے ہیں' یعنی وہ آدمی کے گھڑے ہوئے نہیں ہیں۔ ہندوستان کے کئی مشہور مندروں میں جو شیولنگ استھاپت ہیں ان کی بابت بھی یہی کہا جاتا ہے۔ انجیل کے پرانے عہدنامے میں بھی ایک جگہ لکھا ہے :—

"اگر تم ایشور کے لئے پتھر کی ویدی بناؤ تو اسے آدمی کے ہاتھ سے گھڑے ہوئے پتھر سے نہ بناؤ' کیونکہ اگر تم نے اوزار لیکر اس کے اوپر چلایا تو اسے ناپاک کردوگے۔"

مسلمان یاتری یعنی زائر مکہ کے علاوہ مدینہ' نجف' کربلا' مشہد وغیرہ اور تیرتھوں کی بھی زیارت کرتے ہیں۔ زیارت اور زائر اور یاترا اور یاتری چاروں شبد ایک ہی اصل سے نکلے ہیں اور ایک ہیں۔

یہودی دھرم کا سب سے بڑا تیرتھ یروشلم ہے۔ عیسائی دھرم کے بھی انیک تیرتھ ہیں جن میں سے کچھ وہ ہیں جن کا حضرت عیسیٰ کے جیون کے ساتھ کچھ نہ کچھ سمبندھ رہا ہے۔ رومن کیتھلک گرجوں میں مریم' عیسیٰ اور عیسائی سنتوں کی مورتیاں بھری رہتی ہیں جس طرح ہندو مندروں میں ہندو دیوی دیوتاؤں کی اور ان کی ٹھیک اسی طرح پوجا کی جاتی ہے' دھوپ دیپ جلائے جاتے ہے' جل چھڑکا جاتا ہے اور گھنٹے گھڑیال بجائے جاتے ہیں جسطرح ہندو مندروں میں۔

ایک آدرش ماں اور اس کے گود کے بچے کی پوجا بھی لگ بھگ سب دھرموں میں کسی نہ کسی روپ میں ملتی ہے اور ایک درجہ تک قدرتی' اچھی اور مفید ہے' یہاں تک کہ چین کے بودھ دھرم میں بھی ایک ناری روپ میں

छेड़ने या किसी जानवर की तरफ़ उंगली उठाने तक की इजाज़त नहीं है. सैर करने वालों की मोटरें शेरों और हाथियों के पास तक जा कर खड़ी हो जाती हैं. न कोई किसी से डरता है और न कोई किसी को छेड़ता है. दुनिया भर में जंगली जानवरों की रक्षा के लिये तरह तरह के क़ानून हैं. आदमी अपने को बार बार भूलता है और फिर बार बार धीरे धीरे अपने को पहचानता है.

हम ऊपर कह चुके हैं कि हर मज़हब में आदमी को किसी न किसी ठोस चीज़ की ज़रूरत पड़ती है जिस से वह प्रेम कर सके या जिस पर श्रद्धा दिखा सके. इस तरह की चीज़ों, तीर्थों, मन्दिरों, मस्जिदों या गिरजों से लाखों लोगों के दिल आपस में मिलते हैं, दुनिया भर के लोग आ आ कर इन स्थानों में जमा होते हैं. वहां एक मज़हबी वातावरन पैदा होता है. उन्हीं रास्तों से दुनिया में लेन देन, तिजारत, तरह तरह के विचार, सभ्यता और कलचर फैलते हैं और मानव एकता की कड़ियां मज़बूत होती हैं.

हज़रत मोहम्मद ने मक्का के तीन सौ साठ बुतों को उनकी जगह से हटवा कर फिंकवा दिया क्योंकि उस समय की बुतपरस्ती के बुरे नतीजों को उन्होंने अच्छी तरह देख लिया था. लेकिन वह इन्सान के दिल की ज़रूरतों को जानते थे. उन्होंने हज़रत इब्राहीम के बनाये हुए "अल्लाह के घर" काबा को क़ायम रक्खा, उसमें हज्रुल-असवद को क़ायम रक्खा और बड़ी दूरअंदेशी के साथ उसे दुनिया के करोड़ों ईमान वालों के हर साल मिलने की जगह ठहराई. नमाज़ में काबे की तरफ़ मुंह करना हर मुसलमान का फ़र्ज़ बताया. लेकिन साथ ही उन्होंने इस बात का ख़्याल रक्खा कि इस काबा या पूरब पच्छिम के मामले में कहीं लोग लकीर के फ़क़ीर ही बन कर न रह जावें. क़ुरान में साफ़ लिखा है कि :—

"पूरब और पच्छिम दोनों अल्लाह के हैं, और जिधर भी तुम नमाज़ में मुंह करो उधर ही अल्लाह का मुंह है, अल्लाह सब कुछ जानने वाला और सब जगह है. नेकी इसमें नहीं है कि तुम ने नमाज़ के वक़्त अपना मुंह पूरब की तरफ़ कर लिया या पच्छिम की तरफ़ कर लिया, नेकी इसमें है कि तुम एक अल्लाह को मानो और योमे आख़िरत यानी करमों के फल मिलने को मानो और सब फ़रिश्तों, सब किताबों और सब नबियों को मानो."

नमाज़ या इबादत के वक़्तों के बारे में मुहम्मद साहब की एक मशहूर हदीस है :—

"अल्लाह के लिये न कोई सुबह है और न कोई शाम."

क़ुरान में लिखा है :—

"तुम जब भी और जहां भी हो अल्लाह तुम्हारे साथ है."

چھیڑنے یا کسی جانور کی طرف انگلی اٹھانے تک کی اجازت نہیں ہے . سیر کرنے والوں کی موٹریں شیروں اور ہاتھیوں کے پاس تک جاکر کھڑی ہو جاتی ہیں . نہ کوئی کسی سے ڈرتا ہے اور نہ کوئی کسی کو چھیڑتا ہے. دنیا بھر میں جنگلی جانوروں کی رکشا کے لئے طرح طرح کے قانون ہیں . آدمی اپنے کو بار بار بھولتا ہے اور پھر بار بار دھیرے دھیرے اپنے کو پہچانتا ہے .

ہم اوپر کہہ چکے ہیں کہ ہر مذہب میں آدمی کو کسی نہ کسی ٹھوس چیز کی ضرورت پڑتی ہے جس سے وہ پریم کرسکے یا جس پر شردھا دکھا سکے . اس طرح کی چیزوں، تیرتھوں، مندروں، مسجدوں یا گرجوں سے لاکھوں لوگوں کے دل آپس میں ملتے ہیں، دنیا بھر کے لوگ آ آکر ان استھانوں میں جمع ہوتے ہیں . وہاں ایک مذہبی واتاورن پیدا ہوتا ہے. انہیں راستوں سے دنیا میں لین دین، تجارت، طرح طرح کے وچار، سبھیتا اور کلچر پھیلتے ہیں اور مانو ایکتا کی کڑیاں مضبوط ہوتی ہیں .

حضرت محمد نے مکہ کے تین سو ساٹھ بتوں کو انکی جگہ سے ہٹوا کر پھنکوا دیا کیونکہ اس سمے کی بت‌پرستی کے برے نتیجوں کو انہوں نے اچھی طرح دیکھ لیا تھا . لیکن وہ انسان کے دل کی ضرورتوں کو جانتے تھے . انہوں نے حضرت ابراہیم کے بنائے ہوئے "اللہ کے گھر" کعبہ کو قائم رکھا، اس میں حجرالاسود کو قائم رکھا اور بڑی دور اندیشی کے ساتھ اسے دنیا کے کروڑوں ایمان والوں کے ہر سال ملنے کی جگہ ٹھہرائی . نماز میں کعبہ کی طرف منہ کرنا ہر مسلمان کا فرض بتایا . لیکن ساتھ ہی انہوں نے اس بات کا خیال رکھا کہ اس کعبہ یا پورب پچھم کے معاملے میں کہیں لوگ لکیر کے فقیر ہی بن کر نہ رہ جاویں .

قرآن میں صاف لکھا ہے کہ :—

"پورب اور پچھم دونوں اللہ کے ہیں، اور جدھر بھی تم نماز میں منہ کرو ادھر ہی اللہ کا منہ ہے، اللہ سب کچھ جاننے والا اور سب جگہ ہے . نیکی اس میں نہیں ہے کہ تم نے نماز کے وقت اپنا منہ پورب کی طرف کرلیا یا پچھم کی طرف کرلیا، نیکی اس میں ہے کہ تم ایک اللہ کو مانو اور یوم آخرت یعنی کرموں کے پھل ملنے کو مانو اور سب فرشتوں، سب کتابوں اور سب نبیوں کو مانو ."

نماز یا عبادت کے وقتوں کے بارے میں محمد صاحب کی ایک مشہور حدیث ہے :—

"اللہ کے لئے نہ کوئی صبح ہے اور نہ کوئی شام ."

قرآن میں لکھا ہے :—

"تم جب بھی اور جہاں بھی ہو اللہ تمہارے ساتھ ہے ."

इसी तरह हर मजहब वालों के खास खास तीर्थ स्थान, पाक मुक़ाम, मन्दिर, मस्जिद, गिरजे, अग्यारी, गुरुद्वारे वग़ैरा होते हैं. इन सब की ग़रज़ यही है कि आदमी का दिल दर्जा बदर्जा ऊंचे धार्मिक विचारों और रूहानी आदर्शों की तरफ़ बढ़ता चला जाये जो लोग निराकार यानी ला-मकान का ख़्याल या उसका ध्यान कर सकने के नाक़ाबिल, हैं उन्हें इन से मदद मिलती है. पारसी 'अग्यारी' वही चीज़ है जो हिन्दू 'अग्नि अगारा' या 'अग्नि होत्र'.

हिन्दुस्तान के उत्तर से दक्खिन तक हिन्दुओं के सात पवित्र शहर मशहूर हैं और हज़ारों बरस से चले आते हैं —माया पुरी जिसे आजकल हरिद्वार कहते हैं, मथुरा, अयोध्या, काशी, अवन्तिका जिसे उज्जैन कहते हैं, कांची जिसे कंजीवरम कहते हैं और द्वारका. किसी ज़माने में यह सातों विद्या के खास स्थान थे. इन सातों को ब्रह्मपुरी या विद्यापीठ भी कहते थे. आजकल इनकी जगह एक दर्जे तक यूनीवर्सिटियों ने ले ली हैं. इनमें काशी अभी तक विद्या की एक बहुत बड़ी जगह है और कम से कम तीन हज़ार बरस से चली आ रही है. इसी तरह हिन्दुओं के चार धाम हैं-- उत्तर में बद्रीनाथ, पूरब में जगन्नाथ, दक्खिन में रामेश्वर और पच्छिम में द्वारका.

बौध धर्म वालों के चार खास तीर्थ हैं—एक लुम्बिनी बन जहां बुद्ध पैदा हुए थे; दूसरा बुद्ध गया, जहां उन्हें ज्ञान प्राप्त हुआ था; तीसरा सारनाथ, जहां उन्होंने अपने धर्म का प्रचार शुरू किया और चौथा कुशीनगर जहां उनका विसाल यानी परनिरवान हुआ.

सारनाथ बनारस के पास एक जगह है जिसका पुराना नाम सारंगनाथ था. सारंग संस्कृत में हिरन को कहते हैं. वहां किसी समय शिव जी का एक बहुत बड़ा मन्दिर था जिसके आस पास हिरनों का एक बहुत बड़ा जंगल था. लेकिन किसी को वहां के किसी हिरन को मारने या उस जंगल में शिकार खेलने की इजाज़त नहीं थी. इसीलिये उस मन्दिर के शिव जी को सारंगनाथ और उस जंगल को सारंग बन कहते थे. आदमी के अन्दर जानवरों से प्रेम और उन पर दया का भाव भी हर धर्म के साथ साथ शुरू से चला आता है. हज़रत ईसा अपनी भेड़ों के गड़रिया कहलाते थे, उनकी तसवीरों में भी अकसर मेमना हाथों में रहता है. इंजील में उन्होंने बार बार अपनी भेड़ों का ज़िक्र किया है. आजकल की दुनिया में भी ख़ुद अमरीका के अन्दर यलो स्टोन पार्क (Yellow Stone Park) है जहां हज़ारों जानवर रहते हैं और किसी को शिकार की इजाज़त नहीं. यूरोप भर में हज़ारों चिड़ियाघर हैं. अफ्रीका में हथियों, शेरों और तरह तरह के बड़े बड़े जानवरों के बड़े बड़े जंगल हैं जहां किसी को शिकार

اسی طرح هر مذهب والوں کے خاص خاص تیرتھ استھان' پاک مقام' مندر' مسجد' گرجے' اگیاری' گوردوارے وغیرہ هوتے هیں . ان سب کی غرض یہی ہے کہ آدمی کا دل درجہ بدرجہ اونچے دھارمک وچاروں اور روحانی آدرشوں کی طرف بڑھتا چلا جائے . جو لوگ نراکار یعنی لامکان کا خیال یا اس کا دھیان کرسکنے کے ناقابل هیں انہیں ان سے مدد ملتی هے . پارسی 'اگیاری' وهی چیز هے جو هندو 'اگنی اگارا' یا 'اگنی هوتر'.

هندستان کے اتر سے دکھن تک هندوؤں کے سات پوتر شہر مشہور هیں اور هزاروں برس سے چلے آتے هیں—مایا پوری جسے آجکل هردوار کہتے هیں' متھرا' ایودھیا' کاشی' اونتکا جسے اجین کہتے هیں' کانچی' جسے کنجی ورم کہتے هیں اور دوارکا . کسی زمانے میں یہ ساتوں ودیا کے خاص استھان تھے . ان ساتوں کو برهمه پوری یا ودیاپیٹھ بھی کہتے تھے. آج کل انکی جگہ ایک درجہ تک یونیورسٹیوں نے لے لی هیں . ان میں کاشی ابھی تک ودیا کی ایک بہت بڑی جگہ هے اور کم سے کم تین هزار برس سے چلی آرهی هے . اسی طرح هندوؤں کے چار دھام هیں—اتر میں بدری ناتھ' پورب میں جگناتھ' دکھن میں رامیشور اور پچھم میں دوارکا .

بودھ دھرم والوں کے چار خاص تیرتھ هیں—ایک لمبنی بن' جہاں بدھ پیدا هوئے تھے؛ دوسرا بدھ گیا' جہاں انہیں گیان پراپت هوا تھا؛ تیسرا سارناتھ' جہاں انہوں نے اپنے دھرم کا پرچار شروع کیا اور چوتھا کشی نگر جہاں ان کا وصال یعنی پرنروان هوا .

سارناتھ بنارس کے پاس ایک جگہ هے جس کا پرانا نام سارنگ ناتھ تھا . سارنگ سنسکرت میں هرن کو کہتے هیں . وهاں کسی سمے شیوجی کا ایک بہت بڑا مندر تھا جس کے آس پاس هرنوں کا ایک بہت بڑا جنگل تھا . لیکن کسی کو وهاں کے کسی هرن کو مارنے یا اس جنگل میں شکار کھیلنے کی اجازت نہیں تھی . اسی لئے اس مندر کے شیوجی کو سارنگ ناتھ اور اس جنگل کو سارنگ بن کہتے تھے . آدمی کے اندر جانوروں سے پریم اور ان پر دیا کا بھاؤ بھی هر دھرم کے ساتھ ساتھ شروع سے چلا آتا هے . حضرت عیسی اپنی بھیڑوں کے گڈریے کہلاتے تھے . ان کی تصویروں میں بھی اکثر میمنا هاتھوں میں رهتا هے . انجیل میں انہوں نے بار بار اپنی بھیڑوں کا ذکر کیا هے . آج کل کی دنیا میں بھی خود امریکہ کے اندر یلو اسٹون پارک (Yellow Stone Park) هے جہاں هزاروں جانور رهتے هیں اور کسی کو شکار کی اجازت نہیں . یورپ بھر میں هزاروں چڑیا گھر هیں . افریقہ میں هاتھیوں' شیروں اور طرح طرح کے بڑے بڑے جانوروں کے بڑے بڑے جنگل هیں جہاں کسی کو شکار

ा को बढ़ावा या फैलाना और इस पर जम जाना ग़लत र दीन धर्म के मामले में लोगों की तरक़्क़ी को कना है. लोगों को यह बराबर बताते रहना चाहिये कि र्ति ईश्वर नहीं है, ईश्वर केवल एक और निराकार है र्ति अधिक से अधिक एक बेजान अलामत है जो हमें ईश्वर की याद दिला दे और उसका ध्यान करने में छ मदद दे दे.

सूफ़ी धर्म की एक मशहूर किताब 'गुलशने राज़' के लिम लेखक से किसी ने पूछा कि बुत क्या चीज़ है र जनेऊ क्या चीज़ है? विद्वान मुसलमान लेखक ने वाब दिया :—

बुत ईं जा मज़हरे इश्क़ अस्तो वहदत
बवद ज़ुन्नार बस्तन अक़्दे ख़िदमत
चुं अशया हस्त हस्ती रा मज़ाहिर
अज़ां जुम्ला बुत हम यक बाशिन्द आख़िर
नदीद ओ अज़ बुत इल्ला ख़ल्क़ ज़ाहिर
अज़ीं जह शुद ओ अन्दर शर्आ क़ाफ़िर
तो हम गर ज़ू न बीनी हक़्क़े पिनहां
बबायद कि न गोयन्दत मुसलमां
मुसलमां गर बदानिस्ते कि बुत चीस्त
बिदानिस्ते कि दीं दर बुत परस्तीस्त

यानी—मूर्ति यहां अल्लाह के प्रेम और उसकी एकता ो ज़ाहिर करती है और जनेऊ बांधना ईश्वर की सेवा लिये कमर कसना है. दुनिया की सब चीज़ें उसी एक ल्लाह के ज़हूर यानी रूप हैं. मूर्ति भी इन्हीं सब चीज़ों से एक है. मूर्ति पूजने वाले ने मूर्ति के अन्दर सिवा बाहर ी मिट्टी, पत्थर के और कुछ न देखा इसीलिये इस्लामी रअ के अन्दर वह काफ़िर कहलाया. ऐ मुसलमान! तू भी गर जल्दी से मूर्ति के अन्दर छुपे हुए हक़ यानी अल्लाह नहीं देख सकता तो तू भी मुसलमान कहलाने का दार नहीं है. मुसलमान अगर यह जान जाये कि मूर्ति या चीज़ है तो वह यह भी समझ जाये कि मूर्ति पूजा में न है.

कहते हैं कि हज़रत उमर जब काबा के काले पत्थर हजरुल-सवद को बोसा देने से झिझके तो हज़रत अली ने उनसे हा—"अलहज्र यमीनुल्लाह फ़िलअर्ज़" यानी—यह पत्थर स ज़मीन पर अल्लाह का दायां हाथ है. इसके बाद ज़रत उमर ने हजरुल असवद को यह कह कर बोसा दिया के "ऐ पत्थर! मैं ख़ूब जानता हूं कि तू सिर्फ़ पत्थर है. तू किसी का कोई फ़ायदा नुक़सान नहीं कर सकता. मैं तुझे र्गिज़ बोसा न देता अगर मैंने रसूल के पाक लबों को झे बोसा देते न देखा होता."

پوجا کو بڑھاوا یا پھیلانا اور اس پر جم جانا غلط اور دین دھرم کے معاملے میں لوگوں کی ترقی کو روکنا ہے ۔ لوگوں کو یہ برابر بتاتے رہنا چاہیئے کہ مورتی ایشور نہیں، ایشور کیول ایک اور نراکار ہے ۔ مورتی ادھک سے ادھک ایک بےجان علامت ہے جو ہمیں اس ایشور کی یاد دلا دے اور اسکا دھیان کرنے میں کچھ مدد دے دے ۔

صوفی دھرم کی ایک مشہور کتاب 'گلشن راز' کے عالم لیکھک سے کسی نے پوچھا کہ بت کیا چیز ہے اور جنیو کیا چیز ہے؟ ودوان مسلمان لیکھک نے جواب دیا :—

بت اینجا مظہر عشق است و وحدت
بود زنار بستن عقد خدمت
چوں اشیا ہست ہستی را مظاہر
ازاں جملہ بت ہم یک باشند آخر
نہ دید او از بت إلا خلق ظاہر
ازیں جہ شد او اندر شرع کافر
تو ہم گر زو نہ بینی حق پنہاں
بباید کہ نہ گویندت مسلماں
مسلماں گر بدانستے کہ بت چیست
بدانستے کہ دیں در بت پرستیست

یعنی—مورتی یہاں اللہ کے پریم اور اسکی ایکتا کو ظاہر کرتی ہے اور جنیو باندھنا ایشور کی سیوا کے لئے کمر کسنا ہے ۔ دنیا کی سب چیزیں اسی ایک اللہ کے ظہور یعنی روپ ہیں ۔ مورتی بھی انہیں سب چیزوں میں سے ایک ہے ۔ مورتی پوجنے والے نے مورتی کے اندر سوا باہر کی مٹی، پتھر کے اور کچھ نہ دیکھا اسی لئے اسلامی شرع کے اندر وہ کافر کہلایا ۔ اے مسلمان! تو بھی اگر جلدی سے مورتی کے اندر چھپے ہوئے حق یعنی اللہ کو نہیں دیکھ سکتا تو تو بھی مسلمان کہلانے کا حقدار نہیں ہے ۔ مسلمان اگر یہ جان جائے کہ مورتی کیا چیز ہے تو وہ یہ بھی سمجھ جائے کہ مورتی پوجا میں دین ہے ۔

کہتے ہیں کہ حضرت عمر جب کعبہ کے کالے پتھر حجرالاسود کو بوسہ دینے سے جھجھکے تو حضرت علی نے ان سے کہا—"الحجر یمین اللہ فی الارض ." یعنی—یہ پتھر اس زمین پر اللہ کا دایاں ہاتھ ہے ۔ اس کے بعد حضرت عمر نے حجرالاسود کو یہ کہکر بوسہ دیا کہ "اے پتھر! میں خوب جانتا ہوں کہ تو صرف پتھر ہے ۔ تو کسی کا کوئی فائدہ نقصان نہیں کرسکتا ۔ میں تجھے ہرگز بوسہ نہ دیتا اگر میں نے رسول کے پاک لبوں کو تجھے بوسہ دیتے نہ دیکھا ہوتا ."

का सच्चा और साफ़ था. उसने सोचा कि मैं भी मरियम को ख़ुश करके अपनी जीविका के लिये दुआ मांगूं. वह गिरजा में बैठ गया. जब सब पादरी और दूसरे लोग चले गये तो उसने अन्दर से दरवाज़ा बन्द करके मरियम की मूर्ति के सामने मां मरियम को ख़ुश करने के लिये अपने सब खेल करने शुरू कर दिये. किसी पादरी ने किवाड़ के सन्धों में से देखा कि वह सिर नीचे और पांव ऊपर किये मरियम को अपने तमाशे दिखा रहा है. पादरी को ग़ुस्सा आया. दरवाज़ा खुलवा कर उसने उस बाज़ीगर को मार कर वहां से निकालना चाहा. इतने में पादरी की आंखों के सामने एक रोशनी सी दिखाई दी. उस रोशनी में उसने देखा कि मां मरियम अपनी जगह से हट कर ख़ुद अपने आंचल से उस बाज़ीगर के मुंह का पसीना पोंछ रही हैं. इस बीच कई पादरी वहां और आ पहुंचे. उन सब ने यह चमत्कार देखा. वह बाज़ीगर को छोड़ कर घुटनों के बल गिर पड़े और कहने लगे—"मुबारक हैं वह लोग जो दिल के पाक साफ़ हैं क्योंकि ईश्वर के दर्शन उन्हीं को मिल सकते हैं."

हिन्दू धर्म की भक्ति की किताबों में इस तरह की कहानियां भरी पड़ी हैं. सम्राट अकबर के मशहूर गवैये तानसेन के गुरु हरिदास के बारे में जो कृश्न के भक्त थे और रामायन के लेखक गोस्वामी तुलसीदास के बारे में जो राम के भक्त थे इस तरह की कहानियां मशहूर हैं. कहा जाता है कि सम्राट अकबर ने भी हरिदास की झोंपड़ी में जा कर इस तरह के नज़ारे देखे थे. हरिदास और तुलसीदास का समय एक ही था.

हमें यहां इस तरह की कहानियों के सच्चे या झूटे होने से मतलब नहीं है. मौलाना रूम ने अपनी मसनवी में बार बार कहा है कि—"मेरी कहानियों के लफ़्ज़ों पर मत जाओ, उनके सच और झूट को मत देखो, केवल यह जानने की कोशिश करो कि मैं इन कहानियों के ज़रिये क्या समझाना चाह रहा हूं." इस तरह की कहानियां सब धर्मों में मिलती हैं. इसका केवल यह मतलब है कि सब धर्मों में दिल की सफ़ाई पर सबसे अधिक ज़ोर दिया गया है और ईश्वर अल्लाह तक पहुंचने के लिये उस विश्वास को ज़रूरी माना गया है जिसकी बाबत कहा जाता है कि विश्वास पहाड़ों को भी उनकी जगह से हटा देता है. दिलों की पाकी और सच्चाई ही भगवान को सब से अधिक प्यारी होती है क्योंकि भगवान प्रेम रूप हैं, प्रेम ही भगवान हैं.

मूर्ति पूजा भी एक ख़ास हालत में ख़ास तरह के लोगों के लिये और एक हद के अन्दर लाभदायक हो सकती है बशर्ते कि उसे उसी हद के अन्दर रक्खा जाये. मूर्ति

کا سچا اور صاف تھا . اُس نے سوچا کہ میں بھی مریم کو خوش کر کے اپنی جیویکا کے لئے دعا مانگوں . وہ گرجا میں بیٹھ گیا . جب سب پادری اور دوسرے لوگ چلے گئے تو اُس نے اندر سے دروازہ بند کر کے مریم کی مورتی کے سامنے ماں مریم کو خوش کرنے کے لئے اپنے سب کھیل کرنے شروع کر دیئے . کسی پادری نے کواڑ کی سندوں میں سے دیکھا کہ وہ سر نیچے اور پاؤں اوپر کئے مریم کو اپنے تماشے دکھا رہا ہے . پادری کو غصہ آیا . دروازہ کھلوا کر اُس نے اُس بازیگر کو مار کر وہاں سے نکالنا چاہا . اتنے میں پادری کی آنکھوں کے سامنے ایک روشنی سی دکھائی دی . اُس روشنی میں اُس نے دیکھا کہ ماں مریم اپنی جگہ سے ہٹ کر خود اپنے آنچل سے اُس بازیگر کے منہ کا پسینہ پونچھ رہی ہیں . اس بیچ کئی پادری وہاں اور آ پہونچے . اُن سب نے یہ چمتکار دیکھا . وہ بازیگر کو چھوڑ کر گھٹنوں کے بل گر پڑے اور کہنے لگے—" مبارک ہیں وہ لوگ جو دل کے پاک صاف ہیں کیونکہ ایشور کے درشن انہیں کو مل سکتے ہیں ."

ہندو دھرم کی بھکتی کی کتابوں میں اِسطرح کی کہانیاں بھری پڑی ہیں . سمراٹ اکبر کے مشہور گویئے تان سین کے گرو ہری داس کے بارے میں جو کرشن کے بھکت تھے اور رامائن کے لیکھک گوسوامی تلسی‌داس کے بارے میں جو رام کے بھکت تھے اِسی طرح کی کہانیاں مشہور ہیں. کہا جاتا ہے کہ سمراٹ اکبر نے بھی ہری‌داس کی جھونپڑی میں جا کر اِسطرح کے نظارے دیکھے تھے . ہری‌داس اور تلسی داس کا سمے ایک ہی تھا .

ہمیں یہاں اِسطرح کی کہانیوں کے سچے یا جھوٹے ہونے سے مطلب نہیں ہے . مولانا روم نے اپنی مثنوی میں بار بار کہا ہے کہ—" میری کہانیوں کے لفظوں پر مت جاؤ' اُن کے سچ اور جھوٹ کو مت دیکھو' کیول یہ جاننے کی کوشش کرو کہ میں اُن کہانیوں کے ذریعہ کیا سمجھانا چاہ رہا ہوں." اِسطرح کی کہانیاں سب دھرموں میں ملتی ہیں . اِس کا کیول یہ مطلب ہے کہ سب دھرموں میں دل کی صفائی پر سب سے ادھک زور دیا گیا ہے اور ایشور اللہ تک پہونچنے کے لئے اُس وشواس کو ضروری مانا گیا ہے جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ وشواس پہاڑوں کو بھی اُن کی جگہ سے ہٹا دیتا ہے . دلوں کی پاکی اور سچائی ہی بھگوان کو سب سے ادھک پیاری ہوتی ہے کیونکہ بھگوان پریم روپ ہیں' پریم ہی بھگوان ہیں .

مورتی پوجا بھی ایک خاص حالت میں خاص طرح کے لوگوں کے لئے اور ایک حد کے اندر لابھدایک ہو سکتی ہے بشرطیکہ کہ اِسے اُسی حد کے اندر رکھا جائے . مورتی

पहुंचने का रास्ता दिल है, दिमाग़ नहीं. हमने अलग अलग लोगों के लिये अलग अलग तरीक़े बना रक्खे हैं.

हिन्दियां रा इस्तलाहे दादा अन्द
सिन्धयां रा इस्तलाहे दीगर अन्द

ऐ मूसा ऊपर के आदाब को जानने वाले लोग और होते हैं और वह सच्चे आशिक़ जिनके अन्दर इश्क़ की आग लगी होती है दूसरे होते हैं.

मूसिया आदाब दाना दीगर अन्द
आशिक़ां सोख्ते रूंनां दीगर अन्द

इश्क़ का मज़हब सब दीनों से अलग है. जो सच्चे आशिक़ हैं उनके लिये मज़हब और मिल्लत सब हम ही हम हैं.

मज़हबे इश्क़ अज़ हमा दुनिया जुदा अस्त
आशिक़ां रा मज़हबो मिल्लत ख़ुदा अस्त."

वग़ैरा वग़ैरा.

मूसा ने घबरा कर पूछा—"ऐ अल्लाह ! मुझसे ग़लती हो गई. अब मैं क्या करूं ?"

अल्लाह ने जवाब दिया—'ऐ मूसा ! जा उस गड़रिये को ढूंढ और उसे यह ख़ुशख़बरी दे कि वह ठीक था और तू ग़लत और उसके लिये अल्लाह की तरफ़ से सब माफ़ है."

हज़रत मूसा उस गड़रिये की खोज में निकल पड़े. बरसों की खोज के बाद वह उन्हें कहीं जंगल में अकेला खड़ा हुआ दिखाई दिया. मूसा ने गड़रिये को ख़ुशख़बरी दी कि गड़रिया ठीक था और मूसा ग़लत और गड़रिये के लिये सब माफ़ है. गड़रिये ने अब मुस्कराकर जवाब दिया—"ऐ मूसा ! अब किस से बात कर रहे हो ? अब मैं उस पहली जगह से हज़ारों साल का फ़ासला तै कर चुका. अब गड़रिया रहा ही नहीं. अब तो मैं अपनी ख़ुदी को ख़तम करके उस पुरानी ख़ुदी के ख़ून में लिथड़ा हुआ खड़ा हूं !

मन हज़ारां साल ज़ां सू गश्ता अम
मन कनूं दर ख़ूने दिल आग़ुश्ता अम.

ईश्वर प्रेम या इश्क़े इलाही की इस तरह की कहानियां सब मज़हबों की किताबों में मिलेंगी. रोमन कैथलिक ईसाइयों की किताबों में एक कहानी आती है कि कोई एक बाज़ीगर था. उसे बड़े अच्छे अच्छे खेल आते थे. वह गांव और शहर के लोगों को अपने खेल दिखा दिखा कर ख़ुश किया करता था और उसी से अपनी जीविका चलाता था. पर अपने बच्चों के पेट कठिनाई से भर पाता था. एक दिन वह किसी गिरजा में गया. उसने देखा कि पादरी लोग मरियम की मूर्ति के सामने बैठ कर बड़ी बड़ी दुआएं मांग रहे हैं. वह बहुत भोला और दिल

پہونچنے کا راستہ دل ہے' دماغ نہیں ۔ ہم نے الگ الگ لوگوں کے لئے الگ الگ طریقے بنا رکھے ہیں ۔

ہندیاں را اصطلاحے دادہ اند
سندھیاں را اصطلاحے دیگر اند

اے موسیٰ اوپر کے آداب کو جاننے والے لوگ اور ہوتے ہیں اور وہ سچے عاشق جن کے اندر عشق کی آگ لگی ہوتی ہے دوسرے ہوتے ہیں ۔

موسیا آداب داناں دیگر اند
عشقاں سوز دروناں دیگراند

عشق کا مذہب سب دینوں سے الگ ہے ۔ جو سچے عاشق ہیں ان کے لئے مذہب اور ملت سب ہم ہی ہم ہیں ۔

مذہب عشق از ہمہ دنیا جدا است
عاشقاں را مذہب و ملت خدا است ۔"

وغیرہ وغیرہ ۔

موسیٰ نے گھبرا کر پوچھا—"اے اللہ ! مجھ سے غلطی ہوگئی ۔ اب میں کیا کروں ؟"

اللہ نے جواب دیا—"اے موسیٰ ! جا اس گڈریے کو ڈھونڈھ اور اسے یہ خوش خبری دے کہ وہ ٹھیک تھا اور تو غلط اور اس کے لیئے اللہ کی طرف سے سب معاف ہے ۔"

حضرت موسیٰ اس گڈریے کی کھوج میں نکل پڑے ۔ برسوں کی کھوج کے بعد وہ انہیں کہیں جنگل میں اکیلا کھڑا ہوا دکھائی دیا ۔ موسیٰ نے گڈریے کو خوش خبری دی کہ گڈریا ٹھیک تھا اور موسیٰ غلط اور گڈریے کے لیئے سب معاف ہے ۔ گڈریے نے اب مسکرا کر جواب دیا—"اے موسیٰ ! اب کس سے بات کر رہے ہو ؟ اب میں اس پہلی جگہ سے ہزاروں سال کا فاصلہ طے کر چکا ۔ اب گڈریا رہا ہی نہیں ۔ اب تو میں اپنی خودی کو ختم کر کے اس پرانی خودی کے خون میں لتھڑا ہوا کھڑا ہوں !"

من ہزاراں سال زاں سو گشتہ ام
من کنوں درخون دل آغشتہ ام

ایشور پریم یا عشق الٰہی کی اسطرح کی کہانیاں سب مذہبوں کی کتابوں میں ملیں گی ۔ رومن کیتھلک عیسائیوں کی کتابوں میں ایک کہانی آتی ہے کہ کوئی ایک بازیگر تھا ۔ اسے بڑے اچھے اچھے کھیل آتے تھے ۔ وہ گاؤں اور شہر کے لوگوں کو اپنے کھیل دکھا دکھا کر خوش کیا کرتا تھا اور اسی سے اپنی جیویکا چلاتا تھا ۔ پر اپنے بچوں کا پیٹ کٹھنائی سے بھر پاتا تھا ۔ ایک دن وہ کسی گرجا میں گیا ۔ اس نے دیکھا کہ پادری لوگ مریم کی مورتی کے سامنے بیٹھ کر بڑی بڑی دعائیں مانگ رہے ہیں ۔ وہ بہت بھولا اور دل

थक गये होंगे. मैं अपने हाथों से तेरी खूब मुट्ठी चापी करूं तो तेरी थकान दूर हो जावे. तेरी चप्पल फट गई होगी. तू मुझे मिल जावे तो मैं अपने हाथ से तेरी चप्पल गांठ दूं. तेरे कम्बल में चीलर पड़ गये होंगे. मैं एक एक चीलर बीन कर फेंक दूं. रात को मैं तेरे लिये ऐसा अच्छा बिछौना बिछा दूं कि जिसमें एक सिलवट न रहे. उस पर जंगल से फूल ला कर डाल दूं सुबह को मैं जंगल से ताजा शहद का प्याला ला कर तुझे पिलाऊं ऐ अल्लाह ! तू कहां है ? तू मुझे क्यों नहीं मिलता ?" वग़ैरा वग़ैरा. गड़रिया इसी तरह बक रहा था और अपने प्रीतम के प्रेम में टपाटप आंसू बहा रहा था. हज़रत मूसा यह सुन कर गड़रिये के सामने आ खड़े हुए. उन्होंने गड़रिये से पूछा—"ऐ गड़रिये तू यह बातें किस से कह रहा है ?" गड़रिये ने जवाब दिया—"मूसा ! मैं उस अल्लाह से बातें कर रहा हूं जिसने तुझे पैदा किया और मुझे पैदा किया." मूसा ने फिर कहा—"ऐ गड़रिये तू उस अल्लाह की शान में ऐसी बातें कह रहा है कि वह थक गया होगा, उसके कम्बल में चीलर पड़ गये होंगे वग़ैरा ! अल्लाह की शान में ऐसी बातें कहना इतना बड़ा कुफ़्र और गुनाह है कि अगर उसकी आग बन जाये तो सारी दुनिया उसमें जल कर ख़ाक हो जाये !" गड़रिया ने पूछा—"ऐ मूसा ! क्या मुझसे कोई गुनाह हो गया ?" मूसा ने जवाब दिया—"तुझ से इतना बड़ा गुनाह हो गया जिसका कोई कुफ़्फ़ारा नहीं." गड़रिये ने फिर दुखी हो कर पूछा—"क्या मेरे गुनाह का कोई कुफ़्फ़ारा नहीं ?" मूसा ने जवाब दिया—"कोई नहीं." दुख में डूबा हुआ नसरास गड़रिया उठा. उसने अपना कम्बल कंधे पर डाला, लकड़ी हाथ में ली और भेड़ें पीछे छोड़ दूर जंगल में निकल गया. गड़रिया जब निगाह से ओझल हो गया तो मूसा बड़े अभिमान के साथ पीछे लौटे. उसी समय आसमान से आवाज़ आई, या शायद मूसा को अपने अन्दर के अल्लाह की डांट सुनाई दी. अल्लाह ने मूसा से कहा :—

"ऐ मूसा ! तूने यह क्या किया ? तूने हमारे प्रेमी को हम से अलग कर दिया ! तुझे दुनिया में मिलाने के लिये भेजा गया था, अलग करने के लिये नहीं भेजा गया था !

तो बराए वस्ल करदन आमदी
नै बराए फ़स्ल करदन आमदी,

तू समझता है कि हमारी बाबत तेरा दिमाग़ी ख़्याल उस गड़रिये के मोटे जिस्मानी ख़्याल की निसबत हमारी असलियत के अधिक निकट है ! तेरा यह समझना ग़लत है. हमारी असलियत से दोनों एक से दूर हैं. हम तक

ٹک گئے ہونگے ۔ میں اپنے ہاتھوں سے تیری خوب مٹھی چاپی کروں تو تیری تکان دور ہو جاوے ۔ تیری چپل پھٹ گئی ہوگی ۔ تو مجھے مل جاوے تو میں اپنے ہاتھ سے تیری چپل گانٹھ دوں ۔ تیرے کمبل میں چیلر پڑ گئے ہونگے ۔ میں ایک ایک چیلر بین کر پھینک دوں ۔ رات کو میں تیرے لیئے ایسا اچھا بچھونا بچھا دوں کہ جس میں ایک سلوٹ نہ رہے ۔ اس پر جنگل سے پھول لا کر ڈال دوں ۔ صبح کو میں جنگل سے تازہ شہد کا پیالہ لاکر تجھے پلاؤں ۔ اے اللہ ! تو کہاں ہے ؟ تو مجھے کیوں نہیں ملتا ؟" وغیرہ وغیرہ ۔ گڈریا اسی طرح بک رہا تھا اور اپنے پریتم کے پریم میں ٹپاٹپ آنسو بہا رہا تھا ۔ حضرت موسیٰ یہ سنکر گڈریئے کے سامنے آ کر کھڑے ہوئے ۔ انہوں نے گڈریئے سے پوچھا—" اے گڈریئے ! تو یہ باتیں کس سے کہہ رہا ہے ؟" گڈریئے نے جواب دیا—" موسیٰ ! میں اس اللہ سے باتیں کر رہا ہوں جس نے تجھے پیدا کیا اور مجھے پیدا کیا ۔" موسیٰ نے پھر کہا—" اے گڈریئے تو اس اللہ کی شان میں ایسی باتیں کہہ رہا ہے کہ وہ تھک گیا ہوگا' اس کے کمبل میں چیلر پڑ گئے ہونگے وغیرہ ! اللہ کی شان میں ایسی باتیں کہنا اتنا بڑا کفر اور گناہ ہے کہ گر اس کی آگ بن جائے تو ساری دنیا اس میں جلکر خاک ہو جائے!" گڈریئے نے پھر پوچھا—" اے موسیٰ! کیا مجھ سے کوئی گناہ ہوگیا ؟" موسیٰ نے جواب دیا— " تجھ سے اتنا بڑا گناہ ہوگیا جس کا کوئی کفارہ نہیں ۔" گڈریئے نے پھر دکھی ہو کر پوچھا—" کیا میرے گناہ کا کوئی کفارہ نہیں ؟" موسیٰ نے جواب دیا—"کوئی نہیں" دکھ میں ڈوبا ہوا نسراس گڈریا اٹھا ۔ اس نے اپنا کمبل کندھے پر ڈالا' لکڑی ہاتھ میں لی اور بھیڑیں پیچھے چھوڑ دور جنگل میں نکل گیا ۔ گڈریا جب نگاہ سے اوجھل ہوگیا تو موسیٰ بڑے ابھیمان کے ساتھ پیچھے لوٹے ۔ اسی سمے آسمان سے آواز آئی' یا شاید موسیٰ کو اپنے اندر کے اللہ کی ڈانٹ سنائی دی ۔ اللہ نے موسیٰ سے کہا :—

" اے موسیٰ ! تو نے یہ کیا کیا ؟ تو نے ہمارے پریمی کو ہم سے الگ کر دیا ! تجھے دنیا میں ملانے کے لئے بھیجا گیا تھا' الگ کرنے کے لئے نہیں بھیجا گیا تھا !

تو برائے وصل کردن آمدی
نے برائے فصل کردن آمدی

تو سمجھتا ہے کہ ہماری بابت تیرا دماغی خیال اس گڈریئے کے موٹے جسمانی خیال کی نسبت ہماری اصلیت کے اَدھک نکٹ ہے ! تیرا یہ سمجھنا غلط ہے ۔ ہماری اصلیت سے دونوں ایک سے دور ہیں ۔ ہم تک

आदमी के अगर रूह है तो जिस्म भी है. उसकी अपनी एक सूरत है. इसलिये दीन धर्म के मामले में भी मामूली आदमी का केवल ख़यालों से काम नहीं चलता. वह कोई न कोई सूरत भी चाहता है. निराकार यानी लामकां पर जल्दी से उसके दिल नहीं जमता. इसीलिये सब धर्मों में आदमी को धीरे धीरे ऊपरी रीत रिवाजों में से निकालते हुए अल्लाह तक ले जाने की कोशिश की गई है. यह रीत रिवाज और ईंट पत्थर अगर एक हद तक रहें तो ठीक है. लेकिन जब इनके ज़रिये आदमी क़दम क़दम ऊपर ले जाने के बजाय उसकी अक़्ल पर परदा डालने और इसे डरा डरा कर वहमों और अंध विश्वासों में फंसाये रहने की कोशिश की जाती है तो सारा दीन धर्म पाखंड और छल कपट रह जाता है. पंडे पुरोहित अपनी ख़ुदग़र्ज़ी के लिये इन रीत रिवाजों के ज़रिये आदमी को नीचे घसीट कर इसे सदा के लिये उनमें फंसाये रखना और गिराये रखना चाहते हैं.

अग्नि पुरान में लिखा है :—

"रूहानी निगाह से जो लोग अभी बच्चे हैं उनका ईश्वर लकड़ी पत्थर में रहता है. बीच के आदमियों का ईश्वर नदियों और तालाबों में रहता है, जो ज़रा सोचने लगते हैं उनका ईश्वर आसमान में या आसमान के नक्षत्रों वग़ैरा में रहता है और जो समझदार हैं उन्हें अपना ईश्वर अपनी आत्मा के अन्दर दिखाई देता है."

इंजील में भी लिखा है कि :—

"रूहानी बच्चों को रूहानी दूध दिया जाता है और जो रूहानी निगाह से बालिग़ हैं उन्हें रूहानी खाना दिया जाता है."

श्रीकृष्न ने गीता में कहा है कि :—

जो लोग समझदार हैं इन्हें चाहिये कि जो लोग कम-समझ हैं लेकिन नेक कामों में लगे हुए हैं उनमें बुद्धि भेद पैदा न करें."

मोहम्मद साहब की मशहूर हदीस है कि :—

"लोगों से उनकी समझ के मुताबिक़ बात करो."

मौलाना रूम की मसनवी में एक बड़ी सुन्दर कहानी याद आती है—

लिखा है कि हज़रत मूसा एक दिन किसी पहाड़ पर से उतर रहे थे. उन्होंने देखा कि एक गड़रिया नीचे को मुंह किये पड़ा है. गड़रिये का कम्बल, उसकी चप्पल और उसकी लकड़ी बराबर में पड़ी हुई हैं. उसकी भेड़ें नीचे झाड़ में चर रही हैं. गड़रिया पड़े पड़े कुछ बड़बड़ा रहा है. मूसा चुपचाप दबे पांव गड़रिये के पीछे जा कर खड़े हो गये और सुनने लगे कि वह क्या कह रहा है. वह यह कह रहा था—"ऐ मेरे अल्लाह! तू कहां है? तू मुझे क्यों नहीं मिलता? तू अगर मुझे मिल जाये तो तेरे पांव

آدمی کے اگر روح ہے تو جسم بھی ہے . اس کی اپنی ایک صورت ہے . اس لئے دین دھرم کے معاملے میں بھی معمولی آدمی کا کیول خیالوں سے کام نہیں چلتا وہ کوئی نہ کوئی صورت بھی چاہتا ہے . نراکار یعنی لامکاں پر جلدی سے اس کا دل نہیں جمتا . اسی لئے سب دھرموں میں آدمی کو دھیرے دھیرے اوپری ریت رواجوں میں سے نکالتے ہوئے اللہ تک لے جانے کی کوشش کی گئی ہے . یہ ریت رواج اور اینٹ پتھر اگر ایک حد تک رہیں تو ٹھیک ہے . لیکن جب ان کے ذریعے آدمی کو قدم قدم اوپر لے جانے کے بجائے اسکی عقل پر پردہ ڈالنے اور اسے ڈرا ڈرا کر وہموں اور اندھ وشواسوں میں پھنسائے رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے تو سارا دین دھرم پاکھنڈ اور چھل کپٹ رہ جاتا ہے . پنڈے پروہت اپنی خود غرضی کے لئے ان ریت رواجوں کے ذریعے آدمی کو نیچے گھسیٹ کر اسے سدا کے لئے ان میں پھنسائے رکھنا اور گرائے رکھنا چاہتے ہیں .

اگنی پران میں لکھا ہے :—

" روحانی نگاہ سے جو لوگ ابھی بچے ہیں اُن کا ایشور لکڑی پتھر میں رہتا ہے . بیچ کے آدمیوں کا ایشور ندیوں اور تالابوں میں رہتا ہے، جو ذرا سوچنے لگتے ہیں اُن کا ایشور آسمان میں یا آسمان کے نکشتروں وغیرہ میں رہتا ہے اور جو سمجھدار ہیں انہیں اپنا ایشور اپنی آتما کے اندر دکھائی دیتا ہے ."

انجیل میں بھی لکھا ہے کہ :—

" روحانی بچوں کو روحانی دودھ دیا جاتا ہے اور جو روحانی نگاہ سے بالغ ہیں انہیں روحانی کھانا دیا جاتا ہے ."

شری کرشن نے گیتا میں کہا ہے کہ :—

" جو لوگ سمجھدار ہیں انہیں چاہیئے کہ جو لوگ کم سمجھ ہیں لیکن نیک کاموں میں لگے ہوئے ہیں ان میں بدھی بھید پیدا نہ کریں ."

محمد صاحب کی مشہور حدیث ہے کہ :—

" لوگوں سے اُن کی سمجھ کے مطابق بات کرو ."

مولانا روم کی مثنوی میں ایک بڑی سندر کہانی آتی ہے—

لکھا ہے کہ حضرت موسیٰ ایک دن کسی پہاڑ پر سے اتر رہے تھے . انہوں نے دیکھا کہ ایک گڈریا نیچے کو منہ کئے پڑا ہے . گڈریئے کا کمبل، اسکی چپل اور اسکی لکڑی برابر میں پڑی ہوئی ہیں . اسکی بھیڑیں نیچے جھاڑ میں چر رہی ہیں . گڈریا پڑے پڑے کچھ بڑبڑا رہا ہے . موسیٰ چپ چاپ دبے پاؤں گڈریئے کے پیچھے جا کر کھڑے ہو گئے اور سننے لگے کہ وہ کیا کہہ رہا ہے . وہ یہ کہہ رہا تھا—" اے میرے اللہ ! تو کہاں ہے ؟ تو مجھے کیوں نہیں ملتا ؟ تو اگر مجھے مل جائے تو تیرے پاؤں

आदमियों को बुराई से बचाने के नये नये तरीक़े, आदमी के दिल और दिमाग़ पर असर डालने के नये नये ढंग निकाल रही है. इनमें हाल का एक तरीक़ा है जिसे रीएजू-केशन कहते हैं. रीएजूकेशन के मानी हैं आदमी ने जो ग़लत चीज़ें सीख ली हैं उन्हें हटा कर उसे नये सिरे से तालीम देना और सिखाना. इसी काम को पुराने लोग दिल का बदलना कहते थे, पुनर्जन्म या नई ज़िन्दगी भी कहते थे. आजकल की नई दुनिया में मज़हब साइन्टिफ़िक होता जाता है और साइन्स मज़हबी होती जाती है. इस समय के बादल छट जावें तो हमारे आगे के डाक्टर एक साथ जिस्म और रूह, यानी शरीर, और आत्मा दोनों के डाक्टर होंगे. दुनिया के जेलख़ानों में इस तरह की कोशिशें चल पड़ी हैं अगरचे यह कोशिशें अभी बहुत अधूरी हैं.

दुनिया के सब धर्म लोगों को दान या ख़ैरात, धर्मादा या ज़कात देने पर भी ज़ोर देते हैं. पहले लोग मंदिर, मस्जिद या गिरजा बनवाते थे, सब के लिये लंगर या सदा-व्रत खोलते थे, सराय, धर्मशाला और आरामगाह बनवाते थे, कुएं और तालाब खुदवाते थे, सड़कें या अस्पताल बनवाते थे, बाग़ लगवाते थे, आम और दूसरे फलों के दरख़्त लगवाते थे, मकतब और पाठशालाएं क़ाइम करते थे वग़ैरा वग़ैरा. यह सब काम सब के भले के लिये ईश्वर और धर्म नाम पर किये जाते थे. आजकल इनकी जगह स्कूलों, अस्पतालों, लाइब्रेरियों वग़ैरा की कमेटियां और उन के चन्दे रह गये हैं. बात वही है. हर आदमी सब के लिये जो अधिक से अधिक कर सकता है करे.

लगभग सब धर्म वालों की अपनी अपनी किताबें हैं. लगभग सब यह भी मानते हैं कि आम लोगों का मज़हब अलग होता है और ख़ास समझदार लोगों का अलग—एक ज़ाहिरी रीत रिवाज का मज़हब और दूसरा बातिनी दिल का मज़हब. यह अन्दर का यानी दिल का मज़हब सब मज़हबों में बिल्कुल एक है. इस्लाम में कहा गया है कि किसी बात में दीन के ठीक हुक्म का पता लगाना हो तो पहले "क़ुरान" को देखो, फिर "हदीस" को देखो और फिर "इजमा" यानी जानने वालों की मुश्तरिका राय को देखो और फिर आख़ीर में ख़ुद अपने "क़यास" से काम लो. हिन्दू धर्म में इन्हीं चारों को श्रुति, स्मृति, सदाचार और आत्म तुष्टि कहा गया है. इसी तरह के चार नाम इनके ईसाई धर्म में हैं. आजकल की क़ानूनी ज़बान में इन्हें स्टैचूट यानी लिखा क़ानून, कसटम यानी रिवाज, प्रीसीडैन्ट यानी नज़ीर और ऐक्वीटी यानी दिल का इन्साफ़ कहा गया है. सच्चे दीन धर्म का इन चारों कसौटियों पर ठीक उतरना ज़रूरी है.

آدمی کو برائیوں سے بچانے کے نئے نئے طریقے، آدمی کے دل اور دماغ پر اثر ڈالنے کے نئے نئے ڈھنگ نکال رہی ہے۔ ان میں حال کا ایک طریقہ ہے جسے ری ایجوکیشن کہتے ہیں۔ ری ایجوکیشن کے معنی ہیں آدمی نے جو غلط چیزیں سیکھ لی ہیں انہیں ہٹا کر اسے نئے سرے سے تعلیم دینا اور سکھانا۔ اسی کام کو پرانے لوگ دل کا بدلنا کہتے تھے، پنر جنم یا نئی زندگی بھی کہتے تھے۔ آج کل کی نئی دنیا میں مذہب سائنٹفک ہوتا جاتا ہے اور سائنس مذہبی ہوتی جاتی ہے۔ اس سمے کے بادل چھٹ جاویں تو ہمارے آگے کے ڈاکٹر ایک ساتھ جسم اور روح، یعنی شریر اور آتما دونوں کے ڈاکٹر ہونگے۔ دنیا کے جیل خانوں میں اس طرح کی کوششیں چل پڑی ہیں اگرچہ یہ کوششیں ابھی بہت ادھوری ہیں۔

دنیا کے سب دھرم لوگوں کو دان یا خیرات، دھرمادا یا زکات دینے پر بھی زور دیتے ہیں۔ پہلے لوگ مندر، مسجد یا گرجا بنواتے تھے، سب کے لئے لنگر یا سداورت کھولتے تھے، سرائے، دھرم شالا اور آرام گاہ بنواتے تھے، کنویں اور تالاب کھدواتے تھے، سڑکیں یا اسپتال بنواتے تھے، باغ لگواتے تھے، آم اور دوسرے پھلوں کے درخت لگواتے تھے، مکتب اور پاٹھ شالائیں قائم کرتے تھے وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب کام سب کے بھلے کے لئے ایشور اور دھرم کے نام پر کئے جاتے تھے۔ آج کل ان کی جگہ اسکولوں، اسپتالوں، لائبریریوں وغیرہ کی کمیٹیاں اور ان کے چندے رہ گئے ہیں۔ بات وہی ہے۔ ہر آدمی سب کے بھلے کے لئے جو ادھک سے ادھک کر سکتا ہے کرے۔

لگ بھگ سب دھرم والوں کی اپنی اپنی کتابیں ہیں۔ لگ بھگ سب یہ بھی مانتے ہیں کہ عام لوگوں کا مذہب الگ ہوتا ہے اور خاص سمجھدار لوگوں کا الگ—ایک ظاہری ریت رواج کا مذہب اور دوسرا باطنی دل کا مذہب۔ یہ اندر کا یعنی دل کا مذہب سب مذہبوں میں بالکل ایک ہے۔ اسلام میں کہا گیا ہے کہ کسی بات میں دین کے ٹھیک حکم کا پتہ لگانا ہو تو پہلے "قرآن" کو دیکھو، پھر "حدیث" کو دیکھو اور پھر "اجمع" یعنی جاننے والوں کی مشترکہ رائے کو دیکھو اور پھر آخر میں خود اپنے "قیاس" سے کام لو۔ ہندو دھرم میں انہیں چاروں کو شروتی، سمرتی، سداچار اور آتم تشٹی کہا گیا ہے۔ اسی طرح کے چار نام ان کے عیسائی دھرم میں ہیں۔ آج کل کی قانونی زبان میں انہیں اسٹیچوٹ یعنی لکھا قانون، کسٹم یعنی رواج، پریسیڈنٹ یعنی نظیر اور ایکویٹی یعنی دل کا انصاف کہا گیا ہے۔ سچے دین دھرم کا ان چاروں کسوٹیوں پر ٹھیک اترنا ضروری ہے۔

चीन के कनफ्युशियस धर्म की एक किताब में लिखा है :—

"जब कभी तुम ग़लती कर जाओ तो अपनी ग़लती को ठीक करने में झिझको मत."

उसी धर्म की एक और किताब में लिखा है :—

"अपनी ग़लतियों पर शर्मा कर उन्हें छिपाओ मत क्योंकि इस तरह तुम्हारी ग़लतियां बढ़ कर जुर्म बन जावेंगी. न अपनी अब तक की ग़लतियों या गुनाहों को ठीक साबित करने की कोशिश करो और न छिपाने की कोशिश करो."

एक और चीनी किताब में लिखा है :—

"आदमी अगर कोई बुरा काम कर जावे लेकिन बाद में पछतावे और अपने को ठीक कर ले और इरादा कर ले कि फिर ऐसा काम नहीं करेगा बल्कि श्रद्धा के साथ नेकी करेगा, तो आगे चल कर उसके दिन ज़रूर फिरेंगे और उसकी ग़लतियां उसके लिये बरकतें हो जायेंगी क्योंकि वह उनसे बहुत कुछ सीख लेगा."

मनोस्मृति में लिखा है कि :—

"जब कोई आदमी पाप कर बैठता है लेकिन उसके दिल में सच्चा अफ़सोस होता है, वह अपने पाप को मान लेता है, अपने रास्ते को बदल देता है, ठीक ठीक प्रायश्चित करता है, अच्छी अच्छी चीज़ें पढ़ता है, नेक और सादा ज़िन्दगी बसर करता है तो उसके पाप उससे इस तरह दूर हो जाते हैं जिस तरह सांप की केंचुल सांप से उतर कर अलग हो जाती है, उसका शरीर और उसकी आत्मा दोनों फिर पाक हो जाते हैं."

इंजील में लिखा है :—

"अगर तुम अपनी ग़लतियों के लिये पश्चाताप न करोगे तो मिट जाओगे. पश्चाताप कर के अपनी राह बदल दो तो तुम्हारे पाप धुल जावेंगे. हम अपनी ग़लतियों को मान लें तो ईश्वर दयावान और माफ़ कर देने वाला है. इसी तरह वह हमारे सब पापों को हम से अलग करता है."

क़ुरान में जगह जगह आया है कि :—

"जो लोग जब कोई गुनाह या ग़लती कर बैठते हैं तो अल्लाह को याद करते हैं और उससे माफ़ी चाहते हैं और फिर अपनी ग़लती या गुनाह को नहीं दुहराते बल्कि उससे अपने दिल को फेर लेते हैं, पछताते हैं और ठीक रास्ता अख़्तियार करते हैं उन्हें बेशक अपने अल्लाह से माफ़ी मिल जावेगी."

आजकल पच्छिम में एक नई साइन्स चली है जिसे (Psycho Analysis) साइको एनालिसिस कहते हैं. ग़लतियां तो बस साइन्स ने बहुत की हैं फिर भी धीरे धीरे यह नई साइन्स

چین کے کنفیوشس دھرم کی ایک کتاب میں لکھا ہے :—

"جب کبھی تم غلطی کر جاؤ تو اپنی غلطی کو ٹھیک کرنے میں جھجکو مت ."

اسی دھرم کی ایک اور کتاب میں لکھا ہے :—

"اپنی غلطیوں پر شرما کر انہیں چھپاؤ مت کیونکہ اس طرح تمہاری غلطیاں بڑھ کر جرم بن جاوینگی . نہ اپنی اب تک کی غلطیوں یا گناہوں کو ٹھیک ثابت کرنے کی کوشش کرو اور نہ چھپانے کی کوشش کرو ."

ایک اور چینی کتاب میں لکھا ہے :—

"آدمی اگر کوئی برا کام کر جاوے لیکن بعد میں پچھتاوے اور اپنے کو ٹھیک کر لے اور ارادہ کر لے کہ پھر ایسا کام نہیں کریگا بلکہ شردھا کے ساتھ نیکی کریگا، تو آگے چلکر اس کے دن ضرور پھرینگے اور اس کی غلطیاں اس کے لئے برکتیں ہو جائینگی کیونکہ وہ ان سے بہت کچھ سیکھ لیگا ."

منوسمرتی میں لکھا ہے کہ :—

"جب کبھی کوئی آدمی پاپ کر بیٹھتا ہے لیکن اس کے دل میں سچا افسوس ہوتا ہے، وہ اپنے پاپ کو مان لیتا ہے، اپنے راستے کو بدل دیتا ہے، ٹھیک ٹھیک پرائشچت کرتا ہے، اچھی اچھی چیزیں پڑھتا ہے، نیک اور سادہ زندگی بسر کرتا ہے تو اس کے پاپ اس سے اس طرح دور ہو جاتے ہیں جس طرح سانپ کی کینچلی سانپ سے اتر کر الگ ہو جاتی ہے، اس کا شریر اور اسکی آتما دونوں پھر پاک ہو جاتے ہیں ."

انجیل میں لکھا ہے :—

"اگر تم لوگ اپنی غلطیوں کے لئے پشچاتاپ نہ کروگے تو تم مٹ جاؤگے . پشچاتاپ کرکے اپنی راہ بدل دو تو تمہارے پاپ دھل جاوینگے . ہم اپنی غلطیوں کو مان لیں تو ایشور دیاوان اور معاف کر دینے والا ہے . اسی طرح وہ ہمارے سب پاپوں کو ہم سے الگ کرتا ہے ."

قرآن میں جگہ جگہ آیا ہے کہ :—

"جو لوگ جب کوئی گناہ یا غلطی کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کو یاد کرتے ہیں اور اس سے معافی چاہتے ہیں اور پھر اپنی غلطی یا گناہ کو نہیں دہراتے بلکہ اس سے اپنے دل کو پھیر لیتے ہیں، پچھتاتے ہیں اور ٹھیک راستہ اختیار کرتے ہیں انہیں بیشک اپنے اللہ سے معافی مل جائیگی ."

آج کل پچھم میں ایک نئی سائنس چلی ہے جسے (Psycho Analysis) سائیکو اینالیسس کہتے ہیں . غلطیاں تو اس سائنس نے بہت کی ہیں . پھر بھی دھیرے دھیرے یہ نئی سائنس

धर्म का जिस्म और उसकी रूह

(डाक्टर भगवानदास)

आदमी जब तक आदमी है उससे ग़लतियां होती ही रहती हैं. वह काम, क्रोध, लोभ और मोह को हर बार जीत नहीं पाता. यह कमज़ोरियां उसकी आंखों पर पर्दा डाल देती हैं, उसके दिल और दिमाग़ को भटका देती हैं. वह बार बार पछताता है और फिर बार बार ग़लती करता है. मौलाना रूम ने लिखा है :—

"ग़ुस्सा और शहवत यानी क्रोध और काम आदमी को अन्धा कर देते हैं और उसकी रूह को सीधे रास्ते से भटका देते हैं."

इसके लिये सब धर्मों में कुफ़्फ़ारा यानी प्रायश्चित का रास्ता बताया गया है. पहले आदमी को अपने किये पर दुख और नदामत महसूस होती है. हिन्दू धर्म में इसे पश्चाताप कहते हैं. फिर वह अपनी आत्मा के सामने और किसी बड़े बुज़ुर्ग के सामने अपनी ग़लती का ऐतराफ़ करता है. इसे प्रत्याख्यान कहते हैं. इसके बाद वह अपनी ग़लती के लिये कुफ़्फ़ारा करता है जिसको प्रायश्चित कहते हैं. ईसाई धर्म में भी पापों से बचने की यही तीन सूरतें एक दूसरे के बाद बताई गई हैं. एक मुसलमान सूफ़ी कहता है :—

बाज़ आ, बाज़ आ, आंचे हस्ती बाज़ आ
गर काफ़िरो गिब्रो बुत परस्ती, बाज़ आ
ईं दरगहे मा दरगहे नाउमेदी नेस्त
सद बार अगर तोबा शिकस्ती, बाज़ आ

यानी—वापिस आजा, वापिस आजा, तू जहां कहीं और जो कुछ भी हो वापिस आजा. चाहे तू नास्तिक हो और चाहे पत्थर या आग का पूजने वाला हो, वापिस आजा. हमारा यानी अल्लाह का यह दरबार नाउम्मेदी का दरबार नहीं है. अगर तूने सौ बार भी तोबा करके अपनी तोबा को तोड़ दिया हो तो भी वापिस आजा.

गीता में लिखा है :—

अपि चेत् सुदुराचारो भजतेमाम अनन्य भाक्
साधुरेव स मन्तव्यः सम्यक् व्यवसितोहिसः

यानी—कोई चाहे कितना ही बुरा क्यों न हो जो कोई साफ़ और पूरे दिल से ईश्वर की तरफ़ मुड़ता है उसे नेक ही मानना चाहिये क्योंकि वह ठीक तरफ़ लग गया है.

دھرم کا جسم اور اُس کی روح

(ڈاکٹر بھگوان داس)

آدمی جب تک آدمی ہے اس سے غلطیاں ہوتی ہی رہتی ہیں۔ وہ کام، کرودھ، لوبھ اور موہ کو ہر بار جیت نہیں پاتا۔ یہ کمزوریاں اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیتی ہیں، اس کے دل اور دماغ کو بھٹکا دیتی ہیں۔ وہ بار بار پچھتاتا ہے اور پھر بار بار غلطی کرتا ہے۔ مولانا روم نے لکھا ہے :—

"غصہ اور شہوت یعنی کرودھ اور کام آدمی کو اندھا کر دیتے ہیں اور اس کی روح کو سیدھے راستے سے بھٹکا دیتے ہیں۔"

اس کے لئے سب دھرموں میں کفارہ یعنی پرایشچت کا راستہ بتایا گیا ہے۔ پہلے آدمی کو اپنے کئے پر دکھ اور ندامت محسوس ہوتی ہے۔ ہندو دھرم میں اسے پشچاتاپ کہتے ہیں۔ پھر وہ اپنی آتما کے سامنے اور کسی بڑے بزرگ کے سامنے اپنی غلطی کا اعتراف کرتا ہے۔ اسے پرتیاکھیان کہتے ہیں۔ اس کے بعد وہ اپنی غلطی کے لئے کفارہ کرتا ہے جسے پرایشچت کہتے ہیں۔ عیسائی دھرم میں بھی پاپوں سے بچنے کی یہی تین صورتیں ایک دوسرے کے بعد بتائی گئی ہیں۔ ایک مسلمان صوفی کہتا ہے :—

باز آ، باز آ، آنچہ ہستی باز آ
گر کافر و گبر و بت پرستی، باز آ
ایں درگہ ما درگہ نااُمیدی نیست
صد بار اگر توبہ شکستی، باز آ

یعنی—واپس آ جا، واپس آ جا، تو جہاں کہیں اور جو کچھ بھی ہو واپس آ جا۔ چاہے تو ناستک ہو اور چاہے پتھر یا آگ کا پوجنے والا ہو، واپس آ جا۔ ہمارا یعنی اللہ کا یہ دربار نااُمیدی کا دربار نہیں ہے۔ اگر تو نے سو بار بھی توبہ کر کے اپنی توبہ کو توڑ دیا ہو تو بھی واپس آ جا۔

گیتا میں لکھا ہے :—

اپی چیت سودراچارو بھجتے مام اننیہ بھاک
سادھوریو س منتویہ سمیک ویوسیتوہی سہ

یعنی—کوئی چاہے کتنا بھی برا کیوں نہ ہو جو کوئی صاف اور پورے دل سے ایشور کی طرف مڑتا ہے اسے نیک ہی ماننا چاہئے کیونکہ وہ ٹھیک طرف لگ گیا ہے۔

नया हिन्द | نیا ہند

जिल्द 16 | जून सन '54 | नम्बर 6

نمبر 6 | جون سن '54 | جلد 16

जात आदमी, प्रेम धर्म है, हिन्दुस्तानी बोली,
'नया हिन्द' पहुंचेगा घर-घर लिये प्रेम की झोली.

جات آدمی، پریم دھرم ہے، ہندستانی بولی
'نیا ہند' پہنچے گا گھر گھر لئے پریم کی جھولی ۔

कौन सुलगते आंसू रोके आग के टुकड़े कौन चबाए

(नरेश कुमार 'शाद')

कौन सुलगते आंसू रोके आग के टुकड़े कौन चबाए
ओ हमको समझाने वाले कोई तुझे क्योंकर समझाए

बरखा बरसे, नग़मे गूंजें, शीशे से शीशा टकराए
कौन इस वक़्त अन्जाम की सोचे कौन ख़िरद के फेर में आए

इस दुनिया के रहने वाले अपना अपना ग़म खाते हैं
ऐ फ़र्ज़ानो ! ऐ फ़र्ज़ानो ! होश से कह दो होश में आए

सब्र भी कब तक हो सकता है ज़ब्त की भी हद होती है
कौन पराया रोग ख़रीदे कौन पराया दुख अपनाए

प्रेम की अंधियारी राहों में अक़्ल का दीपक जल न सकेगा
पल भर चैन न पाने वाला कब तक अपना रोग छिपाये

जीवन के अंधियारे पथ पर जिसने तेरा साथ दिया था
देख कहीं यह कोमल आशा आंसू बन कर टूट न जाये

हाये ! मेरी मायूस उमीदें वाय ! मेरे नाकाम इरादे
मरने की तदबीर न सूझी जीने के अन्दाज़ न आए

इस दुनिया के ग़मख़ाने में ग़म से इतनी फ़ुरसत कब है
कौन सितारों का मुंह चूमे कौन बहारों में लहराए

'शाद' वही आवारा शायर जिस ने तुझ से प्यार किया था
नगर नगर में घूम रहा है अरमानों की लाश उठाए

ख़िरद = बुद्धि; फ़र्ज़ानो = होशियारो; वाय = हाय; आह = अफ़सोस.

کون سلگتے آنسو روکے آگ کے ٹکڑے کون چبائے

(نریش کمار 'شاد')

کون سلگتے آنسو روکے آگ کے ٹکڑے کون چبائے
او ہم کو سمجھانے والے کوئی تجھے کیونکر سمجھائے

برکھا برسے' نغمے گونجیں' شیشے سے شیشہ ٹکرائے
کون اس وقت انجام کی سوچے کون خرد کے پھیر میں آئے

اس دنیا کے رہنے والے اپنا اپنا غم کھاتے ہیں
کون پرایا روگ خریدے کون پرایا دکھ اپنائے

پریم کی اندھیاری راہوں میں عقل کا دیپک جل نہ سکےگا
اے فرزانو ! اے فرزانو ! ہوش سے کہ دو ہوش میں آئے

صبر بھی کب تک ہو سکتا ہے ضبط کی بھی حد ہوتی ہے
پل بھر چین نہ پانے والا کب تک اپنا روگ چھپائے

جیون کے اندھیارے پتھ پر جسنے تیرا ساتھ دیا تھا
دیکھ کہیں یہ کومل آشا آنسو بنکر ٹوٹ نہ جائے

ہائے! میری مایوس امیدیں وائے! میرے ناکام ارادے
مرنے کی تدبیر نہ سوجھی جینے کے انداز نہ آئے

اس دنیا کے غمخانے میں غم سے اتنی فرصت کب ہے
کون ستاروں کا منہ چومے کون بہاروں میں لہرائے

'شاد' وہی آوارہ شاعر جس نے تجھ سے پیار کیا تھا
نگر نگر میں گھوم رہا ہے ارمانوں کی لاش اٹھائے ۔

خرد = بدھی ؛ فرزانو = ہوشیارو ؛ وائے = ہائے ؛ آہ =
افسوس ۔

'नया हिन्द'

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

का

माहवारी परचा

जून 1954

क्या किस से — सफ़ा

क़ीमत—हिन्दुस्तान में छै रुपया साल, बाहर दस रुपया साल, एक परचा—दस आने

मैनेजर
'नया हिन्द'
145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद-3

"نیا ہند"

ہندستانی کلچر سوسائٹی

کا

ماہواری پرچا

جون

کیا کس سے — صفحہ

قیمت—ہندستان میں چھ روپیہ سال، باہر دس روپیہ سال، ایک پرچہ—دس آنے

مینیجر
'نیا ہند'
145، مٹھی گنج، الہ آباد-3

नया हिन्द — نیا ہند

एडीटर—ताराचंद, भगवानदीन, सैयद महमूद, विशम्भर नाथ, सुन्दरलाल

ایڈیٹر—تاراچند، بھگوان دین، سید محمود، بشمبھر ناتھ، سندر لال

नायब एडीटर—सुरेश रामभाई, मुजीब रिज़वी   نائب ایڈیٹر—سریش رام بھائی، مجیب رضوی

इस नम्बर के खास लेख — اس نمبر کے خاص لیکھ

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी, इलाहाबाद — ہندوستانی کلچر سوسائٹی، الہ آباد

जून 1954 جون

क़ीमत दस आना — قیمت دس آنے

नई किताब

गंगा से गोमती तक

......"मुजीब की कहानियों की विशेषता [illegible] भी है. मामूली पढ़ा लिखा आदमी इन्हें बिना किसी की मदद के समझ सकता है. सरलता के साथ [illegible] और जिन्दादिली इस तरह है जिस तरह [illegible] के लेखकों में मिलती है.

इन कहानियों में हास्य भी है, करुणा भी [illegible] हंसते हंसते पेट में बल पड़ेंगे, तो कहीं [illegible] दुःख से स्तंभित रह जायेंगे. मुजीब की कहानियां [illegible] कोमल भावनाएं जगाती हैं, हमें अच्छा इन्सान बनाती हैं."

— डाक्टर राम [illegible]

...... "वह (मुजीब) सारे [illegible] समाज को सम्भालना चाहते हैं [illegible] वह [illegible] चाहते हैं और [illegible] यह कहानियां [illegible] होने वाले अन्यायों और अत्याचारों का [illegible] है. [illegible] कहानियों में एक संतुलन [illegible] है [illegible] अच्छा लगता है."

— जैनेन्द्र कुमार

लगभग हिन्दी के सभी बड़े लेखकों ने "गंगा से गोमती" को सराहा है.

"गंगा से गोमती तक" में १८० सफ़े हैं, [illegible] सुन्दर कवर, बढ़िया जिल्द, दाम केवल दो रुपया. जल्दी आर्डर भेजिये

— [illegible]

मिलने का पता -

मैनेजर "नया हिन्द" 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद

نئی کتاب

گنگا سے گومتی تک

..... "مجیب کی کہانیوں کی [illegible] بھی ہے. معمولی پڑھا لکھا آدمی انہیں بنا [illegible] کی مدد کے سمجھ سکتا ہے. سادگی کے ساتھ [illegible] اس طرح ہے جس طرح اچھے [illegible] میں ملتی ہے.

ان کہانیوں میں [illegible] ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جائیں گے، تو [illegible] آپ دکھ سے [illegible] رہ جائیں گے. مجیب کی [illegible] کومل [illegible] جگاتی ہیں، ہمیں اچھا [illegible] بناتی ہیں."

— [illegible]

"وہ (مجیب) [illegible] کو سمجھنا چاہتے ہیں [illegible] اور [illegible] کہانیاں [illegible] ہونے والے [illegible] اور اتیاچاروں کی طرف [illegible] کہانیوں میں ایک [illegible] آ جاتا ہے، جو اچھا لگتا ہے."

— جینندر کمار

لگ بھگ ہندی کے سبھی بڑے لیکھکوں نے "گنگا سے گومتی" کو سراہا ہے.

"گنگا سے گومتی تک" میں 180 صفحے ہیں، [illegible] کور، بڑھیا جلد، دام کیول دو روپے. جلدی آرڈر بھیجئے.

— [illegible]

ملنے کا پتہ -

مینیجر "نیا ہند" 145 مٹھی گنج الہ آباد

Printed and Published by [illegible], at the Naya Hind Press, 145, Muthiganj, Allahabad.

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

मक़सद

(1) एक ऐसी हिन्दुस्तानी कलचर का बढ़ाना, फैलाना और प्रचार करना जिसमें सब हिन्दुस्तानी शामिल हों.

(2) एकता फैलाने के लिये किताबों, अख़बारों, रिसालों वग़ैरा का छापना.

(3) पढ़ाई घरों, किताब घरों, सभाओं, कानफ़रेन्सों, लेक्चरों से सब धर्मों, जातों, बिरादरियों और फ़िर्क़ों में आपस का मेल बढ़ाना

—: :—

सोसाइटी के प्रेसीडेन्ट मि० अब्दुल मजीद ख़्वाजा; वाइस प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास और डा० अब्दुल हक़. गवरनिंग बाडी के प्रेसीडेन्ट डा० भगवानदास; सेक्रेटरी पं० सुन्दरलाल.

गवरनिंग बाडी के और मेम्बर—

डा० सैयद महमूद, डा० ताराचन्द, मौलवी सैयद सुलेमान नदवी, मि० मंज़र अली सोख़्ता, श्री बी० जी० खेर, पं० विशम्भर नाथ, महात्मा भगवानदीन, सेठ पूनम चन्द रांका, क़ाज़ी मोहम्मद अब्दुल ग़फ़्फ़ार और श्री ओम प्रकाश पालीवाल.

मेम्बरी के क़ायदों के लिये लिखिये -

सुन्दरलाल

सेक्रेटरी, हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद

नोट - सोसाइटी के नए क़ायदे के अनुसार मेम्बरी की फ़ीस सिर्फ़ एक रुपया कर दी गई है. "नया हिन्द" के जो गाहक मेम्बर बनना चाहें उनको सिर्फ़ छै रुपया चन्दा देने पर ही मेम्बर बना लिया जायगा. अलग से मेम्बरी की फ़ीस देने वाले सोसाइटी की निकली हुई कोई किताब जो एक रुपया दाम की होगी मुफ़्त ले सकेंगे या ज़ियादा दाम की किताबें लेने पर एक बार एक रुपया कम करा सकेंगे.

هندستانی کلچر سوسائٹی

مقصد

(1) ایک ایسی هندستانی کلچر کا بڑھانا٬ پھیلانا اور پرچار کرنا جس میں سب هندستانی شامل هوں ۔

(2) ایکتا پھیلانے کے لئے کتابوں٬ اخباروں٬ رسالوں وغیرہ کا چھاپنا ۔

(3) پڑھائی گھروں٬ کتاب گھروں٬ سبھاؤں٬ کانفرنسوں لیکچروں سے سب دھرموں٬ جاتوں٬ برادریوں اور فرقوں میں آپس کا میل بڑھانا ۔

: :

سوسائٹی کے پریسیڈنٹ—مسٹر عبدالمجید خواجہ٬ وائس پریسیڈنٹ—ڈاکٹر بھگوان داس اور ڈاکٹر عبدالحق ۔ گورننگ باڈی کے پریسیڈنٹ — ڈاکٹر بھگوان داس: سکریٹری — پنڈت سندرلال ۔

گورننگ باڈی کے اور ممبر—

ڈاکٹر سید محمود٬ ڈاکٹر تارا چند٬ مولوی سید سلیمان ندوی٬ مسٹر منظر علی سوختہ٬ شری بی جی کھیر٬ پنڈت بشمبھر ناتھ٬ مہاتما بھگوان دین٬ سیٹھ پونم چند رانکا٬ قاضی محمد عبدالغفار اور شری اوم پرکاش پالیوال

ممبری کے قاعدوں کے لئے لکھئے —

سندرلال

سکریٹری٬ هندستانی کلچر سوسائٹی٬

145٬ مٹھی گنج٬ الہ آباد ۔

نوٹ—سوسائٹی کے نئے قاعدے کے انوسار ممبری کی فیس صرف ایک روپیہ کردی گئی ہے "نیا هند" کے جو گاهک ممبر بننا چاهیں اُن کو صرف چھ روپیہ چندہ دینے پر هی ممبر بنا لیا جائیگا ۔ الگ سے ممبری کی فیس دینے والے سوسائٹی کی نکلی هوئی کوئی کتاب جو ایک روپیہ دام کی هوگی مفت لے سکیں گے یا زیادہ دام کی کتابیں لینے پر ایک بار ایک روپیہ کم کرا سکینگے

हमारे यहां मिलने वाली कुछ और किताबें | ہمارے یہاں ملنےوالی کچھ اور کتابیں

नोटः—यह किताबें सिर्फ़ हिन्दी में हैं | نوٹ :—یہ کتابیں صرف ہندی میں ہیں ۔

नाम किताब	लेखक	दाम			لیکھک	نام کتاب
1 शेर ओ शायरी	श्री अयोध्या प्रसाद गोयलीय	8	0	0	شری ایودھیا پرساد گوئلیی	1. شعر و شاعری
2. शेर ओ सुख़न	,,	8	0	0	,,	2. شعر و سخن
3. गहरे पानी पैठ	,,	2	8	0	,,	3. گہرے پانی پیٹھ
4. हमारे आराध्य	श्री बनारसीदास चतुर्वेदी	3	0	0	شری بنارسی داس چترویدی	4. ہمارے آرادھیہ
5. संस्मरण	,,	3	0	0	,,	5. سنسمرن
6. दो हज़ार वर्ष पुरानी कहानियां	श्री जगदीशचन्द्र जैन	3	0	0	شری جگدیش چندر جین	6. دو ہزار ورش پرانی کہانیاں
7. ज्ञान गंगा	श्री नारायण प्रसाद जैन	6	0	0	شری نارائن پرساد جین	7. گیان گنگا
8. पथ चिन्ह	श्री शान्ति प्रिय द्विवेदी	2	0	0	شری شانتی پریہ دویدی	8. پتھ چنہ
9 पंच प्रदीप	शान्ति एम. ए.	2	0	0	شانتی ایم . اے	9 پنچ پردیپ
10. आकाश के तारे धरती के फूल	श्री कन्हैयालाल मिश्र प्रभाकर	2	0	0	شری کنہیالال مشر پربھاکر	10. آکاش کے تارے دھرتی کے پھول
11. मुक्ति दूत	श्री वीरेन्द्र कुमार जैन एम ए.	5	0	0	شری ویریندر کمار جین ایم . اے	11. مکتی دوت
12. मिलन यामिनी	श्री बच्चन	4	0	0	شری بچن	12. ملن یامنی
13. रजत रश्मि	डाक्टर रामकुमार वर्मा	2	8	0	ڈاکٹر رام کمار ورما	13. رجت رشمی
14 मेरे बापू	श्री तन्मय बुख़ारिया	2	8	0	شری تنمے بخاریا	14. میرے باپو
15. विश्व संघ की ओर	पंडित सुन्दरलाल भगवानदास केला	3	0	0	پنڈت سندرلال' بھگوان داس کیلا	15. وشو سنگھ کی اور
16. भारतीय अर्थशास्त्र	श्री भगवानदास केला	5	0	0	شری بھگوان داس کیلا'	16. بھارتیہ ارتھ شاستر
17. भारतीय शासन	,,	3	0	0	,,	17. بھارتیہ شاسن
18. नागरिक शास्त्र	,,	2	4	0	,,	18. ناگرک شاستر
19. साम्राज्य और उनका पतन	,,	2	8	0	,,	19. سامراج اور اُن کا پتن
20. भारतीय स्वाधीनता आन्दोलन	,,	1	4	0	,,	20. بھارتیہ سوادھینتا آندولن
21. सर्वोदय अर्थ व्यवस्था	,,	1	8	0	,,	21. سرودے ارتھ ویوستھا
22 हमारी आदिम जातियां	श्री भगवानदास केला और श्री अखिल विनय	3	8	0	شری بھگوان داس کیلا اور شری اکھل ونے	22. ہماری آدم جاتیاں
23. अर्थशास्त्र शब्दावली	श्री दया शंकर दुबे, एम. ए. एल एल. बी. गजाधर प्रसाद, अम्बिष्ट, भगवानदास केला	2	0	0	شری دیا شنکر دوبے ایم . اے. ایل ایل . بی . گجادھر پرساد' امبشٹ' بھگوان داس کیلا	23. ارتھ شاستر شبداولی
24. नागरिक शिक्षा	भगवानदास केला श्री दयाशंकर दुबे	1	8	0	شری بھگوان داس کیلا دیا شنکر دوبے	24. ناگرک شکشا
25. राष्ट्र मंडल शासन	श्री दयाशंकर दुबे	1	8	0	دیا شنکر دوبے	25. راشٹر منڈل شاسن
26. जवानी	महात्मा भगवानदीन	3	0	0	مہاتما بھگوان دین	26. جوانی
27. मारने की हिम्मत !	,,	1	0	0	,,	27. مارنے کی ہمت
28. सलोना सच	,,	0	8	0	,,	28. سلونا سچ
29. मेरे साथी	,,	1	0	0	,,	29. میرے ساتھی

मिलने का पता— | ملنے کا پتہ

मैनेजर 'नया हिन्द' | مینیجر 'نیا ہند'

145 मुट्ठीगंज इलाहाबाद-3. | 145' مٹھی گنج' الہ آباد-3.

गांधी बाबा

लेखक—क़ुदसिया ज़ैदी

दो शब्द—जवाहरलाल नेहरू

यह अनमोल किताब जन्म से बलिदान तक की गांधी जी की पूरी और सच्ची जीवनी भी है और कहानी भी. हमारे देश में यह पुराना रिवाज रहा है कि माएं अपने बच्चों को महापुरुषों के जीवन चरित कहानी के रूप में सुनाती हैं. इस तरह की कहानियां आम तौर पर वीर राजाओं और उनके युद्धों की कहानियां होती हैं. बेगम क़ुदसिया ज़ैदी ने, जो महात्मा गांधी की परम भक्त हैं, अपनी इस किताब में गांधीजी की जीवनी और उनका सत्य, अहिंसा, प्रेम और त्याग का उपदेश बच्चों को ऐसी प्यारी, सीधी सादी बोली में और ऐसे ढंग से सुनाया है कि बच्चों के दिल में उतरता चला जाता है. हिन्दी में गांधीजी के ऊपर बच्चों के लिये इससे बढ़कर किताब नहीं है. इसमें कहानी का रस भी है और बच्चों को ऊंचा उठाने वाले उपदेश भी.

पंडित जवाहरलाल नेहरू ने अपने 'दो शब्द' में लिखा है—

> "उन्होंने (क़ुदसिया ज़ैदी ने) यह छोटी सी किताब सच्चे दिल से लिखी है. वह इसे सिर्फ़ एक किताब नहीं समझतीं. उनके लिये गांधीजी की कहानी एक बहुत ही महत्त्व की और प्यारी चीज़ है...मुझे ख़ुशी है कि यह किताब लिखी गई है."

मोटे काग़ज़ पर, मोटे टाइप में, बहुत सी रंगीन तसवीरें, आर्ट पेपर पर सुन्दर रंगीन कवर और दफ़्ती की मज़बूत जिल्द—दाम केवल दो रुपए

گاندھی بابا

لیکھک—قدسیہ زیدی

دو شبد—جواہر لال نہرو

یہ انمول کتاب جنم سے بلیدان تک کی گاندھی جی کی پوری اور سچی جیونی بھی ہے اور کہانی بھی۔ ہمارے دیش میں یہ پرانا رواج رہا ہے کہ مائیں اپنے بچوں کو مہاپرشوں کے جیون چرت کہانی کے روپ میں سناتی ہیں۔ اس طرح کی کہانیاں عام طور پر ویر راجاؤں اور اُن کے یدھوں کی کہانیاں ہوتی ہیں۔ بیگم قدسیہ زیدی نے، جو مہاتما گاندھی کی پرم بھکت ہیں، اپنی اس کتاب میں گاندھی جی کی جیونی اور اُن کا ستیہ، اہنسا، پریم اور تیاگ کا اُپدیش بچوں کو ایسی پیاری، سیدھی سادی بولی میں اور ایسے ڈھنگ سے سنایا ہے کہ بچوں کے دل میں اُترتا چلا جاتا ہے۔ ہندی میں گاندھی جی کے اوپر بچوں کے لئے اس سے بڑھ کر کتاب نہیں ہے۔ اس میں کہانی کا رس بھی ہے اور بچوں کو اونچا اُٹھانے والے اُپدیش بھی۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنے 'دو شبد' میں لکھا ہے—

> "اُنہوں نے (قدسیہ زیدی نے) یہ چھوٹی سی کتاب سچے دل سے لکھی ہے۔ وہ اِسے صرف ایک کتاب نہیں سمجھتیں۔ اُن کے لئے گاندھی جی کی کہانی ایک بہت ہی مہتو کی اور پیاری چیز ہے.....مجھے خوشی ہے کہ یہ کتاب لکھی گئی ہے۔"

موٹے کاغذ پر، موٹے ٹائپ میں، بہت سی رنگین تصویریں، آرٹ پیپر پر سندر رنگین کور اور دفتی کی مضبوط جلد—دام کیول دو روپئے۔

भाषा

लेखक—लाला मदन गोपाल

हिन्दी उर्दू और हिन्दुस्तानी की तकरार पर एक बे लाग राय इस किताब में आपको मिलेगी. राष्ट्र भाषा के सवाल में दिलचस्पी रखने वाले हर भाई-बहन को इस किताब के पढ़ने से फ़ायदा होगा—सोचने की राहें सूझेंगी, जानकारी बढ़ेगी और तरह तरह की तंग नज़रियां मिटेंगी.

क़रीब सवा सौ सफ़े की सुन्दर किताब, दाम डेढ़ रुपया

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द'

بھاشا

لیکھک—لالہ مدن گوپال

ہندی اُردو اور ہندستانی کی تکرار پر ایک بے لاگ رائے اِس کتاب میں آپ کو ملے گی۔ راشٹر بھاشا کے سوال میں دلچسپی رکھنے والے ہر بھائی بہن کو اِس کتاب کے پڑھنے سے فائدہ ہوگا—سوچنے کی راہیں سوجھیں گی، جانکاری بڑھے گی اور طرح طرح کی تنگ نظریاں مٹیں گی۔

قریب سوا سو صفحے کی سندر کتاب، دام ڈیڑھ روپیہ۔

ملنے کا پتہ—

مینیجر 'نیا ہند'

झंकार

सम्पादक—श्री रघुपति सहाय 'फ़िराक़'

पिछले पन्द्रह बरस से आज तक की उरदू की चुनी हुई कविताओं का यह संग्रह पढ़ कर आप को मालूम होगा कि उरदू कविता ने किस तरह ख़याली दुनिया को छोड़ कर ज़िन्दगी की सचाइयों से अपना नाता जोड़ लिया है. आज की उरदू शायरी गुल व बुलबुल और वस्ल व फ़िराक़ तक ही सीमित नहीं है, अब आप को उरदू कविता में किसानों और मज़दूरों के दिलों की धड़कनें सुनाई देंगी. ग़ुलामी, अन्याय और लूट खसोट के ख़िलाफ़ आप एक ऐसी आवाज़ सुनेंगे जो आपके दिल की गहराइयों को छुएगी.

"इन कविताओं में अन्तर्राष्ट्रीय तथा राष्ट्रीय दोनों झलकें मिलती हैं......सजीव तथा साकार ......वास्तव में हिन्दी संसार में यह प्रयास अनोखा है और उरदू साहित्य के आधुनिक दौर में अद्वितीय..."

23-2-'52 —रोज़ाना 'लोकवाणी' जयपुर

"जहां तक भाव का सम्बन्ध है कविताएं उच्च स्तर की हैं."

6. 3. '52 —'विशाल भारत' कलकत्ता

"झंकार में प्रकाशित 72 उरदू की कविताएं आज ही के युग की समस्याओं से ओत प्रोत हैं."

17-2-'52 —'नव भारत टाइम्स' दिल्ली

"हिन्दी के पाठक स्नेह और चाव से इस संग्रह का आनन्द लेंगे और उनसे प्रेरणा ग्रहण करेंगे, यह निश्चित है."

13-1-'52 —'अमृत पत्रिका' इलाहाबाद

'हम उन की (कविताओं की) शक्ति, ताज़गी और सूत्र के क़ायल हैं वह एक नए युग का सन्देश देती हैं...भाषा अधिकतर सरल और बामुहावरा है. कहीं कहीं तो ठेठ हिन्दी है."

8-5-'52 —'जीवन साहित्य' दिल्ली

"झंकार की रचनाओं में युग की पुकार है और भाषा बिलकुल बोल चाल के निकट है"—'नया समाज' कलकत्ता

नागरी लिखावट में ऐसा भरपूर उरदू कविता संग्रह आज तक नहीं निकला. सुन्दर जिल्द, बढ़िया काग़ज़, उम्दा छपाई, दाम सिर्फ़ तीन रुपया. दस किताबों की एक साथ ख़रीदारी पर पचास फ़ी सदी कमीशन.

मिलने का पता—

मैनेजर 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

جھنکار

سمپادک—شری رگھوپتی سہائے ' فراق '

پچھلے پندرہ برس سے آج تک کی اُردو کی چنی ہوئی کویتاؤں کا یہ سنگرہ پڑھکر آپکو معلوم ہوگا کہ اُردو کویتا نے کس طرح خیالی دنیا کو چھوڑ کر زندگی کی سچائیوں سے اپنا ناتا جوڑ لیا ہے. آج کی اُردو شاعری گل و بلبل اور وصل و فراق تک ہی سیمت نہیں ہے' اب آپ کو اُردو کویتا میں کسانوں اور مزدوروں کے دلوں کی دھڑکنیں سنائی دینگی. غلامی' انیائے اور لوٹ کھسوٹ کے خلاف آپ ایک ایسی آواز سنینگے جو آپ کے دل کی گہرائیوں کو چھوئیگی.

" اِن کویتاؤں میں انتر راشٹری تتھا راشٹری دونوں جھلکیں ملتی ہیں...سجیو تتھا ساکار ہیں... واستو میں ہندی سنسار میں یہ پریاس انوکھا ہے اور اُردو ساہتیہ کے آدھنک دور میں ادتیہ ہے..."

23-2-'52 —روزانہ 'لوک وانی' جے پور

" جہاں تک بھاو کا سمبندھ ہے کویتائیں اُچ استر کی ہیں."

6-3-'52 —'وشال بھارت' کلکتہ

" جھنکار میں پرکاشت 72 اُردو کی کویتائیں آج ہی کے یگ کی سمسیاؤں سے اوت پروت ہیں."

17-2-'52 —'نو بھارت ٹائمس' دلی

" ہندی کے پاٹھک اِسنیہ اور چاؤ سے اِس سنگرہ کا آنند لینگے اور اُن سے پریرنا گرہن کرینگے' یہ نشچت ہے."

13-1-'52 —'امرت پتریکا' الہ آباد

" ہم اُن کی (کویتاؤں کی) شکتی' تازگی اور سوتر کے قائل ہیں. وہ ایک نئے یگ کا سندیش دیتی ہیں... بھاشا ادھک تر سرل اور بامحاورہ ہے. کہیں کہیں تو ٹھیٹھ ہندی ہے."

8-5-'52 —'جیون ساہتیہ' دلی

" جھنکار' کی رچناؤں میں یگ کی پکار ہے اور بھاشا بالکل بول چال کے نکٹ ہے."—' نیا سماج ' کلکتہ

ناگری لکھاوٹ میں ایسا بھرپور اُردو کویتا سنگرہ آج تک نہیں نکلا. سندر جلد' بڑھیا کاغذ. عمدہ چھپائی. دام صرف تین روپیہ. دس کتابوں کی ایک ساتھ خریداری پر پچاس فیصدی کمیشن.

ملنے کا پتہ—

منیجر ' نیا ہند ' 145' مٹھی گنج الہ آباد.

लेखक–पंडित सुन्दरलाल

गीता और क़ुरान

इस किताब में हिन्दू धर्म और इस्लाम दोनों के मेल की बातें है. गीता का बड़प्पन, गीता के एक एक अध्याय का निचोड़, क़ुरान का बड़प्पन, लगभग 15 ख़ास ख़ास मज़मूनों पर क़ुरान की क़रीब 500 आयतों का लफ़्ज़ी तर्जुमा वग़ैरा दिया गया है.

जो लोग सब धर्मों की बुनियादी एकता को जानना और समझना चाहें उनके लिये यह किताब अनमोल है.

पौने तीन सौ सफ़े की सुन्दर जिल्द बंधी किताब की क़ीमत सिर्फ़ ढाई रुपया, डाक ख़र्च अलग.

हिन्दू मुसलिम एकता

इस किताब में वह चार लेक्चर जमा किये गए हैं जो पंडित जी ने कन्सीलियेटरी बोर्ड ग्वालियर की दावत पर ग्वालियर में दिये थे.

सौ सफ़े की किताब. क़ीमत सिर्फ़ बारह आने.

महात्मा गांधी के बलिदान से सबक़

साम्प्रदायिकता यानी फ़िरक़ापरस्ती की बीमारी पर राजकाजी, मज़हबी और इतिहासी पहलू से विचार और उसका इलाज इसी ने आख़िर में देश पिता महात्मा गांधी तक को हमारे बीच में न रहने दिया.

क़ीमत बारह आने.

पंजाब हमें क्या सिखाता है

अक्तूबर सन् 1947 में पच्छिमी और पूरबी पंजाब के बटवारे के बाद वहां की भयंकर बरबादी और आपसी मार काट के कारन लोगों पर जो जो मुसीबतें आइ उन का दर्दनाक आंखों देखा बनन. इस छोटी सी किताब में आजकल की मुसीबतों को हल करने के लिए कुछ सुझाव भी पेश किये गए हैं. क़ीमत चार आने.

बंगाल और उससे सबक़

इस छोटी सी किताब में 1949-50 में पूरबी और पच्छिमी बंगाल के फ़िरक़ेवाराना झगड़ों पर रोशनी डाली गई है और ऐसे झगड़ों को हमेशा के लिए ख़त्म करने की तरकीब भी सुझाई गई है. क़ीमत सिर्फ़ दो आने.

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

لیکھک—پنڈت سندر لال

گیتا اور قران

اِس کتاب میں ھندو دھرم اور اِسلام دونوں کے میل کی باتیں ھیں. گیتا کا بڑپن' گیتا کے ایک ایک ادھیائے کا نچوڑ' قرآن کا بڑپن' لگ بھگ 15 خاص خاص مضمونوں پر قرآن کی قریب 500 آیتوں کا لفظی ترجمہ وغیرہ دیا گیا ہے .

جو لوگ سب دھرموں کی بنیادی ایکتا کو جاننا اور سمجھنا چاھیں اُن کے لئے یہ کتاب انمول ھے .

پونے تین سو صفحے کی سندر جلد بندھی کتاب کی قیمت صرف ڈھائی روپیہ' ڈاک خرچ الگ .

ھندو مسلم ایکتا

اِس کتاب میں وہ چار لیکچر جمع کئے گئے ھیں جو پنڈت جی نے کنسیلیئٹری بورڈ گوالیار کی دعوت پر گوالیار میں دئے تھے .

سو صفحے کی کتاب . قیمت صرف بارہ آنے .

مہاتما گاندھی کے بلیدان سے سبق

سامپردایکتا یعنی فرقہ پرستی کی بیماری پر راج کاجی' مذھبی اور اِتہاسی پہلو سے وچار اور اُسکا علاج. اِسی نے آخر میں دیش پتا مہاتما گاندھی تک کو ھمارے بیچ میں نہ رھنے دیا .

قیمت بارہ آنے .

پنجاب ھمیں کیا سکھاتا ھے

اکتوبر سن 1947 میں پچھمی اور پوربی پنجاب کے بٹوارے کے بعد وھاں کی بھینکر بربادی اور آپسی مار کاٹ کے کارن لوگوں پر جو جو مصیبتیں آئیں اُن کا دردناک آنکھوں دیکھا ورنن . اس چھوٹی سی کتاب میں آجکل کی مصیبتوں کو حل کرنے کے لئے کچھ سجھاؤ بھی پیش کئے گئے ھیں . قیمت چار آنے .

بنگال اور اُس سے سبق

اِس چھوٹی سی کتاب میں 1949–50 میں پوربی اور پچھمی بنگال کے فرقہ وارانہ جھگڑوں پر روشنی ڈالی گئی ھے اور ایسے جھگڑوں کو ھمیشہ کے لئے ختم کرنے کی ترکیب بھی سجھائی گئی ھے . قیمت صرف دو آنے .

ملنے کا پتہ—

مینیجر 'نیا ھند' 145 مٹھی گنج' اِلہ آباد

ऐसा करने के लिये पंडित जवाहरलाल नेहरू के लिये यह लाज़मी होगा कि अपनी हुकूमत की नीति में—चाहे वह आर्थिक हो, क़ानूनी हो, तालीमी हो, व्योपारी हो, कारखानेदारी हो, बहर हाल कोई हो—सिर से पैर तक तबदीली करें, अपने मिनिस्ट्रों, गवर्नरों और राजदूतों के होश ठिकाने पर लायें और देश की तामीर के काम को ऊपर की बजाय नीचे से शुरू करें. पंडित जी से हमारी अपील है कि किसी बहकावे और धोके में न आयें, जाते हुए वक़्त को न खोयें और बहादुरी के साथ बेधड़क होकर ऊपर दिया क़दम उठायें. उनसे हमारी प्रार्थना है कि चंद पूंजीपतियों और विशेशज्ञों की बजाये वह देश की करोड़ों जनता पर एतबार करें, कुछ कारखानों में बने माल की बजाय वह घर घर में, झोंपड़ी झोंपड़ी में बने माल पर ऐतबार करें, हथियारों और बमों की बजाय वह चाल चलन और सत्याग्रह पर एतबार करें. बस एक बार एतबार करें और आजमाइश करके देख लें, जनता उन्हें धोखा नहीं देगी. हिन्दुस्तान की हालत इसी बात का इशारा कर रही है. हिन्दुस्तान अमरीका सम्बन्ध की आज यही चुनौती है.

19. 3. '54 — सुरेश रामभाई

ایسا کرنے کے لیئے پنڈت جواہر لال نہرو کے لیئے یہ لازمی ہوگا کہ اپنی حکومت کی نیتی میں—چاہے وہ آرتھک ہو، قانونی ہو، تعلیمی ہو، بیوپاری ہو، کارخانہ داری ہو، بہرحال کوئی ہو—سر سے پیر تک تبدیلی کریں، اپنے منسٹروں، گورنروں اور راجدوتوں کے ہوش ٹھکانے پر لائیں اور دیش کے تعمیر کے کام کو اوپر کی بجائے نیچے سے شروع کریں. پنڈت جی سے ہماری اپیل ہے کہ کسی بہکاوے اور دھوکے میں نہ آئیں، جاتے ہوئے وقت کو نہ کھوئیں اور بہادری کے ساتھ بےدھڑک ہوکر اوپر دیا قدم اٹھائیں. ان سے ہماری پرارتھنا ہے کہ چند پونجی پتیوں اور وششگیوں کی بجائے وہ دیش کی کروڑوں جنتا پر اعتبار کریں، کچھ کارخانوں میں بنے مال کی بجائے وہ گھر گھر میں، جھونپڑی جھونپڑی میں بنے مال پر اعتبار کریں، ہتھیاروں اور بموں کی بجائے وہ چال چلن اور ستیاگرہ پر اعتبار کریں، بس ایک بار اعتبار کریں اور آزمایش کرکے دیکھ لیں. جنتا انہیں دھوکا نہیں دیگی. ہندستان کی حالت اس بات کا اشارہ کر رہی ہے. ہندستان امریکہ سمبندھ کی آج یہی چنوتی ہے.

—سریش رام بھائی 19 . 3 . 54

हमारी राय

हिन्दुस्तान के अन्दर जो बीसियों अमरीकी माहिर हैं क्या वह ग़ैर जानिबदार हैं? मान लीजिये काश्मीर से वह दर्शक हट गये तो क्या उससे काम चल जायेगा? आज हिन्दुस्तान में जो कई हज़ार अमरीकी हैं और घनी तादाद में जो ऐक्सपर्ट सलाहकार वग़ैरा हैं उनको क्या समझा जायेगा? इसलिये हम जवाहरलाल जी की बात को बन्दर-घुड़की चालें भले न कहें लेकिन वह कमज़ोर के ग़ुस्से से बढ़कर कुछ नहीं है.

पिछले दो बरस से हम हिन्दुस्तान के अन्दर अमरीकी फ़ैलाव की तरफ़ सरकार का ध्यान खींच रहे हैं. लेकिन अफ़सोस, हमारी सरकार के कान पर जूं तक नहीं रेंगती. मगर बीती बात को रोने से कोई फ़ायदा नहीं; अगर अब भी सरकार सही क़दम उठा ले तो बिगड़ी बात बन सकती है. मगर उठाये भी तो! वह क़दम क्या है और कैसे उठाया जाये—इस पर भी हम बारम्बार चर्चा कर चुके हैं और जनवरी नम्बर वाले अपने लेख में भी की थी. उसे हम नये सिरे से कुछ मुद्दों की शकल में नीचे पेश करते हैं :

(i) हिन्दुस्तान अपनी हिफ़ाज़त हथियार और फ़ौज से नहीं कर सकता.

(ii) बड़े बड़े कारख़ानों और मरकज़ी इन्तेज़ाम से हिन्दुस्तान की दौलत व बरकतों को एक धागे में नहीं पिरोया जा सकता.

(iii) निजी मिलकियत और ज़ाती मुनाफ़े के आधार पर चलकर हिन्दुस्तान की जनता को मज़बूत नहीं बनाया जा सकता.

इसलिये हो क्या? मोटे लफ़्ज़ों में हमारा निवेदन है :

(i) हिन्दुस्तान अपनी हिफ़ाज़त अहिंसात्मक असहयोग या सत्याग्रह के ज़रिये करे.

(ii) आर्थिक और राजनीतिक ताक़त व इन्तज़ाम का विकेन्द्रीकरन होना चाहिये यानी वह गांव-गांव में बंटे.

(iii) पैदावार करने के सभी साधनों (ज़मीन हो चाहे खान, पानी हो या हवा) पर इन्सान की ज़ाती मिल्कियत न हो कर समाज की हो, यानी वह सिरजनहार या भगवान की मानी जायें.

(iv) देश में तनख़ा-मज़दूरी में राजपति और चपरासी के जैसा ज़मीन आसमान का फ़र्क़ न हो बल्कि पांच उंगलियों जैसी छोट-बड़ाई रहे.

ہماری رائے

ہندستان کے اندر جو بیسیوں امریکی ماہر ہیں کیا وہ غیر جانبدار ہیں؟ مان لیجئے کشمیر سے وہ درشک ہٹ گئے تو کیا اس سے کام چل جائیگا؟ آج ہندستان میں جو کئی ہزار امریکی ہیں اور گھنی تعداد میں جو ایکسپرٹ' صلاحکار وغیرہ ہیں انکو کیا سمجھا جائیگا؟ اس لئے ہم جواہر لال جی کی بات کو بندر گھڑکی چالیں بھلے نہ کہیں لیکن وہ کمزور کے غصے سے بڑھکر کچھ نہیں ہے۔

پچھلے دو برس سے ہم ہندستان کے اندر امریکی پھیلاؤ کی طرف سرکار کا دھیان کھینچ رہے ہیں۔ لیکن افسوس ہماری سرکار کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ مگر بیتی بات کو رونے سے کوئی فائدہ نہیں، اگر اب بھی سرکار صحیح قدم اٹھالے تو بگڑی بات بن سکتی ہے۔ مگر اٹھالے بھی تو! وہ قدم کیا ہے اور کیسے اٹھایا جائے —اس پر بھی ہم بارمبار چرچا کرچکے ہیں اور جنوری نمبر والے اپنے لیکھ میں بھی کی تھی۔ اسے ہم نئے سرے سے کچھ مدوں کی شکل میں نیچے پیش کرتے ہیں:

(i) ہندستان اپنی حفاظت ہتھیار اور فوج سے نہیں کرسکتا۔

(ii) بڑے بڑے کارخانوں اور مرکزی انتظام سے ہندستان کی دولت و برکتوں کو ایک دھاگے میں نہیں پرویا جاسکتا۔

(iii) نجی ملکیت اور ذاتی منافع کے آدھار پر چلکر ہندستان کی جنتا کو مضبوط نہیں بنایا جاسکتا۔

اس لئے ہو کیا؟ موٹے لفظوں میں ہمارا نویدن ہے:

(i) ہندستان اپنی حفاظت اہنساتمک اسہیوگ یا ستیاگرہ کے ذریعے کرے۔

(ii) آرتھک اور راجنیتک طاقت و انتظام کو وکیندریکرن ہونا چاہیئے یعنی وہ گاؤں گاؤں میں بٹے۔

(iii) پیداوار کرنے کے سبھی سادھنوں (زمین ہو چاہے کھان، پانی ہو یا ہوا) پر انسان کی ذاتی ملکیت نہ ہوکر سماج کی ہو، یعنی وہ سرجنہار یا بھگوان کی مانی جائیں۔

(iv) دیش میں تنخواہ مزدوری میں راجپتی اور چپراسی کے جیسا زمین آسمان کا فرق نہ ہو بلکہ پانچ انگلیوں جیسی چھوٹ بڑائی رہے۔

जानते हैं कि हिन्द सरकार के नये बजट में फ़ौज पर कोई खर्च नहीं बढ़ाये गये हैं लेकिन लड़ाई के इमकान सामने आने पर वैसा होने में कुछ देर नहीं लगेगी. इस सब तैयारी और जवाहरलाल जी के बयान का मतलब है कि हमारी नीति—देश के अन्दर की या बाहर की—अब हमारे हाथ में न रह कर पाकिस्तान के हाथ में रहेगी. वह जिस तरह चाहे हम को नचवा सकता है. दूसरे लफ़्ज़ों में हमारी बागडोर अमरीका के हाथ में रहेगी, वह मन माने तौर पर हमारे यहां की हालत में तबदीली पैदा कर सकेगा.

हम अपनी सरकार का ध्यान इस तरफ़ दिलाना चाहते हैं. दुनिया का दस्तूर है कि अगर आदमी को ठंड लगे तो कपड़ा ओढ़-पहन लेता है, गरमी लगे तो उतार फेंक देता है. लेकिन उसका फेफड़ा ही खराब हो तो उसे न जाड़ों में चैन न गर्मियों में सकून. हमारा देश भी आज इसी दुखदायी हालत में है और हम अर्ज़ करना चाहते हैं कि अगर हमारे अन्दर के फेफड़ों को जल्दी ही ठीक न किया गया तो हम सब बेमौत मरेंगे और ग़ैर की मर्ज़ी का शिकार बनेंगे और कौन जाने हमारे कितने ही मिनिस्टर फ्रांस के मार्शल पेतां जैसा रूप ले लें! पंडित नेहरू की ज़ात को हम इससे बहुत बुलन्द और आला मानते हैं. और इसी वजह से हम यह सब कह भी रहे हैं.

हमें नहीं भूलना चाहिये कि जंग हो या फ़ौजी इमदाद आज के ज़माने में हर राजनीतिक चाल के पीछे आर्थिक दांव-पेच होता है. जिस तरह अगर हिन्दुस्तान के पच्छिमी तट पर मलाबार में मसाले न पैदा होते तो न वास्कोडिगामा कालीकट आता और न एशिया पर योरप वालों का राज होता, उसी तरह अगर मिडिल ईस्ट में मिट्टी का तेल न होता तो न उसमें अमरीका दिलचस्पी लेता और न तुर्की पाकिस्तान फ़ौजी सुलहनामा होता. इसी तरह—हम कई बार कह चुके हैं—अगर अमरीका को हिन्दुस्तान से कच्चा माल न लेना होता और अपना पक्का माल यहां न लादना होता तो 5 जनवरी 1952 को हिन्दुस्तान से वह "समझौता" न होता जो ग़ुलामी के पट्टे को भी मात करता है. हमारा मानना है कि अमरीका के पैसे से हिन्दुस्तान की सरकार ने अन्दर के ख़ास फेफड़ों को ठीक करने की कोशिश की, तो अमरीका से फ़ौजी मदद लेकर पाकिस्तान की सरकार ने अपने को सर्दी से बचाने की कोशिश की है. और अगर दूसरा काम 'दख़ल' है तो पहले वाला भी 'दख़ल' क्यों नहीं है यह हम नहीं समझ पाये हैं.

हम स्वागत करते हैं जवाहरलाल जी के यह लफ़्ज़ कि अमरीकी दर्शकों को अब ग़ैर जानिबदार नहीं माना जा सकता. लेकिन हम अदब के साथ पूछना चाहते हैं कि

جانتے ہیں کہ ہند سرکار کے نئے بجٹ میں فوج پر کوئی خاص خرچ نہیں بڑھائے گئے ہیں لیکن لڑائی کے امکان سامنے آنے پر ویسا ہونے میں کچھ دیر نہیں لگے گی۔ اس سب تیاری اور جواہر لال جی کے بیان کا مطلب ہے کہ ہماری نیتی—دیش کے اندر کی یا باہر کی—اب ہمارے ہاتھ میں نہ رہ کر پاکستان کے ہاتھ میں رہیگی۔ وہ جس طرح چاہے ہم کو نچوا سکتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہماری باگڈور امریکہ کے ہاتھ میں رہیگی، وہ من مانے طور پر ہمارے یہاں کی حالت میں تبدیلی پیدا کرسکیگا۔

ہم اپنی سرکار کا دھیان اس طرف دلانا چاہتے ہیں۔ دنیا کا دستور ہے کہ اگر آدمی کو ٹھنڈ لگے تو کپڑا اوڑھ پہن لیتا ہے، گرمی لگے تو اتار پھینک دیتا ہے۔ لیکن اس کا پھیپھڑا ہی خراب ہو تو اسے نہ جاڑے میں چین نہ گرمیوں میں سکون۔ ہمارا دیش بھی آج اسی دکھدائی حالت میں ہے اور ہم عرض کرنا چاہتے ہیں کہ اگر ہمارے اندر کے پھیپھڑوں کو جلدی ہی ٹھیک نہ کیا گیا تو ہم سب بےموت مرینگے اور غیر کی مرضی کا شکار بنینگے اور کون جانے ہمارے کتنے ہی منسٹر فرانس کے مارشل پیتاں جیسا روپ لےلیں! پنڈت نہرو کی ذات کو ہم اس سے بہت بلند اور اعلیٰ مانتے ہیں اور اسی وجہ سے ہم یہ سب کہہ بھی رہے ہیں۔

ہمیں نہیں بھولنا چاہیئے کہ جنگ ہو یا فوجی امداد، آج کے زمانے میں ہر راجنیتک چال کے پیچھے آرتھک داؤں پیچ ہوتا ہے۔ جس طرح اگر ہندستان کے پچھمی تٹ پر مالابار میں مسالے نہ پیدا ہوتے تو نہ واسکوڈیگاما کالیکٹ آتا اور نہ ایشیا پر یوروپ والوں کا راج ہوتا، اسی طرح اگر مڈل ایسٹ میں مٹی کا تیل نہ ہوتا تو نہ اس میں امریکہ دلچسپی لیتا اور نہ ترکی پاکستان فوجی صلحنامہ ہوتا۔ اسی طرح—ہم کئی بار کہہ چکے ہیں—اگر امریکہ کو ہندستان سے کچا مال نہ لینا ہوتا اور اپنا پکا مال یہاں نہ لادنا ہوتا تو 5 جنوری 1952 کو ہندستان سے وہ "سمجھوتہ" نہ ہوتا جو غلامی کے پٹے کو بھی مات کرتا ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ امریکہ کے پیسے سے ہندستان کی سرکار نے اندر کے خاص پھیپھڑوں کو ٹھیک کرنے کی کوشش کی، تو امریکہ سے فوجی مدد لیکر پاکستان کی سرکار نے اپنے کو سردی سے بچانے کی کوشش کی ہے۔ اور اگر دوسرا کام 'دخل' ہے تو پہلے والا بھی 'دخل' کیوں نہیں ہے یہ ہم نہیں سمجھ پائے ہیں۔

ہم سواگت کرتے ہیں جواہر لال جی کے یہ لفظ کہ امریکی درشکوں کو اب غیرجانبدار نہیں مانا جاسکتا۔ لیکن ہم ادب کے ساتھ پوچھنا چاہتے ہیں کہ

की नहीं है बल्कि इससे भारत और पाकिस्तान के बीच जो सवाल हैं—जैसे काशमीर का—उनके हल करने में मदद मिलेगी ! इसी सिलसिले में मार्के की एक बात पाकिस्तान के परदेश मिनिस्टर ने कही—वह यह कि अगर हिन्दुस्तान का अमरीका से करोड़ों रुपयों का लेना अमरीका की तरफ़ से दख़ल अन्दाज़ी नहीं है तो पाकिस्तान का थोड़ी सी फ़ौजी मदद लेना दख़ल क्यों है और उस पर प्रधान मंत्री नेहरू क्यों आग बगूला होते और काशमीर में रहने वाले अमरीकी दर्शकों पर ऐतराज़ करते हैं ?

इन सब चीज़ों से यह बात सूरज की तरह साफ़ चमक जाती है कि पाकिस्तानी सरकार ने अपने बारे में फ़ैसला कर लिया है कि अब वह अमरीका की गोद में पलेगी और जिस तरह अमरीका उसे चलायेगी वैसे वह चलेगी. क्या फ़ौजी क्या राज काजी, क्या आर्थिक, क्या समाजी—हर सूरत से अमरीका के क़दम पर क़दम रखेगी. पाकिस्तान के इस राय में तुर्की, ईराक़ वग़ैरा मुल्क उसका साथ देंगे और इंगलैंड से भी उसे पूरा आशीर्वाद प्राप्त है.

अब सवाल यह है कि ऐसी हालत में हिन्दुस्तान क्या करेगा या क्या करे. हमने ऊपर प्रधान मंत्री नेहरू के ख़त व बयान की चर्चा की है. हम साफ़ कह दें कि हम उनसे सहमत हैं पर हमें उन से सन्तोष नहीं मिलता. यही नहीं, हमें थोड़ी-सी घबराहट भी पैदा होती है कि कहीं पाकिस्तान सरकार की तरह हमारी सरकार भी किसी के हाथों न खेल जाये. हम अपने प्रेमी पाठकों का ध्यान ख़ास तौर से उन लफ़्ज़ों की तरफ़ खींचना चाहते हैं जो जवाहरलाल जी ने पहली मार्च को पार्लियामेंट में आख़िर में कहे और जिन्हें हम ऊपर दे चुके हैं. उसकी ख़ास अहमियत की वजह से ही हमने उनके नीचे लकीर खींच दी है. यह वह अल्फ़ाज़ हैं जिनके सहारे सरकारें जनता को बहका कर, उसे लड़ाई के लिये उकसा देती हैं और चारे-दाने की तरह कटवाती गलवाती हैं.

बड़े अदब के साथ हम जानना चाहेंगे कि क्या मानी हैं उन लफ़्ज़ों के जो जवाहरलाल जी ने कहे जैसे—'गम्भीर हालत' 'एक साथ मिल कर खड़े हों' 'राष्ट्रीय सवाल' वग़ैरा ? अगर उनका मतलब यह है कि अब सरकार जो करे उसकी ताबेदारी आम जनता को करना चाहिये, अगर उनका मतलब यह है कि आंखें मूंद कर अपने को लड़ाई के मैदान में कटा देना चाहिये, अगर उनका मतलब यह है कि जंग की तैयारी के लिये मुल्क को लगा देना चाहिये, तो हम नम्रता से कहेंगे कि उसके नतीजे ख़राब होंगे, मुल्क बरबाद होगा, देश के रईस और भी मालामाल बनेंगे, ग़रीब और भी मोहताज बनेंगे और -फिर—हमारी बागडोर तक अपने हाथ से चले जाने का डर है. हम

کی نہیں بلکہ اِس سے بھارت اور پاکستان کے بیچ جو سوال ہیں—جیسے کاشمیر کا—اُن کے حل کرنے میں مدد ملیگی! اِسی سلسلے میں معرکے کی ایک بات پاکستان کے پردیش منسٹر نے کہی—وہ یہ کہ اگر ہندستان کا امریکہ سے کروڑوں روپیوں کا لینا امریکہ کی طرف سے دخل اندازی نہیں ہے تو پاکستان کا تھوڑی سی فوجی مدد لینا دخل کیوں ہے اور اُس پر پردھان منتری نہرو کیوں آگ بگولے ہوتے اور کاشمیر میں رہنے والے امریکی درشکوں پر اعتراض کرتے ہیں ؟

ان سب چیزوں سے یہ بات سورج کی طرح صاف چمک جاتی ہے کہ پاکستانی سرکار نے اپنے بارے میں فیصلہ کرلیا ہے کہ اب وہ امریکہ کی گود میں پلےگی اور جس طرح امریکہ اُسے چلائیگی ویسے وہ چلیگی ۔ کیا فوجی' کیا راجکاجی' کیا آرتھک' کیا سماجی—ہر صورت سے امریکہ کے قدم پر قدم رکھیگی ۔ پاکستان کے اِس کام میں ترکی' عراق وغیرہ ملک اُس کا ساتھ دینگے اور انگلینڈ سے بھی اُسے پورا آشیرواد پراپت ہے ۔

اب سوال یہ ہے کہ ایسی حالت میں ہندستان کیا کریگا یا کیا کرے ۔ ہم نے اوپر پردھان منتری نہرو کے خط و بیان کی چرچا کی ہے ۔ ہم صاف صاف کہدیں کہ ہم اُن سے سہمت ہیں پر ہمیں اُن سے سنتوش نہیں ملتا ۔ یہی نہیں' ہمیں تھوڑی سی گھبراہٹ بھی پیدا ہوتی ہے کہ کہیں پاکستان سرکار کی طرح ہماری سرکار بھی کسی کے ہاتھوں نہ کھیل جائے ۔ ہم اپنے پریمی پاٹھکوں کا دھیان خاص طور سے اُن لفظوں کی طرف کھینچنا چاہتے ہیں جو جواہر لال جی نے پہلی مارچ کو پارلیامینٹ میں آخر میں کہے اور جنہیں ہم اوپر دے چکے ہیں ۔ اسکی خاص اہمیت کی وجہ سے ہی ہم نے اُن کے نیچے لکیر کھینچ دی ہے ۔ یہ وہ الفاظ ہیں جن کے سہارے سرکاریں جنتا کو بہکاکر' اُسے لڑائی کے لیئے اکسا دیتی ہیں اور چارے دانے کی طرح کٹواتی گلواتی ہیں ۔

بڑے ادب کے ساتھ ہم جاننا چاہینگے کہ کیا معنی ہیں اُن لفظوں کے جو جواہرلال جی نے کہے' جیسے—'گمبھیر حالت' 'ایک ساتھ ملکر کھڑے ہوں' 'راشٹریہ سوال' وغیرہ ؟ اگر اُن کا مطلب یہ ہے کہ اب سرکار جو کرے اسکی تابعداری عام جنتا کو کرنا چاہیئے' اگر ان کا مطلب یہ ہے کہ آنکھیں موند کر اپنے کو لڑائی کے میدان میں کٹا دینا چاہیئے' اگر ان کا مطلب یہ ہے کہ جنگ کی تیاری کے لیئے ملک کو لگا دینا چاہیئے تو ہم نمرتا سے کہینگے کہ اُن کے نتیجے خراب ہونگے' ملک برباد ہوگا' دیش کے رئیس اور بھی مالا مال بنیں گے' غریب اور بھی محتاج بنیں گے اور—پھر—ہماری باگڈور تک اپنے ہاتھ سے چلے جانے کا ڈر ہے ۔ ہم

विचार हैं और बहुत ग़ौर समझ के बाद हमने जो नीति इस सिलसिले में अपनाई है उनका एक ही आधार है—वह यह कि दुनिया में शान्ति और आज़ादी फैले, हम इसी नीति पर अमल करते रहेंगे."

पार्लियामेन्ट में दिये अपने बयान में जवाहिर लाल जी ने आइज़न हावर के उस आश्वासन का, जिसके मातहत अमरीका से हिन्दुस्तान को फ़ौजी मदद मिल सकती है, ज़िक्र करते कहा:

"अपने इस काम से उन्होंने क्या हमारे क्या अपने ख़ुद के, दोनों के साथ नाइन्साफ़ी की है. जब हम पाकिस्तान को फ़ौजी मदद दिये जाने पर ऐतराज़ उठाते हैं तो अगर उसको ख़ुद ही मंज़ूर कर लेंगे तो बे-उसूल के मौक़ा परस्त कहलायेंगे."

इसके अलावा उन्होंने एक बड़ी संगीन बात पार्लियामेन्ट में कही :

"जम्मू और काशमीर के प्रदेश में 'लड़ाई-बन्द' लेन के इधर उधर बहुत से अमरीकी दर्शक हैं जो 'यूनो' की तरफ़ से भेजे गये हैं. अब हम इन दर्शकों को इस मामले में neutral (निर्वैरी) नहीं मान सकते और इसलिये उनकी मौजूदगी हमें ग़लत मालूम होती है."

जवाहर लाल जी ने यह भी कहा कि जब जग-शान्ति से सम्बन्ध रखने वाले सवालों पर बड़े बड़े देश पहले ही अपने आप फ़ैसला कर लेंगे तो उससे 'यूनो' नहीं चलेगा और न उसके चार्टर की पाबन्दी हो पायेगी. अपनी स्पीच को अंत करते हुए वह बोले :

"हिन्दुस्तान का यह क़तई इरादा नहीं है कि किसी भी काम के लिये या किसी भी दबाव के अन्दर अपनी आज़ादी को छोड़ दे या बेच दे. अब जो यह गम्भीर हालत पैदा हुई है उसमें क्या पार्लियामेन्ट और क्या यह मुल्क—मुझे यक़ीन है कि सबके सब ही—एक साथ मिल कर खड़े होंगे. यह किसी पार्टी का मसला नहीं है बल्कि एक राष्ट्रीय सवाल है जिस पर कोई विचार भेद हो ही नहीं सकता."

इस स्पीच के बाद से सभी जान गये कि भारत और अमरीका के ताल्लुक़ नई शकल ले रहे हैं. अमरीकी नेताओं और अख़बारों के जो बयान निकल रहे हैं उनसे भी यह साफ़ होता जाता है. उधर इंग्लैण्ड के परदेश मिनिस्टर ने इस पर ख़ुशी ज़ाहिर की कि अंग्रेज़ी कामन-वैल्थ का एक मेम्बर अमरीका से फ़ौजी मदद लेकर अपने को मज़बूत बना रहा है ! इधर पाकिस्तान के प्रधान मंत्री ने भी कहा कि इस मदद की मन्शा भारत पर चढ़ाई करने

وچار ہیں اور بہت غور سمجھ کے بعد ہم نے جو نیتی اِس سلسلے میں اپنائی ہے اُن کا ایک ہی آدھار ہے—وہ یہ کہ دنیا میں شانتی اور آزادی پھیلے، ہم اِسی نیتی پر عمل کرتے رہینگے."

پارلیامینٹ میں دیئے اپنے بیان میں جواہر لال جی نے جنرل آئیزن ہاور کے اس آشواسن کا، جس کے ماتحت امریکہ سے ہندستان کو فوجی مدد مل سکتی ہے، ذکر کرتے ہوئے کہا :

"اپنے اس کام سے انہوں نے کیا ہمارے کیا اپنے خود کے، دونوں کے ساتھ ناانصافی کی ہے. جب ہم پاکستان کو فوجی مدد دیئے جانے پر اعتراض اُٹھاتے ہیں تو اگر اسکو خود بھی منظور کر لینگے تو بے اصول کے موقع پرست کہلائیں گے."

اِسکے علاوہ اُنہوں نے ایک بڑی سنگین بات پارلیامینٹ میں کہی :

"جموں اور کاشمیر کے پردیش میں 'لڑائی بند' لین کے اِدھر اُدھر بہت سے امریکی درشک ہیں جو 'یونو' کی طرف سے بھیجے گئے ہیں. اب ہم اِن درشکوں کو اس معاملے میں neutral (نِربیری) نہیں مان سکتے اور اس لئے اُن کی موجودگی ہمیں غلط معلوم ہوتی ہے."

جواہر لال جی نے یہ بھی کہا کہ جب جگ شانتی سے سمبندھ رکھنے والے سوالوں پر بڑے بڑے دیش پہلے ہی اپنے آپ فیصلہ کر لینگے تو اُس سے 'یونو' نہیں چلیگا اور نہ اس کے چارٹر کی پابندی ہو پائے گی. اپنی اسپیچ کو انت کرتے ہوئے وہ بولے :

"ہندستان کا یہ قطعی ارادہ نہیں ہے کہ کسی بھی کام کے لیئے یا کسی بھی دباؤ کے اندر اپنی آزادی کو چھوڑ دے یا بیچ دے. اب جو یہ گمبھیر حالت پیدا ہوئی ہے اسمیں کیا پارلیامینٹ اور کیا یہ ملک—مجھے یقین ہے کہ سب کے سب ہی—ایک ساتھ مل کر کھڑے ہونگے. یہ کسی پارٹی کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ ایک راشٹریہ سوال ہے جس پر کوئی وچار بھید ہو ہی نہیں سکتا."

اِس اسپیچ کے بعد سے سبھی جان گئے کہ بھارت اور امریکہ کے تعلق نئی شکل لے رہے ہیں. امریکی نیتاؤں اور اخباروں کے جو بیان نکل رہے ہیں اُن سے بھی یہ صاف ہوتا جاتا ہے. اُدھر انگلینڈ کے پردیش منسٹر نے اِس پر خوشی ظاہر کی کہ انگریزی کامن ویلتھ کا ایک ممبر امریکہ سے فوجی مدد لیکر اپنے کو مضبوط بنا رہا ہے! اِدھر پاکستان کے پردھان منتری نے بھی کہا کہ اِس مدد کی منشا بھارت پر چڑھائی کرنے

सेक्रेटरी वक़्त वक़्त पर दिया करते थे और हिन्दुस्तान की जनता को यह यक़ीन दिलाया करते थे कि हिन्दुस्तान के अन्दर सिरजनहार की सब से बड़ी रहमत अंग्रेज़ी राज है जिसके अन्दर वह लगातार बढ़ रहा है. जनरल आईज़न हावर के बयान से तो हमारा यह ख़याल और भी पक्का हो गया. उनका कहना है :

"अमरीका दिल से चाहता है कि जिस तरह दुनिया के दूसरे हिस्सों में उसी तरह मिडिल ईस्ट में भी स्थिरता और मज़बूती बढ़े. मेरा विश्वास है कि अगर हमले का मुक़ाबिला करने और हमले का डर कम करने के लिये ताक़त बढ़े तो इस इलाक़े के लोग अपने मन की मुराद पूरी कर सकेंगे. वह यह है कि अपने जीवन का तर्ज़ बेहतर बनायें और अपने दिल की मरज़ी के मुताबिक़ समाजी तरक़्क़ी करें. अमरीका इस कोशिश में मदद करने को तैयार है, बशर्तेकि उसकी मदद मांगी जावे."

अपने बयान में अमरीकी राजपति ने तुर्की और पाकिस्तान के फ़ौजी मुआहिदे की भी—जो 19 फ़रवरी को हुआ—ताईद की और बताया कि सारे मिडिल ईस्ट को हिफ़ाज़त और शान्ति की तरफ़ ले जाने के लिये यह एक 'रचनात्मक क़दम' है. इस सब से अमरीका के इरादे और उसका प्रोग्राम ज़ाहिर हो जाता है.

राजपति आईज़न हावर के ख़त व बयान के जवाब में प्रधान मंत्री नेहरू ने भी एक ख़त लिखा और पहली मार्च को पार्लियामेन्ट में एक बयान दिया. उन्होंने पार्लियामेन्ट में अपना ख़त भी पढ़ कर सुनाया. पंडित जवाहरलाल ने अमरीकी फ़ौजी इमदाद को जग शान्ति के लिये हानिकर और ख़तरनाक बताया. उन्होंने कहा कि एशिया की सरज़मीन पर विदेशी फ़ौजों के आने से बरसों पुराने शक शुबहे फिर से पैदा होने लगेंगे और एशिया के देशों की आज़ादी तक भी जोखिम में पड़ जायेगी जो कि किसी भी क़ीमत पर नहीं छोड़ी जा सकती. दूसरे, जवाहरलाल जी ने कहा कि इमदाद एक तरह का 'दख़ल' है और इससे हिन्दुस्तान पाकिस्तान के ताल्लुक़ ख़राब होने का अंदेशा है और पिछले दिनों जो कुछ अच्छा सम्बन्ध क़ायम हुआ था उस पर पानी फिर जावेगा.

अपने ख़त में पंडित नेहरू ने जनरल आईज़न हावर की भावनाओं की क़द्रदानी की है और उन्होंने जो इत्मीनान दिलाये हैं उन पर ख़ुशी ज़ाहिर की है. उन्होंने यह भी कहा :

"इस मामले में मेरी हुकूमत और हमारी जनता की जो राय है उससे आप वाक़िफ़ हैं ही. हमारे जो

سیکریٹری وقت وقت پر دیا کرتے تھے اور ہندستان کی جنتا کو یہ یقین دلایا کرتے تھے کہ ہندستان کے اندر سرجن ہار کی سب سے بڑی رحمت انگریزی راج ہے جس کے اندر وہ لگاتار آگے بڑھ رہا ہے۔ جنرل آئزن ہاور کے بیان سے تو ہمارا یہ خیال اور بھی پکا ہو گیا۔ اُن کا کہنا ہے :

"امریکہ دل سے چاہتا ہے کہ جس طرح دنیا کے دوسرے حصوں میں اسی طرح مڈل ایسٹ میں بھی استھرتا اور مضبوطی بڑھے۔ میرا وشواس ہے کہ اگر حملے کا مقابلہ کرنے اور حملہ کا ڈر کم کرنے کے لئے طاقت بڑھے تو اس علاقے کے لوگ اپنے من کی مراد پوری کر سکیں گے۔ وہ یہ ہے کہ اپنے جیون کا طرز بہتر بنائیں اور اپنے دل کی مرضی کے مطابق سماجی ترقی کریں۔ امریکہ اس کوشش میں مدد کرنے کو تیار ہے بشرطیکہ اسکی مدد مانگی جائے۔"

اپنے بیان میں امریکی راج پتی نے ترکی اور پاکستان کے فوجی معاہدے کی بھی—جو 19 فروری کو ہوا—تائید کی اور بتایا کہ سارے مڈل ایسٹ کو حفاظت اور شانتی کی طرف لے جانے کے لئے یہ ایک 'رچناتمک قدم' ہے۔ اس سب سے امریکہ کے ارادے اور اسکا پروگرام ظاہر ہو جاتا ہے۔

راج پتی آئزن ہاور کے خط و بیان کے جواب میں پردھان منتری نہرو نے بھی ایک خط لکھا اور پہلی مارچ کو پارلیامنٹ میں ایک بیان دیا۔ انہوں نے پارلیامنٹ میں اپنا خط بھی جا کر سنایا۔ پنڈت جواہر لال نے امریکی فوجی امداد کو جگ شانتی کے لئے ہانیکر اور خطرناک بتایا۔ انہوں نے کہا کہ ایشیا کی سرزمین پر ودیشی فوجوں کے آنے سے برسوں پرانے شک شبہے پھر سے پیدا ہونے لگیں گے اور ایشیا کے دیشوں کی آزادی تک بھی جوکھم میں پڑ جائے گی جو کہ کسی بھی قیمت پر نہیں چھوڑی جا سکتی۔ دوسرے، جواہر لال جی نے کہا کہ امداد ایک طرح کا 'دخل' ہے اور اس سے ہندستان پاکستان کے تعلق خراب ہونے کا اندیشہ ہے اور پچھلے دنوں جو کچھ اچھا سمبندھ قائم ہوا تھا اس پر پانی پھر جائے گا۔

اپنے خط میں پنڈت نہرو نے جنرل آئزن ہاور کی بھاوناؤں کی قدردانی کی ہے اور انہوں نے جو اطمینان دلائے ہیں ان پر خوشی ظاہر کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا :

"اس معاملے میں میری حکومت اور ہماری جنتا کی جو رائے ہے اس سے آپ واقف ہیں ہی۔ ہمارے جو

हिन्दुस्तान और अमरीका

पाक-अमरीकी फ़ौजी समझौते पर अपनी राय हम जनवरी के नम्बर में दे चुके हैं. अब यह समझौता सारे आलम में रौशन हो चुका है. फ़रवरी के आख़िरी हफ़्ते में अमरीका के राजपति जनरल ड्वाइट आईज़न हावर ने इस बारे में प्रेस को एक बयान दिया और साथ ही साथ एक ख़त हमारे प्रधान मंत्री, पंडित जवाहर लाल नेहरू को भी लिखा. उस ख़त में अमरीकी राजपति ने कहा :—

"हम जो कुछ करने का इरादा रखते हैं और जिस पर पाकिस्तान भी राज़ी है, उसमें किसी तरह से भी हिन्दुस्तान के ख़िलाफ़ कुछ नहीं किया जायेगा और मैं खुले आम तसदीक़ कर देना चाहता हूं कि हम जो मदद देते हैं—चाहे पाकिस्तान को या किसी और देश को—अगर उनका ग़लत इस्तेमाल किया गया या किसी दूसरे मुल्क के ख़िलाफ़ चढ़ाई में उसे काम में लाया गया तो अपने वैधानिक हक़ के बमूजिब मैं फ़ौरन उस पर क़दम उठाऊंगा और 'यूनो' के अन्दर से और बाहर से इस चढ़ाई को रद करने की कोशिश करूंगा."

आगे चल कर जनरल आईज़न हावर ने लिखा है :

"मैं जानता हूं कि आप और आप की सरकार को इस बात की ज़रूरत का अच्छी तरह अहसास है कि हालत में स्थिरता और मज़बूती लाने के लिये आर्थिक तरक़्क़ी की सख़्त दरकार है. इसी वाक़ये को नज़र में रख कर हमारी सरकार ने हिन्दुस्तान को मदद दी है और इसी वजह से (अमरीकी) कांग्रेस से मैं यही सिफ़ारिश कर रहा हूं कि काफ़ी आर्थिक और तकनीकी मदद जारी रखी जाये. फिर, आज़ाद दुनिया के हक़ में हमारा यह भी यक़ीन है कि हिन्दुस्तान में इतना माद्दा व लायक़ी हो कि मज़बूत फ़ौजियाना ढंग से अपनी हिफ़ाज़त कर सके और जिस असरदार रंग से आप की सरकार ने अपने फ़ौजी बन्दोबस्त की देख रेख की है उसकी हम तारीफ़ करते हैं."

ख़त के आख़िर में अमरीकी राजपति ने भारत के प्रधान मंत्री को यह इतमीनान दिलाया है :

"अगर आपकी सरकार इस नतीजे पर पहुंचे कि हालत ऐसी हो गई है कि हमारे Mutual Security Legislation के दस्तूर के मुताबिक़ मदद की ज़रूरत है तो आपकी अपील पर मैं बहुत ही हमदर्दी के साथ विचार करूंगा."

यह ख़त पढ़ कर हमें उन बयानों की याद हो आई जो हिन्दुस्तान के वाइसराय लॉग या अंगरेज़ी हिन्द

ہندستان اور امریکہ

پاک امریکی فوجی سمجھوتے پر اپنی رائے ہم جنوری کے نمبر میں دے چکے ہیں . اب یہ سمجھوتہ سارے عالم میں روشن ہوچکا ہے . فروری کے آخری ہفتہ میں امریکہ کے راج پتی جنرل ڈوایٹ آئزن ہاور نے اس بارے میں پریس کو ایک بیان دیا اور ساتھ ہی ساتھ ایک خط ہمارے پردھان منتری' جواہر لال نہرو کو بھی لکھا . اس خط میں امریکی راج پتی نے کہا :

" ہم جو کچھ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور جس پر پاکستان بھی راضی ہے' اسمیں کسی طرح سے بھی ہندستان کے خلاف کچھ نہیں کیا جائیگا اور میں کھلے عام تصدیق کر دینا چاہتا ہوں کہ ہم جو مدد دیتے ہیں—چاہے پاکستان کو یا کسی اور دیش کو —اگر اسکا غلط استعمال کیا گیا یا کسی دوسرے ملک کے خلاف چڑھائی میں اسے کام میں لایا گیا تو اپنے ویدھانک حق کے بموجب میں فوراً اس پر قدم اٹھاؤنگا اور ' یونو' کے اندر سے اور باہر سے اس چڑھائی کو رد کرنے کی کوشش کرونگا ."

آگے چل کر جنرل آئزن ہاور نے لکھا ہے :

" میں جانتا ہوں کہ آپ اور امریکی سرکار کو اس بات کی ضرورت کا اچھی طرح احساس ہے کہ حالت میں استھرتا اور مضبوطی لانے کے لیئے آرتھک ترقی کی سخت درکار ہے . اسی واقع کو نظر میں رکھکر ہماری سرکار نے ہندستان کو مدد دی ہے اور اسی نظر سے (امریکی) کانگریس سے میں یہی سفارش کر رہا ہوں کہ کافی آرتھک اور تکنیکی مدد جاری رکھی جائے . پھر' آزاد دنیا کے حق میں ہمارا یہ بھی یقین ہے کہ ہندستان میں اتنا مادہ و لیاقت ہوکہ مضبوط فوجیانہ ڈھنگ سے اپنی حفاظت کرسکے. اور جس اثردار رنگ سے آپکی سرکار نے اپنے فوجی بندوبست کی دیکھ ریکھ کی ہے اسکی ہم تعریف کرتے ہیں ."

خط کے آخر میں امریکی راج پتی نے بھارت کے پردھان منتری کو یہ اطمینان دلایا ہے :

" اگر آپکی سرکار اس نتیجہ پر پہونچے کہ حالت ایسی ہوگئی ہے کہ ہمارے Mutual Security Legislation کے دستور کے مطابق مدد کی ضرورت ہے تو آپکی اپیل پر میں بہت ہی ہمدردی کے ساتھ وچار کرونگا ."

یہ خط پڑھکر ہمیں ان بیانوں کی یاد ہو آئی جو ہندستان کے وائسرائے لوگ یا انگریزی ہند

तिस पर—बलिहारी है उनकी—हमारे होम मिनिस्टर यह विश्वास दिलाते हैं कि क़ानूनी व्यवस्था में तबदीली की जायेगी ताकि इनसाफ़ जल्दी और सस्ता हो. हम नहीं मानते कि हमारे होम मिनिस्टर इतने भूले हैं जो यह नहीं जानते कि एयर कन्डीशन अदालतों के चैम्बरों से इनसाफ़ सस्ता नहीं हो जायेगा ! नतीजा केवल यही होगा कि जो व्यवस्था आज क़ायम है वह और भी ज़्यादा मंहगी बन जायेगी, और मामूली आदमी को न्याय मिलना कहीं ज़्यादा मंहगा और दुर्लभ हो जायेगा. शायद वह चीनी जिसने मांस पकाने के लिये अपनी झोंपड़ी जला दी थी हमारी सरकार के मुक़ाबिले ज़्यादा अक़ल-मन्द था.

अकसर ही हमारे प्रधान मंत्री को इस बात पर बड़ा ग़ुस्सा आता है कि दफ़्तरी कारोबार एक जंगल की तरह बढ़ता जा रहा है ! लेकिन हमारा ख़याल है कि उन्हें इस बात का भी इल्म होगा कि देश के अन्दर हुक्कामों और जनता के बीच की खाई बढ़ती चली जा रही है. लाखों-करोड़ों को न खाना मयस्सर है न मकान, लेकिन उनकी ही कमाई पर चंद लोग आराम करते हैं. यह हमारे राष्ट्रपति भवन, राज भवन, हाई कोर्ट, सेक्रेटेरियट वग़ैरा क्या हैं ? हमारी ग़ुलामी को रह रह कर याद दिलाने वाली नोचनहार निशानियां ! भला ऐसी दर्दनाक हालत में जनता कहीं अपने आपे को पा सकती है ? नहीं, हरगिज़ नहीं और वह यह हालत ज़्यादा अरसे तक बर्दाश्त भी नहीं कर सकती.

क़ुदरत का पुराना व ऊंचा क़ानून है कि जिसको जितनी ज़रूरत हो उसे उतना दो और जिसमें जितनी क़ाबलियत हो उतना उससे लो. तब अगर बढ़ई या मेहतर को दिन भर की कमाई में रुपया सवा रुपया मिलता हो तो मिनिस्टरों या जजों को इतना ज़्यादा क्यों मिले ? हां, उसी हालत में ज़्यादा मिल सकता है जब डाक्टर लोग यह साबित कर दें कि बढ़ई मेहतर को भूक उतनी नहीं लगती जितनी मिनिस्टर या जज को ! ज़रूरत है नीचे वालों की मज़दूरी को बहुत बढ़ाने की और ऊपर वालों की तलबों आदि को बहुत कम करने की. यह समझना कि कुछ लोग ऊंची ज़ात के या ग़ैर मामूली नस्ल के हैं, अव्वल दर्जे की ग़लती होगी. इन्साफ़ चाहिये— समाजी और आर्थिक इन्साफ़, काग़ज़ी और अमली इन्साफ़, इन्साफ़ ही नये भारत की आज की पुकार है. जनता इन्साफ़ चाहती है—हर क़ीमत पर इन्साफ़ चाहती है. हुकूमत का फ़र्ज़ है कि वक़्त की अटल मांग को सुन कर उसके अनुसार क़दम बढ़ावे.

19. 2. '54. —सुरेशराम भाई

تس پر—بلہاری ہے انکی—ہمارے ہوم منسٹر یہ وشواس دلاتے ہیں کہ قانونی ویوستھا میں تبدیلی کی جائیگی تاکہ انصاف جلدی اور سستا ہو۔ ہم نہیں جانتے کہ ہمارے ہوم منسٹر اتنے بھولے ہیں جو یہ نہیں جانتے کہ ایئرکنڈیشن عدالتوں کے چیمبروں سے انصاف سستا نہیں ہو جائیگا ! نتیجہ کیول یہی ہوگا کہ جو ویوستھا آج قائم ہے وہ اور بھی زیادہ مہنگی بن جائیگی اور معمولی آدمی کو نیائے ملنا کہیں زیادہ مہنگا اور درلبھ ہو جائیگا ۔ شاید وہ چینی جسنے مانس پکانے کے لیئے اپنی جھونپڑی جلا دی تھی ہماری سرکار کے مقابلہ زیادہ عقلمند تھا ۔

اکثر ہی ہمارے پردھان منتری کو اس بات پر بڑا غصہ آتا ہے کہ دفتری کاروبار ایک جنگل کی طرح بڑھتا جا رہا ہے ! لیکن ہمارا خیال ہے کہ انہیں اس بات کا بھی علم ہوگا کہ دیش کے اندر حکاموں اور جنتا کے بیچ کی کھائی بڑھتی چلی جارہی ہے، لاکھوں کروڑوں کو نہ کھانا میسر ہے نہ مکان، لیکن انکی ہی کمائی پر چند لوگ آرام کرتے ہیں۔ یہ ہمارے راشٹرپتی بھون، ہائی کورٹ، سکریٹیریٹ وغیرہ کیا ہیں؟ ہماری غلامی کی رہ رہ کر یاد دلانے والی نوچن‌ہار نشانیاں ! بھلا ایسی دردناک حالت میں جنتا کہیں اپنے آپ کو پاسکتی ہے؟ نہیں، ہرگز نہیں اور وہ یہ حالت زیادہ عرصے تک برداشت بھی نہیں کرسکتی ۔

قدرت کا پرانا و اونچا قانون ہے کہ جسکو جتنی ضرورت ہو اسے اتنا دو اور جس میں جتنی قابلیت ہو اتنا اس سے لو ۔ تب اگر بڑھئی یا مہتر کو دن بھر کی کمائی میں روپیہ سوا روپیہ ملتا ہو تو منسٹروں یا ججوں کو اتنا زیادہ کیوں ملے ؟ ہاں، اسی حالت میں زیادہ مل سکتا ہے جب ڈاکٹر لوگ یہ ثابت کردیں کہ بڑھئی مہتر کو بھوک اتنی نہیں لگتی جتنی منسٹر یا جج کو ! ضرورت ہے نیچے والوں کی مزدوری کو بہت بڑھانے کی اور اوپر والوں کی تلبوں آدی کو بہت کم کرنے کی۔ یہ سمجھنا کہ کچھ لوگ اونچی ذات کے یا غیر معمولی نسل کے ہیں، اول درجے کی غلطی ہوگی ۔ انصاف چاہیئے—سماجی اور آرتھک انصاف، کاغذی اور عملی انصاف، انصاف ہی نئے بھارت کی آج پکار ہے ۔ جنتا انصاف چاہتی ہے—ہر قیمت پر انصاف چاہتی ہے ۔ حکومت کا فرض ہے کہ وقت کی اٹل مانگ کو سنکر اس کے انوسار قدم بڑھائے ۔

—سریش رام بھائی 19 . 2 . '54

हाई कोर्ट मिनिस्टेरियल स्टाफ असोसिएशन ने दोबारा अपील की कि अगले बजट में हमारी मांगों पर फिर से विचार किया जाये. खर्च की तफ़सील में जा कर असोसिएशन ने अरज़ की कि 1954-55 से 1958-59 तक पांच साल की मुद्दत में केवल Rs. 8,60,616/- का खर्च बेशी बैठता है :

	Rs.
1954-55	1,13,628
1955-56	1,42,920
1956-57	1,72,848
1957-58	2,01,396
1958-59	2,29,824

अब यह आठ-नौ लाख रुपये की रक़म इतनी बड़ी नहीं है जो सरकार मंजूर न कर सके—अगर वह चाहे तो कर सकती है. इसलिये मानना पड़ेगा कि हाई कोर्ट के बाबुओं का दावा सही है. लेकिन 'पैसे की कमी' की वजह से सरकार ने उसे मानने से इन्कार कर दिया. मगर अचम्भा इस बात पर होता है कि पैसे की तंगी की यह तलवार दफ़्तर के बाबुओं को ही दिखाई जाती है न कि उन दूसरे खर्चों पर जिन पर इसी हाई कोर्ट में काफ़ी पैसा खर्च किया जाता है. चीफ़ जस्टिस की अदालत के लिये एक नया, शानदार, लम्बा-चौड़ा कमरा बना है. हाई कोर्ट की इमारत में नई नई तामीरें हो रही हैं जिन पर 28 लाख रुपया खर्च किया जा रहा है. जजों के चैम्बरों को एयर कन्डीशन करने के लिये साढ़े छः लाख रुपया खर्च किया जा रहा है. कैसे ताज्जुब की बात है कि हाई कोर्ट के भारतीय जज वह सुविधाएं चाहते हैं जिनके बिना अंगरेज़ी जजों ने मज़े से काम चला लिया. हमें डर है कि आज तो जजों के चैम्बर को एयर कन्डीशन किया जाता है, कल उनके घरों को भी एयर कन्डीशन करने की ज़रूरत पड़ेगी क्योंकि—ज़ाहिर है—अगर वह छै घंटे एयर कन्डीशन कमरों में रहेंगे और अठारह घन्टे मामूली हवा में तो उनकी सिहत को नुक़सान ज़रूर पहुंचेगा. और जब इलाहाबाद के जजों को यह आराम दिया जायेगा तो दूसरी हाई कोर्ट वाले क्यों पीछे रहेंगे ? और फिर, बेचारे मिनिस्टरों ने कौन क़सूर किया है कि जजों को तो एक सुविधा दी जाये पर उन्हें न दी जाये ? इस तरह करोड़ों रुपया खत्म हो जायगा, सिर्फ़ कुछ बड़े लोगों की एक खुशी पूरी करने के लिये, लेकिन ग़रीब बाबू लोगों को अपने बच्चों के पालन पोशन के लिये ज़रा सी तनख़्वाह भी नहीं दी जायेगी और आम जनता को ठीक से अनाज कपड़ा भी नसीब न हो तो न हो !

ہائی کورٹ منسٹیریل اسٹاف ایسوسی ایشن نے دوبارہ اپیل کی کہ اگلے بجٹ میں ہماری مانگوں پر پھر سے وچار کیا جائے ۔ خرچ کی تفصیل میں جا کر ایسوسی ایشن نے عرض کی کہ 1954-55 سے 1958-59 تک کی پانچ سال کی مدت میں Rs. 8,60,616/- کا خرچ بیشی بیٹھتا ہے :

Rs.	
1,13,628	 1954-55
1,42,920	 1955-56
1,72,848	 1956-57
2,01,396	 1957-58
2,29,824	 1958-59

اب یہ آٹھ نو لاکھ روپئے کی رقم اتنی بڑی نہیں ہے جو سرکار منظور نہ کرسکے—اگر وہ چاہے تو کرسکتی ہے ۔ اسلئے ماننا پڑیگا کہ ہائی کورٹ کے بابوؤں کا دعویٰ صحیح ہے ۔ لیکن 'پیسے کی کمی' کی وجہ سے سرکار نے اسے ماننے سے انکار کردیا ۔ مگر اچنبھا اس بات پر ہوتا ہے کہ پیسے کی تنگی کی یہ تلوار دفتر کے بابوؤں کو ہی دکھائی جاتی ہے نہ کہ ان دوسرے خرچوں پر جن پر اسی ہائی کورٹ میں کافی پیسہ خرچ کیا جاتا ہے ۔ چیف جسٹس کی عدالت کے لئے ایک نیا' شاندار' لمبا چوڑا کمرہ بنا ہے ۔ ہائی کورٹ کی عمارت میں نئی نئی تعمیریں ہو رہی ہیں جن پر 28 لاکھ روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے ۔ ججوں کے کمروں کو ایئرکنڈیشن کرنے کے لئے ساڑھے چھ لاکھ روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے ۔ کیسے تعجب کی بات ہے کہ ہائی کورٹ کے بھارتیہ جج وہ سویدھائیں چاہتے ہیں جنکے بنا انگریزی ججوں نے مزے سے کام چلا لیا ۔ ہمیں ڈر ہے کہ آج تو ججوں کے چیمبر کو ایئرکنڈیشن کیا جاتا ہے' کل ان کے گھروں کو بھی ایئرکنڈیشن کرنے کی ضرورت پڑیگی—ظاہر ہے—اگر وہ چھ گھنٹے ایئرکنڈیشن کمروں میں رہینگے اور اٹھارہ گھنٹے معمولی ہوا میں تو انکی صحت کو نقصان ضرور پہونچیگا ۔ اور جب الہ آباد کے ججوں کو یہ آرام دیا جائیگا تو دوسری ہائی کورٹ والے کیوں پیچھے رہیں گے؟ اور پھر' بیچارے منسٹروں نے کون قصور کیا ہے کہ ججوں کو تو ایک سویدھا دی جائے پر انہیں نہ دی جائے ؟ اس طرح کروڑوں روپیہ ختم ہو جائیگا' صرف کچھ بڑے لوگوں کی ایک خوشی پوری کرنے کے لیئے' لیکن غریب بابو لوگوں کو اپنے بچوں کے پالن پوشن کے لیئے ذرا سی تنخواہ بھی نہیں دی جائیگی اور عام جنتا کو ٹھیک سے اناج کپڑا بھی نصیب نہ ہو تو نہ ہو !

सच्चाई के साथ पैरवी कर रही है लेकिन उसकी कोई सुनवाई नहीं.

उत्तर प्रदेश के सरकारी बाबुओं को 1947 वाली पे कमिटी की सिफारिशों के अनुसार पैसा मिलता है. बदक़िस्मती से इस कमेटी ने हाई कोर्ट के बाबुओं को सेक्रेटेरियट के बाबुओं से अलग दर्जे में रखा. इसकी वजह यह बताई कि सेक्रेटेरियट में भरती के लिये तो खुला मुक़ाबिला (काम्पेटीशन) किया जाता है लेकिन दूसरे 'मातहत महकमों' में दफ़तरों के मुखिया ही लोगों को नौकरी पर लगा लेते हैं. हाई कोर्ट में भी वहां का मुखिया ही पसंद करके भरती कर लेता है. लेकिन हाई कोर्ट को मातहत महकमा कौन मान लेगा, और यह कौन कह सकता है कि सेक्रेटेरियट या पब्लिक सर्विस कमीशन हाई कोर्ट से बढ़ कर महकमे हैं?

हाई कोर्ट के बाबुओं की तरफ़ से एक मेमोरेन्डम सरकार के पास भेजा गया था. उसमें यह कहा गया था कि हाई कोर्ट के बाबू लोग दफ़्तर के अंदर चिट्ठी-पत्री, टाइप करना, प्रूफ़ देखना आदि का इतना काम करते हैं जो दूसरे दफ़्तर के बाबुओं के काम के आगे कम नहीं ठहराया जा सकता. मेमोरेन्डम में यह भी कहा गया कि सेक्रेटेरियट के अंदर जो बाबू लोग हैं उनमें से लगभग एक तिहाई ऐसे हैं जिनको पब्लिक सर्विस कमीशन ने नहीं रक्खा है. इसके अलावा सेक्रेटेरियट में छे महीने तक के लिये आरज़ी तौर पर लोग रख लिये जाते हैं. इनके बारे में पब्लिक सर्विस कमीशन से कुछ नहीं पूछा जाता. इन लोगों तक को जो तनख़ाह शुरू में दी जाती है वह हाई कोर्ट वालों से ज़्यादा रहती है. फिर जब इन लोगों को मुस्तक़िल करने का सवाल आता है तो इन का इम्तिहान अलग से लिया जाता है. इसलिये मेमोरेन्डम का कहना है, और सही कहना है, कि अगर हाई कोर्ट वालों की नियुक्ति पब्लिक सर्विस कमीशन नहीं करता तो इसके कारन उन्हें पहले ग्रेड के वेतन-भत्तों से वंचित नहीं रखना चाहिये. लेकिन अगर यही उनको पहले ग्रेड तक नहीं पहुंचने देने की एक वजह है तो मेमोरेन्डम में उन्होंने कहा कि हमें यह बता दिया जाय ताकि हम चीफ़ जस्टिस से निवेदन कर सकें कि हम लोगों के हित की ख़ातिर, वह हाई कोर्ट में भी बाबुओं की नियुक्ति पब्लिक सर्विस कमीशन की मारफ़त होने दें.

इससे पता चलता है कि हाई कोर्ट और सेक्रेटेरियट स्टाफ़ में वेतन भेद करने की कोई सही बुनियाद नहीं है. लेकिन मेमोरेन्डम के निवेदन पर एडीशनल डिप्टी सेक्रेट्री, जुडीशल (ए) डिपार्टमेन्ट ने सरकार की तरफ़ से जवाब दिया कि इस समय आर्थिक तंगी के कारन आप का तलब बढ़वाने के प्रस्ताव को नहीं मंज़ूर किया जा सकता.

سچائی کے ساتھ پیروی کر رہی ہے لیکن اسکی کوئی سنوائی نہیں۔

اترپردیش کے سرکاری باہوؤں کو 1947 والی پے کمیٹی کی سفارشوں کے انوسار پیسہ ملتا ہے۔ بدقسمتی سے اس کمیٹی نے ہائی کورٹ کے باہوؤں کو سیکریٹریٹ کے باہوؤں سے الگ درجے میں رکھا۔ اسکی وجہ یہ بتائی کہ سیکریٹریٹ میں بھرتی کے لئے تو کھلا مقابلہ (کامپٹیشن) کیا جاتا ہے لیکن دوسرے 'ماتحت محکموں' میں دفتروں کے مکھیا ہی لوگوں کو نوکری پر لگا لیتے ہیں۔ ہائی کورٹ میں بھی وہاں کا مکھیا ہی پسند کر کے بھرتی کر لیتا ہے۔ لیکن ہائی کورٹ کو ماتحت محکمہ کون مان لے گا، اور یہ کون کہہ سکتا ہے کہ سیکریٹریٹ یا پبلک سروس کمیشن ہائی کورٹ سے بڑھکر محکمے ہیں؟

ہائی کورٹ کے باہوؤں کی طرف سے ایک میمورینڈم سرکار کے پاس بھیجا گیا تھا۔ اس میں یہ کہا گیا تھا کہ ہائی کورٹ کے بابو لوگ دفتر کے اندر چٹھی پتری، ٹائپ کرنا، پروف دیکھنا آدی کا اتنا کام کرتے ہیں جو دوسرے دفتر کے باہوؤں کے کام کے آگے کم نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔ میمورینڈم میں یہ بھی کہا گیا کہ سیکریٹریٹ کے اندر جو بابو لوگ ہیں اُن میں سے لگ بھگ ایک تہائی ایسے ہیں جن کو پبلک سروس کمیشن نے نہیں رکھا ہے۔ اس کے علاوہ سکریٹریٹ میں چھ مہینے تک کے عارضی طور پر لوگ رکھ لیئے جاتے ہیں۔ ان کے بارے میں پبلک سروس کمیشن سے کچھ نہیں پوچھا جاتا۔ ان لوگوں تک کو جو تنخواہ شروع میں دی جاتی ہے وہ ہائی کورٹ والوں سے زیادہ رہتی ہے۔ پھر جب ان لوگوں کو مستقل کرنے کا سوال آتا ہے تو ان کا امتحان الگ سے لیا جاتا ہے۔ اس لئے میمورینڈم کا کہنا ہے، اور سہی کہنا ہے، کہ اگر ہائی کورٹ والوں کی نیکتی پبلک سروس کمیشن نہیں کرتا تو اسکے کارن انہیں پہلے گروپ کے طلب بھتوں سے ونچت نہیں رکھنا چاہیئے۔ لیکن یہی ان کو پہلے گروپ تک نہیں پہونچنے دینے کی ایک وجہ ہے تو میمورینڈم میں انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں یہ بتا دیا جائے تاکہ ہم چیف جسٹس سے نویدن کر سکیں کہ ہم لوگوں کے ہت کی خاطر، وہ ہائی کورٹ میں بھی باہوؤں کی نیکتی پبلک سروس کمیشن کی معرفت ہونے دیں۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ ہائی کورٹ اور سیکریٹریٹ کے اسٹاف میں ویتن بھید کرنے کی کوئی سہی بنیاد نہیں ہے، لیکن میمورینڈم کے نویدن پر ایڈیشنل ڈپٹی سکریٹری، جوڈیشل (اے) ڈیپارٹمنٹ نے سرکار کی طرف سے جواب دیا کہ اس سمے آرتھک تنگی کے کارن آپ کی طلب کو بڑھوانے کے پرستاؤ کو نہیں منظور کیا جاسکتا۔

हमारी राय

ہماری رائے

हाई कोर्ट के बाबुओं के साथ बेइन्साफ़ी

हर सरकारी बन्दोबस्त में दो महकमे रहते हैं—क़ानूनी (judicial) और हुक्कामी (executive). अंग्रेजी राज में सारे देश में हुक्कामी महकमों की ही अधिक चलती थी जिस पर सारी जनता को ऐतराज़ था. क्योंकि वैसी हालत में प्रजा के साथ ठीक न्याय न हो सकता था. इसलिये सभी की मांग थी कि क़ानूनी महकमों को हुक्कामी से अलग और आज़ाद रखा जाय. स्वराजी सरकारें बन जाने पर इस चीज़ की तरफ़ थोड़ा बहुत ध्यान दिया जाने लगा. कुछ सूबों की सरकारें इस कोशिश में हैं कि क़ानून के महकमों को मुनासिब यानी ऊंची से ऊंची जगह दी जाय.

इस चीज़ को पूरा करने के लिये पहली ज़रूरी बात यह है कि इन दोनों महकमों में जो मुलाज़िम काम करते हैं उनके साथ एकसा बरताव किया जाय. शायद यही कारन है कि हाइकोर्ट के जजों को उतनी ही या उससे भी बढ़ कर तलब और भत्ते दिये जाते हैं जितने मिनिस्टरों या दूसरे ओहदेदारों को—हालांकि हम तो यही चाहेंगे कि आज हमारे करोड़ों भाई बहनों की जो ग़रीबी की हालत है उसके अनुसार सब को तलब वग़ैरा दी जाया करें. फिर भी इससे इन्कार इन्कार करेगा कि अगर क़ानूनी महकमे के चोटी के अफ़सरों को मिनिस्टरों के मुक़ाबिले दिया जाता है तो इन महकमों में जो और दूसरे काम करने वाले हैं इनके साथ भी एकसा बरताव हो. इसलिये दोनों महकमों में काम करने वाले बाबुओं—Ministerial staff—में कोई भेद नहीं होना चाहिये और दोनों को एक सी सुविधाएं होनी चाहियें. यह सूरत बंगाल, बम्बई, पूर्व पंजाब, बिहार और मध्य प्रदेश के सूबों में है, जहां सेक्रेटेरियट और हाई कोर्ट में काम करने वालों की एक सी ही तलब, भत्ता आदि हैं. मगर इलाहाबाद हाई कोर्ट में ऐसा नहीं है वह देश की सबसे बड़ी हाई कोर्ट है. फिर भी वहां के बाबुओं के साथ यह बेइन्साफ़ी हो रही है. काफ़ी अरसे से इन बाबुओं की ऐसोसिएशन (High Court Ministerial Officer's Association) अपने मामले की खूबी और

ہائی کورٹ کے بابوؤں کے ساتھ بے انصافی

ہر سرکاری بندوبست میں دو محکمے رہتے ہیں—قانونی اور حکامی (executive). انگریزی راج میں سارے دیش میں حکامی محکموں کی ہی ادھک چلتی تھی جس پر ساری جنتا کو اعتراض تھا. کیونکہ ویسی حالت میں پرجا کے ساتھ ٹھیک نیائے نہیں ہو سکتا تھا. اس لئے سبھی کی مانگ تھی کہ قانونی محکمے کو حکامی سے الگ اور آزاد رکھا جائے. سوراجی سرکاریں بن جانے پر اس چیز کی طرف تھوڑا بہت دھیان دیا جانے لگا. کچھ صوبوں کی سرکاریں اس کوشش میں ہیں کہ قانون کے محکمے کو مناسب یعنی اونچی سے اونچی جگہ دی جائے.

اس چیز کو پورا کرنے کے لئے پہلی ضروری بات یہ ہے کہ ان دونوں محکموں میں جو ملازم کام کرتے ہیں ان کے ساتھ ایکسا برتاؤ کیا جائے. شاید یہی کارن ہے کہ ہائی کورٹ کے ججوں کو اتنا ہی یا اس سے بھی بڑھکر طلب اور بھتے دیئے جاتے ہیں جتنے منسٹروں یا دوسرے عہدہ داروں کو—حالانکہ ہم تو یہی چاہیں گے کہ آج ہمارے کروڑوں بھائی بہنوں کی جو غریبی کی حالت ہے اسی کے انوسار سب کو طلب وغیرہ دی جایا کریں—پھر بھی اس سے کون انکار کریگا کہ اگر قانونی محکمے کے چوٹی کے افسروں کو منسٹروں کے مقابلے دیا جاتا ہے تو ان محکموں میں جو اور دوسرے کام کرنے والے ہیں ان کے ساتھ بھی ایکسا برتاؤ ہو. اس لئے دونوں محکموں میں کام کرنے والے بابوؤں—Ministerial staff—میں کوئی بھید نہیں ہونا چاہئے اور دونوں کو ایک سی سودھائیں ہونی چاہئیں. یہ صورت بنگال، بمبئی، پوروی پنجاب، بہار اور مدھیہ پردیش کے صوبوں میں ہے، جہاں سیکریٹیریٹ اور ہائی کورٹ میں کام کرنے والوں کی ایک سی ہی طلب، بھتہ آدی ہیں. مگر الہ آباد ہائی کورٹ میں ایسا نہیں ہے. یہ دیش کی سب سے بڑی ہائی کورٹ ہے. پھر بھی وہاں کے بابوؤں کے ساتھ یہ بے انصافی ہو رہی ہے. کافی عرصے سے ان بابوؤں کی ایسوسی ایشن (High Court Ministerial Officer's Association) اپنے معاملے کی خوبی اور

रहते हैं मगर वह यह न जान सका कि वह कौन है. उसके कान में कोई फुसफुसाया—"मार्टिन क्या तुम मुझे नहीं जानते ?"

"कौन है ?" मार्टिन ने मुंह ही मुंह में कहा.

"यह मैं हूं" अंधेरे में से बुड्ढा सिपाही आगे बढ़ा और फिर ग़ायब हो गया.

"और यह मैं हूं" एक और आवाज़ आई और बच्चे को गोद में लिये एक औरत आगे बढ़ी और मुस्कराई. बच्चा हंसा और दोनों आंखों से ओझल हो गये.

"यह मैं हूं" फिर आवाज़ आई और सेब वाली बुढ़िया और लड़का आगे बढ़े, मुस्कराए और ग़ायब हो गये.

मार्टिन को अपने दिल में एक आत्मिक आनन्द का अहसास हुआ. उसने अपने सीने पर क्रास का निशान बनाया और पाठ्य के लिये बाइबिल की तरफ़ आकर्शित हुआ. पहले ही पन्ने पर उसकी नज़र इन लाइनों पर पड़ी—"मैं भूका था, तूने मुझे खाना दिया. मैं प्यासा था, तूने मेरी प्यास बुझाई, मैं अजनबी था, मगर तूने मुझे अपने घर बुलाया" और पन्ने के आख़िर में उसने पढ़ा—"जो कुछ तूने भाइयों के साथ किया वह वास्तव में मेरे साथ किया."

और तब मार्टिन ने समझा कि उसका सपना सच्चा था और मसीह सचमुच उसके यहां पधारे जिसका उसने खुले दिल से स्वागत किया था.

ہوئے ہیں مگر وہ یہ نہ جان سکا کہ وہ کون ہے۔ اس کے کان میں کوئی پھسپھسایا—"مارٹن کیا تم مجھے نہیں جانتے ؟"

"کون ہے ؟" مارٹن نے منہ ہی منہ میں کہا۔

"یہ میں ہوں" اندھیرے میں سے بڈھا سپاہی آگے بڑھا اور پھر غائب ہوگیا۔

"اور یہ میں ہوں" ایک اور آواز آئی اور بچے کو گود میں لئے ایک عورت آگے بڑھی اور مسکرائی۔ بچہ ہنسا اور دونوں آنکھوں سے اوجھل ہوگئے۔

"یہ میں ہوں" پھر آواز آئی اور سیب والی بڑھیا اور لڑکا آگے بڑھے، مسکرائے اور غائب ہوگئے۔

مارٹن کو اپنے دل میں ایک آتمک آنند کا احساس ہوا۔ اس نے اپنے سینے پر کراس کا نشان بنایا اور پاٹھ کے لئے بائبل کی طرف آکرشت ہوا۔ پہلے ہی پنّے پر اس کی نظر ان لائنوں پر پڑی—"میں بھوکا تھا، تو نے مجھے کھانا دیا۔ میں پیاسا تھا، تو نے میری پیاس بجھائی، میں اجنبی تھا مگر تو نے مجھے اپنے گھر بلایا—" اور پنّے کے آخر میں اس نے پڑھا—"جو کچھ تو نے بھائیوں کے ساتھ کیا وہ واستو میں میرے ساتھ کیا۔"

اور تب مارٹن نے سمجھا کہ اس کا سپنا سچا تھا اور مسیح سچ مچ اس کے یہاں پدھارے جس کا اس نے کھلے دل سے سواگت کیا تھا۔

"अरे नानी, हम इन्सानों का यही ढंग है, लेकिन खुदा का यह तरीक़ा नहीं. अगर वह भी ज़रा ज़रा से क़सूरों पर कोड़ों की सज़ा दे तो फिर हमारे बड़े बड़े गुनाहों का क्या कुछ अज़ाब न होगा?" मार्टिन ने जवाब दिया और वह बुढ़िया को मसीह के वह क़िस्से सुनाने लगा जिनमें उनकी दया और क्षमा की चर्चा थी. आख़िर में बोला—"ख़ुदा हम से कहता है कि तुम लोगों को माफ़ करो तब ही मैं तुम्हारे गुनाहों को बख़्शूंगा और फिर इस मासूम बच्चे को तो क्षमा की सब से ज्यादा ज़रूरत है."

"यह तो ठीक है. मगर यह बच्चे बुरी तरह बिगड़ते जाते हैं" बुढ़िया कहने लगी.

"तभी तो बड़ों को अच्छी मिसाल बन कर सामने आना चाहिये." मार्टिन की यह बात सुन कर बुढ़िया बोली—"हां, मैं भी तो यही कहती हूं. मेरे सात बच्चे थे जिनमें से अब सिर्फ़ एक लड़की ज़िन्दा है." और बुढ़िया ने उसे सारा क़िस्सा सुनाया कि वह किस तरह अपनी लड़की के साथ रहती है और इसके कितने बच्चे हैं और वह बच्चे नानी से कितनी मुहब्बत करते हैं. यह बातें करते करते उसके चेहरे पर नरमी और मुहब्बत नज़र आने लगी. आख़िर में बोली—"सचमुच यह इसका बचपन ही तो था. ख़ुदा इसे माफ़ करे." यह कह कर बुढ़िया अपनी लकड़ियों का गट्ठा उठाने लगी तो लड़का बोला—"नानी मैं तुम्हारे बजाय इसे उठाये लेता हूं. मैं भी तो उसी रस्ते जा रहा हूं." बुढ़िया ने अपना सिर हिलाया और हां कह दिया. थोड़ी देर में वह दोनों सड़क पर बातें करते चले जा रहे थे. सेब के पैसे लेने का बुढ़िया ने मार्टिन से कोई ज़िक्र ही नहीं किया.

जब तक वह नज़र आते रहे मार्टिन खड़ा उन्हें देखता रहा. जब घर के दरवाज़े में घुसा तो सीढ़ी पर अपनी टूटी ऐनक मिली. वह अब फिर अपने औज़ार लेकर काम करने बैठ गया. लेकिन अब काफ़ी अंधेरा हो चुका था और मार्टिन के लिये सिलाई करना मुश्किल था. उसने देखा कि सड़क पर लालटेनें जलाने वाला रोशनी कर रहा है तो उसे याद आया कि अब दिया जलाने का समय आ गया है. उसने रोशनी जलाई और मरम्मत का काम पूरा करके देखा तो अब जूता बिल्कुल ठीक था. अब उसने चिराग़ मेज़ पर रक्खा और बाइबिल निकाल कर पढ़ने के लिये बैठ गया. वह उस जगह को निकालना चाहता था जहां से कल उसने पढ़ना छोड़ा था मगर किताब दूसरी जगह से खुल गई. मार्टिन को अब फिर कल का सपना याद आया और ऐसा मालूम हुआ जैसे किसी के पैरों की चाप सुनाई दे रही है. उसने मुड़ कर देखा तो उसे ऐसा लगा कि कुछ लोग कोठरी के अन्दर कोने में

"ارے نانی، ہم انسانوں کا یہی ڈھنگ ہے، لیکن خدا کا یہ طریقہ نہیں۔ اگر وہ بھی ذرا ذرا سے قصوروں پر کوڑوں کی سزا دے تو پھر ہمارے بڑے بڑے گناہوں کا کیا کچھ عذاب نہ ہوگا؟" مارٹن نے جواب دیا اور وہ بڑھیا کو مسیح کے وہ قصے سنانے لگا۔ جن میں اُن کی دیا اور چھما کی چرچا تھی۔ آخر میں بولا—"خدا ہم سے کہتا ہے کہ تم لوگوں کو معاف کرو تب ہی تمہارے گناہوں کو بخشوں گا اور پھر اس معصوم بچہ کو تو چھما کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔"

"یہ تو ٹھیک ہے۔ مگر یہ بچے بہت بری طرح بگڑتے جاتے ہیں" بڑھیا کہنے لگی۔

"تبھی تو بڑوں کو اچھی مثال بن کر سامنے آنا چاہیئے۔" مارٹن کی یہ بات سن کر بڑھیا بولی—"ہاں، میں بھی تو یہی کہتی ہوں۔ میرے سات بچے تھے جن میں سے اب صرف ایک لڑکی زندہ ہے۔" اور پھر بڑھیا نے اُسے سارا قصہ سنایا کہ وہ کس طرح اپنی لڑکی کے ساتھ رہتی ہے اور اس کے کتنے بچے ہیں اور وہ نانی سے کتنی محبت کرتے ہیں۔ یہ باتیں کرتے کرتے اس کے چہرے پر نرمی اور محبت نظر آنے لگی۔ آخر میں بولی—"سچ مچ یہ اس کا بچپن ہی تو تھا۔ خدا اِسے معاف کرے۔" یہ کہہ کر بڑھیا اپنی لکڑیوں کا گٹھا اٹھانے لگی تو لڑکا بولا—"نانی میں تمہارے بجائے اِسے اٹھائے لیتا ہوں۔ میں بھی تو اسی رستے جا رہا ہوں۔" بڑھیا نے اپنا سر ہلایا اور ہاں کہہ دیا۔ تھوڑی دیر میں وہ دونوں سڑک پر باتیں کرتے چلے جا رہے تھے۔ سیب کے پیسے لینے کا بڑھیا نے مارٹن سے کوئی ذکر ہی نہیں کیا۔

جب تک وہ نظر آتے رہے مارٹن کھڑا انہیں دیکھتا رہا۔ جب گھر کے دروازے میں گھسا تو سیڑھی پر اپنی ٹوٹی عینک ملی۔ وہ اب پھر اپنے اوزار لے کر کام کرنے بیٹھ گیا۔ لیکن اب کافی اندھیرا ہو چکا تھا اور مارٹن کے لئے سلائی کرنا مشکل تھا۔ اِس نے دیکھا کہ سڑک پر لالٹینیں جلانے والا روشنی کر رہا ہے تو اُسے یاد آیا کہ اب دیا جلانے کا سمے آ گیا ہے۔ اس نے روشنی جلائی اور مرمت کا کام پورا کر کے دیکھا تو اب جوتا بالکل ٹھیک تھا۔ اب اس نے چراغ میز پر رکھا اور بائبل نکال کر پڑھنے کے لئے بیٹھ گیا۔ وہ اس جگہ کو نکالنا چاہتا تھا جہاں سے کل اس نے پڑھنا چھوڑا تھا مگر کتاب دوسری جگہ سے کھل گئی۔ مارٹن کو اب پھر کل کا سپنا یاد آیا اور ایسا معلوم ہوا جیسے کسی کے پیروں کی چاپ سنائی دے رہی ہے۔ اس نے مڑ کر دیکھا تو اُسے ایسا لگا کہ کچھ لوگ کوٹھری کے اندھیرے کونے میں

वह खिड़की को नहीं भूला था. जब किसी का साया उस पर पड़ता तो वह फौरन देखता कि कौन जा रहा है. उसके जानने वाले भी और अजनबी लोग भी गुज़रते रहे मगर इनमें से कोई भी चर्चा के योग्य नहीं था.

कुछ देर बाद मार्टिन ने देखा कि एक बूढ़ी औरत आई जिसके हाथ में सेबों की एक बड़ी सी मगर क़रीब क़रीब खाली टोकरी थी. शायद वह बहुत से सेब बेच चुकी थी और पीठ पर लकड़ियों का एक गट्ठा था जो वह अपने घर लेजा रही होगी. गट्ठा भारी होने की वजह से वह थक गई थी और चाहती थी कि उसे एक कंधे से दूसरे पर कर ले. उसने टोकरी ज़मीन पर रख दी, गट्ठे को टिकाया कि फिर उसे उठाए. इतने में एक लड़का दौड़ता हुआ आया और उसकी टोकरी में से एक सेब उचक कर भागना चाहता था कि बुढ़िया ने उसे पकड़ लिया. वह छुड़ाने की कोशिश कर रहा था मगर औरत उसे मज़बूती से पकड़े थी. उसने उसकी टोपी उतार कर उसे बालों से पकड़ लिया था और उसे गाली दे रही थी.

मार्टिन का औज़ार उसके हाथ से गिर गया. भागते में में इसकी ऐनक भी गिर कर टूट गई मगर वह इसे उठाने के लिये रुका नहीं. बुढ़िया लड़के के बालों को खींच रही थी और बराबर गालियां दे दे कर धमकी दे रही थी कि वह उसे पुलिस में देगी. लड़का अपने को छुड़ाने की कोशिश कर रहा था और कहता जाता था—"मैंने सेब लिया तो नहीं, फिर तुम मुझे क्यों मार रही हो. छोड़ दो मुझे."

मार्टिन ने जाकर बच्चे को बुढ़िया से छुड़ाया. "बस नानी बस. खुदा के लिये अब उसे माफ़ कर दो और चला जाने दो."

"मैं ? मैं इसे ऐसा सबक़ दूंगी कि साल भर याद रक्खेगा ! मैं इस बदमाश को पुलिस के हवाले करूंगी !" बुढ़िया बोली.

"जाने दो नानी, जाने दो. अब वह ऐसा नहीं करेगा. मसीह के नाम पर इसे क्षमा कर दो."

बुढ़िया ने लड़के को छोड़ दिया. लड़का भागने लगा मगर मार्टिन ने उसको पकड़ लिया और कहा—"नानी से माफ़ी मांगो और देखो फिर ऐसा काम न करना, मैंने खुद तुम्हें सेब उठाते देखा था."

लड़का रोने और माफ़ी मांगने लगा.

"हां वह ठीक है, और लो यह एक सेब." मार्टिन ने बुढ़िया की टोकरी में से एक सेब उठा कर इसे देते हुए कहा—"नानी, मैं तुम्हें इसके पैसे दे दूंगा."

"इसी तरह तो तुम लोग लड़कों का सत्यानाश करते हो. ऐसे लड़कों के तो इतने कोड़े लगने चाहियें कि याद रक्खें."

وہ کھڑکی کو نہیں بھولا تھا. جب کسی کا سایہ اس پر پڑتا تو وہ فوراً دیکھتا کہ کون جا رہا ہے . اس کے جاننے والے بھی اور اجنبی لوگ بھی گزرتے رہے مگر ان میں سے کوئی بھی چرچا کے یوگیہ نہیں تھا .

کچھ دیر بعد مارٹن نے دیکھا کہ ایک بوڑھی عورت آئی جس کے ہاتھ میں سیبوں کی ایک بڑی سی مگر قریب قریب خالی ٹوکری تھی . شاید وہ بہت سے سیب بیچ چکی تھی اور پیٹھ پر لکڑیوں کا ایک گٹھا تھا جو وہ اپنے گھر لے جا رہی ہوگی . گٹھا بھاری ہونے کی وجہ سے وہ تھک گئی تھی اور چاہتی تھی کہ اسے ایک کندھے سے دوسرے پر کرے . اس نے ٹوکری زمین پر رکھ دی' گٹھے کو ٹکایا کہ پھر اسے اٹھائے . اتنے میں ایک لڑکا دوڑتا ہوا آیا اور اسکی ٹوکری میں سے ایک سیب اچک کر بھاگنا چاہتا تھا کہ بوڑھیا نے اسے پکڑ لیا . وہ چھڑانے کی کوشش کر رہا تھا مگر عورت اسے مضبوطی سے پکڑے تھی . اس نے اسکی ٹوپی اتار کر اسے بالوں سے پکڑ لیا تھا اور اسے گالی دے رہی تھی .

مارٹن کا اوزار اس کے ہاتھ سے گر گیا' بھاگنے میں اسکی عینک بھی گر کر ٹوٹ گئی مگر وہ اسے اٹھانے کے لئے رکا نہیں . بوڑھیا لڑکے کے بالوں کو کھینچ رہی تھی اور برابر گالیاں دے دے کر دھمکی دے رہی تھی کہ وہ اسے پولس میں دے گی . لڑکا اپنے کو چھڑانے کی کوشش کر رہا تھا اور کہتا جاتا تھا—"میں نے سیب لیا تو نہیں' پھر تم مجھے کیوں مار رہی ہو ؟ چھوڑ دو مجھے ."

مارٹن نے جاکر بچے کو بوڑھیا سے چھڑایا " بس نانی بس . خدا کے لئے اب اسے معاف کر دو اور چلے جانے دو ."

"میں؟ میں اسے ایسا سبق دونگی کہ سال بھر یاد رکھیگا ! میں اس بدمعاش کو پولس کے حوالے کرونگی !" بوڑھیا بولی .

"جانے دو نانی' جانے دو . اب یہ ایسا نہیں کریگا . مسیح کے نام پر اسے چھما کردو ."

بوڑھیا نے لڑکے کو چھوڑ دیا . لڑکا بھاگنے لگا مگر مارٹن نے اسکو پکڑ لیا اور کہا—"نانی سے معافی مانگو اور دیکھو پھر کبھی ایسا کام نہ کرنا' میں نے خود تمہیں سیب اٹھاتے دیکھا تھا ."

لڑکا رونے اور معافی مانگنے لگا .

"ہاں یہ ٹھیک ہے' اور لو یہ ایک سیب ." مارٹن نے بوڑھیا کی ٹوکری میں سے ایک سیب اٹھاکر اسے دیتے ہوئے کہا—"نانی' میں تمہیں اس کے پیسے دیدونگا."

"اسی طرح تو تم لوگ لڑکوں کا ستیاناس کرتے ہو . ایسے لڑکوں کے تو اتنے کوڑے لگنے چاہئیں کہ یاد رکھیں."

पागल हैं ? यह सवाल काफ़ी गहरे हैं जिन पर तफ़सील से ग़ौर करना तो मुश्किल होगा. लेकिन एक सरसरी निगाह से हम ज़रूर ग़ौर करेंगे. आजकल बड़े बड़े मुल्क या सरकारें यही समझती हैं कि दुनिया की भलाई व बेहतरी जिस अच्छे तरीक़े से वह कर सकती हैं कोई दूसरा नहीं कर सकता. वह अपने ही तरीक़े से दुनिया की भलाई करना चाहती हैं. लेकिन जब भलाई करने पर आती हैं तो देखती हैं कि दूसरे मुल्कों में बंदोबस्त या इन्तज़ाम ऐसा है जो इन्हें ठीक से भलाई करने का मौक़ा नहीं देता. इसलिये वह चाहती हैं कि ज़्यादा से ज़्यादा मुल्कों में इन्तज़ाम उनकी अपनी मंशा के मुताबिक़ हो, यानी वहां की हुकूमत में उनका हाथ रहे, दूसरे लफ़्ज़ों में वह हर जगह अपनी हुकूमत चाहती हैं. इस तरह भलाई या ख़िदमत के नाम पर दूसरे देशों पर अपना असर या हुकूमत क़ायम करने की ज़रूरत पड़ती है ! जो अपनी हुकूमत में हो, वही सभ्य और बाक़ी सब जंगली. इसलिये बड़ी हुकूमतें यह कहा करती हैं कि तहज़ीब का तक़ाज़ह है कि हम आपकी ज़बरदस्ती मरम्मत करें ! अगर उनसे कहिये कि हम अपने घर ख़ुश हैं, और हमारी फ़िक्र न करें, तो यह बात उन्हें जंचती नहीं और वह कहती हैं कि आप यह बात ग़ैर जानकारी की वजह से कह रहे हैं, हमारा साबक़ा पड़ने दीजिये तब आपको मज़ा आयेगा.

लेकिन बड़ी सरकारों की इस दलील की एक और भी गहरी वजह है. वह यह कि सिरजनहार की तरफ़ से न कोई मुल्क मुकम्मल है न कोई सरकार. हमेशा किसी न किसी चीज़ की दरकार हर आदमी या सरकार को बनी ही रहती है. इसी तरह जो बड़ी सरकारें हैं उन्हें या तो अपने कारख़ानों के लिये कच्चा माल चाहिये या अपने यहां तैयार पक्के माल के लिये बाज़ार चाहिये. दुनिया में कोई बड़ा मुल्क आज उस हालत में नहीं है जो यह कह सके कि हमें न बाहर के कच्चे माल की ज़रूरत है न अपने पक्के माल के लिये बाज़ार चाहिये. इसी कच्चे माल या बाज़ार की ख़ातिर "भलाई या ख़िदमत" की ज़रूरत पड़ती है. यही बुनियादी वजह है जो इस बीसवीं सदी में एक जंग के बाद दूसरी करा रही है. आज अमरीका में क्या इंगलैंड में क्या, बेरोज़गारी है, इसलिये लोगों को रोज़गार देने के लिये ज़्यादा से ज़्यादा पक्का माल तैयार करने की ज़रूरत और इसके लिये एक तरफ़ से कच्चा माल चाहिये तो दूसरी तरफ़ से बाज़ार चाहिये. मतलब यह कि हर किसी को हथियार चाहिये ताकि अपनी मर्ज़ी के मुताबिक़ फल फूल सके. इसलिये जब तक इस संसार में आर्थिक ऊंच नीच और एक दूसरे का डर रहता है तब तक लड़ाइयां जारी रहेंगी और हथियारों का ज़ोर रहेगा.

پاگل ہیں؟ یہ سوال کافی گہرے ہیں جن پر تفصیل سے غور کرنا تو مشکل ہوگا. لیکن ایک سرسری نگاہ سے ہم ضرور غور کرینگے . آجکل بڑے بڑے ملک یا سرکاریں یہی سمجھتی ہیں کہ دنیا کی بھلائی و بہتری جس اچھے طریقے سے وہ کر سکتی ہیں کوئی دوسرا نہیں کر سکتا . وہ اپنے ہی طریقے سے دنیا کی بھلائی کرنا چاہتی ہیں . لیکن جب بھلائی کرنے پر آتی ہیں تو دیکھتی ہیں کہ دوسرے ملکوں میں بندوبست یا انتظام ایسا ہے جو انہیں ٹھیک سے بھلائی کرنے کا موقع نہیں دیتا . اس لئے وہ چاہتی ہیں کہ زیادہ سے زیادہ ملکوں میں انتظام ان کی اپنی منشا کے مطابق ہو، یعنی وہاں کی حکومت میں ان کا ہاتھ رہے، دوسرے لفظوں میں وہ ہر جگہ اپنی حکومت چاہتی ہیں . اس طرح بھلائی یا خدمت کے نام پر دوسرے دیشوں پر اپنا اثر یا حکومت قائم کرنے کی ضرورت پڑتی ہے ! جو اپنی حکومت میں ہو، وہی سبھیہ اور باقی سب جنگلی . اس لئے بڑی حکومتیں یہ کہا کرتی ہیں کہ تہذیب کا تقاضہ ہے کہ ہم آپ کی زبردستی مرمت کریں! اگر ان سے کہئے کہ ہم اپنے گھر خوش ہیں اور ہماری فکر نہ کریں تو یہ بات انہیں جنچتی نہیں اور وہ کہتی ہیں کہ آپ یہ بات غیر جانکاری کی وجہ سے کہہ رہے ہیں، ہمارے سابقہ پڑنے دیجیئے تب آپ کو مزہ آئیگا .

لیکن بڑی سرکاروں کی اس دلیل کی ایک اور بھی گہری وجہ ہے . وہ یہ کہ سرجنہار کی طرف سے نہ کوئی ملک مکمل ہے نہ کوئی سرکار . ہمیشہ کسی نہ کسی چیز کی درکار ہر آدمی یا سرکار کو بنی ہی رہتی ہے . اسی طرح جو بڑی سرکاریں ہیں انہیں یا تو اپنے کارخانوں کے لئے کچا مال چاہیئے یا اپنے یہاں تیار پکے مال کے لئے بازار چاہیئے . دنیا میں کوئی بڑا ملک آج اس حالت میں نہیں ہے جو یہ کہہ سکے کہ ہمیں نہ باہر کے کچے مال کی ضرورت ہے نہ اپنے پکے مال کے لئے بازار چاہیئے . اسی کچے مال یا بازار کی خاطر " بھلائی " یا " خدمت " کی ضرورت پڑتی ہے . یہی بنیادی وجہ ہے جو اس بیسویں صدی میں ایک جنگ کے بعد دوسری کرا رہی ہے . آج امریکہ میں کیا، انگلینڈ میں کیا بیروزگاری ہے، اس لئے لوگوں کو روزگار دینے کے لئے زیادہ سے زیادہ پکا مال تیار کرنے کی ضرورت اور اس کے لئے ایک طرف سے کچا مال چاہیئے تو دوسری طرف سے بازار چاہیئے. مطلب یہ کہ ہر کسی کو ہتھیار چاہیئے تاکہ اپنی مرضی کے مطابق پھل پھول سکے . اس لئے جب تک اس سنسار میں آرتھک اونچ نیچ اور ایک دوسرے کا ڈر رہتا ہے تب تک لڑائیاں جاری رہینگی اور ہتھیاروں کا زور رہیگا .

पर खर्च करने जा रहा है. हाल ही में अमरीका के ऐटोमिक ईनरजी कमीशन (Atomic Energy Commission) के सदर मिस्टर लियूस स्ट्राउस ने कहा है कि अमरीका कि प्रेसीडेन्ट आइजन हावर साहब ने उन्हें हुक्म दिया है कि ऐटमिक हथियार और हाईड्रोजन बम ज्यादा तेज़ी के साथ तैयार किये जायें. इस रोशनी में जब हम पंडित जवाहरलाल के सुझाओं को देखते हैं तो डर लगता है कि क्या उनका कोई असर दुनिया और खास कर अमरीकापर पड़ने वाला है. इधर ब्रिटिश प्राइम मिनिस्टर चर्चिल और फ़ारेन मिनिस्टर एडन दोनों ने ही मजबूरी बताई है और कहा है कि अमरीका को हाईड्रोजन बम बनाने या उसके इस्तेमाल से नहीं रोका जा सकता.

अंग्रेज़ मिनिस्टरों की बात हमारी समझ में आती है. अगर कोई मुल्क अपनी हिफ़ाज़त के लिये कोई क़दम उठाता है तो उसे कोई दूसरा क्योंकर रोक सकता है. आजकल के ज़माने में हिफ़ाज़त के हथियार और हमले के हथियार एक से हो जाते हैं और हमला ही हिफ़ाज़त का बेहतरीन रास्ता माना जाता है !! सारी दुनिया के अन्दर जब हवाई हथियार लड़ाई के लिये जायज़ माने जाते हों तो एक हथियार को रोकना और दूसरे की इजाज़त देना कहां तक मुमकिन है. लड़ाई के अन्दर हथियारों पर रोक रखने की कोशिश पुराने ज़मानों में भी की गई थी— मसलन, 'सूरज डूबने के बाद हथियार न चलाये जायें' कमर के नीचे किसी पर वार न किया जाये, निहत्थे आदमी पर हमला न किया जाये, वग़ैरा वग़ैरा. लेकिन क्या रामायन, क्या महाभारत, क्या किसी दूसरी लड़ाई में इस चीज़ पर पाबन्दी नहीं हो सकी. तो पुराने ज़मानों में जब साइन्स का इतना ज़ोर और फैलाव नहीं था और तिस पर भी हथियारों पर रोक नहीं रखी जा सकी तो आजकल के ज़माने में जब साइन्स बहुत तेज़ रफ़्तार से बढ़ रही है किस तरह से हथियारों पर रोक रखी जा सकेगी हम नहीं कह सकते.

सच यह है कि हथियार तो हिंसा के विकास के नुमाइन्दे हैं लेकिन हिंसा एक शक्ति है और शक्ति किसी के रोके रुकने वाली नहीं है—इस पर न कोई रोक लगा सकता है और न कोई रोक कारगर ही होने वाली है. यह भले अपने को आप ही ख़तम कर ले लेकिन किसी दूसरे के रोके नहीं रुक सकती. इसलिये हाईड्रोजन बम पर पाबन्दी लगाने की कोशिश करना और दूसरे हथियारों को छूट दिए रहना ज़रूरी और बहुत अच्छा होते हुए भी ज़्यादा कामयाब नहीं हो सकता.

मगर इन हथियारों की रगड़ के पीछे राज़ किया है ? आख़िर क्यों इनके लिये दुनिया की सरकारें इस तरह

پر خرچ کرنے جارہا ہے ۔ حال ہی میں امریکہ ایٹومک انرجی کمیشن (Atomic Energy Commission) کے صدر مسٹر لیوس اسٹراوس نے کہا ہے کہ امریکہ کے پریسیڈنٹ آئزن ہاور صاحب نے انہیں حکم دیا ہے کہ ایٹامک ہتھیار اور ہائیڈروجن بم زیادہ تیزی کے ساتھ تیار کیئے جائیں۔ اس میں روشنی جب ہم پنڈت جواہر لال کے سجھاؤں کو دیکھتے ہیں تو ڈر لگتا ہے کہ کیا ان کا کوئی اثر دنیا اور خاصکر امریکہ پر پڑنے والا ہے ۔ ادھر برٹش پرائم منسٹر چرچل اور فارین منسٹر ایڈن دونوں نے ہی مجبوری بتائی ہے اور کہا ہے کہ امریکہ کو ہائیڈروجن بم بنانے یا اس کے استعمال سے نہیں روکا جاسکتا ۔

انگریز منسٹروں کی بات ہماری سمجھ میں آتی ہے۔ اگر کوئی ملک اپنی حفاظت کے لئے کوئی قدم اٹھاتا ہے تو اسے کوئی دوسرا کیونکر روک سکتا ہے۔ آجکل کے زمانہ میں حفاظت کے ہتھیار اور حملے کے ہتھیار ایک سے ہی ہوتے ہیں اور حملہ ہی حفاظت کا بہترین راستہ مانا جاتا ہے !! ساری دنیا کے اندر جب ہوائی ہتھیار لڑائی کے لئے جائز مانے جاتے ہیں تو ایک ہتھیار کو روکنا اور دوسرے کی اجازت دینا کہاں تک ممکن ہے ۔ لڑائی کے اندر ہتھیاروں پر روک رکھنے کی کوشش پرانے زمانوں میں بھی کی گئی تھی—مثلاً' سورج ڈوبنے کے بعد ہتھیار نہ چلائے جائیں' کمر کے نیچے کسی پر وار نہ کیا جائے' نہتے آدمی پر حملہ نہ کیا جائے' وغیرہ وغیرہ ۔ لیکن کیا رامائن' کیا مہا بھارت' کیا کسی دوسری لڑائی میں اس چیز پر پابندی نہیں ہوسکی ۔ پرانے زمانوں میں جب سائنس کا اتنا زور اور پھیلاؤ نہیں تھا اور تس پر بھی ہتھیاروں پر روک نہیں رکھی جاسکی تو آجکل کے زمانہ میں جب سائنس بہت تیز رفتار سے بڑھ رہی ہے کس طرح سے ہتھیاروں پر روک رکھی جاسکیگی ہم نہیں کہ سکتے ۔

سچ یہ ہے کہ ہتھیار تو ہنسا کے وکاس کے نمائندے ہیں۔ لیکن ہنسا ایک شکتی ہے اور شکتی کسی کے روکے رکنے والی نہیں ہے ۔ اس پر نہ کوئی روک لگا سکتا ہے اور نہ کوئی روک کارگر ہی ہونے والی ہے ۔ یہ بھلے اپنے کو آپ ہی ختم کر لے لیکن کسی دوسرے کے روکے نہیں رک سکتی۔ اس لئے ہائیڈروجن بم پر پابندی لگانے کی کوشش کرنا اور دوسرے ہتھیاروں کو چھوٹ دیئے رہنا ضروری اور بہت اچھا ہوتے ہوئے بھی زیادہ کامیاب نہیں ہوسکتا ۔

مگر ان ہتھیاروں کی رگڑ کے پیچھے راز کیا ہے ؟ آخر کیوں ان کے لئے دنیا کی سرکاریں اس طرح

कहा कि आंख बन्द कर के हम लोग ऐटामिक औज़ारों की खोज में लगे हैं और कोई नहीं कह सकता कि यह अंधी हरकतें हमें कहां ले जायेंगी.

ऐसी तबाहकुन और ख़तरनाक चीज़ के ख़िलाफ़ कौन अपनी आवाज़ नहीं उठाएगा ? पंडित जवाहरलाल ने दूसरी अप्रैल को पार्लियामेन्ट में स्पीच देते हुए कहा कि ऐसे हथियारों का इस्तेमाल बन्द होना चाहिये. उन्होंने नीचे दिये चार सुझाव पेश किए :—

(1) इन बमों को आगे न गिराने के बारे में कम से कम एक, 'बम रोको मुआहदा (Stand-still Agreement) बड़े मुल्कों के बीच हो जाए. इन बमों को तैयार करने और जमा रखने के बारे में अगर कोई फ़ैसला फ़ौरन न किया जाये तो उनके न गिराने का तो फ़ैसला हो ही जाये.

(2) इन बमों की तबाह कुन क़ुवत के बारे में ज़्यादा से ज़्यादा प्रचार वह मुल्क करें जिनका उनकी तैयारी से ज़्यादा वास्ता है और यह प्रचार U. N. O. की तरफ़ से हो ताकि सारे आलम को उनकी भयानकता का अन्दाज़ा हो जाये.

(3) U. N. O. की जनरल असेम्बली की तरफ़ से जो डिस आर्मामेन्ट कमीशन (Disarmament Commission) मुक़र्रर किया गया है उसकी ख़ास बैठकें फ़ौरन हों और लगातार जारी रहें और बम रोको मुआहदा पर विचार करें.

(4) जिन मुल्कों में यह बम गिराये जाने या उनके ज़रिये तजुरबे करने का अन्देशा है वहां की सरकारें और परजा ज़्यादा से ज़्यादा ज़ोर के साथ उनके ख़िलाफ़ आवाज़ बुलन्द करें और इस बढ़ते हुए तूफ़ान को रोकें.

पंडित जवाहरलाल की उन तजवीज़ों से हम दिल से इत्तफ़ाक़ करते हैं. हमें यक़ीन है कि मुल्क का बच्चा बच्चा उनसे इत्तफ़ाक़ करेगा और हिन्दुस्तान की यह आवाज़ सारे जहान में गूंजेगी और U. N. O. की जनरल असेम्बली कोई कारगर क़दम उठा कर हाईड्रोजन बम के डर व ख़तरा से दुनिया को छुड़ाएगी.

मालूम हुआ है कि अमरीका ने पहली मार्च के अलावा इस बम के दो तजुरबे और करके देखे और "कामयाबी" हासिल हुई ! साथ ही साथ अमरीका की पार्लियामेन्ट ने 31 मार्च को एक बिल पास किया कि ज़्यादा बेहतरीन हाईड्रोजन व ऐटम बम ज़्यादा तेज़ी के साथ बनाये जाएं इस बिल में इस काम के लिये 5,566,118,676 डालर यानी क़रीब दो हज़ार करोड़ रुपये. अमरीका इन बमों

کہاکہ آنکھ بند کرکے ہم لوگ ایٹامک اوزاروں کی کھوج میں لگے ہیں اور کوئی نہیں کہہ سکتا کہ یہ اندھی حرکتیں ہمیں کہاں لے جائینگی ۔

ایسی تباہ کن اور خطرناک چیز کے خلاف کون اپنی آواز نہیں اٹھائیگا؟ پنڈت جواہر لال نے دوسری اپریل کو پارلیامنٹ میں اسپیچ دیتے ہوئے کہا کہ ایسے ہتھیاروں کا استعمال بند ہونا چاہئے ۔ انہوں نے نیچے دیئے چار سجھاؤ پیش کئے :—

(1) ان بموں کو آگے نہ گرانے کے بارے میں کم سے کم ایک 'بم روکو' معاہدہ (Stand-stillAgreement) بڑے ملکوں کے بیچ ہو جائے ۔ ان بموں کو تیار کرنے اور جمع رکھنے کے بارے میں اگر کوئی فیصلہ فوراً نہ کیا جائے تو اُن کے نہ گرانے کا تو فیصلہ ہو ہی جائے ۔

(2) ان بموں کی تباہ کن قوت کے بارے میں زیادہ سے زیادہ پرچار وہ ملک کریں جن کا انکی تیاری سے زیادہ واسطہ ہے اور یہ پرچار .U. N. O کی طرف سے ہو تاکہ سارے عالم کو انکی بھیانکتا کا اندازہ ہو جائے ۔

(3) .U.N.O کی جنرل اسمبلی کی طرف سے جو ڈس آرمامنٹ کمیشن (Disarmament Commission) مقرر کیا گیا ہے اُسکی خاص بیٹھکیں فوراً ہوں اور لگاتار جاری رہیں اور بم روکو معاہدہ پر وچار کریں ۔

(5) جن ملکوں میں یہ بم گرائے جانے یا اُن کے ذریعہ تجربے کرنے کا اندیشہ ہے وہاں کی سرکاریں اور پرجا زیادہ سے زیادہ اور زور کے ساتھ اُن کے خلاف آواز بلند کریں اور اس بڑھتے ہوئے طوفان کو روکیں ۔

پنڈت جواہر لال کی ان تجویزوں سے ہم دل سے اتفاق کرتے ہیں. ہمیں یقین ہے کہ ملک کا بچہ بچہ اُن سے اتفاق کریگا اور ہندستان کی یہ آواز سارے جہاں میں گونجیگی اور .U. N. O کی جنرل اسمبلی کوئی کارگر قدم اُٹھاکر ہائیڈروجن بم کے ڈر و خطرہ سے دنیا کو چھڑائیگی ۔

معلوم ہوا ہے کہ امریکہ نے پہلی مارچ کے علاوہ اس بم کے دو تجربے اور کرکے دیکھے اور "کامیابی" حاصل ہوئی ! ساتھ ہی ساتھ امریکہ کی پارلیامنٹ نے 31 مارچ کو ایک بل پاس کیا کہ زیادہ بہترین ہائیڈروجن و ایٹم بم زیادہ تیزی کے ساتھ بنائے جائیں ۔ اس بل میں اس کام کے لئے 676' 118' 566' 5 ڈالر یعنی ... دو ہزار کروڑ روپئے ۔ امریکہ ان بموں

हाईड्रोजन बम की चुनौती

पिछले मार्च की पहली तारीख़ को अमरीका सरकार के फ़ौजियों ने एक ज़बरदस्त बम जापान के नज़दीक एक जज़ीरा पर गिराया. ऐसा काम अमरीका ने किसी दुश्मनी की वजह से नहीं किया बल्कि यह जानने के लिये किया कि इस बम की तासीर क्या है और इसका असर कितनी दूर तक और कितनी देर तक होता है और इसका अन्जाम क्या होता है. इस बम का नाम हाईड्रोजन बम है. ख़्याल रहे कि 16 जुलाई 1945 को जापान के शहर नागासाकी व हीरोशीमा पर भी अमरीका ने एक बम गिराया था जिसमें हज़ारों आदमी मर गए थे, लाखों घायल व निकम्मे हो गये थे और करोड़ों का माल सामान बरबाद हुआ था. इस बम का नाम ऐटम बम था. लेकिन नये बम के बारे में कहा जाता है कि पुराने वाले के मुक़ाबिले कई गुना ज़्यादा ख़तरनाक है—कहा जाता है. कि अगर एक सौ टन वज़न वाले चार, सिर्फ़ चार! बम इस ज़मीन पर गिरा दिये जायें तो पांच साल तक इनका असर रहेगा और इस बीच सारी जानदार चीज़ें ख़तम हो जायेंगी. धरती पर न इन्सान बचेगा न हैवान और न कोई पेड़ पौधा.

ज़ाहिर है कि इस बम के कारन दुनिया के सब समझदार आदमी चिन्ता व फ़िक्र में पड़ गये हैं. ब्रिटेन के मज़दूरों लीडर मिस्टर एटेली ने अंग्रेज़ी पार्लियामेन्ट में कहा कि इसकी वजह से हमारी सारी तरक़्क़ी व तहज़ीब ही ख़तरा में है. पंडित जवाहरलाल ने हिन्द की पार्लियामेन्ट में कहा कि वक़्त मानो चुनौती दे रहा है, तबाही के काले बादल आस्मान में छाए हुए हैं और अगर उनकी कोई रोक थाम न की गई तो यह हमें ख़तम ही कर के छोड़ेंगे. दूसरे सियासत दानों ने भी इसी तरह के डर ज़ाहर किये हैं. कनेडा के विदेशी मुहकमा मिनिस्टर का कहना है कि अगर इन बमों के साथ तीसरी जंग आई तो दुनिया में कोई चीज़ न बचेगी. रूस के बड़े वज़ीर मिस्टर मालनकोव ने भी यही कहा कि जो जंग इन हथियारों के बल पर चलेगी दुनिया को मुकम्मल तौर पर नेस्त नाबूद करके ही छोड़ेगी.

साइन्सदां लोग तो अर्से से इस ख़तरे की तरफ़ दुनिया का ध्यान खींच रहे हैं. कुछ अर्सा पहले जब इस बम का पहले पहल ज़िक्र आया तो दुनिया के सब से बड़े साइंसदां प्रोफ़ेसर अलबर्ट आइन्स टाइन ने कहा था कि अब हाईड्रोजन बम बनता दीखता है. उसके ज़रिये से दुनिया में किसी को भी आसानी से ख़तम किया जा सकेगा. अमरीका के एक प्रोफ़ेसर डाक्टर प्रीन हेन्ड ने

ہائڈروجن بم کی چنوتی

پچھلے مارچ کی پہلی تاریخ کو امریکہ سرکار کے فوجیوں نے ایک زبردست بم جاپان کے نزدیک ایک جزیرہ پر گرایا. ایسا کام امریکہ نے کسی دشمنی کی وجہ سے نہیں کیا بلکہ یہ جاننے کے لئے کیا کہ اِس بم کی تاثیر کیا ہے اور اِس کا اثر کتنی دور تک اور کتنی دیر تک ہوتا ہے اور اِس کا انجام کیا ہوتا ہے. اِس بم کا نام ہائڈروجن بم ہے. یہ خیال ہے کہ 16 جولائی 1945 کو جاپان کے شہر ناگاساکی و ہیروشیما پر بھی امریکہ نے ایک بم گرایا تھا جس میں ہزاروں آدمی مر گئے تھے، لاکھوں گھائل و نکمے ہوگئے تھے اور کروڑوں کا مال سامان برباد ہوا تھا. اُس بم کا نام ایٹم بم تھا. لیکن نئے بم کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ کہ پرانے والے کے مقابلہ کئی گنا زیادہ خطرناک ہے. کہا جاتا ہے کہ اگر ایک سو ٹن وزن والے چار، صرف چار! بم اس زمین پر گرادئے جائیں تو پانچ سال تک ان کا اثر رہےگا اور اس بیچ ساری جاندار چیزیں ختم ہوجائیںگی. دھرتی پر نہ اِنسان بچےگا نہ حیوان اور نہ کوئی پیڑ پودھا.

ظاہر ہے کہ اس بم کے کارن دنیا کے سب سمجھدار آدمی چنتا و فکر میں پڑگئے ہیں. برٹین کے مزدور لیڈر مسٹر ایٹلی نے انگریزی پارلیامنٹ میں کہا کہ اِس کی وجہ سے ہماری ساری ترقی و تہذیب ہی خطرہ میں ہے. پنڈت جواہر لال نے ہند کی پارلیامنٹ میں کہا کہ وقت مانو چنوتی دے رہا ہے' تباہی کے کالے بادل آسمان میں چھائے ہوئے ہیں اور اگر اُنکی کوئی روک تھام نہ کی گئی تو یہ ہمیں ختم ہی کرکے چھوڑیںگے. دوسرے سیاست دانوں نے بھی اس طرح کے ڈر ظاہر کئے ہیں. کنیڈا کے ودیشی محکمہ منسٹر کا کہنا ہے کہ اگر ان بموں کے ساتھ تیسری جنگ آئی تو دنیا میں کوئی چیز نہ بچےگی. روس کے بڑے وزیر مسٹر مالینکوو نے بھی یہی کہا کہ جو جنگ اِن ہتھیاروں کے بل پر چلےگی وہ دنیا کو مکمل طور پر نیست نابود کرکے ہی چھوڑیگی.

سائنس‌داں لوگ تو عرصہ سے اُس خطرہ کی طرف دنیا کا دھیان کھینچ رہے ہیں. کچھ عرصہ پہلے جب اِس بم کا پہلے پہل ذکر آیا تو دنیا کے سب سے بڑے سائنس‌داں پروفیسر آلبرٹ آئنس ٹائن نے کہا تھا کہ اب ہائڈروجن بم بنتا دیکھتا ہے. اُس کے ذریعہ تو دنیا میں کس کو بھی آسانی سے ختم کیا جا سکےگا. امریکہ کی ایک پروفیسر ڈاکٹر گرین ہیوڈ نے

(ii) गवर्नर की तनख्वाह भत्तों और मजदूर की मजदूरी में इतना फ़र्क़ है जैसे हाथी और च्युंटी में.

(iii) सरकार पैसे की इतनी जबरदस्त पुजारी है कि घर के पैसे से काम नहीं बनता तो बाहर से, अमरीका वगैरा से उनसुनी शर्तों पर क़र्ज़ लिया जाता है, पैसे के ही लिहाज़ से हर चीज़ व काम की क़ीमत लगाती है और पैसे की उम्मीद में बड़ी बड़ी मिलों व कारखानों की इमदाद करती है जिस की वजह से छोटे छोटे देहाती धन्दे खत्म होते जाते हैं और बेकारी बढ़ती जाती है.

जिस सरकार की यह हालत हो वह सच्चा श्रमदान कैसे ले सकती या करा सकती है. वह तो बेगार ही करा सकती है. इसी वजह से हमने शुरू में ही कहा कि श्रमदान भी सरकार की आमदनी का एक ज़रिया बन गया. हर लगे फिटकीरी पर रंग चोखा! सरकार को तो महज़ ताक़त चाहिये, हुकूमत चाहिये और पैसे चाहियें. यह तीनों ही श्रमदान से नहीं मिल सकते. इसी वजह से ऊपर के या बड़े कहलाने वाले लोग श्रमदान में शरीक नहीं होते. और जब बड़े लोग इस से अलग रहेंगे तो यह श्रमदान ग़रीबों को चूसने के अलावा दूसरा क्या काम कर सकता है?

एक बात और भी है. सन्त विनोबा की तहरीक की खास मुराद यह है कि जनता के अन्दर अपनी एक ताक़त पैदा हो जो तलवार व बम की ताक़त को मुखालिफ़ हो और डंडे या क़ानून की ताक़त से अलग हो. वह चाहते हैं कि जनता में एक ऐसी ताक़त पैदा हो, और प्रेम व मुहब्बत के बल से पैदा हो, जिस की मदद से वह हुकूमत को अपनी मरज़ी के मुताबिक़ चला सके और अपनी बेहतरी आप कर सके. इसके खिलाफ़ सरकारी श्रमदान का मतलब यह है कि हुकूमत की, यानी अपनी पार्टी की, जड़ें मज़बूत हों. दूसरे लफ़्ज़ों में सरकारी श्रमदान की मन्शा यह है कि कांग्रेस हमेशा हुकूमत की गद्दी पर जमी रहे और अवाम इसके चंगुल से बाहर न निकल सकें. इस से पता चलता है कि सन्त विनोबा से श्रमदान यज्ञ और सरकार के श्रमदान में बड़ा और बुनियादी फ़र्क़ है. अगर एक को मलाई कहें तो दूसरे को फटा दूध.

यही वजह है कि लोग सरकारी श्रमदान को बेगार या इस से भी गई गुज़री चीज़ समझते हैं. जैसा हम ऊपर कह चुके हैं मौजूदा सरकार इस लायक़ नहीं है कि श्रमदान जैसी चीज़ पर हाथ लगा सके. पर अगर लगाती है तो उसे ईमानदारी के साथ पहले अपना घर ठीक करना चाहिये और हुकूमत का तर्ज़ ऊपर से नीचे तक बदलना चाहिये. अगर यू. पी. सरकार ऐसा नहीं करती है तो उसका श्रमदान एक धोका है और इंसानियत के नाम हर बट्टा है.

28. 3. '54 —सुरेश रामभाई

(ii) گورنر کی تنخواہ و بھتوں اور مزدور کی مزدوری میں اِتنا فرق ہے جیسے ہاتھی اور چیونٹی میں ۔

(iii) سرکار پیسے کی اِتنی زبردست پجاری ہے کہ گھر کے پیسے سے کام نہیں بنتا تو باہر سے' امریکہ وغیرہ سے اَن سنی شرطوں پر قرض لیا جاتا ہے' پیسے کے ہی لحاظ سے ہر چیز و کام کی قیمت لگاتی ہے اور پیسے کی ہی اُمید میں بڑی بڑی ملوں و کارخانوں کی امداد کرتی ہے جسکی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دیہاتی دھندے ختم ہوتے جاتے ہیں اور بیکاری بڑھتی جاتی ہے ۔

جس سرکار کی یہ حالت ہو وہ سچا شرم‌دان کیسے لے سکتی یا کراسکتی ہے ۔ وہ تو بیگار ہی کراسکتی ہے ۔ اِس وجہ سے ہم نے شروع میں‌ہی کہا کہ شرم‌دان بھی‌سرکار کی آمدنی کا ایک ذریعہ بن گیا ۔ ہر لگے نہ پھٹکری پر رنگ چوکھا ! سرکار کو تو محض‌طاقت چاہیئے' حکومت چاہیئے اور پیسے چاہیئے ۔ یہ تینوں ہی شرم‌دان سے نہیں مل سکتیں ۔ اسی وجہ سے اُوپر کے یا بڑے کہلانے والے لوگ شرم‌دان میں شریک نہیں ہوتے ۔ اور جب بڑے لوگ اس سے الگ رہینگے تو یہ شرم‌دان غریبوں کو چوسنے کے علاوہ دوسرا کیا کام کرسکتا ہے ؟

ایک بات اور بھی ہے ۔ سنت ونوبا کی تحریک کی خاص مراد یہ ہے کہ جنتا کے اندر اپنی ایک طاقت پیدا ہو جو تلوار و بم کی طاقت کی مخالف ہو اور ڈنڈے یا قانون کی طاقت سے الگ ہو ۔ وہ چاہتے ہیں کہ جنتا میں ایک ایسی طاقت پیدا ہو' اور پریم و محبت کے بل سے پیدا ہو' جسکی مدد سے وہ حکومت کو اپنی مرضی کے مطابق چلا سکے اور اپنی بہتری آپ کرسکے ۔ اس کے خلاف سرکاری شرم‌دان کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کی' یعنی اپنی پارٹی کی' جڑیں مضبوط ہوں ۔ دوسرے لفظوں میں سرکاری شرم‌دان کی منشا یہ ہے کہ کانگریس ہمیشہ حکومت کی گدی پر جمی رہے اور عوام اس کے چنگل کے باہر نہ نکل سکیں ۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ سنت ونوبا کے شرم‌دان یگیہ اور سرکار کے شرم‌دان میں بڑا اور بنیادی فرق ہے ۔ اگر ایک کو ملائی کہیں تو دوسرے کو پھٹا دودھ ۔

یہی وجہ ہے کہ لوگ سرکاری شرم‌دان کو بیگار یا اس سے بھی گئی گذری چیز سمجھتے ہیں ۔ جیسا ہم اُوپر کہ چکے ہیں موجودہ سرکار اس لائق نہیں ہے کہ شرم‌دان جیسی چیز پر ہاتھ لگاسکے ۔ پر اگر لگاتی ہے تو ے ایمانداری کے ساتھ پہلے اپنا گھر ٹھیک کرنا چاہیئے اور حکومت کا طرز اُوپر سے نیچے تک بدلنا چاہیئے ۔ اگر یو ۔ پی ۔ سرکار ایسا نہیں کرتی ہے تو اُس کا شرم‌دن ایک دھوکا ہے اور انسانیت کے نام پر بٹہ ہے ۔

24 . 3 . '54 —سریش رامبھائی

के मुंह से सुनी—"जमींदार ने भी जो बेगार नहीं ली. वह सरकार पुलिस के बल पर अब लिया करेगी." हमने दलील भी दी कि इसमें हर्ज ही किया है कुछ फ़ायदा ही होगा. लेकिन हमें नाकामयाबी मिली (शुक्र है कि गाली नहीं मिली) और हमारे मन में भी यह बात कुछ बैठ गई कि यह श्रमदान विनोबा जी का श्रमदान यज्ञ नहीं सरकारी बेगार ही है. असूली तौर पर हमने जब विचार किया तो यह बात और भी साफ़ हो गई.

पहले हम देखें कि श्रमदान यज्ञ का मतलब क्या है ? चन्द लफ़्ज़ों में कहें तो उसकी मुराद है:

(i) हर आदमी कुछ न कुछ जिस्मानी मेहनत का काम करे.

(ii) एक आदमी की मेहनत की जो मज़दूरी हो वही या इस से मिलती जुलती दूसरे आदमी की मेहनत की मज़दूरी हो.

(iii) समाज के अन्दर इन्सान की मेहनत की क़दर सब चीज़ों से ऊपर हो.

यह भी साफ़ है कि श्रमदान यज्ञ का काम वही आदमी या मजलिस या हुकूमत उठा सकती है जिसके अन्दरः

(i) हर आदमी अपना कुछ वक़्त मेहनत करने में ख़र्च करता हो, और वह कुश्ती या डंड बैठक की शक्ल में न होकर खाने पीने या इस्तेमाल में आने की कोई दूसरी चीज़ पैदा करने वाली मेहनत हो.

(ii) उस हुकूमत के अन्दर भंगी की मज़दूरी और गवर्नर या चीफ़ जसटिस या चीफ़ मनिस्टर की तनख़्वाह में बस इतना फ़र्क़ हो जितना एक हाथ की उंगलियों में.

(iii) वह हुकूमत पैसे की बजाय इंसान की मेहनत के बल पर चलती हो और इसके मातहत जनता पैसे वग़ैरा की मोहताज न हो बल्कि अपनी ज़रूरतें ख़ुद पूरी कर ले.

मगर हमारे सूबे में क्या, हमारे मुल्क में क्या, हक़ीक़त कुछ और ही है. जो जितना कम जिस्मानी काम करता है उसे उतनी ही ज़्यादा तलब दी जाती है और वह उतना ही अक़्लमन्द व आला समझा जाता है. और जो उतना ज़्यादा जिस्मानी काम करता है उसे उतनी ही कम मज़दूरी दी जाती है और वह उतना ही ज़्यादा निकम्मा "बेचारा" समझा जाता है. मोटे तौर पर हालत यह है.

(i) बड़े हुक्काम या उमरा लोग कोई काम अपने हाथ से नहीं करते, यहां तक कि पचास क़दम पैदल भी नहीं चलते और अपने को जनता से इस तरह अलग रखते हैं जैसे आसमान अपने को धरती से.

کے منھ سے سنی—" زمیندار نے بھی جو بیگار نہیں لی وہ سرکار پولیس کے بل پر اب لیا کریگی ." ہم نے دلیل بھی دی کہ اس میں حرج ہی کیا ہے کچھ فائدہ ہی ہی ہوگا لیکن ہمیں ناکامیابی ملی (شکر ہے کہ گالی نہیں ملی) اور ہمارے من میں بھی یہ بات کچھ بیٹھ گئی کہ یہ شرم دان ونوبا جی کا شرم دان یگیہ نہیں سرکاری بیگار ہی ہے . اصولی طور پر پر ہم نے جب وچار کیا تو یہ بات اور بھی صاف ہوگئی .

پہلے ہم دیکھیں کہ شرمدان یگیہ کا مطلب کیا ہے؟ چند لفظوں میں کہیں تو اسکی مراد ہے :

(i) ہر آدمی کچھ نہ کچھ جسمانی محنت کا کام کرے .

(ii) ایک آدمی کی محنت کی جو مزدوری ہو وہی یا اس سے ملتی جلتی دوسرے آدمی کی محنت کی مزدوری ہو .

(iii) سماج کے اندر انسان کی محنت کی قدر سب چیزوں سے اوپر ہو .

یہ بھی صاف ہے کہ شرمدان یگیہ کا کام وہی آدمی یا مجلس یا حکومت اٹھا سکتی ہے جس کے اندر :

(i) ہر آدمی اپنا کچھ وقت محنت کرنے میں خرچ کرتا ہو' اور وہ کشتی یا ڈنڈ بیٹھک کی شکل میں نہ ہوکر کھانے پینے یا استعمال میں آنے کی کوئی دوسری چیز پیدا کرنے والی محنت ہو .

(ii) اس حکومت کے اندر بھنگی کی مزدوری اور گورنر یا چیف جسٹس یا چیف منسٹر کی تنخواہ میں بس اتنا فرق ہو جتنا ایک ہاتھ کی انگلیوں میں.

(iii) وہ حکومت پیسے کی بجائے انسان کی محنت کے بل پر چلتی ہو اور اس کے ماتحت جنتا پیسہ وغیرہ کی محتاج نہ ہو بلکہ اپنی ضرورتیں خود پوری کرلے .

مگر ہمارے صوبہ میں کیا' ہمارے ملک میں کیا' حقیقت کچھ اور ہی ہے . جو جتنا کم جسمانی کام کرتا ہے اسے اتنی ہی زیادہ طلب دی جاتی ہے اور وہ اتنا ہی عقلمند عالی سمجھا جاتا ہے . اور جو جتنا زیادہ جسمانی کام کرتا ہے اسے اتنی ہی کم مزدوری دی جاتی ہے اور وہ اتنا ہی زیادہ نکما یا "بیچارہ" سمجھا جاتا ہے. موٹے طور پر حالت یہ ہے :

(i) بڑے حکام یا امرا لوگ کوئی کام اپنے ہاتھ سے نہیں کرتے' یہاں تک کہ پچاس قدم پیدل بھی نہیں چلتے اور اپنے کو جنتا سے اس طرح الگ رکھتے ہیں جیسے آسمان اپنے کو دھرتی سے .

वह न छू सकती है और न उसने छूआ. क्योंकि तब तो उसे अपने राज के हर महकमे में ग़रीब दुखी जनता के साथ सत्ता, माल व दौलत व अक़ल सब की बरकत करनी पड़ती—जिसके मानी हैं कि उसे अपने पास से कुछ उसे देना ही पड़ता. प्रेम दान के भी नज़दीक वह नहीं जा सकती क्योंकि फ़ौज व पुलिस, और ख़ुफ़िया जासूसों के सहारे रह कर वह किस मुंह से प्रेम का नाम लेती. इसलिये अब एक ही बचा—श्रम दान. उसे उसने अपना लिया. इसमें सरकार को तो कुछ करना था ही नहीं. क्योंकि वह बेचारी तो जनता के नाम पर मेहनत या श्रम करती करती रात दिन घुली सी जाती है ! इसमें—श्रम दान में—तो मिलना ही मिलना था, जनता का श्रम, उसकी मेहनत, उसकी देह और एक बहाना भी ख़ासा मिल गया—विकास के वास्ते. यानी जनता अपने विकास या बढ़ाव की ख़ातिर सरकार को श्रम दान करे ! इसको कहते हैं आम के आम और गुठलियों दाम !

उत्तर प्रदेश की सरकार इस सूझ बूझ पर कौन उस पर बलिहारी न होगा ? ख़याल रहे कि अक्तूबर 1951 में संत विनोबा उत्तर प्रदेश में घुसे और सितम्बर 1952 में वहां से बिहार के लिये रवाना हुए. उनके जाने के बाद नवम्बर 1952 में सरकार की तरफ़ से श्रम दान का काम कराया गया. जनवरी 1953 में इसका पहला जशन (Drive) मनाया गया, मई 1953 में दूसरा और गत जनवरी में तीसरा.

जनवरी 1954 वाले जशन के लिये सरकार ने बड़ी भारी तैयारियां की थीं. यह बताया गया कि 58 लाख रुपया ख़र्च किया जायेगा, एक करोड़ आदमियों को इसमें जोता जायेगा, देश के एक लाख गांवों को एक दूसरे के साथ सड़कों से मिला दिया जायेगा, वग़ैरा वग़ैरा. इस सिलसिले में सारे ज़िला मजिस्ट्रेटों, प्लानिंग, अफ़सरों और सूबा की 36,000 पंचायतों को हिदायतें भी भेजी गई थीं. हमें ठीक ठीक नहीं मालूम कि इन सबका नतीजा क्या हुआ और कितना काम अनजाम दिया गया, लेकिन कुछ न कुछ तो हुआ ही होगा. शायद इस बल पर यू० पी० सरकार ने असेम्बली में एक बिल इस इजलास में पेश किया है. इस बिल का मसविदा हमारे सामने नहीं है. लेकिन इसकी मनशा शायद यह है कि देहात के अन्दर जो पंचायतें हैं वह हर आदमी से साल में कम से कम 28 दिन श्रम दान में काम लें, यानी हफ़्ता में क़रीब आधा रोज़.

पिछले तीन चार महीनों में उत्तर प्रदेश में हमारा रहना कम हो पाया. लेकिन रेल में सफ़र से आते जाते जब लोगों से मिलने का इत्तफ़ाक़ हुआ तो एक बात सब

وہ نہ چھو سکتی تھی اور نہ اس نے چھوا. کیونکہ تب تو اسے اپنے راج کے ہر محکمے میں غریب دکھی جنتا کے ساتھ ستا، مال و دولت و عقل سب کی برکت کرنی پڑتی—جس کے معنی یہ ہیں کہ اسے اپنے پاس سے کچھ دینا ہی پڑتا. پریم دان کے بھی نزدیک وہ نہیں جا سکتی کیونکہ فوج و پولس، اور خفیہ جاسوسوں کے سہارے رہ کر وہ کس منہ سے پریم کا نام لیتی. اس لئے اب ایک ہی بچا—شرم دان. اسے اس نے اپنا لیا. اس میں سرکار کو تو کچھ کرنا تھا ہی نہیں. کیونکہ وہ بیچاری تو جنتا کے نام پر محنت یا شرم کرتی کرتی رات دن گھلی سی جاتی ہے! اس میں—شرم دان میں—تو ملنا ہی ملنا تھا، جنتا کا شرم، اس کی محنت، اس کی دیہہ اور ایک بہانا بھی خاصہ مل گیا—وکاس کے واسطے. یعنی جنتا اپنے وکاس یا بڑھاو کی خاطر سرکار کو شرم دان کرے! اس کو کہتے ہیں آم کے آم اور گٹھلیوں کے دام!

اتر پردیش کی سرکار کی اس سوجھ بوجھ پر کون اس پر بلیہاری نہ ہوگا ؟ خیال رہے کہ اکتوبر 1951 میں سنت ونوبا اتر پردیش میں گھسے اور ستمبر 1952 میں وہاں سے بہار کے لئے روانہ ہوئے. ان کے جانے کے بعد نومبر 1952 میں سرکار کی طرف سے شرم دان کا کام کرایا گیا. جنوری 1953 میں اس کا پہلا جشن (Drive) منایا گیا، مئی 1953 میں دوسرا اور گت جنوری میں تیسرا.

جنوری 1954 والے جشن کے لئے سرکار نے بڑی بھاری تیاریاں کی تھیں. یہ بتایا گیا کہ 58 لاکھ روپیہ خرچ کیا جائیگا، ایک کروڑ آدمیوں کو اس میں جوتا جائیگا، دیش کے ایک لاکھ گاؤں کو ایک دوسرے کے ساتھ سڑکوں سے ملا دیا جائیگا، وغیرہ وغیرہ. اس سلسلہ میں سارے ضلع مجسٹریٹوں، پلاننگ افسروں اور صوبہ کی 36,000 پنچایتوں کو ہدایتیں بھی بھیجی گئی تھیں. ہمیں ٹھیک ٹھیک نہیں معلوم کہ ان سب کا نتیجہ کیا ہوا اور کتنا کام انجام دیا گیا، لیکن کچھ نہ کچھ تو ہوا ہی ہوگا. شاید اس بل پر یو. پی. سرکار نے اسمبلی میں ایک بل اس اجلاس میں پیش کیا ہے. اس بل کا مسودہ ہمارے سامنے نہیں ہے. لیکن اس کی منشا شاید یہ ہے کہ دیہات کے اندر جو پنچایتیں ہیں وہ ہر آدمی سے سال میں کم سے کم 28 دن شرم دان میں کام لیں، یعنی ہفتہ میں قریب آدھا روز.

پچھلے تین چار مہینوں میں اتر پردیش میں ہمارا رہنا کم ہو پایا. لیکن ریل میں سفر سے آتے جاتے جب لوگوں سے ملنے کا اتفاق ہوا تو ایک بات سب

कहना पड़ता है—वह जनता के सामने मुंह दिखाने से बचती है. पर जैसा फ़ाइनैन्स मिनिस्टर ने क़बूल किया उस से पता चलता है कि वह सोती रही. ऐसी हालत में वह सरकार किस सवाल पर कब तक सोती रहे कोई नहीं कह सकता.

सरकार का आर्डिनैन्स जारी करना उसकी कमज़ोरी और लापरवाही ज़ाहिर करता है. कुछ अर्सा हुआ मद्रास में तालीम के सिलसिले में एक आर्डिनैन्स जारी किया गया. लेकिन यह आर्डिनैन्स कितने निकम्मे साबित होते हैं इसका अन्दाज़ा इस बात से किया जा सकता है कि जनवरी के शुरू में हरिजनों को हर मन्दिर में जाने के लिये आर्डिनैन्स बना, मगर फ़रवरी के दूसरे हफ़्ते में जब काशी के विश्वनाथ मन्दिर में कुछ हरिजन भाईयों के साथ एक हरिजन एम. एल. ए. जाता है तो नहीं जा पाता और दुखी लौट आता है. हां, आर्डिनैन्स-से टैक्स ज़रूर सरकार वसूल कर सकती है—सो भी कुछ समय तक ही.

हमें नहीं मालूम कि आर्डिनैन्सों द्वारा राज करना प्रधान मंत्री को कहां तक पसन्द है. पर हमें इतना यक़ीन ज़रूर है कि अगर पंडित जवाहरलाल नेहरू आज एक आज़ाद, खुद मुख़्तार नागरिक होते तो वह ज़रूर इन आर्डिनैन्सों के खिलाफ़ आवाज़ उठाते. शायद राजेन्द्र बाबू भी निजी हैसियत से ऐसा ही करते. मगर ज़माने की रफ़्तार निराली है—हुकूमत की शान अनोखी है.

आर्डिनैन्सों द्वारा राजकाज चलाने से पता चलता है कि सरकार को जनता पर भरोसा नहीं है, अपने पर विश्वास नहीं है.

20. 2. '54 —सुरेश रामभाई

श्रमदान या बेगार

जैसे जैसे संत विनोबा का आन्दोलन देश के अन्दर घुसता जाता है, वैसे वैसे वह और नई नई कल्पनायें मुल्क के सामने रखते जाते हैं. आजकल भूदान के अलावह वह प्रेम दान, बुद्धि दान, सम्पत्ति दान और श्रम (मेहनत) दान यज्ञ के लिये भी अपील करते हैं और कहते हैं कि इन चारों के बिना भूदान अधूरा ही रहेगा. उनका मतलब है बहुत चीज़ों का बराबर बराबर बंटवारा.

मसल मशहूर है चलती का नाम गाड़ी है. संत विनोबा के विचारों और शब्दों को फैलते देख कर हमारे प्रदेश की सरकार के मुंह में भी पानी भर आया और विनोबा जी की चीज़ें अपनाने को वह बेचैन नज़र आने लगी. सवाल था कि इन पांच चीज़ों में से वह किसे अपनावे. ज़ाहिर है कि भूदान, सम्पत्ति दान और बुद्धि दान को

کہنا پڑتا ہے—وہ جنتا کے سامنے منھ دکھانے سے بچتی ہے. پر جیسا فائینینس منسٹر نے قبول کیا اُس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ سوتی رہی. ایسی حالت میں یہ سرکار کس سوال پر کب تک سوتی رہے کوئی نہیں کہہ سکتا.

سرکار کا آرڈیننس جاری کرنا اُسکی کمزوری اور لاپرواہی ظاہر کرتا ہے. کچھ عرصہ ہوا مدراس میں تعلیم کے سلسلے میں ایک آرڈیننس جاری کیا گیا. لیکن یہ آرڈیننس کتنے نکمے ثابت ہوتے ہیں اِس کا اندازہ اِس بات سے کیا جاسکتا ہے کہ جنوری کے شروع میں ہریجنوں کو ہر مندر میں جانے کے لئے آرڈیننس بنا، مگر فروری کے دوسرے ہفتے میں جب کاشی کے وشوناتھ مندر میں کچھ ہریجن بھائیوں کے ساتھ ایک ہریجن ایم. ایل. اے. جاتا ہے تو نہیں جا پاتا اور دکھی لوٹ آتا ہے. ہاں، آرڈیننس سے ٹیکس ضرور سرکار وصول کرسکتی ہے—سو بھی کچھ سمے تک ہی.

ہمیں نہیں معلوم کہ آرڈیننسوں دوارا راج کرنا پردھان منتری کو کہاں تک پسند ہے. پر ہمیں اتنا یقین ضرور ہے کہ اگر پنڈت جواہر لال نہرو آج ایک آزاد، خودمختار ناگرک ہوتے تو وہ ضرور اِن آرڈیننسوں کے خلاف آواز اُٹھاتے. شاید راجندر بابو نجی حیثیت سے ایسا ہی کرتے مگر زمانے کی رفتار نرالی ہے—حکومت کی شان انوکھی ہے.

آرڈیننسوں دوارا راج کاج چلانے سے پتہ چلتا ہے کہ سرکار کو جنتا پر بھروسہ نہیں ہے، اپنے پر وشواس نہیں ہے.

20. 2. '54 —سریش رام بھائی

شرم دان یا بیگار؟

جیسے جیسے سنت ونوبا کا آندولن دیش کے اندر گھستا جاتا ہے، ویسے ویسے وہ اور نئی نئی کلپنائیں ملک کے سامنے رکھتے جاتے ہیں. آجکل بھودان کے علاوہ وہ پریم دان، بدھی دان، سمپتی دان اور شرم (محنت) دان یگیہ کے لئے بھی اپیل کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اِن چاروں کے بنا بھودان ادھورا ہی رہے گا. اسکا مطلب ہے بہت چیزوں کا برابر برابر بٹوارا.

مثل مشہور ہے چلتی کا نام گاڑی ہے. سنت ونوبا کے وچاروں اور شبدوں کو پھیلتے دیکھکر ہمارے پردیش کی سرکار کے منہ میں بھی پانی بھر آیا اور ونوبا جی کی چیزیں اپنانے کو وہ بے چین نظر آنے لگی. سوال تھا کہ اِن پانچ چیزوں میں سے وہ کسے اپنائے. ظاہر ہے کہ بھودان، سمپتی دان اور بدھی دان کو

सकती हैं, जारी कर तो सकती है मगर ऐसा करना तभी चाहिये जब कोई दूसरा चारा न हो. इसलिये मेरा विचार है कि इस पर बहस करना अच्छा होगा और इस सवाल को, जैसा मैंने समझा है, किसी पार्टी की निगाह से नहीं बल्कि एक आम निगाह से देखना चाहिये ताकि पार्लियामेन्ट अच्छी परम्परायें क़ायम कर सके."

पार्लियामेन्ट में बहस के दौरान में श्री ठाकुरदास भार्गव, एक कांगरेसी मेम्बर, ने सरकार की सब में ज्यादा टीका की और इस बात पर बड़ी तकलीफ़ दिखाई कि रोज़मर्रा के काम काज के लिये आर्डिनैन्स निकाले जाते हैं. फ़ाइनैन्स मिनिस्टर भी बहस में शरीक हुए और उन्होंने इक़रार किया कि आर्डिनैन्स द्वारा टैक्स लगा देना बहुत मुनासिब बात नहीं है, लेकिन कम से कम इस मामले में देरी का कारन थी दफ़्तर की सुस्ती. मगर होम मिस्टर तो एकदम आपे से बाहर हो बैठे—ज़ाहिर है कि आर्डिनेन्स जारी कराने में होम मिनिस्ट्री का सब में ज़ियादा हाथ रहता है—और प्रेस आर्डिनैन्स को दुरुस्त ठहराते हुए कहा कि "मुझे इसका कोई अफ़सोस नहीं है और इसकी वजह से 'आसमान नहीं टूट पड़ा'." हुकूमत के लोग अगर अपनी ग़लती को ग़लती मान लें और उस पर अफ़सोस ज़ाहिर करने लग जायें तो तारीफ़ ही क्या रही!—यह उसूल जिस तरह अंगरेज़ी राज का था उससे कहीं ज़ियादा स्वदेशी राज का है. लेकिन इसे कौन मान सकता है कि हुकूमतें ग़लती नहीं करतीं? इतनी ज़्यादा ग़लती करती हैं कि निजी तौर पर कोई इन्सान ख़ुद नहीं कर सकता. और आसमान टूटना किसने देखा है? जब मुग़ल बादशाह ने अंगरेज़ों को सूरत में कोठी बनाने की इजाज़त दे दी थी तब कौन कह सकता था कि आसमान टूटा? जब गांधी जी ने मुट्ठी भर नमक बना लिया तब कौन कह सकता है कि आसमान टूटा? और जब भारत के प्रधान मंत्री ने अमरीकी सरकार से "समझौता" या ग़ुलामी का पट्टा कर लिया तब कौन कह सकता है कि आसमान टूटा? लेकिन तीनों ही हालत में टूटा और डाक्टर कैलाशनाथ काटजू जैसे ज़िम्मेदार आदमी समझ सकते हैं कि आसमान टूटने के क्या नतीजे हुए. भले ही हुकूमत के नशे में आज उनकी निगाह असलियत देखने से इन्कार कर दे लेकिन हमें यक़ीन है कि उनके अन्दर की इन्सानियत और उनका गीताप्रेम उनको कभी न कभी तो चेतायेगा ही.

मगर असली सवाल यह है कि क्या हमारी सरकार एक क़दम की दूरी तक नहीं देख सकती? जनवरी के महीने में कुम्भ के लिये आने वाले यात्रियों पर टैक्स लगाने के मानी हैं कि सरकार सोती रही थी—हमें दुख के साथ

تو سکتی ہے مگر ایسا کرنا تبھی چاہئے جب کوئی دوسرا نہ ہو . اس لئے میرا وچار ہے کہ اس پر بحث کرنا اچھا ہوگا اور اس سوال کو' جیسا میں نے سمجھا ہے' کسی پارٹی کی نگاہ سے نہیں بلکہ ایک عام نگاہ سے دیکھنا چاہئے تاکہ پارلیامنٹ اچھی پرمپرائیں قائم کرسکے ."

پارلیامنٹ میں بحث کے دوران میں شری ٹھاکر داس بھارگو' ایک کانگریسی میمبر نے سرکار کی سب میں زیادہ ٹیکا کی اور اس بات پر بڑی تکلیف دکھائی کہ روزمرہ کے کام کاج کے لئے آرڈیننس نکالے جاتے ہیں . فائننس منسٹر بھی بحث میں شریک ہوئے اور انہوں نے اقرار کیا کہ آرڈیننس دوارا ٹیکس لگا دینا بہت مناسب بات نہیں ہے' لیکن کم سے کم اس معاملے میں دیری کا کارن تھی دفتر کی سستی . مگر ہوم منسٹر تو ایک دم آپے سے باہر ہو بیٹھے—ظاہر ہے کہ آرڈیننس جاری کرانے میں ہوم منسٹری کا سب میں زیادہ ہاتھ رہتا ہے—اور پریس آرڈیننس کو درست ٹھہراتے ہوئے کہا کہ "مجھے اس کا کوئی افسوس نہیں ہے اور اسکی وجہ سے 'آسمان نہیں ٹوٹ پڑا'." حکومت کے لوگ اگر اپنی غلطی کو غلطی مان لیں اور اس پر افسوس ظاہر کرنے لگ جائیں تو تعریف ہی کیا رہی!—یہ اصول جس طرح انگریزی راج کا تھا اس سے کہیں زیادہ سودیشی راج کا ہے . لیکن اسے کون مان سکتا ہے کہ حکومتیں غلطی نہیں کرتیں؟ اتنی زیادہ غلطی کرتی ہیں کہ نجی طور پر کوئی انسان خود نہیں کرسکتا . اور آسمان ٹوٹنا کس نے دیکھا ہے؟ جب مغل بادشاہ نے انگریزوں کو سورت میں کوٹھی بنانے کی اجازت دے دی تھی تب کون کہہ سکتا تھا کہ آسمان ٹوٹا؟ جب گاندھی جی نے مٹھی بھر نمک بنا لیا تب کون کہہ سکتا ہے کہ آسمان ٹوٹا؟ اور جب بھارت کے پردھان منتری نے امریکی سرکار سے "سمجھوتہ" یا غلامی کا پٹہ کرلیا تب کون کہہ سکتا ہے کہ آسمان ٹوٹا؟ لیکن تینوں ہی حالت میں ٹوٹا اور ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو جیسے ذمہ دار آدمی سمجھ سکتے ہیں کہ آسمان ٹوٹنے کے کیا نتیجے ہوئے . بھلے ہی حکومت کے نشے میں آج انکی نگاہ اصلیت دیکھنے سے انکار کردے لیکن ہمیں یقین ہے کہ ان کے اندر کی انسانیت اور ان کا گیتا پریم انکو کبھی نہ کبھی تو چیتائیگا ہی .

مگر اصلی سوال یہ ہے کہ کیا ہماری سرکار ایک قدم کی دوری تک نہیں دیکھ سکتی؟ جنوری کے مہینے میں کمبھ کے لئے آنے والے یاتریوں پر ٹیکس لگانے کے معنی ہیں کہ سرکار سوتی رہی تھی—ہمیں دکھ کے ساتھ

इस राष्ट्रभाषा को रूप देने में हिन्दी हिन्दुस्तानी के चालू बोल चाल के शब्दों से जितनी मदद ले सकते हैं और उनके द्वारा राष्ट्रभाषा को जितना जानदार और सर्व प्रिय बना सकते हैं उतना नए संस्कृत शब्दों से नहीं.

10. 4. '54 —सुन्दरलाल

आर्डिनैन्सों का राज

पिछले दिसम्बर और जनवरी के महीनों में छै हफ्ते के अन्दर भारत के राष्ट्रपति ने सात आर्डिनैन्स जारी किये जिनमें से तीन ख़ास की ग़रज़ यह थी—

(1) आम जगहों में छुआछूत का जो व्यवहार करे उसे छै महीने की सज़ा या जुर्माना या दोनों;

(2) प्रेस ऐक्ट की मुद्दत बढ़ा देना;

(3) कुम्भ के मौक़े पर यात्रियों पर नया टैक्स लगाना.

भारत के विधान में लिखा है कि देश की हालत अगर ऐसी नाज़ुक या अनोखी हो जिससे राष्ट्रपति को आर्डिनैन्स की ज़रूरत का इतमीनान हो जाये तो वह आर्डिनैन्स जारी कर सकता है. इसलिये उन आर्डिनैन्सों को विधान के लिहाज़ से जाइज़ ठहराया जा सकता है. पर अगर आर्डिनैन्स चला चला कर ही राज करना है तो फिर पार्लियामैन्ट या असेम्बलियों की क्या ज़रूरत?

यह सवाल एक अहम और बुनियादी सवाल है जिसने देश के विचारवान लोगों को भी परेशान कर दिया है. ख़ुशी की बात है कि पार्लियामेन्ट के स्पीकर श्री गनेश वासुदेव मावलंकर को भी इन आर्डिनैन्सों से तकलीफ़ हुई और पार्लियामेन्ट में जब यह सवाल उठा तो फ़ाइनेन्स मिनिस्टर के यह कहने पर भी कि पहले से आम चर्चा करने के पेशतर बेहतर यह हो कि हर आर्डिनैन्स सम्बन्धी जो बिल आयें उन पर बहस हों—स्पीकर ने बहस की इजाज़त दे दी. उन्होंने कहा—

"मैं नहीं समझता कि कोई आदमी यह कहेगा कि वैधानिक रूप से सरकार जब चाहे आर्डिनैन्स नहीं जारी कर सकती. अगर मुझे ठीक ठीक याद है तो विधान में कहा गया है कि ज़रूरी मौक़ों पर ऐसा किया जाये. यह हक़ होने पर भी हर कोई चाहेगा कि अगर हस्ब मामूल क़ानून बन सके तो आर्डिनैन्सों का सहारा न लिया जाये." उन्होंने यह भी कहा—

"मेरा ख़याल है कि यह सवाल जो उठाया गया है उससे आर्डिनैन्स जारी करने की सरकारी ताक़त के बारे में भी वैधानिक सवाल पैदा हो जाता है. यह मानना पड़ेगा कि काम करने का यह प्रजातंत्री तरीक़ा नहीं है. सिर्फ़ अपवाद की सूरत में सरकार आर्डिनैन्स जारी कर

ہم راشٹر بھاشا کو روپ دینے میں ہندی ہندستانی کے چالو بول چال کے شبدوں سے جتنی مدد لے سکتے ہیں اور اُن کے دوارا راشٹر بھاشا کو جتنا جاندار اور سرو پریہ بنا سکتے ہیں اُتنا نئے سنسکرت شبدوں سے نہیں۔

10. 4. '54 — سندر لال

آرڈینینسوں کا راج

پچھلے دسمبر اور جنوری کے مہینوں میں چھ ہفتے کے اندر بھارت کے راشٹر پتی نے سات آرڈینینس جاری کئے جن میں سے تین خاص کی غرض یہ تھی—

1—عام جگہوں میں چھوا چھوت کا جو ویوہار کرے اُسے چھ مہینے کی سزا یا جرمانہ یا دونوں؛

2—پریس ایکٹ کی مدت بڑھا دینا؛

3—کمبھ کے موقع پر یاتریوں پر نیا ٹیکس لگانا۔

بھارت کے ودھان میں لکھا ہے کہ دیش کی حالت اگر ایسی نازک یا انوکھی ہو جس سے راشٹر پتی کو آرڈینینس کی ضرورت کا اطمینان ہو جائے تو وہ آرڈینینس جاری کر سکتا ہے۔ اس لئے اِن آرڈینینسوں کو ودھان کے لحاظ سے جائز ٹھہرایا جا سکتا ہے۔ پر اگر آرڈینینس چلا چلا کر ہی راج کرنا ہے تو پھر پارلیامینٹ یا اسمبلیوں کی کیا ضرورت؟

یہ سوال ایک اہم اور بنیادی سوال ہے جس نے دیش کے وچاروان لوگوں کو بھی پریشان کر دیا ہے۔ خوشی کی بات ہے کہ پارلیامینٹ کے اسپیکر شری گنیش واسودیو ماولنکر کو بھی اِن آرڈینینسوں سے تکلیف ہوئی اور پارلیامینٹ میں جب یہ سوال اُٹھا تو فائنینس منسٹر کے یہ کہنے پر بھی کہ پہلے سے عام چرچا کرنے کے بجائے بہتر یہ ہو کہ ہر آرڈینینس سمبندھی جو بل آئیں اُن پر بحث ہوں—اسپیکر نے بحث کی اجازت دے دی۔ انہوں نے کہا—

"میں نہیں سمجھتا کہ کوئی آدمی یہ کہے گا کہ ویدھانک روپ سے سرکار جب چاہے آرڈینینس نہیں جاری کر سکتی۔ اگر مجھے ٹھیک ٹھیک یاد ہے تو ودھان میں کہا گیا ہے کہ ضروری موقعوں پر ایسا کیا جائے۔ یہ حق ہونے پر بھی ہر کوئی چاہے گا کہ اگر حسب معمول قانون بن سکے تو آرڈینینسوں کا سہارا نہ لیا جائے۔" انہوں نے یہ بھی کہا—

"میرا خیال ہے کہ یہ سوال جو اُٹھایا گیا ہے اس سے آرڈینینس جاری کرنے کی سرکاری طاقت کے بارے میں ویدھانک سوال پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ ماننا پڑے گا کہ کام کرنے کا یہ پرجا تنتری طریقہ نہیں ہے۔ صرف اپواد کی صورت میں سرکار آرڈینینس جاری کر سکتی ہے، جاری کر

नं०	उत्तर भारत	तेलुगु	तमिल	कन्नड़
156.	संदूक़	संदुका	चन्दु	संदूक
157.	सनद	सन्नदु	सनद	सनद
158.	सरकार	सरकारु	चरकार	सरकार
159.	सरासर	सरासरी	चराचररि	सरासरी
160.	सरदार	सर्दारुडु	सरदार	सरदार
161.	सलीस	सलीसु	सल्लीसु	सलीसु
162	सवारी	सवारि	चवारि	सवारि
163.	सवाल	सवालु	चवाल	सवालु
164.	सामान	सामानु	चामान	समानु
165.	सालाना	सालीयाना	सालिवाकनम्	सालेयाना
166.	सिपाही	सिफायि	सिप्पायि	सिपाइ
167.	सिफ़ारिश	सिफारसु	सिफारिसु	सिफारसु
168.	हक़	हक्कु	अक्कु	हक्कु
169.	हद	हदु	अत्तु	हद्दु
170.	हरामज़ादा	हरामजाद	अरामजाति	हरामजादा
171.	हल्क़ा	हल्का	अलाका	हल्का
172.	हलाक	हल्लाकु	अलाक	हलाक
173.	हवालात	हवालती	अवालत्तु	हवाला
174.	हिस्सा	हिस्सा	इस्सा	हिस्सा
175.	हुज़ूर	हजूरु	उजूरु	हुजूरु

ऊपर की दोनों फ़ेहरिस्तें केवल नमूने के तौर पर हैं. दक्खिन के एक भाई ने, जो दक्खिन की भाशाओं के साथ साथ हिन्दी के भी पूरे विद्वान हैं, हमें एक लम्बी फ़ेहरिस्त भेजी है, जिस में हिन्दुस्तानी और दो दक्खिनी भाशाओं में मिलने वाले एक ही से शब्दों की गिनती लगभग पांच सौ, और हिन्दुस्तानी और एक दक्खिनी भाशा में इसी तरह के मिलते हुए शब्दों की गिनती डेढ़ हज़ार से ऊपर है. हिन्दी इस तरह के बोल चाल के शब्द भी जैसे : अकारथ, अटकाव, आगे पीछे, आसरा, उड़ान, कमाई, कसर, कार बार, किनारा, किराया, कोठरी, ख़ुलासा, खेत, गड़बड़ गली गँवार, गारा, गैर, चक्कर, चटनी, चमक, चाँदनी, चूल्हा, चौक, चौथाई, चौधरी, जुलाहा, ज़िद, जिल्द, जेब, झंडा, झनझट, टुकड़ा, टोली, ठेका, ठिकाना, डांवाडोल, तितर बितर, तरजुमा, तालाब, तारीख़, तिहाई, दवात, दिलासा दुकान, दुबला, दुहाई, धूमधाम, नक़द, नफ़ा, नादार, नौकर, पंखा, पकौड़ी, पत्ती, पानदान, फ़ेहरिस्त, बंजर, बंटवारा, बदनामी, बराबर, बाजा, बिछौना, बेकार, बेडौल, बेमानी, भरोसा, मनमाना, मसाला, मिठाई, मुफ़्त, मुहताज, लड़ाई, लड़का, वास्ता, शरम, शिकार, सड़क, सर्दी, साल, सुनवाई, सुस्ती, सौदागर, हिम्मत, हुण्डी, दक्खिन की भाशाओं में भरे पड़े हैं, जिनसे मालूम होता है कि

نمبر	اُتر بھارت	تیلگو	تمل	کنڑ
156.	صندوق	سندوکا	چندو	سندوک
157.	سند	سننددو	سند	سنددو
158.	سرکار	سرکارو	چرکار	سرکار
159.	سراسر	سراسری	چراچرری	سراسری
160.	سردار	سرداروڑو	سردار	سردار
161.	سلیس	سلیسو	سللیسو	سلیسو
162.	سواری	سواری	چواری	سواری
163.	سوال	سوالو	چوال	سوالو
164.	سامان	سامانو	چامان	سمانو
165.	سالانہ	سالیانا	سالیواکلم	سالےیانا
166.	سپاہی	سپھائی	سپھائی	سپائی
167.	سفارش	سپھارسو	سپارسو	سپھارسو
168.	حق	ہککو	اککو	ہککو
169.	حد	ہدو	اتو	ہددو
170.	حرام‌زادہ	ہرامجاد	ارامجاتی	ہرامجادا
171.	حلقہ	ہلکا	الاکا	ہلکا
172.	ہلاک	ہلاکو	الاک	ہلاک
173.	حوالات	ہوالتی	اوالتو	ہوالا
174.	حصہ	ہسا	اِسا	ہسا
175.	حضور	ہجورو	اجورو	ہجورو

اوپر کی دونوں فہرستیں کیول نمونے کے طور پر ہیں. دکھن کے ایک بھائی نے، جو دکھن کی بھاشاؤں کے ساتھ ساتھ ہندی کے بھی پورے ودوان ہیں، ہمیں ایک لمبی فہرست بھیجی ہے، جس میں ہندستانی اور دو دکھنی بھاشاؤں میں ملنے والے ایک ہی سے شبدوں کی گنتی لگ بھگ پانچ سو، اور ہندستانی اور ایک دکھنی بھاشا میں اسی طرح کے ملتے ہوئے شبدوں کی گنتی ڈیڑھ ہزار سے اوپر ہے. ہندی کے اس طرح کے بول چال کے شبد بھی جیسے : اکارتھ، اٹکاؤ، آگے پیچھے، آسرا، اڑان، کمائی، کسر، کاربار، کنارہ، کرایہ، کوٹھری، خلاصہ، کھیت، گڑبڑ، گلی، گنوار، گارا، غیر، چکر، چٹنی، چمک، چاندنی، چولہا، چوک، چوتھائی، چودھری، جلاہا، ضد، جلد، جیب، جھنڈا، جھنجھٹ، ٹکڑا، ٹولی، ٹھیکا، ٹھکانا، ڈانواڈول، تتربتر، ترجمہ، تالاب، تاریخ، تہائی، دوات، دلاسہ، دکان، دبلا، دہائی، دھوم‌دھام، نقد، نفع، نادار، نوکر، پنکھا، پکوڑی، پتی، پاندان، فہرست، بنجر، بٹوارا، بدنامی، برابر، باجا، بچھونا، بیکار، بیڈول، بےمعنی، بھروسہ، من‌مانا، مسالا، مٹھائی، مفت، محتاج، لڑائی، لڑکا، واسطہ، شرم، شکار، سڑک، سردی، سال، سنوائی، سستی، سوداگر، ہمت، ہنڈی، دکھن کی بھاشاؤں میں بھرے پڑے ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ

हमारी राय

नं०	उत्तर भारत	तेलुगु	तमिल	कन्नड़
114.	बिसात	बिसातु	बिसात	बिसातु
115.	बुलाक़	बुलाकी	बुलाकु	बुलाकु
116.	बेज़ार	बेजारु	बेजारा	बेजारु
117.	बेपरवाह	बेपरवा	परवाइल्लै	बेपरवा
118.	बेबाक	बेबाकी	बेबाकि	बेबाक
119.	बेवारिस	बेवारसु	वारिसइल्लावे	बेवार्सा
120.	बेशक	बेषकु	बेशा	बेशक
121.	बेसर	बेसरि	बेसरि	बेसरि
122.	मनसबदार	मंनसबदार	मंसबदार	मनसबदार
123.	मुक़ाम	मकां	मुकाम	मुकाम
124.	मख़मल	मखमल	मखमल	मखमल
125.	मज़ाक़	मजाखा	मजाक	मजाक
126.	महताबी	मताबु	मत्तापु	मतापु
127.	मदद	मद्दतु	मदद	मद्दत्तु
128.	माफ़ी	माफी	मन्निप्पु	माफु
129.	मरम्मत	मरम्मतु	मराम्मत्तु	मरम्मत्तु
130.	मरहम	मलामु	मुलाम	मुलामु
131.	मस्त	मस्तु	मस्त्	मस्ती
132.	महज़रनामा	महजरनामा	महजरनामा	महजरनामे
133.	महल	महलु	महल	महलु
134.	महसूल	महसूलु	मासूल	महसूलु
135.	मामूल	मामूलु	मामूल	मामूलु
1?6.	मारफ़त	माफ़ंत	मारबत्तु	माफ़त्तु
137.	मालिश	मीलीषु	मालिस	मालीशु
1?8	मुन्शी	मुंशी	मुंशि	मुन्शी
139.	मुन्सिफ़	मुनसबु	मुनिसिफु	मुन्सफु
140.	मेज़	मेजा	मेजै	मेज
141.	मैदान	मैदानमु	मैदानम्	मैदान
142.	मौज	मोजु	मोजा	मजा
143.	लगाम,	लगामु	लगाम	लगाम
144.	लाचार	लाचारु	लाचार	लाचार
145.	लायक़	लायखु	लायक	लायक
146.	वग़ैरह	वगैरा	वगैयरा	वगैरह
147.	वसूल	वसूल	वसूल	वसूलु
148.	उस्ताद	वस्तादु	वस्तादी	वस्तादी
149.	वापस करना	वापसुचेय	वापीस	वापसमाडु
150.	वादा	वायिदा	वायिदा	वायिदे
151.	वारिस	वारसु	वारिसु	वारसु
152.	शाबाश	षबाष	सबाष	शाबास
153.	शर्त	षरतु	सरत्तु	शरत्तु
154.	शहर	षहरु	सहर	शहर
155.	शुमार	शुमारु	चुमार	सुमारु

ہماری رائے

نمبر	اتر بھارت	تیلگو	تمل	کنڑ
114.	بساط	بساتو	بسات	بساتو
115.	بلاق	بلاکی	بلاکو	بلاکو
116.	بیزار	بیجارو	بیجارا	بیجارو
117.	بیپرواہ	بیپروا	پروا اِللے	بیپروا
118.	بیباک	بیباکی	بیباکہ	بیباک
119.	بیوارث	بیوارسو	وارس اِلاد	بیوارسا
120.	بیشک	بیشکو	بیشا	بیشک
121.	بیسر	بیسری	بیسری	بیسری
123.	منصبدار	منسبدار	منسبدار	منسبدار
123.	مقام	مکاں	مکام	مکام
124	مخمل	مکھمل	مکھمل	مکھمل
125.	مذاق	مجاکھا	مجاک	مجاک
126.	مہتابی	متابو	[illegible]ابو	متاپو
127.	مدد	مددو	مدد	مددتو
128.	معافی	مافی	مننپو	ماپھو
129.	مرمت	مرمتو	مرامتو	مرمتو
130.	مرہم	ملامو	مولام	ملامو
131.	مست	مستو	مست	مستی
132.	محضرناما	محضرناما	محضرناما	محضرنامے
133.	محل	مہلو	مہل	مہلو
134.	محصول	مہسولو	ماسول	مہسولو
135.	معمول	مامولو	مامول	مامولو
136.	معرفت	مارفتو	مارکتو	مارفتو
137.	مالش	مولیشو	مالس	مالیشو
138.	منشی	منشی	منشی	منشی
139.	منصف	منسبو	منیسپھو	منسپھو
140.	میز	میجا	میجھے	میج
141.	میدان	میدانمو	میدانم	میدان
142.	موج	موجو	موجا	مجا
143.	لگام	لگامو	لگام	لگام
144.	لاچار	لاچارو	لاچار	لاچار
145.	لائق	لایکو	لایک	لایک
146.	وغیرہ	وگیرا	وگیرا	وگیرا
147.	وصول	وسول	وسول	وسولو
148.	اُستاد	وستادو	وستادی	وستادی
149.	واپس کرنا	واپسوچیہ	واپیس	واپس مارو
150.	وعدہ	وایدا	وایدا	وایدے
151.	وارث	واریسو	وارسو	وارسو
152.	شاباش	شباش	سباش	شاباس
153.	شرط	شرتو	سرتو	شرتو
154.	شہر	شہرو	سہر	شہر
155.	شمار	شمارو	چمار	سمارو

नं०	उत्तर भारत	तेलुगु	तमिल	कन्नड़
72.	तआल्लुक़ा	तालूका	तालूका	तालुकु
73.	दख़ल	दखलु	दाक्कल	दखलायिसु
74.	दग़ाबाज़ी	दगलबाजी	दगलबाजी	डगलबाजी
75.	दग़ा	दगा	दगा	दगा
76.	दफ़ा	दफा	दबा	दफे
77.	दरबान	दरबान	दरबान	दरबान
78.	दरबार	दरबारु	दरबार	दरबार
79.	दरख़्वास्त	दर्खास्त	तरकास्त	दर्खास्तु
80.	दस्तावेज़	दस्तावेजु	दस्तावेज	दस्तावेजु
81.	दावा	दावा	दावा	दावा
82.	दीवान	दिवानु	तिवान	दिवान
83.	दिवाला	दिवाला	तिवाल	दिवालि
84.	दुपट्टा	दुप्पटि	तुपट्टि	दुप्पटि
85.	दुरुस्त	दुरुस्तु	तुरु	दुरुस्तु
86.	नक़ल	नकलु	नकल	नकलु
87.	नमूद	नमोदु	नमोदु	नमूद
88.	नमूना	नमूना	नमूना	नमूना
89	नाज़र	नाजर	नाजर	नाजर
90.	नाज़ुक	नाजूकु	नाचुक	नाजूकु
91.	नाश्ता	नास्ता	नास्ता	नाश्ता
92.	परगना	परगणा	परगाणम्	परगणे
93.	परवाह	पर्वा	परवा	परवा
94.	पूरा	पूरा	पूरा	पूरा
95.	पेशकार	पेषकारु	पेषक्कार	पेष्कार
96.	पैमाइश	पैमायिशि	पैमाश	पैमायिशि
97.	पायजामा	पैजामा	पाइजामा	पाइजामा
98.	पहलवान	पैलुमानु	पयिल्वान	पैलमान
99.	फ़क़त	फ़क्तु	पोतुम्	फकत
100.	फ़ख़्र	फ़ख्र	पांक्किरि	पोकरी
101.	फ़सल	फसल	फसल	फसल
102.	फ़रारी	परार	परारि	परारि
103.	फ़िक्र	फिख्र	पिक्कु	पिकिरि
104.	फ़रियाद	फिर्यादु	पिरादु	फिर्यादु
105.	बग़ल	बगलु	बगल	बगल
106.	बदमाश	बदमाष	बदमाश	बदमाश
107.	बदलना	बदलायिंचु	बदिल	बदलायिसु
108.	बरात	बरातमु	बरातम्	बराता
109.	बहादुर	बहदुरु	बहादुर	बहादुर
110.	बाक़ी	बाकी	बाकि	बाकी
111.	बाज़ूबंद	बाजूबंदी	बंकि	बाजूबन्दी
112.	बाज़ार	बाजारु	बाज़ार	बाजारु
113.	बाबत	बापतु	बापत	बाबतु

نمبر	اُتر بھارت	تیلگو	تمل	کنڑ
.72	تعلقہ	تالوکا	تالوکا	تاللوکو
.73	دخل	دکھلو	داکل	دکھلایسو
.74	دغابازی	دگلباجی	دگلباجی	ڈھگلباجی
75	دغا	دگا	دگا	دگا
.76	دفعہ	دپھا	دپا	دفے
.77	دربان	دربانو	دربان	دربان
.78	دربار	دربارو	دربار	دربار
.79	درخواست	درکھاست	ترکاست	درکھاستو
.80	دستاویز	دستاویجو	دستاویج	دستاویجو
.81	دعوہ	داوا	داوا	داوا
.82	دیوان	دوانو	توان	دیوان
.83	دوالہ	دوالا	توال	دیوالہ
.84	دپٹہ	دپٹی	توپٹی	دوپٹہ
.85	درست	درستو	ترو	درستو
.86	نقل	نکلو	نکل	نکلو
.87	نمود	نمودو	نمودو	نمود
.88	نمونہ	نمونا	نمونا	نمونا
.89	ناظر	ناجر	ناجر	ناجر
.90	نازک	ناجوکو	ناچک	ناجوکو
.91	ناشتہ	ناستا	ناستا	ناشتا
.92	پرگنہ	پرگوان	پرگانم	پرگون
.93	پرواہ	پروا	پروا	پروا
.94	پورا	پورا	پورا	پورا
.95	پیشکار	پشکارو	پیشکار	پیشکار
.96	پیمائش	پیمایش	پیماش	پیمایشی
.97	پایجامہ	پیجاما	پائیجاما	پائیجاما
.98	پہلوان	پہلومانو	پولوان	پیلمان
.99	فقط	فقطو	پوتم	پھکت
.100	فخر	فکھر	پونکری	پوکری
.101	فصل	پھسل	پھسل	پھسل
.102	فراری	پرار	پراری	پراری
.103	فکر	پھکھر	پککو	پکھری
.104	فریاد	پھریادو	پرادو	پھریادو
.105	بغل	بگلو	بگل	بگل
.106	بدمعاش	بدماش	بدماش	بدماش
.107	بدلنا	بدلائچو	بدل	بدلایسو
.108	برات	براتمو	براتم	براتا
.109	بہادر	بہدورو	بہادر	بہادر
.110	باقی	باکی	باکہ	باکی
.111	بازوبند	باجوبندی	بنکہ	باجوبندی
.112	بازار	باجارو	باجار	باجارو
.113	بابت	باپتو	باپت	باپتو

सं०	उत्तर भारत	तेलुगु	तमिल	कन्नड
30.	गरज	गरजु	गरज	गरजु
31.	गलबा	गलबा	कलबा	गलबे
32.	गल्ला	गल्ला	कल्ला	गल्ला
33.	गाड़ीखाना	गाडीखाना	गाडिखाना	गाँडीखाना
34.	गुमाश्ता	गुमास्ता	कुमास्ता	गुमास्ते
35.	गुलाम	गुलाम	कुलाम	गुलाम
36.	चकनामा	चकुनामा	चकबन्दी	चेकनामा
37.	चाबुक	चबुकु	चबुक्कु	चाबूकु
38.	चालाक	चालाकी	चालाक	चालाकु
39.	जब्त	जप्ति	जप्ति	जप्तु
40.	जबर्दस्ती	जबरु	जबरदस्त	जबर्दस्तु
41.	जवाबु	जवाबु	जवाब	जवाबु
42.	जमा	जमा	जमै	जमा
43.	जमाखर्च	जमाखर्चु	जमाबंदी	जमाखर्चु
44.	जमादार	जमादारु	जमेदार	जमादार
45.	जमाबन्दी	जमाबंदि	जमाबंदि	जमाबंदि
46.	जमीन्दार	जमीन्दारु	जमीन्दार	जमीन्दार
47.	जमीन	जमीनु	जमीन	जमीनु
48.	जरी	जरी	जरिगै	जरी
49.	जलसा	जल्सा	जल्सा	जल्सा
50.	जवान	जवानु	जवान	जवान
51.	जवाबदेही	जवाबदारी	जवाबदारि	जवाबदारि
52.	जगह	जागा	जागै	जाग
53.	जागीर	जागीरु	जागीर	जागीरु
54.	जाब्ता	जाबिता	जाबिता	जाबिता
55.	जामिन	जामीनु	जामीन	जामीनु
56.	जारी	जारी	जारि	जारि
57.	ज़ियादा	जास्ती	जास्ति	जास्ति
58.	ज़िला	जिल्ला	जिल्ला	जिल्हा
59.	ज़ुल्म	जुलुमु	जुलम्	जुलुं
60.	ज़ोर	जोरु	जोर	जोरु
61.	टेक्सा	डेक्सा	ढेक्सा	टेग्सा
62.	तकरार	तकरारु	तकरार	तकरारु
63.	ताकीद	ताकीदु	ताकीद्	ताकीदु
64.	तनक़ीह	तनिखी	तनिक्कै	तनखि
65.	तमाशा	तमाषा	तमासा	तमाशे
66.	तैयार	तयारु	तयार	तयारु
67.	तरफ़	तरफ़ु	तरप्पु	तरफ़ु
68.	तराज़ू	तराजु	तरासु	त्रासु
69.	तलाक़	तलाकु	तलमारि	तिलाक
70.	तहसीलदार	तहसीलुदारु	तासीलदार	तहसीलुदार
71.	ताज़ा	ताजा	ताजा(चेक्कु)	ताजा

نمبر	اتر بھارت	تیلگو	تمل	کنڑ
.30	غرض	گرجو	گرج	گرجو
.31	غلبہ	گلبا	کلبا	گلبے
.32	غلہ	گلہ	کلا	گلہ
.33	گاڑی خانہ	گاڈی کھانہ	گاڈی کھانہ	گاڈی کھانا
.34	گماشتہ	گماستہ	کوماستہ	گوماستے
.35	غلام	گلام	کلام	گولام
.36	چکنامہ	چکونامہ	چکبندی	چیکناما
.37	چابک	چبکو	چبکو	چابوکو
.38	چالاک	چالاکی	چالاک	چالاکو
.39	ضبط	جپتی	جپتی	جپتو
.40	زبردستی	جبرو	جبردست	جبردستو
.41	جواب	جبابو	جباب	جبابو
.42	جمع	جما	جمے	جما
.43	جمع خرچ	جماکھرچو	جمابندی	جماکھرچو
.44	جمعدار	جمادارو	جمےدار	جمادار
.45	جمعبندی	جمابندی	جمابندی	جمابندی
.46	زمیندار	جمیندارو	جمیندار	جمیندار
.47	زمین	جمینو	جمین	جمینو
.48	زری	جری	جریگے	جری
.49	جلسہ	جلسا	جلسا	جلسا
.50	جوان	جوانو	جوان	جوان
.51	جوابدہی	جوابداری	جوابداریہ	جوابداریہ
.52	جگہ	جاگا	جاگے	جاگ
.53	جاگیر	جاگیرو	جاگیر	جاگیرو
.54	ضابطہ	جابتا	جابتہ	جابتا
.55	ضامن	جامینو	جامین	جامینو
.56	جاری	جاری	جاری	جاری
.57	زیادہ	جاستی	جاستہ	جاستہ
.58	ضلع	جللا	جلا	جلہا
.59	ظلم	جولوم	جولم	جولوم
.60	زور	جورو	جور	جورو
.61	ٹیکسا	ڈیکسا	ڈھیکسا	ٹیکسا
.62	تکرار	تکرارو	تکرار	تکرارو
.63	تاکید	تاکیدو	تاکید	تاکیدو
64	تنقیح	تنکھی	تنکیے	تنکھہ
.65	تماشہ	تماشا	تماسا	تماشے
.66	تیار	تیارو	تیار	تیارو
.67	طرف	ترپھو	ترپو	ترپھو
.68	ترازو	تراجو	تراسو	تراسو
.69	طلاق	تلاکو	تلماریہ	تلاکو
.70	تحصیلدار	تہصیلودارو	تاسیلدار	تہسیلودار
.71	تازہ	تاجا	تاجا(چیکو)	تاجا

नं०	उत्तर भारत	तेलुगु	तमिल	कन्नड़	मलयालम
6.	इत्र	इत्तर	अत्तर	अत्तर	अत्तर
7.	इनाम	इनाम	इनाम	इनामु	इनाम्
8.	इरसाल	इरसालु	इरसाल	इरसालु	इरसाल
9.	इस्तरी	इस्तिरि	इस्तिरि	इस्त्री	इस्त्री
10.	इक़रारनामा	इकरारु	करारनामा	इकरारनामा	करारु पत्रम्
11.	कचहरी	कचेरी	कच्चेरि	कचेरी	कचेरी
12.	बंदोबस्त	बंदोबस्तु	बंदोपस्तु	बंदोबस्तु	बंदोबस्तु

फ़ारसी अरबी के कुछ ऐसे शब्दों की मिसालें जो उत्तर भारत की आम बोल चाल के साथ साथ दक्खिन की कम से कम तीन भाषाओं में थोड़े से बदले हुए रूप में और उन्हीं अर्थों में चालू हैं :—

नं०	उत्तर भारत	तेलुगु	तमिल	कन्नड़
1.	अमानत	अनामतु	अनामत्तु	अमानतु
2.	अमल	अमलु	अमल	अमलु
3.	अमीन	अमीना	अमीना	अमीन
4.	अलहदा	अलायिदा	अलाति	अलायिदा
5.	आख़िर	आख़रु	आकिर	आख़ीरु
6.	आशना	आष्णा	आश्ना	आष्णा
7.	इलाक़ा	इलाका	इलाका	इलाक़े
8.	ओहदा	होदा	ओदा	ओहदे
9.	कमतरीन	कंतरीन	कंदरी	कंतरी
10.	कमान	कमानु	कमान	कमानु
11.	क़ैद	कायिदु	कैदी	कैदु
12.	क़रार	करारु	करार	करारु
13.	क़लई	कलायि	कलाय	कलाय्
14.	क़वायद	कवातु	कवातु	कवातु
15.	कसरत	कसरतु	कसरत्	कसरत्तु
16.	क़ायम	कायमु	कायम्	कायम्
17.	क़ायदा	कायिदा	कायिदा	कायिदे
18.	काहिल	कायिला	कायला	कायिले
19.	किराया	किरायि	किराम्	किराय
ہم یہ مانتے ہیں کہ ہندی ساہتیہ سمیلن کے کارناموں کے مقابلے میں ہندستانی کلچر سوسائٹی کی یہ سب چیزیں بہت ہی کم ہیں ۔ ہندی ساہتیہ سمیلن کی شاندار عمارتوں کے مقابلے میں ہندستانی کلچر سوسائٹی کے کرائے کے مکان جھونپڑی کی بھی حیثیت نہیں رکھتے. ساہتیہ سمیلن کے پریس کے سامنے ہندستانی کلچر سوسائٹی کا پریس ایک بہت چھوٹی چیز ہے ۔ "نیا ہند" کی ہزار دو ہزار کی گاہک سنکھیا سے سمیلن پترکا کی گاہک سنکھیا کئی گنی ہوگی ۔ ہندستانی کلچر سوسائٹی کوئی امتحان بھی نہیں لیتی. یہ دوسری بات ہے کہ سمیلن کی کسی کسی بات سے ہم سہمت نہ ہوں' لیکن کل ملاکر ہندی ساہتیہ سمیلن نے آج تک دیش کی جو سیوا کی ہے اسکی ہمارے دل میں بڑی قدر ہے ۔ ہندستانی کلچر سوسائٹی ہندی ساہتیہ سمیلن کے سامنے ایک چھوٹی سی غریبامؤ چیز

नहीं. उसने कभी कोई जलसा या कानफ़रेन्स नहीं की. वग़ैरा वग़ैरा.''

टंडन जी जान बूझ कर ग़लत बात कहने वाले आदमी नहीं हैं. फिर यह बातें उनके मुंह से कैसे निकलीं. हम दोनों इलाहाबाद में रहते हैं. अक्सर उनसे मिलना होता है.

सोसाइटी की बातें भी उनसे बहुत बार हो चुकी हैं. सर तेजबहादुर सप्रू सोसाइटी के बानियों में से और उसके पहले सदर थे. डाक्टर ताराचंद बरसों उसके ख़ज़ांची रहे. सर सप्रू, डाक्टर ताराचंद, टंडन जी और हम अक्सर मिलते रहे हैं और तरह तरह की बातें और बहसें होती रही हैं. हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी की मासिक पत्रिका ''नया हिन्द' की भाशा, उसके हिज्जों और उसकी पालिसी के बारे में ख़ुद मेरी टंडन जी से अनेक बार बात चीत हुई है. एक बार मुझे याद है वह मेरी इस राय पर बहुत ख़ुश हुए थे कि उर्दू लिखावट में से ज़े, ज़ाल, ज़्वाद, ज़ो, से, तो, बड़ी हे और ऐन को निकाल दिया जावे और इन हरफ़ों की जगह सब लफ़्ज़ों में सिर्फ़ ज़े, सीन, ते, छोटी हे और अलिफ़ से काम लिया जाये. हमारे लायक़ दोस्त उस्मानिया यूनिवर्सिटी के डाक्टर जाफ़र हुसैन की भी यही राय है. उनके लेख ''नया हिन्द'' में इसी तरह छपते भी हैं. ''नया हिन्द'' नागरी और उर्दू दोनों लिखावटों में अपने ढंग का अकेला पर्चा है और आज लगभग दस बरस से बराबर निकल रहा है. नया हिन्द का अपना प्रेस है. इस प्रेस के लिये, सोसाइटी के दफ़्तर के लिये और सोसाइटी में काम करने वालों के रहने के लिये हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी ने चार अलग अलग मकान साढ़े तीन सौ रुपये माहवार किराये पर ले रखे हैं. हिन्दी, उर्दू और अंग्रेज़ी में सोसाइटी की पच्चीस से ऊपर किताबें इन दस साल में निकल चुकी हैं. जिनमें से अधिकतर हिन्दी में हैं और कई कई ऐडिशनें हो चुकी हैं. सोसाइटी की किताब 'गीता और क़ुरान'' को दोनों धर्मों के विद्वानों ने सराहा है. उसके एक हिस्से का अरबी तरजुमा अरब मुल्कों में भी पसन्द किया गया है. उससे भगवत गीता के बारे में उनकी जानकारी बढ़ी है. हम यहां हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी की किताबों का विज्ञापन करने नहीं बैठे. हमारी लगभग सारी किताबों का एक ही फ़र्ज़ है, वह है राष्ट्र भाशा की सेवा और अलग अलग धर्मों के लोगों में एक दूसरे के धर्मों की जानकारी और एक दूसरे से प्रेम पैदा करने की कोशिश. शायद हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी मुल्क की अकेली संस्था है जिसने कम से कम एक कानफ़रेन्स में मेहतर बहनों के हाथ से दाल रोटी पकवा कर और उन्हीं से परसवा कर सैकड़ों ऊंची जाति के हिन्दुओं और कट्टर मुसलमान

نہیں ۔ اس نے کبھی کوئی جلسہ یا کانفرنس نہیں کی وغیرہ وغیرہ ۔"

ٹنڈن جی جان بوجھکر غلط بات کہنے والے آدمی نہیں ہیں ۔ پھر یہ باتیں ان کے منھ سے کیسے نکلیں ۔ ہم دونوں الہ آباد میں رہتے ہیں ۔ اکثر ان سے ملنا ہوتا ہے ۔

سوسائٹی کی باتیں بھی ان سے بہت بار ہو چکی ہیں ۔ سر تیج بہادر سپرو سوسائٹی کے بانیوں میں سے اور اس کے پہلے صدر تھے ۔ ڈاکٹر تارا چند برسوں اس کے خزانچی رہے ۔ سر سپرو، ڈاکٹر تارا چند، ٹنڈن جی اور ہم اکثر ملتے رہے ہیں اور طرح طرح کی باتیں اور بحثیں ہوتی رہی ہیں ۔ ہندستانی کلچر سوسائٹی کی ماسک پترکا "نیا ہند" کی بھاشا، اس کے ہجے اور اسکی پالیسی کے بارے میں خود میری ٹنڈن جی سے انیک بار بات چیت ہوئی ہے ۔ ایک بار مجھے یاد ہے وہ میری اس رائے پر بہت خوش ہوئے تھے کہ اردو لکھاوٹ میں سے ز، ذ، ض، ظ، ث، ط، ح اور ع کو نکال دیا جائے اور ان حرفوں کی جگہ سب لفظوں میں صرف ز، س، ت، ہ اور ا سے کام لیا جائے ۔ ہمارے لائق دوست عثمانیہ یونیورسٹی کے ڈاکٹر جعفر حسین کی بھی یہی رائے ہے ۔ ان کے لیکھ نیا ہند میں اسی طرح چھپتے بھی ہیں ۔ "نیا ہند" ناگری اور اردو دونوں لکھاوٹوں میں اپنے ڈھنگ کا اکیلا پرچہ ہے اور آج لگ بھگ دس برس سے برابر نکل رہا ہے ۔ نیا ہند کا اپنا پریس ہے ۔ اس پریس کے لئے، سوسائٹی کے دفتر کے لئے اور سوسائٹی میں کام کرنے والوں کے رہنے کے لئے ہندستانی کلچر سوسائٹی نے چار الگ الگ مکان ساڑھے تین سو روپئے ماہوار کرایہ پر لے رکھے ہیں ۔ ہندی، اردو اور انگریزی میں سوسائٹی کی پچیس سے اوپر کتابیں ان دس سال میں نکل چکی ہیں جن میں سے ادھک تر ہندی میں ہیں اور کئی کئی ایڈیشن ہو چکی ہیں ۔ سوسائٹی کی کتاب "گیتا اور قرآن" کو دونوں دھرموں کے ودوانوں نے سراہا ہے ۔ اس کے ایک حصے کا عربی ترجمہ عرب ملکوں میں بھی پسند کیا گیا ہے ۔ اس سے بھگوت گیتا کے بارے میں انکی جانکاری بڑھی ہے ۔ ہم یہاں ہندستانی کلچر سوسائٹی کی کتابوں کا وگیاپن کرنے نہیں بیٹھے ۔ ہماری لگ بھگ ساری کتابوں کا ایک ہی فرض ہے، وہ ہے راشٹر بھاشا کی سیوا اور الگ الگ دھرموں کے لوگوں میں ایک دوسرے کے دھرموں کی جانکاری اور ایک دوسرے سے پریم پیدا کرنے کی کوشش ۔ شاید ہندستانی کلچر سوسائٹی ملک کی اکیلی سنستھا ہے جس نے کم سے کم ایک کانفرنس میں مہتر بہنوں کے ہاتھ سے دال روٹی پکوا کر اور انہیں سے پرسوا کر سیکڑوں اونچی جات کے ہندوؤں اور کٹر مسلمان

जिस दिन सचमुच जागेगी और अपने भले बुरे को समझेगी उस दिन वनस्पति घी के कारखानों का चलना देश में नामुमकिन हो जायगा. और भी बहुत सी बातें हैं जिनमें हमारी राय टंडन जी की राय से मिलती है. एक बहुत बड़ी बात यह है कि टंडन जी राजनीति को गांधी जी के उपदेशों के अनुसार शुद्ध सदाचार के असूलों पर क़ायम रखना चाहते हैं, जब कि हमारे आज के बहुत से हाकिमों को राजनीति और सदाचार के असूलों में कोई सम्बन्ध ही दिखाई नहीं देता. देश के एक बहुत बड़े नेता के, जिनका नाम हम इस वक़्त लेना नहीं चाहते और जिनके दूसरे अनेक गुनों के लिये हमारे दिल में बड़ी इज़्ज़त है, एक मौक़े के यह साफ़ शब्द हैं :--What has politics to do with morals ! यानी राजनीति का सदाचार से क्या वास्ता ! टंडन जी और हम दोनों इस निगाह को ग़लत और मानव उन्नति के लिये घातक मानते हैं. यह सब बातें हमने केवल यह बताने के लिये कहीं हैं कि हमारे दिल में टंडन जी के लिये काफ़ी प्रेम और आदर है.

भाशा का सवाल उन सवालों में से है जिनमें टंडन जी की और हमारी राय कुछ अलग अलग हैं. इस सवाल पर पिछले दिनों पालिमेंट के अन्दर काफ़ी गरमा गरमी रही. हम वहां की बहस में पड़ना नहीं चाहते. पर उस बहस के अन्दर हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी का नाम भी लिया गया. बात यह थी. भारत सरकार ने पिछले दिनों एक अंग्रेज़ी हिन्दी कोश तैयार करने का काम हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी को सौंपा और उसके लिये सोसाइटी को धन की मदद भी दी. हमारी राष्ट्र-भाशा हिन्दी क्या और कैसी होनी चाहिये इस पर अलग अलग राय होना एक क़ुदरती बात है. देश में किसी भी सवाल पर अलग अलग तरह के विचार एक दर्जे तक जीवन का चिन्ह हैं. पर पार्लिमेंट में इस सवाल पर बोलते हुए टंडन जी ने हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी के बारे में कुछ ऐसी बातें कहीं जिन्हें अख़बारों में पढ़ कर हमें थोड़ा सा दुख हुआ. कोई और इस तरह की बातें करता तो शायद हम उस पर ध्यान भी न देते. लेकिन टंडन जी के लिये हमारे दिल में जो जगह है उसने हमें यह नोट लिखने पर मजबूर किया. हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी के बारे में उनके कहने का सार यह बताया जाता है—"हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी कहां और क्या चीज़ है किसी को नहीं मालूम. उसका कहीं कोई दफ़्तर नहीं. सुना है किसी आदमी के रहने के मकान में उसका नाम का दफ़्तर है. इस सोसाइटी ने आज तक हिन्दी में कोई किताब नहीं निकाली. इसका कोई साहित्य

جس دن سچ مچ جاگیگی اور اپنے بھلے برے کو سمجھیگی اُس دن بنسپتی گھی کے کارخانوں کا چلنا دیش میں ناممکن ہوجائیگا . اور بھی بہت سی باتیں ہیں جن میں ہماری رائے ٹنڈن جی کی رائے سے ملتی ہے . ایک بہت بڑی بات یہ ہے کہ ٹنڈن جی راج نیتی کو گاندھی جی کے اُپدیشوں کے انوسار شدھ سداچار کے اصولوں پر قائم رکھنا چاہتے ہیں' جبکہ ہمارے آج کے بہت سے حاکموں کو راج نیتی اور سداچار کے اصولوں میں کوئی سمبندھ ہی دکھائی نہیں دیتا . دیش کے ایک بہت بڑے نیتا کے' جن کا نام ہم اِس وقت لینا نہیں چاہتے اور جن کے دوسرے انیک گنوں کے لئے ہمارے دل میں بڑی عزت ہے' ایک موقع کے یہ صاف شبد ہیں What has politics to do with morals! یعنی راج نیتی کا سداچار سے کیا واسطہ ! ٹنڈن جی اور ہم دونوں اِس نگاہ کو غلط اور مانو اُنتی کے لئے گھاتک مانتے ہیں . یہ سب باتیں ہم نے کیول یہ بتانے کے لئے کہی ہیں کہ ہمارے دل میں ٹنڈن جی کے لئے کافی پریم اور آدر ہے .

بھاشا کا سوال ان سوالوں میں سے ہے جن میں ٹنڈن جی کی اور ہماری رائے کچھ الگ الگ ہیں . اس سوال پر پچھلے دنوں پارلیمنٹ کے اندر کافی گرما گرمی رہی . ہم وہاں کی بحث میں پڑنا نہیں چاہتے . پر اُس بحث کے اندر ہندستانی کلچر سوسائٹی کا نام بھی لیا گیا . بات یہ تھی . بھارت سرکار نے پچھلے دنوں ایک انگریزی ہندی کوش تیار کرنے کا کام ہندستانی کلچر سوسائٹی کو سونپا اور اُس کے لئے سوسائٹی کو دھن کی مدد بھی دی . ہماری راشٹر بھاشا ہندی کیا اور کیسی ہونی چاہیئے اِس پر الگ الگ رائے ہونا ایک قدرتی بات ہے . دیش میں کسی بھی سوال پر الگ الگ طرح کے وچار ایک درجے تک جیون کا چنہ ہیں . پر پارلیمنٹ میں اِس سوال پر بولتے ہوئے ٹنڈن جی نے ہندستانی کلچر سوسائٹی کے بارے میں کچھ ایسی باتیں کہیں جنہیں اخباروں میں پڑھکر ہمیں تھوڑا سا دکھ ہوا . کوئی اور اِس طرح کی باتیں کرتا تو شاید ہم اُس پر دھیان بھی نہ دیتے . لیکن ٹنڈن جی کے لئے ہمارے دل میں جو جگہ ہے اُس نے ہمیں یہ نوٹ لکھنے پر مجبور کیا . ہندستانی کلچر سوسائٹی کے بارے میں اُن کے کہنے کا سار یہ بتایا جاتا ہے :—"ہندستانی کلچر سوسائٹی کہاں اور کیا چیز ہے کسی کو نہیں معلوم . اُس کا کہیں کوئی دفتر نہیں . سنا ہے کسی آدمی کے رہنے کے مکان میں اُس کا نام کا دفتر ہے . اِس سوسائٹی نے آج تک ہندی میں کوئی کتاب نہیں نکالی . اِس کا کوئی ساہتیہ

रे साल एल०, एल०, बी० में और हम पहले साल में.
चार एक साथ होते थे. रोज़ एक दूसरे से मिलना
था. टंडन जी हम से चार साल बड़े हैं. उस दिन
आज तक हम दोनों में प्रेम बराबर बढ़ता गया.
उन्हें हमेशा अपना बड़ा भाई समझते रहे और समझते
हमारे दिल में उनके लिये बड़ी मुहब्बत है, बड़ी
त है. हमें विश्वास है कि उनके दिल में भी हमारे
उतनी ही मुहब्बत है.

राजनीतिक जीवन में प्रवेश करने के साथ साथ यह
और अधिक बढ़ता गया. मुद्दतों हमने मिलकर
किया. कई बातों में हमारा उनका मतभेद भी रहा
और अब भी है. इस तरह का मतभेद किसी भी दो
यों में होना एक मामूली बात है. लेकिन इस मतभेद
मारे आपस के प्रेम में आज तक न कभी फ़रक़ पड़ा
न आइन्दा पड़ सकता है.

कुछ बातों में टंडन जी में और हम में मतभेद रहा
तो बहुत सी बातों में हमारी उनकी राय हमेशा मिलती
रही है. आज भी कई बातों में, जिनमें टंडन जी की
आजकल के सरकारी लोगों की राय से नहीं मिलती,
ारी राय टंडन जी से मिलती है. मिसाल के लिये
ारे अधिकतर हाकिम खद्दर और गांव के धन्धों में
तरह का विश्वास नहीं रखते जैसा टंडन जी और हम.
न जी इस देश के लाखों गांवों को ज़िन्दा रखने और
ावलम्बी बनाने के हक़ में हैं. हमारे बहुत से आजके
केम, उनसे बन पड़े तो, गांव को खतम कर के शहरों
खपा लेना चाहते हैं. हमारी राय इस बारे में पूरी
टंडन जी की राय से मिलती है. टंडन जी मिल की
नी और बनस्पति घी को देश की तन्दुरुस्ती और आम
गों की माली बहबूदी के लिये नाशकर समझते हैं.
ारे बड़े बड़े हाकिम इस बारे में उनका मज़ाक़ उड़ाते
उन्हें यक़ीन है कि लाल गुड़ के मुक़ाबिले में मिल की
ेद चीनी तरक़्क़ी की पहचान है. उनके विद्वान साइन-
टस्ट उन्हें बताते हैं कि बनस्पति घी तन्दुरुस्ती के लिये
त मुफ़ीद चीज़ है. उन्हें दया आती है टंडन जी जैसे उन
ों पर जो घंटों असली घी और बनस्पति घी की बहसों
बिता देते हैं. हम इन बातों में सोलह आने टंडन जी
साथ हैं. मिलों की सफ़ेद चीनी और बनस्पति घी
ों को हम देशवासियों की तन्दुरुस्ती के लिये नाशकर
नते हैं हमें अपने उन हाकिमों पर दया आती है जिन्हें
नी आंखों और गली गली के आये दिन के तजुरबों
उतना भरोसा नहीं है जितना अपने खास साइन्टिस्टों
. हम इन बातों पर योरप और अमरीका के उन बेलाग
न्स दानों की राय से भी वाक़िफ़ हैं जो पूरी तरह
से सहमत हैं. हमें यक़ीन है कि भारत की आम जनता

ں سال ایل۔ ایل۔ بی۔ میں اور ہم پہلے سال میں،
ایک ساتھ ہوتے تھے۔ روز ایک دوسرے سے ملنا ہوتا تھا۔
ن جی ہم سے چار سال بڑے ہیں۔ اس دن سے آج
تک ہم دونوں میں پریم برابر بڑھتا گیا۔ ہم انہیں
ہمیشہ اپنا بڑا بھائی سمجھتے رہے اور سمجھتے ہیں۔
ہمارے دل میں ان کے لئے بڑی محبت ہے، بڑی عزت
ہے۔ ہمیں وشواس ہے کہ ان کے دل میں بھی ہمارے لئے
اتنی ہی محبت ہے۔

راجنیتک جیون میں پرویش کرنے کے ساتھ ساتھ یہ
پریم اور ادھک بڑھتا گیا۔ مدتوں ہم نے ملکر کام کیا۔
کئی باتوں میں ہمارا ان کا مت بھید بھی رہا ہے اور
اب بھی ہے۔ اس طرح کا مت بھید کسی بھی دو
بھائیوں میں ہونا ایک معمولی بات ہے۔ لیکن اس
مت بھید سے ہمارے آپس کے پریم میں آج تک نہ کبھی
فرق پڑا اور نہ آئندہ پڑسکتا ہے۔

کچھ باتوں میں ٹنڈن جی میں اور ہم میں مت
بھید رہا ہے تو بہت سی باتوں میں ہماری انکی رائے
ہمیشہ ملتی بھی رہی ہے۔ آج بھی کئی باتوں میں،
جن میں ٹنڈن جی کی رائے آجکل کے سرکاری لوگوں کی
رائے سے نہیں ملتی، ہماری رائے ٹنڈن جی سے ملتی ہے
مثال کے لئے ہمارے ادھکتر حاکم کھدر اور گاؤں کے
دھندوں میں اس طرح کا وشواس نہیں رکھتے جیسا
ٹنڈن جی اور ہم۔ ٹنڈن جی اس دیش کے لاکھوں گاؤں
کو زندہ رکھنے اور سوالمبی بنانے کے حق میں ہیں۔
ہمارے بہت سے آج کے حاکم، ان سے بن پڑے تو، گاؤں کو
ختم کرکے شہروں میں کھپا لینا چاہتے ہیں۔ ہماری
رائے اس بارے میں پوری طرح ٹنڈن جی کی رائے سے
ملتی ہے۔ ٹنڈن جی مل کی چینی اور بنسپتی گھی
کو دیش کی تندرستی اور عام لوگوں کی مالی بہبودی
کے لئے ناشکر سمجھتے ہیں۔ ہمارے بڑے بڑے حاکم
اس بارے میں ان کا مذاق اڑاتے ہیں۔ انہیں یقین ہے
کہ لال گڑ کے مقابلے میں مل کی سفید چینی ترقی کی
پہچان ہے۔ ان کے ودوان سائنٹسٹ انہیں بتاتے ہیں
کہ بنسپتی گھی تندرستی کے لئے بہت مفید چیز ہے۔
انہیں دیا آتی ہے ٹنڈن جی جیسے ان لوگوں پر جو
گھنٹوں اصلی گھی اور بنسپتی گھی کی بحثوں میں
بتا دیتے ہیں۔ ہم ان باتوں میں سولہ آنے ٹنڈن جی
کے ساتھ ہیں۔ ملوں کی سفید چینی اور بنسپتی گھی
دونوں کو ہم دیش واسیوں کی تندرستی کے لئے ناشکر
مانتے ہیں۔ ہمیں اپنے ان حاکموں پر دیا آتی ہے جنہیں
اپنی آنکھوں اور گلی گلی کے آئے دن کے تجربوں پر اتنا
بھروسہ نہیں ہے جتنا اپنے خاص سائنٹسٹوں پر۔ ہم ان
باتوں پر یورپ اور امریکہ کے ان بے لاگ سائنس دانوں کی
رائے سے بھی واقف ہیں جو پوری طرح ہم سے سہمت
ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ بھارت کی عام جنتا

कों दूसरे हिन्दू और मुसलमान सूफ़ियों और भगतों ने इस ज़माने में उस प्रेम धर्म की बुनियादें रक्खीं जो अपने पहले के कट्टर हिन्दू धर्म और कट्टर इस्लाम दोनों से बढ़ कर और ऊंचा था. बुराइयां कुछ न कुछ हर देश और हर ज़माने में होती हैं. उस ज़माने में भी थीं. लेकिन अगर उस ज़माने के इतिहास को पूरी तरह ठीक ठीक और सच्चाई के साथ पढ़ा जाये तो मालूम होगा कि वह ज़माना ऐसा ज़माना था जिस पर हिन्दू और मुसलमान दोनों का जाइज़ फ़ख़्र हो सकता है और जिस को पढ़ कर हम में आपस में नफ़रतें बढ़ने के बजाय मुहब्बत और एक दूसरे की क़दर बढ़ेगी. इतिहास के कुछ नये लिखने वालों ने इस बात को देखा और अपनी नई किताबों में पुरानी किताबों के इस दोष को कम करने की कोशिश की.

क़ुदरती तौर पर देश के जो पढ़े लिखे लोग इतिहास की उन पुरानी किताबों पर पले थे उन्हीं को सच्चा मानते हैं और जिन के विचार इन बातों में पक गये थे उन्हें यह नया रुझान अच्छा नहीं लग सकता था. हम अपने पहले नोट में भी कह चुके हैं और फिर कहते हैं कि देश के ऐसे भाइयों की ईमान्दारी में हम संदेह नहीं करते. ऐसे लोगों का यह चाहना भी क़ुदरती है कि हमारे बच्चों के लिये इतिहास की पुस्तकें उसी मामले में उसी ढंग की हों जैसी अंग्रेज़ों के वक़्तों से चली आ रही हैं. लेकिन जब यह चाह या ऐसे विचार ख़ास मौक़े पर किसी तालीमी संस्था या उस के आदमियों के सामने किसी ज़िम्मेदार तरफ़ से ज़ाहिर किये जायें तो उन का असर बहुत ग़लत हो सकता है और हमारे इतिहास लेखकों की आज़ादी और देश की उन्नति दोनों में रुकावट डाल सकता है. हमारी क़तई राय है कि इतिहास के लेखक पूरी तरह और उतने ही आज़ाद और बेलाग होने चाहियें जितने अदालतों के जज.

श्री के० एम० मुन्शी के विचारों और हमारे विचारों में इतिहास पर, धर्म पर, सैकूलर राज और हिन्दू राज पर या साम्प्रदायक सवाल पर काफ़ी मतभेद है. पर हमें उनकी ईमान्दारी पर इतना भरोसा है कि हम यह नहीं मान सकते कि वह किसी से इतिहास को जान बूझ कर तोड़ने मोड़ने के लिये कहेंगे.

1. 4. '54 —सुन्दरलाल

टंडन जी और हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

टंडन जी का और हमारा सम्बन्ध आज कम से कम 48 बरस पुराना सम्बन्ध है. बाबू पुरुषोत्तमदास टंडन और हम दोनों इलाहाबाद की क्लास में पढ़ते थे. वह

سیکڑوں دوسرے ہندو اور مسلمان صوفیوں اور بھگتوں نے اس زمانہ میں اس پریم دھرم کی بنیادیں رکھیں جو اپنے سے پہلے کے کٹر ہندو دھرم اور کٹر اسلام دونوں سے بڑھکر اور اونچا تھا۔ برائیاں کچھ نہ کچھ ہر دیش اور ہر زمانے میں ہوتی ہیں۔ اس زمانے میں بھی تھیں۔ لیکن اگر اس زمانے کے اتہاس کو پوری طرح ٹھیک ٹھیک اور سچائی کے ساتھ پڑھا جائے تو معلوم ہوگا کہ وہ زمانہ ایسا زمانہ تھا جس پر ہندو اور مسلمان دونوں کو جائز فخر ہوسکتا ہے اور جسکو پڑھکر ہم میں آپس میں نفرتیں بڑھنے کے بجائے محبت اور ایک دوسرے کی قدر بڑھیگی۔ اتہاس کے کچھ نئے لکھنے والوں نے اس بات کو دیکھا اور اپنی نئی کتابوں میں پرانی کتابوں کے اس دوش کو کم کرنے کی کوشش کی۔

قدرتی طور پر دیش کے جو پڑھے لکھے لوگ اتہاس کی ان پرانی کتابوں پر پلے تھے انہیں کو سچا مانتے تھے اور جن کے وچار ان باتوں میں پک گئے تھے انہیں یہ نیا رجحان اچھا نہیں لگ سکتا تھا۔ ہم اپنے پہلے نوٹ میں بھی کہہ چکے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ دیش کے ایسے بھائیوں کی ایمانداری میں ہم سندیہہ نہیں کرتے۔ ایسے لوگوں کا یہ چاہنا بھی قدرتی ہے کہ ہمارے بچوں کے لئے اتہاس کی پستکیں اس معاملے میں اسی ڈھنگ کی ہوں جیسی انگریزوں کے وقتوں سے چلی آرہی ہیں۔ لیکن جب یہ چاہ ایسے وچار خاص موقع پر کسی تعلیمی سنستھا یا اس کے آدمیوں کے سامنے کسی ذمہ دار طرف سے ظاہر کئے جائیں تو ان کا اثر بہت غلط ہوسکتا ہے اور ہمارے اتہاس لیکھکوں کی آزادی اور دیش کی انتی دونوں میں رکاوٹ ڈال سکتا ہے۔ ہماری قطعی رائے ہے کہ اتہاس کے لیکھک پوری طرح اور اتنے ہی آزاد اور بےلاگ ہونے چاہئیں جتنے عدالتوں کے جج۔

شری کے۔ ایم۔ منشی کے وچاروں اور ہمارے وچاروں میں، اتہاس پر، دھرم پر، سیکولر راج اور ہندو راج پر یا سامپردائک سوال پر کافی مت بھید ہے۔ پر ہمیں انکی ایمانداری پر اتنا بھروسہ ہے کہ ہم یہ نہیں مان سکتے کہ وہ کسی سے اتہاس کو جان بوجھکر توڑنے موڑنے کے لئے کہیں گے۔

—سندر لال 1. 4. '54

ٹنڈن جی اور ہندستانی کلچر سوسائٹی

ٹنڈن جی کا اور ہمارا سمبندھ آج کم سے کم 48 برس پرانا سمبندھ ہے۔ بابو پرشوتم داس ٹنڈن اور ہم دونوں الہ آباد کی کلاس میں پڑھتے تھے۔ وہ

हमारी राय

ہماری رائے

"विद्यार्थी आन्दोलन और श्री के० एम० मुंशी"

ऊपर के सरबन्ध से दिसम्बर के नया हिन्द में हमारा एक नोट निकला है. हम से कहा गया है कि उससे कुछ भाइयों ने यह समझा कि श्री के० एम० मुंशी ने चाहा था कि मुस्लिम बादशाहों के अच्छे कामों को कम करके दिखाया जावे और उनकी बुराइयों को बढ़ा कर दिखाया जावे यानी यह कि उन्होंने जान बूझ कर हिस्ट्री को मोड़ना तोड़ना चाहा. हमारे उस नोट में यह बात नहीं थी. हमारी बात साफ़ थी और साफ़ है. वह यह कि अंग्रेज़ हाकिमों ने हमें एक दूसरे से लड़ाने और अपनी पोलिटिकल ग़रज़ पुरी करने के लिये जान बूझ कर हमारे इतिहास को तोड़ा मोड़ा. उस ग़लत और एक तरफ़ा इतिहास का हमारे हज़ारों देश वासियों पर बुरा असर पड़ा जो बदक़िस्मती से अब तक मौजूद है. नफ़रतें बढ़ीं और जो न होना था हुआ. धीरे धीरे इतिहास के कुछ लिखने वालों की आंखें खुलीं. उन्होंने साफ़ देखा कि मुस्लिम बादशाहों के ज़माने में इस देश ने जीवन के लगभग हर पहलू में असाधारन उन्नति की थी. शाहजहां से औरंगज़ेब तक का ज़माना इस देश के इतिहास का वह ज़माना था जब सचमुच सारा देश धनधान्य से लहलहाता था और जैसा कहा जाता है दूध और घी की इस देश में नदियां बहती थीं. हमारी दस्तकारियां और तिजारत उस ज़माने में इस दर्जे बढ़ी हुई थीं कि अठारहवीं सदी तक हम बाहर की आधी दुनिया को ज़िन्दगी की सैकड़ों ज़रूरतें मुहय्या करते थे. धर्म के मामले में भी भारत के बड़े से बड़े मुसलमान बादशाहों की अगर हम उस ज़माने के यूरोप के और दुनिया के दूसरे बड़े देशों के बादशाहों से तुलना करें तो भारत के मुसलमान बादशाह उनके मुक़ाबिले में उदारता, रवादारी और इन्साफ़ की मूर्ति दिखाई देंगे. इस्लाम और हिन्दू धर्म के मेल से कबीर और नानक, दादू और चिश्ती, तुकाराम और नामदेव और

"ودیارتھی آندولن اور شری کے. ایم. منشی"

اوپر کے سربندھ سے دسمبر کے نیا ہند میں ہمارا ایک نوٹ نکلا ہے. ہم سے کہا گیا ہے کہ اس سے کچھ بھائیوں نے یہ سمجھا کہ شری کے. ایم. منشی نے چاہا تھا کہ مسلم بادشاہوں کے اچھے کاموں کو کم کر کے دکھایا جاوے اور اُن کی برائیوں کو بڑھا کر دکھایا جاوے یعنی یہ کہ انہوں نے جان بوجھکر ہسٹری کو موڑنا توڑنا چاہا. ہمارے اس نوٹ میں یہ بات نہیں تھی. ہماری بات صاف تھی اور صاف ہے. وہ یہ کہ انگریز حاکموں نے ہمیں ایک دوسرے سے لڑانے اور اپنی پولیٹکل غرض پوری کرنے کے لئے جان بوجھکر ہمارے اتہاس کو توڑا موڑا. اس غلط اور ایک طرفہ اتہاس کا ہمارے ہزاروں دیش واسیوں پر برا اثر پڑا جو بدقسمتی سے اب تک موجود ہے. نفرتیں بڑھیں اور جو نہ ہونا تھا ہوا. دھیرے دھیرے اتہاس کے کچھ لکھنے والوں کی آنکھیں کھلیں. انہوں نے صاف دیکھا کہ مسلم بادشاہوں کے زمانے میں اس دیش نے جیون کے لگ بھگ ہر پہلو میں اسادھارن انتی کی تھی. شاہ جہاں سے اورنگ زیب تک کا زمانہ اس دیش کے اتہاس کا وہ زمانہ تھا جب سچ مچ سارا دیش دھن دھانیہ سے لہلہاتا تھا اور جیسا کہا جاتا ہے دودھ اور گھی کی اس دیش میں ندیاں بہتی تھیں. ہماری دستکاریاں اور تجارت اس زمانے میں اس درجے بڑھی ہوئی تھیں کہ اٹھارھویں صدی تک ہم باہر کی آدھی دنیا کو زندگی کی سیکڑوں ضرورتیں مہیا کرتے تھے. دھرم کے معاملے میں بھی بھارت کے بڑے سے بڑے مسلمان بادشاہوں کی اگر ہم اس زمانے کے یورپ کے اور دنیا کے دوسرے بڑے دیشوں کے بادشاہوں سے تلنا کریں تو بھارت کے مسلمان بادشاہ ان کے مقابلہ میں اُدارتا، رواداری اور انصاف کی مورتی دکھائی دینگے. اسلام اور ہندو دھرم کے میل سے کبیر اور نانک، دادو اور چشتی، تکارام اور نام دیو اور

चीनी बच्चों ने जतन किया और साठ हज़ार येन इकट्ठा करके कोरिया के अनाथ बच्चों को भेजा, इस सब का वर्नन बहुत ही मनमोहक है.

देशप्रेम का भाव तो इस किताब के लगभग हर लेख में पाया जाता है. पब्लिक की मिल्कियत का विचार किस तरह से बच्चों में कूट कूट कर भरा है इसकी एक मिसाल सफ़ा 48 के लेख में देखियेः—

"पी-येंग दौड़ता हुआ मेरे पास आया उसने कहा गेंद मत खेलो बल्कि स्कूल लाइब्रेरी के पढ़ने वाले कमरे की तरफ़ चलो वहां अभी नई तस्वीरों की किताबें आई हैं. जब मैं अपना नाम लिखने लगा तो मेरी नज़र अपने हाथों पर पड़ी. मेरे हाथ गंदे और पसीने में तर थे. मैं हाथ धुलाने वाले की तरफ़ लपका. पी-येंग ने पूछा कहां जा रहे हो? मैंने जवाब दिया तुम जानते हो कि मैं गेंद खेल रहा था, मेरे हाथ गन्दे हैं, ऐसी सूरत में किताब पढ़ कर उस के पन्नों को मैला नहीं करना चाहता. क्या हम को पब्लिक जाइदाद की देख भाल करने की सीख नहीं दी गई?" आज हिन्दुस्तान में यह भाव कितने बड़ों के दिलों में है—क्यों? ख़ुद समाज ही इस का जवाब दे सकता है.

एक दूसरा बच्चा स्कूल मास्टर बनना चाहता है. उस के भावों का ज़रा अन्दाज़ा लगाइये :—

"कुछ दिनों की पढ़ाई के बाद मेरे शागिर्द लिखना सीखेंगे. वह लिखेंगे—एक, दो, तीन, चार .....कुत्ता, बिल्ली और कुछ दिनों के बाद वह यह जुम्ला जान जायंगे—ऐ मेरे प्यारे वतन मैं तुमसे मुहब्बत करता हूं. इसके बाद वह लिखेंगे—मैं इन्जीनियर बनना चाहता हूं. उस बीज की तरह जो माली बोता है वह जल्दी जल्दी बढ़ने लगेंगे और फिर अपने सारे गुनों के साथ हमारे देश की उपजाऊ ज़मीन में फूलेंगे. मेरे कुछ शागिर्द हवाबाज़ बन कर मातृ भूमि की सीमाओं की रक्षा करेंगे......कुछ डाक्टर बन कर जनता की तन्दुरुस्ती की रखवाली करेंगे और उनकी ज़िन्दगी को बढ़ाने की कोशिश करेंगे. मुझे उम्मीद है कि मेरे सारे शागिर्द अच्छे शहरी बनेंगे और वतन की बहादुरी से सेवा करेंगे

इन लेखों और नज़्मों को पढ़ कर चीन के इन्क़िलाब के असर का अन्दाज़ा होता है.

—अज़हर अन्सारी

چینی بچوں نے جتن کیا اور ساٹھ ہزار ین اکٹھا کر کے کوریا کے اناتھ بچوں کو بھیجا' اس سب کا ورنن بہت ہی منموہک ہے ۔

دیش پریم کا بھاؤ تو اس کتاب کے لگ بھگ ہر لیکھ میں پایا جاتا ہے۔ پبلک کی ملکیت کا وچار کس طرح سے بچوں میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہے اسکی ایک مثال صفحہ 42 کے لیکھ میں دیکھئے:—

' پی-اینگ دوڑتا ہوا میرے پاس آیا ۔ اس نے کہا گیند مت کھیلو بلکہ اسکول لائبریری کے پڑھنے والے کمرے کی طرف چلو ۔ وہاں ابھی نئی تصویروں کی کتابیں آئی ہیں۔ جب میں اپنا نام لکھنے لگا تو میری نظر اپنے ہاتھوں پر پڑی ۔ میرے ہاتھ گندے اور پسینے میں تر تھے ۔ میں ہاتھ دھلانے والے کی طرف لپکا ۔ پی-ینگ نے پوچھا کہاں جا رہے ہو؟ میں نے جواب دیا تم جانتے ہو کہ میں گیند کھیل رہا تھا' میرے ہاتھ گندے ہیں' ایسی صورت میں کتاب پڑھکر اس کے پنوں کو میلا نہیں کرنا چاہتا ۔ کیا ہمکو پبلک جائداد کی دیکھ بھال کرنے کی سیکھ نہیں دی گئی ؟" آج ہندستان میں یہ بھاؤ کتنے بڑوں کے دلوں میں ہے—کیوں ؟ خود سماج ہی اس کا جواب دے سکتا ہے ۔


ایک دوسرا بچہ اسکول ماسٹر بننا چاہتا ہے ۔ اس کے بھاؤں کا ذرا اندازہ لگائیے :—

"کچھ دنوں کی پڑھائی کے بعد میرے شاگرد لکھنا سیکھیں گے۔ وہ لکھیں گے—ایک' دو' تین' چار...کتا—بلی اور کچھ دنوں بعد وہ یہ جملہ جان جائیں گے—اے میرے پیارے وطن میں تجھ سے محبت کرتا ہوں ۔ اس کے بعد وہ لکھیں گے—میں انجینئر بننا چاہتا ہوں ۔ اس بیج کی طرح جو مالی بوتا ہے وہ جلدی جلدی بڑھنے لگیں گے اور پھر اپنے سارے گنوں کے ساتھ ہمارے دیش کی اپجاؤ زمین میں پھولیں گے ۔ میرے کچھ شاگرد ہوا باز بنکر ماتربھومی کی سیماؤں کی رکشا کریں گے......کچھ ڈاکٹر بنکر جنتا کی تندرستی کی رکھوالی کریں گے اور انکی زندگی کو بڑھانے کی کوشش کریں گے۔ مجھے امید ہے کہ میرے سارے شاگرد اچھے شہری بنیں گے اور وطن کی بہادری سے سیوا کریں گے۔

ان لیکھوں اور نظموں کو پڑھکر چین کے انقلاب کے اثر کا اندازہ ہوتا ہے ۔

—اظہر انصاری

कुछ किताबें



کچھ کتابیں

"नया चीन चीनी बच्चों की नज़र में"

लिखने वाले—बहुत से चीनी लड़के और लड़कियां जिनकी उम्र 12 साल से ले कर 16 साल है; निकालने वाले—फ़ॉरेन लैंग्वेजेज़ प्रेस, पेकिंग; लिखावट अंग्रेज़ी; सफ़े—73.

यह किताब चीनी बच्चों के लेखों और नज़्मों का संग्रह है. किताब को दो भागों में बांटा गया है—नसर और नज़्म (कविता). इस में 19 लेख हैं और छः कवितायें. लेखों में तरह तरह के विषयों पर लेख लिखे गये हैं—चेयरमैन माओ को फूलों का उपहार, मामा सैंग के नाम एक ख़त, पौधों का लगाना, तार में गने का आला, मज़दूरी का फल, माओत्से तुंग का दर्शन, तेन लिंग की पहाड़ियों की सैर, नया मकान, शहर को नये जीवन की देन, अपनी पसंद की किताबें, स्कूल को फुलवाड़ी बनाना, अपने हाथों अपने दोस्त, ठीक अमल, जन सेवी इंजीनियर, माओत्से तुंग का होनहार चेला.

नज़्मों का शीर्षक है—सुन्दर जीवन का तराना, पेकिंग लायब्रेरी का स्वागत, एक इच्छा, जन सेवी मास्टर बनना, धरती के ख़ज़ानों की खोज, कीमिया में माहिर बनने की उमंग, चीन की आज़ाद फ़ौज और सेना.

चीन के बच्चों के इस शाहकार में चार बातें बहुत साफ़ दिखाई पड़ती हैं—देशभक्ति, ज्ञान की अनथक खोज, तन्दुरुस्ती की देख-भाल और चेयरमैन माओ से प्रेम. इस किताब में देश प्रेम के साथ साथ अन्तर्राष्ट्रीय भाव, मेल और मुहब्बत के भाव भी कूट कूट कर भरे हैं. अन्तर्राष्ट्रीय बच्चों का दिल-बहलाने का जिस तरह से

"نیا چین چینی بچوں کی نظر میں"

لکھنے والے—بہت سے چینی لڑکے اور لڑکیاں جن کی عمر 12 سال سے لے کر 16 سال ہے؛ نکالنے والے—فارین لینگویج پریس، پیکنگ؛ لکھاوٹ انگریزی؛ صفحے 73 .

یہ کتاب چینی بچوں کے لیکھوں اور نظموں کا سنگرہ ہے . کتاب کو دو بھاگوں میں بانٹا گیا ہے—نثر اور نظم (کویتا) . اس میں 19 لیکھ ہیں اور چھ کویتائیں . لیکھوں میں طرح طرح کے وشیوں پر لیکھ لکھے گئے ہیں، چیرمین ماؤ کو پھولوں کا اپہار، ماما سینگ کے نام ایک خط، پودوں کا لگانا، تار میں گنے کا آلہ، مزدوری کا پھل، ماؤزے تنگ کا درشن، تین لنگ کی پہاڑیوں کی سیر، نیا مکان، شہر کو نئے جیون کی دین، اپنی پسند کی کتابیں، اسکول کو پھلواڑی بنانا، اپنے ہاتھ اپنے دوست، ٹھیک عمل، جن سیوی انجینیر، ماؤزے تنگ کا ہونہار چیلا .

نظموں کا شیرشک ہے—سندر جیون کا ترانہ، پیکنگ لائبریری کا سواگت، ایک اچھا، جن سیوی ماسٹر بننا، دھرتی کے خزانوں کی کھوج، کیمیا میں ماہر بننے کی امنگ، چین کی آزاد فوج اور سینا .

چین کے بچوں کے اس شاہکار میں چار باتیں بہت صاف دکھائی پڑتی ہیں—دیش بھکتی، گیان کی انتھک کھوج، تندرستی کی دیکھ بھال اور چیرمین ماؤ سے پریم . اس کتاب میں دیش پریم کے ساتھ ساتھ انتر راشٹریہ بھاؤ، میل اور محبت کے بھاؤ بھی کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں . انتر راشٹریہ بچوں [illegible] ملانے کا جس طرح سے

चेकोस्लोवाक ओरियेन्टल इन्सटीट्यूट "आरक्यो ओरियेन्तालनी" नाम की एक पत्रिका निकालती है जिसमें वहां के उन लोगों को जो भारत की भाषाएं जानते हैं हिन्दी, बंगला और पंजाबी की बहुत ऊंचे दर्जे की जानकारी कराई जाती है और उसका प्रचार किया जाता है. दूसरे लोगों की ज़बानों की जानकारी से केवल यही फ़ायदा नहीं है कि उनसे हमारा अपना साहित्य मालामाल होता है बल्कि अलग अलग क़ौमों को एक दूसरे के नज़दीक लाने और उन्हें मित्रता के बंधनों में बांधने में भी इससे बहुत बड़ी मदद मिलती है. इस अन्तरक़ौमी मित्रता के लिये एक दूसरे की भाषाओं को सीखना और जानना ज़रूरी है. हिन्दुस्तान के लिये अब ज़रूरी है कि वह इस बात की तरफ़ ध्यान दे और दूसरे देशों के साथ कंधे से कंधा मिला कर इन्सानी बराबरी और एकता के इस मैदान में क़दम बढ़ाये.

हमें यह भी चाहिये कि होली, दीवाली और ईद जैसे मौक़े पर देश के अलग अलग हिस्सों में अलग अलग हिस्सों की कलचर और वहां की कला के एक साथ प्रदर्शन करें जिससे एक दूसरे की टिकनीक और तरीक़ों को समझ कर सब उन्नति कर सकें और मिल कर एक क़ौमी कलचर और क़ौमी कला को उभार कर सकें. इस तरह के प्रदर्शनों से आम लोगों का शौक़ बढ़ेगा. देश की कला फैलेगी और तरक़्क़ी करेगी, हमारे क़ौमी त्योहार में नई जान पड़ेगी और उनकी क़दर बढ़ेगी.

چیکوسلوواک اورینٹل انسٹیٹیوٹ "آرچیو اورینٹالنی" نام کی ایک پترکا نکالتی ہے جس میں وہاں کے ان لوگوں کو جو بھارت کی بھاشائیں سیکھتے ہیں ہندی، بانگلا اور پنجابی کی بہت اونچے درجے کی جانکاری کرائی جاتی ہے اور اس کا پرچار کیا جاتا ہے۔ دوسرے لوگوں کی زبانوں کی جانکاری سے کیول یہی فائدہ نہیں ہے کہ اس سے ہمارا اپنا ساہتیہ مالا مال ہوتا ہے بلکہ الگ الگ قوموں کو ایک دوسرے کے نزدیک لانے اور انہیں مترتا کے بندھنوں میں باندھنے میں اس سے بہت بڑی مدد ملتی ہے۔ اس انتر قومی مترتا کے لئے ایک دوسرے کی بھاشاؤں کو سیکھنا اور جاننا ضروری ہے۔ ہندوستان کے لئے اب ضروری ہے کہ وہ اس چیز کی طرف دھیان دے اور دوسرے دیشوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملاکر انسانی برابری اور ایکتا کے اس میدان میں قدم بڑھائے۔

ہمیں یہ بھی چاہیئے کہ ہولی، دیوالی اور عید جیسے موقعہ پر دیش کے الگ الگ حصوں میں الگ الگ حصوں کی کلچر اور وہاں کی کلا کے ایک ساتھ پردرشن کریں جس سے ایک دوسرے کی تکنیک اور طریقوں کو سمجھ کر سب انتی کر سکیں اور ملکر ایک قومی کلچر اور قومی کلا کو ابھار سکیں۔ اس طرح کے پردرشنوں سے عام لوگوں کا شوق بڑھے گا۔ دیش کی کلا پھیلے گی اور ترقی کریگی، ہمارے قومی تیوہاروں میں نئی جان پڑیگی اور انکی قدر بڑھیگی۔

ईसा का सन्देश

लेखक—डाक्टर जे. सी. कुमारप्पा.

अनुवादक—सुरेश रामभाई.

इस किताब में हज़रत ईसा के सन्देश की व्याख्या ऐसे लाजवाब ढंग से की गई है कि पढ़ने वाला बड़ी आसानी से यह समझ जायगा कि ईसाई धर्म की ख़ास तालीम क्या है और हज़रत ईसा ने इनसान-इनसान की बराबरी, भाई चारे, प्रेम और अहिन्सा पर कितना ज़ोर दिया है.

महात्मा गांधी ने इस किताब के बारे में कहा है कि—

"हर आस्तिक से, चाहे वह ईसाई हो या किसी और धर्म का मानने वाला हो, मेरी सिफ़ारिश है कि इसे पढ़े... "

सुन्दर जिल्द, बढ़िया काग़ज़, क़रीब सवा सौ सफ़े की किताब का दाम सिर्फ़ एक रुपया.

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द', 1:6 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

عیسیٰ کا سندیش

لیکھک—ڈاکٹر جے۔ سی۔ کمارپا۔

انوادک—سریش رام بھائی۔

اس کتاب میں حضرت عیسیٰ کے سندیش کی ویاکھیا ایسے لاجواب ڈھنگ سے کی گئی ہے کہ پڑھنے والا بڑی آسانی سے یہ سمجھ جائیگا کہ عیسائی دھرم کی خاص تعلیم کیا ہے اور حضرت عیسیٰ نے انسان انسان کی برابری بھائی چارے، پریم اور اہنسا پر کتنا زور دیا ہے۔

مہاتما گاندھی نے اس کتاب کے بارے میں کہا ہے کہ—

"ہر آستک سے، چاہے وہ عیسائی ہو یا کسی اور دھرم کا ماننے والا ہو، میری سفارش ہے کہ اسے پڑھے..."

سندر جلد، بڑھیا کاغذ، قریب سوا سو صفحے کی کتاب کا دام صرف ایک روپیہ۔

ملنے کا پتہ—

مینیجر، 'نیا ہند'، 145 مٹھی گنج، الہ آباد۔

हमारे यहां की कला थोड़े से लोगों की बपौती न रह जाए. वह केवल पेशावरों की चीज़ ही न रह जाए. ज़रूरत पड़ने पर वह पुराने ढांचों और पुराने सांचों को तोड़ कर ज़्यादा आज़ादी से उन्नत कर सके ताकि आगे आने वाली नसलों के दिल और दिमाग़ जिन नए आदर्शों को पसन्द करते हैं वह आदर्श हमारी कला के अंग बन सकें. हमारी कला अब उन बड़े दिल के और उन्नत शील लोगों के हाथों में जानी चाहिये जिनकी पसन्द ऊंची हो और जो आजकल की दुनिया की ऊंची से ऊंची कलचर को समझ सकें और अपने यहां की कलचर से उसका ताल मेल बैठा सकें. इस तरह हमारी कलचर और हमारी कला सच्चे मानों में क़ौमी और जानदार बन सकेगी और दुनिया के कलावन्तों और समझदार लोगों की निगाहों में चढ़ सकेगी.

देश की तरक़्क़ी के लिये कलचर और कला इतनी ज़रूरी चीज़ें हैं और दूसरे मुल्कों से एकता और मोहब्बत पैदा करने में उनसे इतनी बड़ी मदद मिल सकती है कि हमारी यूनिवर्सिटियों, स्कूलों और कालिजों की पढ़ाई में संस्कृति और कला को ख़ास जगह मिलनी चाहिये.

दूसरे देशों में तरक़्क़ी !

अपने यहां की कला को तरक़्क़ी देने के लिये हमें दूसरे देशों के कलचरी डेलीगेशन और अधिक जल्दी जल्दी अपने देश में बुलाने चाहियें और अपने यहां के डेलीगेशन दूसरे सभ्य देशों में भेजने चाहियें. हमें कितनी ख़ुशी हुई और इन्सानी भाई चारे की भावना ने हमारे अन्दर कितना ज़ोर किया जब सोवियत आज़र बाई जान के चोटी के कलावन्त रशीद बे-ऊतूब ने हमारे क़ौमी गीत गा कर सुनाए और मुकर्रम तुरगुन बेवा ने हमें उज़बक क़ौम का नाच, नाच कर दिखाया जो हमारे अपने यहां की कला से टेकनीक और मुद्राओं में बेहद मिलता जुलता था. हंगरी जैसे यूरोपी देशों की पोशाकें, उनके नाच और उनके शादी ब्याह के रीत रिवाज जो हमें कलचरी फ़िल्मों में देखने को मिलते हैं उनसे मालूम होता है कि हमारे यहां की कला और फ़ैशनों में और उनमें कितनी समानता है. उन्हें देख कर हमारी यह आम नासमझी दूर हो जाती है कि यूरोप वालों का समाजी जीवन हमारे समाजी जीवन से बिल्कुल एक अलग चीज़ है. हमारे बहुत से देशवासियों को यह ख़बर नहीं है कि हमारी ज़बान, हमारी कला और हमारी संस्कृति को सीखने के लिये दूसरे देश कितनी कितनी कोशिशें कर रहे हैं. अफ़ग़ानिस्तान, चीन, जरमनी, चेकोस्लोवाकिया और सोवियत रूस की यूनिवर्सिटियों में संस्कृत, हिन्दी, बंगला और पंजाबी पढ़ाई जा रही है. प्राग (Prague) की

ہمارے یہاں کی کلا تھوڑے سے لوگوں کی بپوتی نہ رہ جائے۔ وہ کیول پیشہ وروں کی چیز ہی نہ رہ جائے۔ ضرورت پڑنے پر وہ پرانے ڈھانچوں اور پرانے سانچوں کو توڑ کر زیادہ آزادی سے اُنتی کر سکے تاکہ آگے آنے والی نسلوں کے دل اور دماغ جن نئے آدرشوں کو پسند کرتے ہیں وہ آدرش ہماری کلا کے انگ بن سکیں۔ ہماری کلا اب اُن بڑے دل کے اور اُنتی شیل لوگوں کے ہاتھوں میں جانی چاہئے جنکی پسند اونچی ہو اور جو آجکل کی دنیا کی اونچی سے اونچی کلچر کو سمجھ سکیں اور اپنے یہاں کی کلچر سے اس کا تال میل بٹھا سکیں۔ اس طرح ہماری کلچر اور ہماری کلا سچے معنی میں قومی اور جاندار بن سکے گی اور دنیا کے کلاونتوں اور سمجھدار لوگوں کی نگاہوں میں چڑھ سکے گی۔

دیش کی ترقی کے لئے کلچر اور کلا اتنی ضروری چیزیں ہیں اور دوسرے ملکوں سے ایکتا اور محبت پیدا کرنے میں ان سے اتنی بڑی مدد مل سکتی ہے کہ ہماری یونیورسٹیوں، اسکولوں اور کالجوں کی پڑھائی میں سنسکرتی اور کلا کو خاص جگہ ملنی چاہئے۔

دوسرے دیشوں میں ترقی!

اپنے یہاں کی کلا کو ترقی دینے کے لئے ہمیں دوسرے دیشوں کے کلچری ڈیلیگیشن اور ادھک جلدی جلدی اپنے دیش میں بلانے چاہئیں اور اپنے یہاں کے ڈیلیگیشن دوسرے سبھیہ دیشوں میں بھیجنے چاہئیں۔ ہمیں کتنی خوشی ہوئی اور انسانی بھائی چارے کی بھاؤنا نے ہمارے اندر کتنا زور کیا جب سوویت آزر بائی جان کے چوٹی کے کلاونت رشید بہبودوف نے ہمارے قومی گیت گا کر سنائے اور مکرم ترگن بیوہ نے ہمیں ازبک قوم کا ناچ، ناچ کر دکھایا جو ہمارے اپنے یہاں کی کلا سے ٹکنیک اور مدراؤں میں بے حد ملتا جلتا تھا۔ ہنگری جیسے یورپی دیشوں کی پوشاکیں، ان کے ناچ اور ان کے شادی بیاہ کے ریت رواج جو ہمیں کلچری فلموں میں دیکھنے کو ملتے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے یہاں کی کلا اور فیشنوں میں اور ان میں کتنی سمانتا ہے۔ انہیں دیکھکر ہماری یہ عام ناسمجھی دور ہو جاتی ہے کہ یورپ والوں کا سماجی جیون ہمارے سماجی جیون سے بالکل ایک الگ چیز ہے۔ ہمارے بہت سے دیش واسیوں کو یہ خبر نہیں ہے کہ ہماری زبان، ہماری کلا اور ہماری سنسکرتی کو سیکھنے کے لئے دوسرے دیش کتنی کتنی کوششیں کر رہے ہیں۔ افغانستان، چین، جرمنی، چیکوسلوواکیا اور سوویت روس کی یونیورسٹیوں میں سنسکرت، ہندی، بنگلہ اور پنجابی پڑھائی جا رہی ہیں۔ پراگ (Prague) کی

ज़माने में बराबर बदलते और तरक़्क़ी करते हुए हमारी कला ने पहले की कला के साथ अपना नाता टूटने नहीं दिया. इसलिये उसकी उन्नति में शुरू से आख़ीर तक एक साफ़ सिलसिला दिखाई देता है. इसी से उसका क़ौमी रूप और उसकी अपनी विशेषता क़ायम रही है. अपनी कला की आगे की उन्नति में हमें इसी असूल और इसी सिलसिले को क़ायम रखना है. आजकल की साइन्स की नई ईजादों ने समय और जगह की दूरियों को बहुत दर्जे तक कम कर दिया है जिसकी वजह से दूर दूर के लोगों से मिलना जुलना अब बहुत आसान और आये दिन की बात हो गया है इसकी वजह से दुनिया भर के लोगों की समाजी निगाह में और सोचने के तरीक़ों में बहुत बड़ी तबदीली हो गई है. ख़ुद नेशनैलिज़्म या राष्ट्रीयता की कल्पना भी अब वह नहीं रही जो एक दो पीढ़ी पहले थी. बहुत सी ऐसी चीज़ें जिन्हें लोग पहले बड़ी क़ौमी अहमियत की समझते थे अब उतनी अहम नहीं समझी जातीं. दूसरे मुल्कों के लोगों और चीज़ों की तरफ़ लोगों के दिल अब पहले से बहुत उदार हो गये हैं. कल्चर और कला पर भी इसका गहरा असर पड़ा है. हर चीज़ में तबदीली ज़रूरी है और तबदीली का होना अच्छा भी है. भारत की सभ्यता इस बात के लिये सदा मशहूर रही है कि उसमें बाहर के लोगों और बाहर की चीज़ों को अपने में मिला लेने और समा लेने की ग़ज़ब की शक्ति है. इसलिये न हम ख़ुद नई नई चीज़ें खोजने और बनाने से बचते हैं और न नई अच्छी चीज़ें दूसरों से लेने में डरते हैं. हमारी अपनी कला और कल्चर की तरक़्क़ी में जो चीज़ भी मदद दे सकती हो उसे हम अपनाने को तैयार हैं, चाहे वह कहीं से भी आई हो. इसके यह मानी नहीं कि हम अपनी पुरानी कल्चर से नाता तोड़ लें. इसके मानी सिर्फ़ यह हैं कि हम अपना कल्चर और कला को तरक़्क़ी देने के लिये दूसरी क़ौमों की कल्चर और कला से फ़ायदा उठाने से कभी इन्कार नहीं करेंगे.

इस ज़माने की सब से बड़ी आवाज़ और सब से ज़बरदस्त मांग यह है कि सब इन्सानों की बराबरी के असूल को माना जावे और सब के लिये अमन चैन और इन्साफ़ की राहें खोली जायें. इन्सानी समाज जिस तरफ़ आगे को बढ़ रहा है उसमें पैदाइश, नसल, ख़ानदान, धर्म या धन दौलत के कारन किसी को किसी तरह के ख़ास अधिकार नहीं दिये जा सकते. अच्छी से अच्छी तालीम और जीवन के दूसरे सुख अब थोड़े से लोगों की बपौती या उनके इजारे की चीज़ नहीं रह गये हैं. हमारे देश को भी सब से पहली चीज़ यह करना है कि

زمانے میں برابر بدلتے اور ترقی کرتے ہوئے ہماری کلا نے پہلے کی کلا کے ساتھ اپنا ناتا ٹوٹنے نہیں دیا۔ اس لئے اسکی اُنّتی میں شروع سے آخیر تک ایک صاف سلسلہ دکھائی دیتا ہے۔ اسی سے اُس کا قومی روپ اور اسکی اپنی وشیشتا قائم رہی ہے۔ اپنی کلا کی آگے کی اُنّتی میں ہمیں اسی اصول اور اسی سلسلے کو قائم رکھنا ہے۔ آج کل کی سائنس کی نئی ایجادوں نے سمے اور جگہ کی دوریوں کو بہت درجے تک کم کردیا ہے جس کی وجہ سے دور دور کے لوگوں سے ملنا جلنا اب بہت آسان اور آئے دن کی چیز ہوگیا ہے۔ اسکی وجہ سے دنیا بھر کے لوگوں کی سماجی نگاہ میں اور سوچنے کے طریقوں میں بہت بڑی تبدیلی ہوگئی ہے۔ خود نیشنلزم یا راشٹریتا کی کلپنا بھی اب وہ نہیں رہی جو ایک دو پیڑھی پہلے تھی۔ بہت سی ایسی چیزیں جنہیں لوگ پہلے بڑی قومی اہمیت کی سمجھتے تھے اب اُتنی اہم نہیں سمجھی جاتیں۔ دوسرے ملکوں کے لوگوں اور چیزوں کی طرف لوگوں کے دل اب پہلے سے بہت ادار ہوگئے ہیں۔ کلچر اور کلا پر بھی اس کا گہرا اثر پڑا ہے۔ ہر چیز میں تبدیلی ضروری ہے اور تبدیلی کا ہونا اچھا بھی ہے۔ بھارت کی سبھیتا اس بات کے لئے سدا مشہور رہی ہے کہ اس میں باہر کی چیزوں کو اپنے میں ملا لینے اور سما لینے کی غضب کی شکتی ہے۔ اس لئے نہ ہم خود نئی نئی چیزیں کھوجنے اور بنانے سے بچتے ہیں اور نہ نئی اچھی چیزیں دوسروں سے لینے میں ڈرتے ہیں۔ ہماری اپنی کلا اور کلچر کی ترقی میں جو چیز بھی مدد دے سکتی ہو اسے ہم اپنانے کو تیار ہیں' چاہے وہ کہیں سے بھی آئی ہو۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ ہم اپنی پرانی کلچر سے ناتا توڑ لیں۔ اس کے معنی صرف یہ ہیں کہ ہم اپنی کلچر اور کلا کو ترقی دینے کے لئے دوسری قوموں کی کلچر اور کلا سے فائدہ اٹھانے سے کبھی انکار نہیں کرینگے۔

اس زمانے کی سب سے بڑی آواز اور سب سے زبردست مانگ یہ ہے کہ سب انسانوں کی برابری کے اصول کو مانا جاوے اور سب کے لئے امن چین اور انصاف کی راہیں کھولی جائیں۔ انسانی سماج جس طرف آگے کو بڑھ رہا ہے اس میں پیدائش' نسل' خاندان' دھرم' یا دھن دولت کے کارن کسی کو کسی طرح کے خاص ادھیکار نہیں دیئے جاسکتے۔ اچھی سے اچھی تعلیم اور جیون کے دوسرے سکھ اب تھوڑے سے لوگوں کی بپوتی یا ان کے اجارے کی چیز نہیں رہ گئے ہیں۔ ہمارے دیش کو بھی سب سے پہلی چیز یہ کرنی ہے کہ

कलचर और आर्ट किसी एक क़ौम या मुल्क की बपौती नहीं होते. वह चाहे किसी मुल्क के हों सारी दुनिया की चीज़ हैं. इसमें भी शक नहीं कि दुनिया अलग अलग मुल्कों और अलग अलग क़ौमों की कलचर से ऊपर उठकर एक जग कलचर यानी इन्सानी कलचर की तरफ़ जा रही है. फिर भी इसमें भी संदेह नहीं कि हर मुल्क की कलचर अपना एक अलग रंग रखती है. हिन्दुस्तान की कलचर को और हिन्दुस्तान की कला को अगर सच्चा, अच्छा, सुन्दर और काम का बनना है तो उन्हें क़ौमी यानी हिन्दुस्तानी होना होगा. हम अपनी कलचर और कला को अपने प्राचीन आदर्शों से अलग नहीं कर सकते हमारे आजकल के कलावन्तों को यह समझ लेना चाहिये कि अगर उन का देश के पुराने कला आदर्शों से कोई सम्बन्ध नहीं रहता तो उनका कोई भविष्य भी नहीं बन सकता. कलावन्त जिस घटना को अपनी कला में दिखाना चाहता है उसकी सच्ची तस्वीर पहले कलावन्त की आंखों के सामने होनी चाहिये और फिर उसकी कला में ज़ाहिर होनी चाहिये यह सच्चाई और हक़ीक़त पसन्दी ही कला की जान होती है. हमारी कला न केवल ऐसी होनी चाहिये जिसे हिन्दुस्तानी दिमाग़ अच्छी तरह समझ सके बल्कि ऐसी भी होनी चाहिये जो हमारे अन्दर और सब देखने वालों के अन्दर ऊंचे से ऊंचे और पाक से पाक इख़लाक़ी और रूहानी जज़्बों को पैदा करे और उभारे. जिस कला में यह गुन नहीं है वह कला हिन्दुस्तानी कला आदर्श को नहीं पहुंचती. कला से दिल का ख़ुश होना, आदमी को आनन्द आना ज़रूरी और क़ुदरती है. लेकिन ख़ुशी या आनन्द का मतलब गिरी हुई काम वासनाओं का उभरना नहीं होता. इस तरह की वासनाएं कला को क़ुदरती रूप देने के बजाय उसे बिगाड़ती हैं और सुन्दर करने के बजाय भौंडा बनाती हैं. जो सीन आंखों को झेंपा दे या जो आवाज़ कानों में पड़ कर आदमी को शर्मा दे वह न सुन्दर है और न आकर्षक. कला में सब से बड़ा गुन यही होना चाहिये कि वह आदमी के अन्दर के ऊंचे से ऊंचे और पाक से पाक जज़्बों को उभारे और इस तरह आत्मा को सच्चा सुख और सच्ची सुन्दरता प्रदान करे.

हमारी कला की उन्नति कैसे हो!

दुनिया के दूसरे देशों की कला की तरह हमारे देश की कला में भी बढ़ने और उन्नति करने की अनन्त शक्ति [illegible]. बहुत प्राचीन ज़माने से ले कर मुग़ल ज़माने तक [illegible]मारे यहां की कला बराबर उन्नति करती रही है. उसके [illegible]स विकास की अलग अलग सूरतें अलग अलग ज़मानों में हमें साफ़ देखने को मिलती हैं. साथ ही इस सारे

کلچر اور آرٹ کسی ایک قوم یا ملک کی بپوتی نہیں ہوتے . وہ چاہے کسی ملک کے ہوں ساری دنیا کی چیز ہیں . اِس میں بھی شک نہیں کہ دنیا الگ الگ ملکوں اور الگ الگ قوموں کی کلچر سے اوپر اٹھکر ایک جگ کلچر یعنی اِنسانی کلچر کی طرف جا رہی ہے . پھر بھی اس میں بھی سندیہ نہیں کہ ہر ملک کی کلچر اپنا ایک الگ رنگ رکھتی ہے . ہندوستان کی کلچر کو اور ہندوستان کی کلا کو اگر سچا، اچھا، سندر اور کام کا بننا ہے تو اُنہیں قومی یعنی ہندوستانی ہونا ہوگا . ہم اپنی کلچر اور کلا کو اپنے پراچین اِتہاس اور پراچین آدرشوں سے الگ نہیں کر سکتے. ہمارے آجکل کے کلاونتوں کو یہ سمجھ لینا چاہئیے کہ اگر ان کا دیش کے پرانے کلا آدرشوں سے کوئی سمبندھ نہیں رہتا تو اُن کا کوئی بھوشیہ بھی نہیں بن سکتا. کلاونت جس گھٹنا کو اپنی کلا میں دکھانا چاہتا ہے اُس کی سچی تصویر پہلے کلاونت کی آنکھوں کے سامنے ہونی چاہیئے اور پھر اُس کی کلا میں ظاہر ہونی چاہیئے . یہ سچائی اور حقیقت پسندی ہی کلا کی جان ہوتی ہے . ہماری کلا نہ کیول ایسی ہونی چاہیئے جسے ہندوستانی دماغ اچھی طرح سمجھ سکے بلکہ ایسی بھی ہونی چاہیئے جو ہمارے اندر اور سب دیکھنے والوں کے اندر اونچے سے اونچے اور پاک سے پاک اخلاقی اور روحانی جذبوں کو پیدا کرے اور اُبھارے . جس کلا میں یہ گن نہیں ہے وہ کلا ہندوستانی کلا آدرش کو نہیں پہونچتی. کلا سے دل کا خوش ہونا، آدمی کو آنند آنا ضروری اور قدرتی ہے. لیکن خوشی یا آنند کا مطلب گری ہوئی کام واسناؤں کو اُبھارنا نہیں ہوتا . اِس طرح کی واسنائیں کلا کو قدرتی روپ دینے کے بجائے اُسے بگاڑتی ہیں اور سندر کرنے کے بجائے بھونڈا بناتی ہیں . جو سین آنکھوں کو جھینپوا دے یا جو آواز کانوں میں پڑ کر آدمی کو شرما دے وہ نہ سندر ہے اور نہ آکرشک . کلا میں سب سے بڑا گن یہی ہونا چاہیئے کہ وہ آدمی کے اندر کے اونچے سے اونچے اور پاک سے پاک جذبوں کو اُبھارے اور اِس طرح آتما کو سچا سکھ اور سچی سندرتا پردان کرے .

ہماری کلا کی اُنتی کیسے ہو!

دنیا کے دوسرے دیشوں کی کلا کی طرح ہمارے دیش کی کلا میں بھی بڑھنے اور اُنتی کرنے کی اننت شکتی ہے. بہت پراچین زمانے سے لیکر مغل زمانے تک ہمارے یہاں کی کلا برابر اُنتی کرتی رہی ہے . اس کے اِس وکاس کی الگ الگ صورتیں الگ الگ زمانوں میں ہمیں صاف دیکھنے کو ملتی ہیں . ساتھ ہی اِس سارے

कृष्ण का नाच बहुत ही कमाल का था. बांसुरी की सुरीली आवाज नाचने वाली सखियों पर जो गहरा और पवित्र असर डालती हुई मालूम होती थी उस से देखने वालों को भी कृष्ण के बचपन की सारी कहानी याद आ जाती थी. कृष्ण भगती और फिर कृष्ण भगतनें सब पर उस कला का एक गहरा असर था. हमें इस बात पर अभिमान होना चाहिये कि इस तरह की कला और इस तरह के कलावन्त हमारे देश में अभी तक मौजूद हैं. मनीपुर की कला में केवल बहैसियत कला के वह शक्ति है जिसके जरिये हम दुनिया के दूसरे देशों के साथ अपनी दोस्ती को गहरा, सच्चा और सब के लिये सुख और बरकत की चीज बना सकते हैं.

आजकल के आर्ट की गिरावट !

लेकिन जब इस से हट कर उस संगीत और उन नाच गानों की तरफ निगाह डालते हैं जो आजकल के फिल्मों और ड्रामों में देखने को मिलता है और जो अधिकतर ग्रामोफोन रेकार्ड्स में सुनाई देता है तो दिल को सख्त तकलीफ होती है. पीतल के बैन्ड बाजों की करख्त और चीखती हुई आवाजें सारंगी के नरम सुरों और तबले की तान के साथ मिल कर हिन्दुस्तानी रागों में ढलने की कोशिश करती हुई इतनी बेसुरी और भौंडी लगती हैं कि मालूम होता है कि हम अपने पिछले जमाने के कला आदर्शों से कितने दूर चले गये और कितने नीचे गिर गए. फिल्मी नाचों में इन्सान के गन्दे से गन्दे जजबों को उभारने वाली हरकतें, बेसुरे राग और चारों तरफ का साज सामान देख कर कोई भी आदमी, जिसे देश की कला से थोड़ी बहुत भी मोहब्बत हो, कांप उठता है और महसूस करता है कि इस तरह की कला इन्सानी कलचर के लिये बजाय अभिमान की चीज होने के एक कलंक है.

चित्रकला यानी मुसव्वरी में भी हमारा आजकल का बाजारी आर्ट बराबर गिरता और बिगड़ता जा रहा है. आजकल की फ़ैशनएबिल साड़ी पहने हुए शकुन्तला फर्श पर लम्बी लेटी हुई और पत्तों पर प्रेम पत्र लिखती हुई, सीने उभरे हुए अपटुडेट फ़ैशन में जवान औरतें पूरे जवान बालिग और पहलवान दिखाई देने वाले कृष्ण के साथ गाती और नाचती हुईं, गुरु नानक और गुरु गोविन्द सिंह की तस्वीरें किसी विदेशी यहूदी सन्त की शकल में, देख के तबियत घबराने लगती है. जिस किसी के दिल में अपने इन महापुरुषों के लिये सच्ची श्रद्धा और भगती है उसके दिल को इन तस्वीरों से चोट लगती है. इस तरह की तस्वीरें न असलियत के मुताबिक होती हैं और न उस जमाने के रहन सहन को हमारे सामने पेश करती हैं.

کرشن کا ناچ بہت ہی کمال کا تھا ۔ بانسری کی سریلی آواز ناچنے والی سکھیوں پر جو گہرا اور پوتر اثر ڈالتی ہوئی معلوم ہوتی تھی اُس سے دیکھنے والوں کو بھی کرشن کے بچپن کی ساری کہانی یاد آ جاتی تھی۔ کرشن بھگتی اور پھر کرشن بھگتیں سب پر اُس کلا کا ایک گہرا اثر تھا ۔ ہمیں اِس بات پر ابھیمان ہونا چاہیئے کہ اِس طرح کی کلا اور اِس طرح کے کلاونت ہمارے دیش میں ابھی تک موجود ہیں ۔ منی پور کی کلا میں کیول حیثیت کلا کے وہ شکتی ہے جس کے ذریعہ ہم دنیا کے دوسرے دیشوں کے ساتھ اپنی دوستی کو گہرا، سچا اور سب کے لئے سکھ اور برکت کی چیز بنا سکتے ہیں ۔

آجکل کے آرٹ کی گراوٹ!

لیکن جب ہم اس سے ہٹ کر سنگیت اور اُن ناچ گانوں کی طرف نگاہ ڈالتے ہیں جو آجکل کے فلموں اور ڈراموں میں دیکھنے کو ملتا ہے اور جو ادھکتر گراموفون ریکارڈس میں سنائی دیتا ہے تو دل کو سخت تکلیف ہوتی ہے ۔ پیتل کے بینڈ باجوں کی کرخت اور چیختی ہوئی آوازیں سارنگی کے نرم سروں اور تبلے کی تان کے ساتھ مل کر ہندوستانی راگوں میں ڈھلنے کی کوشش کرتی ہوئی اتنی بےسری اور بھونڈی لگتی ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ ہم اپنے پچھلے زمانے کے کلا آدرشوں سے کتنے دور چلے گئے اور کتنے نیچے گر گئے ۔ فلمی ناچوں میں انسان کے گندے سے گندے جذبوں کو اُبھارنے والی حرکتیں، بےسرے راگ اور چاروں طرف کا ساز سامان دیکھکر کوئی بھی آدمی، جسے دیش کی کلا سے تھوڑی بہت بھی محبت ہو کانپ اُٹھتا ہے اور محسوس کرتا ہے کہ اس طرح کی کلا انسانی کلچر کے لئے بجائے ابھیمان کی چیز ہونے کے ایک کلنک ہے ۔

چترکلا یعنی مصوری میں بھی ہمارا آجکل کا بازاری آرٹ برابر گرتا اور بگڑتا جا رہا ہے ۔ آجکل کی فیشن ایبل ساری پہنے ہوئے شکنتلا فرش پر لمبی لیٹی ہوئی اور پتوں پر پریم پتر لکھتی ہوئی، سینے اُبھرے ہوئے اپٹوڈیٹ فیشن میں جوان عورتیں پورے جوان بالغ اور پہلوان دکھائی دینے والے کرشن کے ساتھ گاتی اور ناچتی ہوئیں، گرو نانک اور گرو گوبند سنگھ کی تصویریں کسی ودیشی یہودی سنت کی شکل میں، دیکھ کے طبیعت گھبرانے لگتی ہے۔ جس کسی کے دل میں اپنے ان مہاپرشوں کے لئے سچی شردھا اور بھگتی ہے اُس کے دل کو ان تصویروں سے چوٹ لگتی ہے ۔ اس طرح کی تصویریں نہ اصلیت کے مطابق ہوتی ہیں اور نہ اُس زمانے کے رہن سہن کو ہمارے سامنے پیش کرتی ہیں ۔

कोई चीज़ थी और न कोई ऐसा पहलू था जिसकी वजह से कोई बाप अपनी जवान औलाद को वहां भेजने से झिझके. मालूम होता है यूरोप और अमरीका के आर्ट में भी अब कुछ तब्दीली हो रही है वहां के मुल्कों की जो कलचरी फ़िल्में हमें पिछले साल देखने को मिलीं वह काफ़ी अच्छी और ऊंचे दर्जे की थीं.

दुनिया के दूसरे देशों के साथ कलचरी मेल जोल बढ़ाने के लिये हमारे देश में जो कुछ किया जा रहा है उससे यह पता चलता है कि इस तरह के दोस्ताना संबंध से धरती की अलग अलग क़ौमों के बीच प्रेम और एकता बढ़ाने में कितनी बड़ी मदद मिल सकती है. आर्ट, कला या कलचर एक बहुत बड़ी तामीरी शक्ति है जिसके ज़रिये हम बहुत सी उन पेचीदा गुत्थियों को सुलझा सकते हैं जिन्होंने आज क़ौमों क़ौमों के बीच नफ़रतों की दीवारें खड़ी कर रक्खी हैं. अच्छी फ़िल्म की तस्वीरें, अच्छा संगीत और ऊंचा साहित्य हमारे दिलों और दिमाग़ों पर गहरा असर पैदा करते हैं और आपसी मोहब्बत, इन्सानी हमदर्दी और इन्सानी एकता के उन ऊंचे जज़्बों को हमारे अन्दर जगाते हैं जो मामूली तौर पर सोये रहते हैं. आर्ट और कलचर को अगर ठीक ठीक तरक़्क़ी दी जाए और जीवन के साथ उसका ताल मेल पैदा किया जाये तो उससे आदमी आदमी और क़ौम क़ौम के बीच एकता और प्रेम, दोस्ती और भाईचारा बढ़ेंगे और वह सब दीवारें टूटेंगी जो लालच, नफ़रत, झूटे घमन्ड और तास्सुबों ने हमारे बीच में खड़ी कर दी हैं.

मनीपुरी नाच और संगीत !

इन जल्सों में ही यह बात भी देखने में आई कि हिन्दुस्तान आर्ट और कला में दूसरों से बहुत पीछे नहीं है. जिन लोगों ने मनीपुर के कलावन्तों का नाच देखा और उनके तरह तरह के बाजों को सुना उन्हें यह देख कर अचरज हुआ कि इस देश के उस पुराने और दूर के कोने में आर्ट कितनी ज़बरदस्त तरक़्क़ी कर चुका है. मनीपुरी नाच की फुर्ती, नाचने वालों के भाव भाव, आदमी के दिल के तरह तरह के जज़्बों को ज़ाहिर करने के उनके ढंग और अपने सुन्दर और मुश्किल बाजों के ऊपर उनकी उंगलियों की बिजली की सी चाल यह बता रही थी कि मनीपुर की यह कलाएं किसी देश की कलाओं से पीछे नहीं हैं. कई बातों में मनीपुर का यह आर्ट यूरोप के अपने मुक़ाबिले के आर्ट से ऊंचा दिखाई दिया. उनके मृदंग बजाने को देख कर तो लोगों पर एक सक्ते का आलम तारी था. मृदंग पर चलने वाली बारीक बारीक उंगलियों, नाचने वालों के पैरों और बाक़ी संगीत में जो ताल मेल था वह देखते ही बनता था. देखने वालों पर उसका असर था. ख़ासकर राधा

کوئی چیز تھی اور نہ کوئی ایسا پہلو تھا جس کی وجہ سے کوئی باپ اپنی جوان اولاد کو وہاں بھیجنے سے جھجکے۔ معلوم ہوتا ہے یورپ اور امریکہ کے آرٹ میں بھی اب کچھ تبدیلی ہو رہی ہے۔ وہاں کے ملکوں کی جو کلچری فلمیں ہمیں پچھلے سال دیکھنے کو ملیں وہ کافی اچھی اور اونچے درجے کی تھیں۔

دنیا کے دوسرے دیشوں کے ساتھ کلچری میل جول بڑھانے کے لئے ہمارے دیش میں جو کچھ کیا جا رہا ہے اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس طرح کے دوستانہ سمبندھ سے دھرتی کی الگ الگ قوموں کے بیچ پریم اور ایکتا بڑھانے میں کتنی بڑی مدد مل سکتی ہے۔ آرٹ، کلا یا کلچر ایک بہت بڑی تعمیری شکتی ہے جس کے ذریعہ ہم بہت سی ان پیچیدہ گتھیوں کو سلجھا سکتے ہیں جنہوں نے آج قوموں قوموں کے بیچ نفرتوں کی دیواریں کھڑی کر رکھی ہیں۔ اچھی قسم کی تصویریں، اچھا سنگیت اور اونچا ساہتیہ ہمارے دلوں اور دماغوں پر گہرا اثر پیدا کرتے ہیں اور آپسی محبت، انسانی ہمدردی اور انسانی ایکتا کے ان اونچے جذبوں کو ہمارے اندر جگاتے ہیں جو معمولی طور پر سوئے رہتے ہیں۔ آرٹ اور کلچر کو اگر ٹھیک ٹھیک ترقی دی جائے اور جیون کے ساتھ اس کا تال میل پیدا کیا جائے تو اس سے آدمی آدمی اور قوم قوم کے بیچ ایکتا اور پریم، دوستی اور بھائی چارا بڑھینگے اور وہ سب دیواریں ٹوٹینگی جو لالچ، نفرت، جھوٹے گھمنڈ اور تعصبوں نے ہمارے بیچ میں کھڑی کر دی ہیں۔

منی پوری ناچ اور سنگیت!

ان جلسوں میں ہی یہ بات بھی دیکھنے میں آئی کہ ہندوستان آرٹ اور کلا میں دوسروں سے بہت پیچھے نہیں ہے۔ جن لوگوں نے منی پور کے کلاونتوں کا ناچ دیکھا اور ان کے طرح طرح کے باجوں کو سنا انہیں یہ دیکھکر اچرج ہوا کہ اس دیش کے اس پرانے اور دور کے کونے میں آرٹ کتنی زبردست ترقی کر چکا ہے۔ منی پوری ناچ کی پھرتی، ناچنے والوں کے ہاو بھاو، آدمی کے دل کے طرح طرح کے جذبوں کو ظاہر کرنے کے ان کے ڈھنگ اور اپنے سندر اور مشکل باجوں کے اوپر ان کی انگلیوں کی بجلی کی سی چال یہ بتا رہی تھی کہ منی پور کی یہ کلائیں کسی دیش کی کلاؤں سے پیچھے نہیں ہیں۔ کئی باتوں میں منی پور کا یہ آرٹ یورپ کے اپنے مقابلے کے آرٹ سے اونچا دکھائی دیا۔ ان کے مردنگ بجانے کو دیکھکر تو لوگوں پر ایک سکتے کا عالم طاری تھا۔ مردنگ پر چلنے والی باریک باریک انگلیوں، ناچنے والوں کے پیروں اور باقی سنگیت میں جو تال میل تھا وہ دیکھتے ہی بنتا تھا۔ سب دیکھنے والوں پر اس کا اثر تھا۔ خاص کر رادھا

तख्तियां संभालो. मैं तुम जैसे लोगों के कारन किसान सभा को मिट्टी में मिलते नहीं देख सकता.

यिन—आज इन्हें हो क्या गया है ? बिना झगड़ा किये जबान ही नहीं खोलते हैं. यह अकेले में भी खुद अपने ही से झगड़ सकते हैं. चलो मा से कहें कि हमारी तख्तियां लिख दें.

[एक किसान आता है]

किसान—कमान फ़ान, मेरा ख्याल था कि आप जा चुके हैं. मैं बड़ी देर से आप को खोज रहा था.

फ़ान—क्यों ? क्या काम है ?

किसान—यह काम अध्यक्ष लियू के बारे में है.

फ़ान—उनके बारे में क्या है ?

किसान—लियू-मा ने उन्हें खाना भेजा था और अभी की सभा के बारे में सब कुछ बताया था. यह सुन कर उन्होंने अपनी तीलियां और कटोरा उठा कर फेंक दिया. उन्होंने एक प्याला खिचड़ी भी नहीं खाई वह चाहते थे कि आप को ढूंढ निकालूं.

(सिलसिले के लिये अगला अंक देखिये)

تختیاں سنبھالو . میں تم لوگوں کے کارن کسان سبھا کو مٹی میں ملتے نہیں دیکھ سکتا .

ایں—آج انہیں ہو کیا گیا ہے ؟ بنا جھگڑا کئے زبان ہی نہیں کھولتے ہیں . یہ اکیلے میں بھی خود اپنے ہی سے جھگڑ سکتے ہیں . چلو ما سے کہیں کہ ہماری تختیاں لکھ دیں .

[ایک کسان آتا ہے]

کسان—کمان فان ، میرا خیال تھا کہ آپ جا چکے ہیں . میں بڑی دیر سے آپکو کھوج رہا تھا .

فان—کیوں ؟ کیا کام ہے ؟

کسان—یہ کام ادھیکش لیو کے بارے میں ہے .

فان—اُن کے بارے میں کیا ہے ؟

کسان—لیو ما نے اُنہیں کھانا بھیجا تھا اور ابھی کی سبھا کے بارے میں سب کچھ بتایا تھا . یہ سنکر اُنہوں نے اپنی تیلیاں اور کٹورا اُٹھاکر پھینک دیا . اُنہوں نے ایک پیالہ کھچڑی بھی نہیں کھائی . وہ چاہتے تھے کہ آپ کو ڈھونڈھ نکالوں .

(سلسلے کے لئے اگلا انک دیکھیئے)

आर्ट और कल्चर—देसी और विदेसी

(लाला हनुवंत सहाय—देहली)

کاشی کے وشوناتھ مندر میں ہریجن جاسکیں اس کے لئے بابا راگھوداس نے چرچا چلائی ۔ مندر والوں سے اور دوسروں سے بھی وہ چرچا شروع میں کافی اچھی رہی پھر وہ ختم ہی ہوگئی یا کیا ہوا کچھ پتہ نہیں چلا ۔ اب بھائی بیچن رام جب کچھ بھائیوں کے ساتھ وہاں گئے تو جو شرمناک برتاؤ ان کے ساتھ کیا گیا وہ ہم نے اوپر دیا ہے ۔ یہ سب اسی مندر کا حال ہے جہاں پنڈوں کے پیر— پار سال کی ہی بات ہے—راشٹر پتی ڈاکٹر راجیندر پرشاد نے خود جاکر دھوئے تھے ۔ جب راشٹر پتی پنڈوں کے پیر دھوئیں ۔ تو پھر ان پنڈوں کا شیر ہوجانا یا ہریجنوں کے ساتھ حیوانی برتاؤ کرنا کوئی اچرج کی بات نہیں ہے ۔ ہمیں نہیں معلوم کہ حال میں کمبھ کے موقع پر جن پنڈوں، سادھوؤں وغیرہ سے صوبے کے گورنر نے مان پتر لیا ان میں سے کتنے کاشی کے تھے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہریجنوں کے معاملہ میں وہی ادھکتر رائے رکھتے ہونگے جو کاشی کے پنڈوں کی ہے ۔ اس طرح جب دیش کا سب سے اونچا ادھیکاری اور صوبہ کا سرمور ان پنڈوں کی آؤبھگت کرینگے جو قانون کو طاق پر رکھکر من مانا کرتے ہیں تو وہ کس طرح سے اس قانون کے سچے رکشک ثابت ہونگے جسکی دیکھ ریکھ ان کے سپرد کی گئی ہے ؟ یہ ایک بڑا سوال ہے ۔

ضرورت ہے کہ ہم کچھ گہرائی کے ساتھ مندروں اور ہریجنوں کے مسلے پر غور کریں ۔ یہ مسلہ جتنا دھارمک ہے ہمارے خیال میں اتنا ہی سماجی اور آرتھک بھی اور راجکاجی بھی ہے ۔

آرتھک نگاہ سے دیکھیں تو پتہ چلتا ہے کہ اگر کوئی ہریجن کسی مندر میں کچھ زیادہ پیسہ چڑھانے کے ارادہ سے جاتا ہے تو اکثر مندر والے اس کا سواگت کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہریجن کا نہیں لکشمی کا آگمن ہو رہا ہے ! پر اس طرح زیادہ پیسہ خرچ کرسکنے والے کتنے ہیں؟ اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ آج جو ہمارے ہریجن کہلانے والے بھائیوں کو نیچی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے یہ کافی کم ہو جائے اگر انکی آرتھک حالت اچھی ہو—یعنی سماج میں جو آج آرتھک اونچ نیچ کی چوڑی کھائی ہے وہ کم ہوجائے ۔ اس کا سیدھا سمبندھ آج کی آرتھک ویوستھا اور

कि सरकार की यह चाह कौन पूरा करते हैं ? जवाब है— आप और हम, वही जो अपने को सरकार से तंग आ गए कहते हैं. इस सरकार की ऐसी ग़लत नीति के साथ जब तक हम साथ देते हैं तब ही वह इस तरह बढ़ती जाती है. अगर हम ही अपने दुश्मन बन जावें तो दूसरा क्या कर सकता है ? सरकार मुलाज़िम है और जनता मालिक, मालिक का फ़र्ज़ है कि नौकर से ठीक तरह से काम ले और अगर वह ठीक से काम न करे तो उसकी जगह दूसरे नौकर को तैनात करे. अगर मालिक अपने फ़र्ज़ में चूकेगा तो मुलाज़िम ख़ुद डूबने के साथ मालिक को भी डुबाये बिना न रहेगा. शराब की छूट सरकार की तरफ़ से जनता के लिये एक चुनौती है.

25. 2. '54 —सुरेश रामभाई

काशी के विश्वनाथ मंदिर में हरिजनों पर रोक

फ़रवरी की 17 तारीख़ को कुछ हरिजन भाई काशी के विश्वनाथ मंदिर में दर्शन के लिये गए, दरवाज़े पर उन्हें रोका गया. रोकने वालों में रामराज परिशद के नेता स्वामी करपात्री जी भी थे. पुलिस ने करपात्री जी और उनके कुछ साथियों को गिरफ़्तार कर लिया. हरिजनों ने दोबारा कोशिश की. इस बार मन्दिर के अन्दर बहुत से आदमी लेटे हुए धरना दे रहे थे और एक क़दम भी आगे बढ़ना नामुमकिन था. मजबूर हो कर वह बिना दर्शन किये लौट आये. उनके साथ एक हरिजन एम. एल. ए. भाई बेचनराम थे. उन्होंने प्रेस के अपने एक बयान में कहा है कि जिन भाइयों ने धरना दे रखा था वह ऐसे तेज़ मिज़ाज मालूम पड़ रहे थे कि हमने अन्दर जाना ठीक नहीं समझा और मौक़े पर शहर के मजिस्ट्रेट व कोतवाल मौजूद थे लेकिन धरना देने वालों के ख़िलाफ़ उन्होंने कोई कार्रवाई नहीं की ! इस तरह विश्वनाथ मंदिर के ठेकेदारों और उनके कुछ हमख़्याल लोगों ने पुलिस की ख़ामोशी की मदद से हरिजन भाइयों को विश्नाथ मन्दिर में जाने से रोक दिया.

विश्वनाथ मंदिर में हरिजनों का न जा पाना बताता है कि आज़ादी के सात बरस बाद भी हिन्दुस्तान के बासी और ख़ास कर वह जो अपने को ऊंची ज़ात के हिन्दू कहते हैं, कितने बहके हुए हैं. यह कोढ़ बहुत पुराना है. महात्मा गांधी ने जान की बाज़ी लगा कर इसे जड़ से उखाड़ने की कोशिश की और उनकी इस कोशिश का कुछ नतीजा भी हुआ. फिर इस सवाल की तरफ़ से हम सब सो से गए. हमने यह समझ लिया कि जब विधान की किताब में

سرکار کی یہ چاہ کون پورا کرتے ہیں ؟ جواب ہے — آپ اور ہم، وہی جو اپنے کو سرکار سے تنگ آگئے کہتے ہیں. اس سرکار کی ایسی غلط نیتی کے ساتھ جب ہم ساتھ دیتے ہیں تب ہی وہ اس طرح بڑھتی جاتی ہے. اگر ہم ہی اپنے دشمن بن جائیں تو دوسرا کیا کرسکتا ہے . سرکار ملازم ہے اور جنتا مالک، مالک کا فرض ہے کہ نوکر سے ٹھیک طرح سے کام لے اور اگر وہ ٹھیک سے کام نہ کرے تو اسکی جگہ دوسرے نوکر کو تعینات کرے . اگر مالک اپنے فرض میں چوکے گا تو ملازم خود ڈوبنے کے ساتھ مالک کو بھی ڈبائے بنا نہ رہے گا. شراب کی چھوٹ سرکار کی طرف سے جنتا کے لئے ایک چنوتی ہے .

25 . 2 . '54 — سریش رام بھائی

کاشی کے وشوناتھ مندر میں ہریجنوں پر روک

فروری کی 17 تاریخ کو کچھ ہریجن بھائی کاشی کے وشوناتھ مندر میں درشن کے لئے گئے . دروازے پر انہیں روکا گیا. روکنے والوں میں رامراج پریشد کے نیتا سوامی کرپاتری جی بھی تھے . پولس نے کرپاتری جی اور ان کے کچھ ساتھیوں کو گرفتار کرلیا. ہریجنوں نے دوبارہ کوشش کی . اس بار مندر کے اندر بہت سے آدمی لیٹے ہوئے دھرنا دے رہے تھے اور ایک قدم بھی آگے بڑھنا ناممکن تھا. مجبور ہوکر وہ بنا درشن کئے لوٹ آئے . ان کے ساتھ ایک ہریجن ایم. ایل. اے. بھائی بیچن رام تھے . انہوں نے پریس کے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جن بھائیوں نے دھرنا دے رکھا تھا وہ ایسے تیز مزاج معلوم پڑ رہے تھے کہ ہم نے اندر جانا ٹھیک نہیں سمجھا . موقع پر شہر کے مجسٹریٹ و کوتوال موجود تھے لیکن دھرنا دینے والوں کے خلاف انہوں نے کوئی کارروائی نہیں کی. اس طرح وشوناتھ مندر کے ٹھیکیداروں اور ان کے کچھ ہم خیال لوگوں نے پولس کی خاموشی کی مدد سے ہریجن بھائیوں کو وشوناتھ مندر میں جانے سے روک دیا.

وشوناتھ مندر میں ہریجنوں کا نہ جا پانا بتاتا ہے کہ آزادی کے سات برس بعد بھی ہندستان کے باسی اور خاصکر وہ جو اپنے کو اونچی ذات کے ہندو کہتے ہیں، کتنے بہکے ہوئے ہیں. یہ کوڑھ بہت پرانا ہے. مہاتما گاندھی نے جان کی بازی لگاکر اسے جڑ سے اکھاڑنے کی کوشش کی اور انکی اس کوشش کا کچھ نتیجہ بھی ہوا . پھر اس سوال کی طرف سے ہم سب سو سے گئے . ہم نے یہ سمجھ لیا کہ جب ودھان کی کتاب میں

भी स्वार्थ की खातिर क़ानून तोड़ते हैं." पर मद्रास "हिन्दू" कहता है कि जो हालत आंध्र में है वही बहुत कुछ बाक़ी मद्रास सूबे में है. इसी सम्बन्ध में "हिन्दू" यह भी कहता है कि शराबबन्दी विधान में भले ही हो लेकिन "क़ानून के बल से लोगों को 'चरित्रवान' नहीं बनाया जा सकता और एक प्रजातंत्री राज को जनता की सतह से बहुत दूर नहीं उठ जाना चाहिये." उसने मद्रास राज से अपील की है कि खुले दिल से राममूर्ति कमेटी रिपोर्ट को पढ़े व देखे !

आम तौर से सरकारें जुदा जुदा कामों के लिये जो कमेटियां बिठाती हैं वह ऐसे ही आदमियों की जो उनके समझे बूझे हों. ऐसा भी अकसर होता है कि कमेटियों की रिपोर्टें छापा होने के पहले सरकारें देख लिया करती हैं और अकसर तो उनमें दखल भी देती हैं. इसलिये हो सकता है कि आंध्र की पहली सरकार ने शराबबन्दी की जांच के लिये जो कमेटी बिठाई वह सोच समझ कर बैठाई और जो राय राममूर्ति कमेटी ने दी वह आंध्र सरकार की भी राय है.

हमारे तेलंगी भाई बहन अब खूब शराब पियें और अपने को तबाह बरबाद करें—मज़े आयेंगे आंध्र के बड़े व्यापारियों व पूंजीपतियों को और नई सरकार के नये मिनिस्टरों या उनके जीहुज़ूरों को जो उद्घाटन आदि के प्रोग्रामों पर आया जाया करेंगे, दौरे लगायेंगे, राष्ट्रपिता के नाम पर स्पीचें झाड़ेंगे. सुना जाता है कि हिन्द सरकार के भी ज़्यादातर मिनिस्टर शराबबन्दी के खिलाफ़ हैं और फ़ाइनेन्स मिनिस्टर ने तो एक दिन ऐलानिया कहा था कि बम्बई सरकार जो खर्चे बढ़ाती जाती है तो उसे अपनी शराब नीति पर फिर से ग़ौर करना मुनासिब होगा.

शराब को इस तरह चलन देना या उसको छूट कर देना, जैसा हमने शुरू में कहा, आज़ाद भारत की एक महत्व पूर्ण और तकलीफ़देह घटना है. तिस पर सूबाई सरकारों का शह देना तो जले पर नमक छिड़कने जैसा है. इससे यह भी पता चलता है कि हिन्द सरकार कितनी कमज़ोर है जो विधान की लकीरों तक पर, जनता से तो दरकिनार, अपनी मातहत सरकारों से भी, अमल नहीं करा सकती. वही हालत हरिजनों के मन्दिर प्रवेश के मामले में है.

हमारा ख्याल है कि हमारी सरकारें सिर्फ़ एक चीज़ चाहती हैं—पैसा. नासमझदार बनिये की तरह, चाहे चमड़ी चली जावे दमड़ी न जावे, उसका भी उसूल है. चाहे लोगों का चालचलन बर्बाद हो, चाहे गांव के बच्चे तबाह हों—सरकार के लिये तो शराब चलनी चाहिये, सिनेमा चलने चाहियें, मिलें चलनी चाहियें—ताकि सरकार को पैसा मिले. पर हम बड़े अदब के साथ पूछते हैं

نجی سوارتھ کے خاطر قانون توڑتے ہیں۔" پر مدراس "ہندو" کہتا ہے کہ جو حالت آندھر میں ہے وہی بہت کچھ باقی مدراس صوبے میں ہے۔ اس سمبندھ میں "ہندو" یہ بھی کہتا ہے کہ شراب بندی ودھان میں بھلے ہی ہو لیکن "قانون کے بل سے لوگوں کو 'چرتروان' نہیں بنایا جاسکتا اور ایک پرجاتنتری راج کو جنتا کی سطح سے بہت دور نہیں اٹھ جانا چاہئے۔" اس نے مدراس راج سے اپیل کی ہے کہ کھلے دل سے رام مورتی کمیٹی رپورٹ کو پڑھے و دیکھے !

عام طور سے سرکاریں جدا جدا کاموں کے لئے جو کمیٹیاں بٹھاتی ہیں وہ ایسے ہی آدمیوں کی جو ان کے سمجھے بوجھے ہوں۔ ایسا بھی اکثر ہوتا ہے کہ کمیٹیوں کی رپورٹیں شائع ہونے کے پہلے سرکاریں دیکھ لیا کرتی ہیں اور اکثر تو ان میں دخل بھی دیتی ہیں ۔ اس لئے ہوسکتا ہے کہ آندھر کی پہلی سرکار نے شراب بندی کی جانچ کے لئے جو کمیٹی بٹھائی وہ سوچ سمجھ کر بٹھائی اور جو رائے رام مورتی کمیٹی نے دی وہ آندھر سرکار کی بھی رائے ہے ۔

ہمارے تیلنگی بھائی بہن اب خوب شراب پئیں اور اپنے کو تباہ برباد کریں۔ مزے آئیں گے آندھر کے بڑے بیوپاریوں و پونجی پتیوں کو اور نئی سرکار کے نئے منسٹروں یا ان کے جی حضوروں کو جو ادگھاٹن آدی کے پروگراموں پر آیا جایا کریں گے، دورے لگائیں گے، راشٹر پتا کے نام پر اسپیچیں جھاڑیں گے ۔ سنا جاتا ہے کہ ہند سرکار کے بھی زیادہ منسٹر شراب بندی کے خلاف ہیں اور فائیننس منسٹر نے تو ایک دن اعلانیہ کہا تھا کہ بمبئی سرکار جو خرچے بڑھاتی جاتی ہے تو اسے اپنی شراب نیتی پر پھر سے غور کرنا مناسب ہوگا ۔

شراب کو اس طرح چلن دینا یا اسکی چھوٹ کردینا، جیسا ہم نے شروع میں کہا، آزاد بھارت کی ایک مہتوپورن اور تکلیف دہ گھٹنا ہے ۔ اس پر صوبائی سرکاروں کا شہ دینا تو جلے پر نمک چھڑکنا جیسا ہے ۔ اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ ہند سرکار کتنی کمزور ہے جو ودھان کی لکیروں تک پر، جنتا سے تو درکنار، اپنی ماتحت سرکاروں سے بھی، عمل نہیں کراسکتی ۔ وہی حالت ہریجنوں کے مندر پرویش کے معاملے میں ہے۔

ہمارا خیال ہے کہ ہماری سرکاریں صرف ایک چیز چاہتی ہیں—پیسہ۔ ناسمجھدار بنئے کی طرح، چاہے چمڑی چلی جائے دمڑی نہ جائے، اسکا بھی اصول ہے ۔ چاہے لوگوں کا چال چلن برباد ہو، چاہے گاؤں کے بچے تباہ ہوں ۔ سرکار کے لئے تو شراب چلنی چاہئے، سنیما چلنے چاہئیں، ملیں چلنی چاہئیں—تاکہ سرکار کو پیسہ ملے ۔ پر ہم بڑے ادب کے ساتھ پوچھتے ہیں

और यह सब तब हो रहा है जब भारत के विधान की दफ़ा 41 में साफ़ लिखा है कि शराब का चलन क़ानून जुर्म है.

नये आंध्र सूबे की सरकार ने शराब के इस्तेमाल की जांच के बारे में एक कमेटी--जिस के सदर सर एस. वी. राममूर्ति थे--बिठाई थी. उस कमेटी ने अपनी रिपोर्ट हाल में ही पेश की है. कमेटी ने पांच ज़िलों का दौरा किया और बीसियों लोगों से मिली. वह इस नतीजे पर पहुंची है कि मद्रास सरकार की शराबबन्दी नीति सोलह आना नाकामयाब रही है. कमेटी का कहना है कि नशीली चीज़ों का सेवन करने वालों में से 50 से 100 फ़ी सदी तक लोग शराब पीते हैं और मामूली रहन सहन वाले निचले दर्जे के लोगों में भी यह फैल रही है. कमेटी को एक भी गांववाला ऐसा नहीं मिला जो शराबबन्दी चाहता हो ! यही नहीं, कमेटी ने देखा कि पुलिस, शराबबन्दी और सहयोगी समिति के मोहकमों में खूब भ्रष्टाचार चल रहा है और ताड़ के पेड़ से ली हुई नीरा की जब लोग ताड़ी बनाते हैं तो अधिकारी लोग आंख बचा जाते हैं. कमाल यह है कि शराबबन्दी की नीति शुरू होने से पहले सरकार शराब के मोहकमे पर जहां 19 लाख रुपया खर्च कर रही थी वहां अब 31 लाख कर रही है. कमेटी का कहना है कि जनमत शराबबन्दी के खिलाफ़ है.

इन सब चीज़ों की रोशनी में राममूर्ति कमेटी ने सिफ़ारिश की है कि पूर्ण शराबबन्दी हटा ली जाय, ताड़ी बिना परमिट या इजाज़त के सब को पीने दी जाय, अरक़ (एक खास तरह की शराब) का राशनिंग कर दिया जाये. विदेशी शराब के लिये डाक्टरी सर्टीफ़िकेट की ज़रूरत नहीं पड़नी चाहिये, और ताड़ी और अरक़ की दूकानों का खुले नीलाम किया जाय वग़ैरा वग़ैरा. ज़ाहिर है कि कमेटी ने महसूस किया कि इससे सरकार की आमदनी बढ़ेगी और नये आंध्र राज का खर्चा निकलने में सुभीता होगा. आंध्र के डिप्टी चीफ़ मिनिस्टर, श्री संजीव रेड्डी ने कहा है कि क्योंकि शराबबन्दी का कुल-हिन्द व्यापी मसला है, कांगरेस वालों पर जनता की श्रद्धा का एक हिस्सा है और विधान में इसकी ताक़ीद है, इसलिये आंध्र असेम्बली की कांगरेस पार्टी अपनी मर्ज़ी से इस रिपोर्ट पर कोई क़दम नहीं उठा सकती. इसी वजह से पंडित नेहरू की सलाह मांगी गई है.

बम्बई सरकार की तरह मद्रास सरकार भी शराबबन्दी की योजना चलाती है. अभी अभी मद्रास असेम्बली व कौन्सिल के जुड़वां इजलास के सामने बोलते हुए वहां के गवर्नर श्री श्री प्रकाश ने कहा कि शराबबन्दी ठीक चल रही है, सिर्फ़ "चन्द लोग ऐसे हैं जो

اور یہ سب تب ہو رہا ہے جب بھارت کے ودھان کی دفع 41 میں صاف لکھا ہے کہ شراب کا چلن قانوناً جرم ہے.

نئے آندھر صوبے کی سرکار نے شراب کے استعمال کی جانچ کے بارے میں ایک کمیٹی—جس کے صدر سر ایس. بی. رام مورتی تھے—بٹھائی تھی. اس کمیٹی نے اپنی رپورٹ حال میں ہی پیش کی ہے. کمیٹی نے پانچ ضلعوں کا دورہ کیا اور بیسیوں لوگوں سے ملی. وہ اس نتیجے پر پہونچی ہے کہ مدراس سرکار کی شراب بندی نیتی سولہ آنہ ناکامیاب رہی ہے. کمیٹی کا کہنا ہے کہ نشیلی چیزوں کا سیون کرنے والوں میں سے 50 سے 100 فی صدی تک لوگ شراب پیتے ہیں اور معمولی رہن سہن والے نچلے درجہ کے لوگوں میں بھی یہ پھیل رہی ہے. کمیٹی کو ایک بھی گاؤں والا ایسا نہیں ملا جو شراب بندی چاہتا ہو! یہی نہیں' کمیٹی نے دیکھا کہ پولس' شراب بندی اور سہیوگی سمتی کے محکموں میں خوب بھرشٹاچار چل رہا ہے اور تاڑ کے پیڑ سے لی ہوئی نیرا کی جب لوگ تاڑی بناتے ہیں تو ادھیکاری لوگ آنکھ بچا جاتے ہیں. کمال یہ ہے کہ شراب بندی کی نیتی شروع ہونے سے پہلے شراب کے محکمے پر جہاں 19 لاکھ روپیہ خرچ کر رہی تھی وہاں اب 31 لاکھ کر رہی ہے. کمیٹی کا کہنا ہے کہ جن مت شراب بندی کے خلاف ہے.

ان سب چیزوں کی روشنی میں رام مورتی کمیٹی نے سفارش کی ہے کہ پورن شراب بندی ہٹالی جائے' تاڑی بنا پرمٹ یا اجازت کے سب کو پینے دی جائے' عرق (ایک خاص طرح کی شراب) کا راشننگ کر دیا جائے. ودیشی شراب کے لئے ڈاکٹری سرٹیفیکٹ کی ضرورت نہیں پڑنی چاہئے اور تاڑی اور عرق کی دوکانوں کا کھلے نیلام کیا جائے وغیرہ وغیرہ. ظاہر ہے کہ کمیٹی نے محسوس کیا کہ اس سے سرکار کی آمدنی بڑھے گی اور نئے آندھر راج کا خرچہ نکلنے میں سوبھیتا ہوگا. آندھر کے ڈپٹی چیف منسٹر شری سنجیوریڈی نے کہا ہے کہ کیونکہ شراب بندی کا کل ہند ویاپی مسئلہ ہے' کانگریس والوں پر جنتا کی شردھا کا ایک حصہ ہے اور ودھان میں اسکی تاکید ہے' اس لئے آندھر اسمبلی کی کانگریس پارٹی اپنی مرضی سے اس رپورٹ پر کوئی قدم نہیں اٹھا سکتی. اسی وجہ سے پنڈت نہرو کی صلاح مانگی گئی ہے.

بمبئی سرکار کی طرح مدراس سرکار بھی شراب کی یوجنا چلاتی ہے. ابھی ابھی مدراس اسمبلی و کاؤنسل کے جڑواں اجلاس کے سامنے بولتے ہوئے وہاں کے گورنر شری شری پرکاش نے کہا کہ شراب بندی ٹھیک چل رہی ہے' صرف "چند لوگ ایسے ہیں جو

हमारी राय / ہماری رائے

शराब की छूट

आज़ादी के बाद पिछले सात बरस में हिन्दुस्तान के अन्दर शराब की खपत जितनी बढ़ी है उतनी अंग्रेज़ी राज के किन्हीं चौदह बरस में भी नहीं बढ़ी थी. शराब या ताड़ी वग़ैरा की छूट अंग्रेज़ों ने दी क्योंकि उनके चालू मज़हब में या उनके देश में शराब कोई बुरी चीज़ नहीं समझी जाती थी. पर दुख की बात है कि शराब को जो बढ़ावा आजकल मिल रहा है वह पहले कभी भी नहीं मिला. हम इलाहाबाद की ही मिसाल लें. यहां बहादुरगंज मुहल्ले में ताड़ीख़ाना है. पहले उस पर कोई साइनबोर्ड नहीं था. बहुत कम लोग जानते थे कि वहां क्या होता है. लेकिन आजकल वहां एक बड़ा भारी, रंग बिरंगा साइनबोर्ड लगा हुआ है जो लोगों को खुले आम दावत देता है. दूसरे मुट्ठीगंज के मुहल्ले में ख़ास चौराहे पर—जहां सिपाही खड़ा होता है—नुक्कड़ के ऊपर गांजा-भांग की दूकान है. वहां अन्दर बैठ कर लोग पीते थे और कोई जानता था कोई नहीं जानता था. मगर आज उस दूकान पर एक नहीं तीन तीन साइनबोर्ड हैं जो सरेबाज़ार ऐलान करते बुलाते हैं, ऐसे ही दारागंज में. यह रही इलाहाबाद की हालत.

नई दिल्ली या आस पास के शहरों की जैसे मेरठ, अम्बाला की तो कुछ पूछिये मत. नई दिल्ली तो इस फ़न में वाशिंगटन, लन्दन और पैरिस को मात करने की तैयारी में दीखती है. ऐसे ऐसे हाकिम और कांगरेसी भाई बहन तक शराब पीना शान समझने लगे हैं जो कुछ बरसे पहले उस से दूर भागते थे. जब यह हालत नई दिल्ली की हो तो बम्बई कब पिछड़ने वाला था. क़ानून से वहां शराब बन्द है, पर बीसियों दरारें उसमें ऐसी हैं जिन से शराब सहज मिल जाती है और अगर किसी को गुंजाइश कम दीखी तो वह बराबर में दामन या गोआ (जो पुर्तगाल राज में हैं) जाकर मुराद पूरी कर आता है. बम्बई के बहुत से अस्पताल व डाक्टर भी इस बात के गवाह हैं कि शराब-ख़ोरी किस तेज़ी के साथ उस नगरी में बढ़ रही है. मदरास भी इस रोग का वैसा ही शिकार है और कलकत्ता तो मानो सब पर ही बाज़ी ले गया.

شراب کی چھوٹ

آزادی کے بعد پچھلے سات برس میں ہندستان کے اندر شراب کی کھپت جتنی بڑھی ہے اتنی انگریزی راج کے کنہیں چودہ برس میں بھی نہیں بڑھی تھی ۔ شراب یا تاڑی وغیرہ کی چھوٹ انگریزوں نے دی کیونکہ ان کے چالو مذہب میں یا اُن کے دیش میں شراب کوئی بری چیز نہیں سمجھی جاتی تھی ۔ پر دکھ کی بات ہے کہ شراب کو جو بڑھاوا آج کل مل رہا ہے وہ پہلے کبھی بھی نہیں ملا ۔ ہم الہ‌آباد کی ہی مثال لیں ۔ یہاں بہادر گنج محلے میں تاڑی خانہ ہے ۔ پہلے اُس پر کوئی سائن بورڈ نہیں تھا ۔ بہت کم لوگ جانتے تھے کہ وہاں کیا ہوتا ہے ۔ لیکن آج کل وہاں ایک بڑا بھاری، رنگ برنگا سائن بورڈ لگا ہوا ہے جو لوگوں کو کھلے عام دعوت دیتا ہے ۔ دوسرے مٹھی گنج کے محلے میں خاص چوراہے پر—جہاں سپاہی کھڑا ہوتا ہے—نکڑ کے اوپر گانجا بھانگ کی دوکان ہے ۔ وہاں اندر بیٹھکر لوگ پیتے تھے اور کوئی جانتا تھا کوئی نہیں جانتا تھا ۔ مگر آج اِس دوکان پر ایک نہیں تین تین سائن بورڈ ہیں جو سربازار اعلان کرتے بلاتے ہیں، ایسے ہی دارا گنج میں ۔ یہ رہی الہ‌آباد کی حالت ۔

نئی دلی یا آس پاس کے شہروں کی جیسے میرٹھ، انبالہ کی تو کچھ پوچھئے مت ۔ نئی دلی تو اِس فن میں واشنگٹن اور پیرس کو مات کرنے کی تیاری میں دیکھتی ہے ۔ ایسے ایسے حاکم اور کانگریسی بھائی بہن تک شراب پینا شان سمجھنے لگے ہیں جو کچھ عرصے پہلے اس سے شرماتے تھے ۔ جب یہ حالت نئی دلی کی ہو تو بمبئی کب پچھڑنے والا تھا ۔ قانون سے وہاں شراب بند ہے، پر بیسیوں درازیں اسمیں ایسی ہیں جن سے شراب سہج مل جاتی ہے اور اگر کسی کو گنجایش کم دیکھی تو وہ برابر میں دامن یا گوا (جو پرتگال راج میں ہے) جا کر مراد پوری کر آتا ہے۔ بمبئی کے بہت سے اسپتال و ڈاکٹر بھی اس بات کے گواہ ہیں کہ شراب خوری کس تیزی کے ساتھ اس نگری میں بڑھ رہی ہے۔ مدراس بھی اس روگ کا ویسا ہی شکار ہے اور کلکتہ تو مانو سب پر ہی بازی لے گیا۔

बेटी, बहू, बहन, बीबी न हो. हर तबक़े की ज़ुबान अलग है लेकिन सारे कैरैक्टर यही एक बात कहते हैं—

इस ड्रामे के कैरैक्टर नहीं बोलते बल्कि वह अपने अपने तबक़े की नुमाइन्दगी करते हैं. कोई औरत या मर्द एक दूसरे से प्रेम नहीं करते, झगड़ा नहीं करते, सीधी सादी बात करते हैं, कोई हीरो नहीं है, कोई वलन नहीं है. फिर भी सारे कैरैक्टर बराबर झगड़ते हैं, उन में खिंचाव है, उन के आचरन में चाल छिपी हुई है. इतनी सी बात थी जिस से अफ़साना कर दिया. बात कुछ नहीं है. एक ड्रामा लिखा गया है. उस के लिये. हीरोइन की ज़रूरत है. हीरोइन की तलाश शुरू होती है. बहुत सी औरतें तैयार हो जाती हैं पर उन के पति उन का स्टेज पर जाना पसन्द नहीं करते. इतनी सी बात पर ड्रामे का ढांचा खड़ा कर देना मुजीब साहब का ही हक़ है.

ऐसे ड्रामा सीधा सपाट है. लेकिन दो कैरैक्टर शुरू से ही कुछ कैरैक्टर ट्रैजिडी करते दिखाई पड़ते हैं. एक हैं मिसेज़ मेहरा और दूसरी उनकी भान्जी कमला. मिसेज़ मेहरा ख़ुद हीरोइन बनना चाहती हैं और लगता है कि कमला भी. पर दोनों चाहती हैं कि कोई दूसरा सुझाव रख कर उनकी ख़्वाहिश पूरी कर दे. कमला तो ख़ामोश है लेकिन मिसेज़ मेहरा के सब्र का प्याला छलक उठता है और उनका बरज़ुवा कैरैक्टर ड्रामे में ड्रामाइयत पैदा करता है. असल में इस ड्रामे का हीरो 'आर्ट' है. आर्ट को हीरोइन की ज़रूरत है. आर्ट और कलचर के दावेदारों के यहां तलाश की जाती है, पर हीरोइन नहीं मिलती. आख़िर में हीरोइन मिलती है एक उस्तानी के रूप में !

मुजीब साहब भी पढ़ाने का पेशा करते हैं. शायद इसी लिये उनकी जियादा हमदर्दी कैरैक्टर से दिखाई पड़ती है—एक कालिज के लेक्चरार से और दूसरे कमला नामी उस्तानी से. हो सकता है उनका यह भी ख़्याल हो कि कालिज के अन्दर ही कलचर और आर्ट पनप सकता है और आर्ट को सिर्फ़ वहीं अपनी हीरोइन मिल सकती है.

'हीरोइन की तलाश' दिलचस्प भी है और कला के आजकल के सरपरस्तों का भंडाफोड़ भी. ऐसे ऐकांकियों को हिन्दी में भी ज्यों का त्यों छपना चाहये. इस से राज भाशा का साहित्यक भंडार बढ़ेगा.

—मुजीब रिज़वी

بیٹی، بہو، بہن، بیوی نہ ہو. ہر طبقے کی زبان الگ ہے لیکن سارے کیریکٹر یہی ایک بات کہتے ہیں.

اس ڈرامے کے کیریکٹر نہیں بولتے بلکہ وہ اپنے اپنے طبقے کی نمائندگی کرتے ہیں. کوئی عورت یا مرد ایک دوسرے سے پریم نہیں کرتے، جھگڑا نہیں کرتے، سیدھی سادی بات کرتے ہیں، کوئی ہیرو نہیں ہے، کوئی ولن نہیں ہے. پھر بھی سارے کیریکٹر برابر جھگڑتے ہیں، ان میں کھنچاؤ ہے، ان کے آچرن میں چال چھپی ہوئی ہے. اتنی سی بات تھی جسے افسانہ کردیا. بات کچھ نہیں ہے. ایک ڈرامہ لکھا گیا ہے. اس کے لئے ہیروئن کی ضرورت ہیروئن کی تلاش شروع ہوتی ہے. بہت سی عورتیں تیار ہوجاتی ہیں پر ان کے پتی ان کا اسٹیج پر جانا پسند نہیں کرتے. اتنی سی بات پر ڈرامے کا ڈھانچہ کھڑا کر دینا مجیب صاحب کا ہی حق ہے.

ایسے ڈرامہ سیدھا سپاٹ ہے. لیکن دو کیریکٹر شروع سے ہی کچھ کیریکٹر ٹریجڈی کرتے دکھائی پڑتے ہیں. ایک ہیں مسز مہرا اور دوسری ان کی بھانجی کملا. مسز مہرا خود ہیروئن بننا چاہتی ہیں اور لگتا ہے کہ کملا بھی. پر دونوں چاہتی ہیں کہ کوئی دوسرا سجھاؤ رکھکر ان کی خواہش پوری کر دے. کملا تو خاموش ہے لیکن مسز مہرا کے صبر کا پیالہ چھلک اٹھتا ہے اور ان کا بورژوا کیریکٹر ڈرامے میں ڈرامائیت پیدا کرتا ہے. اصل میں اس ڈرامے کا ہیرو 'آرٹ' ہے. آرٹ کو ہیروئن کی ضرورت ہے. آرٹ اور کلچر کے دعویداروں کے یہاں تلاش کی جاتی ہے، پر ہیروئن نہیں ملتی. آخر میں ہیروئن ملتی ہے ایک استانی کے روپ میں !

مجیب صاحب بھی پڑھانے کا پیشہ کرتے ہیں. شاید اسی لئے ان کی زیادہ ہمدردی کیریکٹروں سے دکھائی پڑتی ہے—ایک کالج کے لکچرار سے اور دوسرے کملا نامی استانی سے. ہو سکتا ہے ان کا یہ بھی خیال ہو کہ کالج کے اندر ہی کلچر اور آرٹ پنپ سکتا ہے اور آرٹ کو صرف وہیں اپنی ہیروئن مل سکتی ہے.

'ہیروئن کی تلاش' دلچسپ بھی ہے اور کلا کے آج کل کے سرپرستوں کا بھنڈا پھوڑ بھی. ایسے ایکانکیوں کو ہندی میں بھی جوں کا توں چھپنا چاہئے. اس سے راج بھاشا کا ساہتیک بھنڈار بڑھے گا.

—مجیب رضوی

इस किताब में आठ पूरे सफ़े की तसवीरें हैं. इसमें इमारतों की तसवीरों के साथ साथ मिस्री किसानों और किसान औरतों की भी तसवीरें हैं.

अरूसे नील उन सब को ज़रूर पढ़ना चाहिये जो मिस्र से हमदर्दी रखते हैं और मिस्रियों के जीवन को समझना चाहते हैं. यह किताब सफ़रनामा है और इस ढंग से लिखी गई है कि नाविल का मज़ा आता है.

—मुजीब रिज़वी

اس کتاب میں آٹھ پورے صفحے کی تصویریں ہیں۔ اس میں عمارتوں کی تصویروں کے ساتھ ساتھ مصری کسانوں اور کسان عورتوں کی بھی تصویریں ہیں۔

عروس نیل اُن سب کو ضرور پڑھنا چاہئے جو مصر سے ہمدردی رکھتے ہیں اور مصریوں کے جیون کو سمجھنا چاہتے ہیں۔ یہ کتاب سفر نامہ ہے اور اس ڈھنگ سے لکھی گئی ہے کہ ناول کا مزا آتا ہے۔

—مجیب رضوی

महात्मा गांधी

लिखने वाले—मुहम्मद हफ़ीज़ उद्दीन; निकालने वाले—मकतबा जामिया लिमिटेड, जामा नगर देहली; लिखावट—उर्दू; सफ़्हे—63; दाम—बारह आना.

महात्मा गांधी पर बहुत सी किताबें लिखी गई हैं. ज़्यादातर विद्वानों के लिये हैं और कुछ बच्चों के लिये. जो किताबें बच्चों के लिये हैं उनमें से ज़्यादातर बच्चों के लिये नहीं हैं. न उनकी ज़बान बच्चों के लिये है और न उन लेखकों की शैली ही बच्चों के लिये है. उन किताबों को पढ़ कर ऐसा लगता है कि वह सिर्फ़ इसलिये लिखी गई हैं क्योंकि लेखक को बच्चों के लिये लिखने पर मजबूर होना पड़ा.

लेकिन हफ़ीज़ उद्दीन साहब ने 'महात्मा गांधी' सचमुच बच्चों के लिये लिखी है. उन्होंने गांधी जी की कहानी चालू शब्दों में दोहराई है और वह शब्द भी इतने हैं जितने एक आठ-नौ साल का बच्चा आसानी से सीख सकता है. शैली ऐसी है जैसे नानी अम्मां बच्चों को परियों की कहानी सुना रही हों. 'महात्मा गांधी' बच्चों के लिये बहुत फ़ायदेमन्द किताब है.

—मुजीब रिज़वी

مہاتما گاندھی

لکھنے والے—محمد حفیظ الدین؛ نکالنے والے—مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر دہلی؛ لکھاوٹ—اردو؛ صفحے—63؛ دام—بارہ آنہ۔

مہاتما گاندھی پر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ زیادہ تر ودوانوں کے لئے ہیں اور کچھ بچوں کے لئے۔ جو کتابیں بچوں کے لئے ہیں اُن میں سے زیادہ تر بچوں کے لئے نہیں ہیں۔ نہ اُنکی زبان بچوں کے لئے ہے اور نہ اُن لیکھکوں کی شیلی ہی بچوں کے لئے ہے۔ اُن کتابوں کو پڑھکر ایسا لگتا ہے کہ وہ صرف اس لئے لکھی گئی ہیں کیونکہ لیکھک کو بچوں کے لئے لکھنے پر مجبور ہونا پڑا۔

لیکن حفیظ الدین صاحب نے 'مہاتما گاندھی' سچ مچ بچوں کے لئے لکھی ہے۔ اُنہوں نے گاندھی کی کہانی چالو شبدوں میں دہرائی ہے اور وہ شبد بھی اتنے ہیں جتنے ایک آٹھ-نو سال کا بچہ آسانی سے سیکھ سکتا ہے۔ شیلی ایسی ہے جیسے نانی اماں بچوں کو پریوں کی کہانی سنا رہی ہوں۔ مہاتما گاندھی بچوں کے لئے بہت فائدے مند کتاب ہے۔

—مجیب رضوی

हीरोइन की तलाश

लिखने वाले—मुहम्मद मुजीब; निकालने वाले—मकतबा जामा लिमिटेड देहली; लिखावट—उर्दू; सफ़्हे—63; दाम—दस आने.

'हीरोइन की तलाश' एक एक्ट ड्रामा है. इस में पांच सीन हैं. तेरह कैरैक्टरों में से छे औरतें हैं. सात मर्दों में से ज़्यादातर ब्योपारी हैं और आर्ट की सरपरस्ती करते हैं, एक आई. ए. एस. है एक कालिज का लिकचरार, और एक ताल्लुक़ेदार. ज़ाहिर में सब एक बात चाहते हैं. वह यह है कि कोई ख़ूबसूरत औरत उन के सामने नाचे, गाये लेकिन शर्त यह है कि वह औरत पराई हो, उनकी

ہیروئن کی تلاش

لکھنے والے—محمد مجیب؛ نکالنے والے—مکتبہ جامعہ لمیٹڈ دہلی؛ لکھاوٹ—اردو؛ صفحے—63؛ دام—دس آنے۔

'ہیروئن کی تلاش' ایک ایکٹ ڈرامہ ہے۔ اس میں پانچ سین ہیں۔ تیرہ کیریکٹروں میں سے چھ عورتیں ہیں۔ سات مردوں میں سے زیادہ تر بیوپاری ہیں اور آرٹ کی سرپرستی کرتے ہیں، ایک آئی. اے. ایس. ہے، ایک کالج کا لیکچرار، اور ایک تعلقہ دار۔ ظاہر میں سب ایک بات چاہتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ کوئی خوبصورت عورت اُن کے سامنے ناچے، گائے لیکن شرط یہ ہے کہ وہ عورت پرائی ہو، اُنکی

फ़हीमा नामी अध्याय में लेखिका ने मामूली मस्रियों का ज़िक्र किया है. मामूली लोगों की मामूली मामूली आदतों, उनके भावों और उनके जीवन का वर्नन बहुत रोचक ढंग से किया गया है—इस अध्याय में मिस्री औरतों पर रोशनी पड़ती है. फ़हीमा असल में उन तमाम नौकरों का सामूहिक नाम है जिन से सुल्ताना बेगम को पाला पड़ा है. इसी अध्याय में सुल्ताना बेगम अपनी एक नौकरानी के घर भी गई हैं जिसके घर बच्चा पैदा हुआ था. ऐसे अवसर पर होने वाली रीति रिवाजों का वर्नन बहुत सुन्दर है. एक बात खटकती है. वह यह कि उन रीत-रिवाजों से सुल्ताना बेगम हमदर्दी नहीं दिखा सकतीं. उनकी चिढ़ इतनी गहरी है कि वह किताब के सफ़्हों से ख़ुद बख़ुद फूट पड़ती है.

फ़रह अरबी में शादी को कहते हैं. इस अध्याय में एक शादी का ज़िक्र है. शादी के साथ साथ मिस्र के ताल्लुक़ेदारों, रईसों और अमीरों के कैरेक्टर, उनके रहन सहन, उनके शौक़ और उनके कलचरी पहलुओं पर रोशनी डाली गई है.

'क़ाहिरा में रमज़ान उल्मुबारक' में मिस्र की सोशल और मज़हबी ज़िन्दगी पर रोशनी डाली गई है. मुझे यह अध्याय सबसे ज़्यादा पसन्द आया. मिस्र एक मुस्लिम देश है, हम लोग समझते हैं कि मुस्लिम देश में रमज़ान की अहमियत बहुत होगी. लेकिन इस वर्नन को पढ़कर ऐसा लगता है कि रमज़ान को जिस चश्मे से हम देखते हैं उस चश्मे से मिस्री नहीं देखते. हिन्दुस्तानी मुसलमान शायद रमज़ान में ज़िन्दगी को पाक बनाने की कोशिश करते हैं. लेकिन मिस्र में रमज़ान में रंगरलियां मनाई जाती हैं. नाचघरों में अच्छे प्रोग्राम रक्खे जाते हैं. ज़ियादा से ज़ियादा लोग सनीमा देखते हैं. बाज़ीगर इस महीने में दूर दूर से यहां आ जाते हैं. रेडियो पर क़ुरान की तिलावत होती रहती है और होटलों में बैठे लोग रक़्क़ासों की चर्चा किया करते हैं, क़हवा पिया करते हैं. जो लोग सोशल जीवन को मज़हबी ढांचे के अनुसार बनाये रखना चाहते हैं उनको यह वर्नन पढ़ कर और असलियत जान कर बहुत दुख होगा और साथ में निराशा भी.


'हरम शेख़ रजब' नामी अध्याय में एक बद्दू सरदार के हरम का ज़िक्र है, उसकी बीवियों, बेटियों, बहनों का सुन्दर वर्नन है. यहां सुल्ताना बेगम की सारी की ख़ूब ख़ूब नुमाइश हुई. उन्हीं सारी खोल कर सब के सामने पहनना पड़ा. सारी उन औरतों को बहुत पसन्द आई. चलते वक़्त सरदार साहब ने एक ऊंट, चार बकरियां, पचास अंडे और छै तरबूज़ तोहफ़े के तौर पर दिये. भला इन तोहफ़ों को कौन उठा कर लाता.

فہیمہ نامی ادھیائے میں لیکھک نے معمولی مصریوں کا ذکر کیا ہے . معمولی لوگوں کی معمولی معمولی عادتوں' اُن کے بھاؤوں اور ان کے جیون کا ورنن بہت روچک ڈھنگ سے کیا گیا ہے—اِس ادھیائے میں مصری عورتوں پر روشنی پڑتی ہے . فہیمہ اصل میں اُن تمام نوکروں کا سامُوہک نام ہے جن سے سلطانہ بیگم کو پالا پڑا ہے . اسی ادھیائے میں سلطانہ بیگم اپنی ایک نوکرانی کے گھر بھی گئی ہیں جس کے گھر بچہ پیدا ہوا تھا . ایسے اوسر پر ہونے والی ریت رواجوں کا ورنن بہت سندر ہے . ایک بات کھٹکتی ہے . وہ یہ کہ ان ریت رواجوں سے سلطانہ بیگم ہمدردی نہیں دکھا سکیں . اُن کی چڑھ اتنی گہری ہے کہ وہ کتاب کے صفحوں سے خود بخود پھوٹ پڑتی ہے .

فرح عربی میں شادی کو کہتے ہیں . اس ادھیائے میں ایک شادی کا ذکر ہے . شادی کے ساتھ ساتھ مصر کے تعلقہ داروں' رئیسوں اور امیروں کے کیریکٹر' اُن کے رہن سہن' اُن کے شوق اور اُن کے کلچری پہلو پر روشنی ڈالی گئی ہے .

' قاہرہ میں رمضان المبارک' میں مصر کی سوشل اور مذہبی زندگی پر روشنی ڈالی گئی ہے . مجھے یہ ادھیائے سب سے زیادہ پسند آیا . مصر ایک مسلم دیش ہے ہم لوگ سمجھتے ہیں کہ مسلم دیش میں رمضان کی اہمیت بہت ہوگی . لیکن اس ورنن کو پڑھکر ایسا لگتا ہے کہ رمضان کو جس چشمے سے ہم دیکھتے ہیں اس چشمے سے مصری نہیں دیکھتے . ہندستانی مسلمان شاید رمضان میں زندگی کو پاک بنانے کی کوشش کرتے ہیں . لیکن مصر میں رمضان میں رنگ رلیاں منائی جاتی ہیں . ناچ گھروں میں اچھے پروگرام رکھے جاتے ہیں . زیادہ سے زیادہ لوگ سنیما دیکھتے ہیں . بازیگر اِس مہینے میں دور دور سے یہاں آ جاتے ہیں . ریڈیو پر قرآن کی تلاوت ہوتی رہتی ہے اور ہوٹلوں میں بیٹھے لوگ رقاصوں کی چرچا کیا کرتے ہیں' قہوہ پیا کرتے ہیں . جو لوگ سوشل جیون کو مذہبی ڈھانچے کے انوسار بنائے رکھنا چاہتے ہیں اُن کو یہ ورنن پڑھ کر اور اصلیت جان کر بہت دکھ ہوگا اور ساتھ میں نراشا بھی .

'حرم شیخ رجب' نامی ادھیائے میں ایک بدو سردار کے حرم کا ذکر ہے اُسکی بیویوں' بیٹیوں' بہنوں کا سندر ورنن ہے . یہاں سلطانہ بیگم کی ساری کی خوب خوب نمائش ہوئی . انہیں ساری کھول کر سب کے سامنے پہننا پڑا . ساری اُن عورتوں کو بہت پسند آئی . چلتے وقت سردار صاحب نے ایک اونٹ' چار بکریاں' پچاس انڈے اور چھ تربوز تحفے کے طور پر دیئے . بھلا اِن تحفوں کو کون اُٹھا کر لاتا .

कुछ किताबें  کچھ کتابیں

उरूसेनील

लिखनेवाली—सुल्ताना आसफ़ फ़ैज़ी; निकालने वाले—मकतबा जामा लिमिटेड, देहली; लिखावट—उर्दू; सफ़्हे—194; दाम—दो रुपये आठ आने.

'49 से लेकर '51 तक श्री आसफ़ फ़ैज़ी मिस्र में भारत के राजदूत रहे हैं. सुल्ताना बेगम उनकी पत्नी हैं. वह भी पति के साथ दो साल तक मिस्र में रही हैं. राजदूतों की पत्नियों का अधिक समय पार्टियों की रौनक़ बनने और अपने को पार्टियों के लिये तैयार करने में ख़र्च होता है. लेकिन सुल्ताना बेगम को मिस्री जीवन देखने का भी शौक़ था, और इतना गहरा शौक़ कि तमाम झमेलों के होते हुए भी वह मिस्रियों की ज़िन्दगी के बहुत से पहलुओं को देख सकीं.

'अरूसेनील' सुल्ताना बेगम के अनुभवों का निचोड़ है. 'जो कुछ' है, उसका ज़िक्र इस किताब में मिलता है. 'क्यों ऐसा है' इस पर सुल्ताना बेगम ने कोई रोशनी नहीं डाली. कुछ लोग कहेंगे कि किताब की यह बहुत बड़ी कमज़ोरी है. लेकिन मेरे विचार में किताब की यह बहुत बड़ी ख़ूबी है.

इस किताब को पढ़ने के बाद हमें मिस्र को समझने में काफ़ी मदद मिलती है. अरूसेनील के छै अध्याय हैं—(1) उरूसे नील (2) फ़हीमा (3) फ़रह (4) क़ाहिरा में रमज़ान-उल-मुबारक (5) हरम शेख़ रजब (6) अक़्साए क़स्र की सैर. उरूसेनील नामी अध्याय में उस बड़े मेले की चरचा है जो नील नदी के किनारे हज़ारहा बरस से लगता आ रहा है. लेखिका ने उन सब रूपों का ज़िक्र किया है जो यह मेला समय समय पर धारन करता रहा है. यह मेला आज भी होता है, लेकिन बिल्कुल दूसरी शान से, बिल्कुल दूसरे रूप में. मुसलमान आम तरीक़े से दरियाओं और पहाड़ों के सम्बन्ध के मेले पसन्द नहीं करते. लेकिन मिस्री आज भी नील के किनारे लगने वाले मेले को बहुत उत्साह से मनाते हैं. यह मेला उन का राष्ट्री पर्व है.

عروس نیل

لکھنے والی—سلطانہ آصف فیضی؛ نکالنے والے—مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، دھلی؛ لکھاوٹ—اُردو؛ صفحے—194؛ دام—دو روپیہ آٹھ آنے .

'49 سے لیکر '51 تک شری آصف فیضی مصر میں بھارت کے راجدوت رہے ھیں . سلطانہ بیگم ان کی پتنی ھیں، وہ بھی پتی کے ساتھ دو سال تک مصر میں رھی ھیں . راجدوتوں کی پتنیوں کا ادھک سمے پارٹیوں کی رونق بننے اور اپنے کو پارٹیوں کے لئے تیار کرنے میں خرچ ھوتا ھے . لیکن سلطانہ بیگم کو مصری جیون دیکھنے کا بھی شوق تھا، اور اتنا گہرا شوق کہ تمام جھمیلوں کے ھوتے ھوئے بھی وہ مصریوں کی زندگی کے بہت سے پہلوؤں کو دیکھ سکیں .

'عروس نیل' سلطانہ بیگم کے انوبھووں کا نچوڑ ھے . 'جو کچھ' ھے' اس کا ذکر اس کتاب میں ملتا ھے . 'کیوں ایسا ھے' اس پر سلطانہ بیگم نے کوئی روشنی نہیں ڈالی . کچھ لوگ کہیں گے کہ کتاب کی یہ بہت بڑی کمزوری ھے . لیکن میرے وچار میں کتاب کی یہ بہت بڑی خوبی ھے .

اس کتاب کو پڑھنے کے بعد ھمیں مصر کو سمجھنے میں کافی مدد ملتی ھے . عروس نیل کے چھ ادھیائے ھیں—(1) عروس نیل (2) فہیمہ (3) فرح (4) قاھرہ میں رمضان المبارک (5) حرم شیخ رجب (6) اقصائے قصر کی سیر . عروس نیل نامی ادھیائے میں اس بڑے میلے کی چرچا ھے جو نیل ندی کے کنارے ھزارھا برس سے لگتا آرھا ھے . لیکھکا نے ان سب روپوں کا ذکر کیا جو یہ میلہ سمے سمے پر دھارن کرتا رھا ھے . یہ میلہ آج بھی ھوتا ھے' لیکن بالکل دوسری شان سے' بالکل دوسرے روپ میں . مسلمان عام طریقے سے دریاؤں اور پہاڑوں کے سمبندھ کے میلے پسند نہیں کرتے . لیکن مصری آج بھی نیل کے کنارے لگنے والے میلے کو بہت اتساہ سے مناتے ھیں . یہ میلہ ان کا راشٹری پرو ھے .

कोतवाल बोला—"यह कैसी बेअदबी है !"

उसी दम शिक्षामहल में धौंकनी, हथौड़ी और आग लेकर लोहार आ खड़ा हुआ. कैसी दमादम पिटाई हुई ! लोहे की सांकल तैयार हुई, पक्षी के पर भी काट डाले गए.

राजा के संबंधी मुंह बना कर सिर हिलाकर बोले—'इस राज में पक्षी में सिर्फ़ अक़्ल की ही कमी नहीं है, भलमंसी भी नहीं है.'

तब पंडितों ने एक हाथ में क़लम और एक हाथ में बल्लम लेकर वह काम शुरू किया जिसे कहते हैं शिक्षा !

लोहार का रोज़गार बढ़ गया और लोहारिन के अंग पर सोना चढ़ गया. कोतवाल की होशियारी देख कर राजा ने उसे 'ख़िताब' दिया.

पक्षी मर गया. कब मरा यह कोई तय नहीं कर सका. सत्यानाशी चुग़लख़ोर बड़बड़ करने लगा—"पक्षी मर गया, पक्षी मर गया."

भान्जे को बुलाकर राजा बोले—"यह क्या सुन रहा हूं ?"

भान्जा बोला—"महाराज ! पक्षी की शिक्षा पूरी हो गई."

राजा ने पूछा—"क्या वह अब फुदकता है ?"

भान्जा बोला—"अरे राम कहो !"

"और क्या उड़ता है ?"

"नहीं."

"तो क्या गाता है ?"

"नहीं."

"दाना न पाने पर क्या चीख़ता है ?"

"नहीं."

राजा बोला—"एक बार पक्षी को लाओ तो, देखूं."

पक्षी आया. उसके साथ कोतवाल आया, प्यादा आया, घुड़सवार आया. राजा ने पक्षी को टटोला. उसने 'हां' की और न 'हूं.' सिर्फ़ उसके पेट में भरे पोथियों के सूखे पन्ने खसर खसर करने लगे.

बाहर नए बसंत की दक्खिनी हवा में नई कोंपलों की लंबी सांसों से शांत बन का आकाश व्याकुल हो उठा.

کوتوال بولا—"یہ کیسی بےادبی ہے !"

اسی دم شکشا محل میں دھونکنی، ہتھوڑی اور آگ لے کر لوہار آ کھڑا ہوا . کیسی دمادم پٹائی ہوئی ! لوہے کی سانکل تیار ہوئی، پکشی کے پر بھی کاٹ ڈالے گئے .

راجہ کے سمبندھی منھ بنا کر سر ہلا کر بولے—' اس راج میں پکشی میں صرف عقل کی ہی کمی نہیں ہے، بھلمنسی بھی نہیں ہے .'

تب پنڈتوں نے ایک ہاتھ میں قلم اور ایک ہاتھ میں بلم لے کر وہ کام شروع کیا جسے یہ کہتے ہیں شکشا!

لوہار کا روزگار بڑھ گیا اور لوہارن کے انگ پر سونا چڑھ گیا . کوتوال کی ہوشیاری دیکھکر راجہ نے اسے ' خطاب ' دیا .

پکشی مر گیا . کب مرا یہ کوئی طے نہیں کر سکا . ستیاناشی چغل خور بڑ بڑ کرنے لگا—" پکشی مر گیا، پکشی مر گیا ."

بھانجے کو بلا کر راجہ بولے—"یہ کیا سن رہا ہوں؟"

بھانجا بولا—" مہاراج ! پکشی کی شکشا پوری ہو گئی ."

راجہ نے پوچھا—"کیا وہ اب پھدکتا ہے ؟"

بھانجا بولا—"ارے رام کہو !"

" اور کیا اڑتا ہے ؟"

" نہیں ."

" تو کیا گاتا ہے ؟"

" نہیں ."

" دانا نہ پانے پر کیا چیختا ہے ؟"

" نہیں ."

راجا بولے—" ایک بار پکشی کو لاؤ تو، دیکھوں ."

پکشی آیا . اس کے ساتھ کوتوال آیا، پیادہ آیا گھڑسوار آیا . راجہ نے پکشی کو ٹٹولا . اس نے ' ہاں ' کی اور نہ ' ہوں ' صرف اس کے پیٹ میں بھرے پوتھیوں کے سوکھے پنّے کھسر کھسر کرنے لگے .

باہر نئے بسنت کی دکھنی ہوا میں نئی کونپلوں کی لمبی سانسوں سے شانت بن کا آکاش ویاکل ہو اٹھا .

जवाब सुन कर राजा अच्छी तरह बात समझ गए
उसी दम उन्होंने भान्जे के गले में सोने का हार
ना दिया.

(5)

शिक्षा किस भयानक रफ़्तार से चल रही है यह
खने की राजा की इच्छा हुई. एक दिन इसीलिये अमीर
मरा, वज़ीर वुज़रा को ले कर शिक्षा भवन में ख़ुद पहुंचे.

ड्योढ़ी के पास शंख, घंटा, ढोल, नगाड़ा, तुरही, भेरी,
मामा, झांझ, बंसी, करताल मृदंग आदि बज उठे. पंडित
ोग ऊंचे स्वर से चोटी हिला हिला कर मंत्र पाठ करने
गे. मिस्त्री, मज़दूर, सुनार, नक़लनवीस, मरम्मत करने
ले और ममेरे, फुफेरे, चचेरे और मौसेरे भाई जयजयकार
रने लगे.

भान्जा बोला—"महाराज ! आप काम देख रहे हैं?"

महाराज बोले—"अचरज ! शोर तो कम नहीं है."

भान्जा बोला—"सिर्फ़ शोर ही नहीं, ख़र्च भी कम
नहीं है."

राजा ख़ुश हुए और जाने के लिये ड्योढ़ी पार करके
हाथी पर बैठने ही वाले थे कि झाड़ी में छिपा चुग़लख़ोर
बोल उठा—"महाराज ! पक्षी को भी देखा या नहीं ?"

राजा चौंक उठे, बोले—"अरे हां, याद ही नहीं रही.
पक्षी को तो देखा ही नहीं !"

लौट कर पंडित जी से पूछा—"पक्षी को तुम लोग किस
क़ायदे से शिक्षा दे रहे हो, वह देखना चाहता हूं."

दिखावा हुआ. देखकर राजा को बड़ी ख़ुशी हुई.
क़ायदा पक्षी से इतना ज़ियादा बढ़ा था कि पक्षी दिखाई ही
नहीं देता था; ऐसा लगा कि उसे न देखने से भी काम चल
जायगा. राजा ने समझ लिया कि काम में कोई कमी नहीं
है. पिंजरे में न तो दाना है, न पानी; सिर्फ़ ढेर की ढेर
पोथियों से पन्नों पर पन्ने क़लम की नोक से पक्षी के मुंह
में ठूंसे जा रहे हैं ! गाना तो बंद ही है, चिल्ला सकने का
दरवाज़ा भी बंद है ! देख कर रोंगटे खड़े हो जाते हैं !

इस बार राजा हाथी पर चढ़ते समय सरदार से कह
गए कि चुग़लख़ोर के कान अच्छी तरह मल दिए जायें.

(6)

पक्षी दिन दिन बाक़ायदा अधमरा होता गया. सर-
परस्तों ने समझा अच्छी आशा है. फिर भी पिछली आदत
के कारन सुबह सुबह पक्षी उजाले की तरफ़ देखता और
बुरी तरह से पंख फड़फड़ाता. इतना ही नहीं एक दिन देखा
गया कि वह अपनी मरियल चोंच से पिंजरे की सलाखें
तोड़ने की कोशिश कर रहा है.

جواب سنکر راجہ اچھی طرح بات سمجھ گئے اور
اسی دم انہوں نے بھانجے کے گلے میں سونے کا ہار پہنادیا۔

(5)

شکشا کس بھیانک رفتار سے چل رہی ہے یہ دیکھنے
کی راجہ کی اچھا ہوئی ۔ ایک دن اسی لئے امیر امرا،
وزیر وزرا کو لیکر شکشا بھون میں خود پہونچے ۔

ڈیوڑھی کے پاس شنکھ، گھنٹہ، ڈھول، نگاڑا، ترہی،
بھیری، دمامہ، جھانجھ، بنسی، کرتال مردنگ آدی بج
اٹھے ۔ پنڈت لوگ اونچے سور سے چوٹی ہلا ہلا کر منتر پاٹھ
کرنے لگے۔ مستری، مزدور، سنار، نقلنویس، مرمت کرنے والے
اور ممیرے، پھپھیرے، چچیرے اور موسیرے بھائی جےجےکار
کرنے لگے ۔

بھانجا بولا—"مہاراج آپ کام دیکھ رہے ہیں ۔"

مہاراج بولے—"اچرج ! شور تو کم نہیں ہے ۔"

بھانجا بولا—" صرف شور ہی نہیں، خرچ بھی کم
نہیں ہے ۔"

راجہ خوش ہوئے اور جانے کے لئے ڈیوڑھی پار کر کے ہاتھی
پر بیٹھنے ہی والے تھے کہ جھاڑی میں چھپا چغل‌خور
بول اٹھا—" مہاراجہ ! پکشی کو بھی دیکھا یا نہیں ؟"

راجہ چونک اٹھے، بولے—" ارے ہاں ۔ یاد ہی نہیں
رہی۔ پکشی کو تو دیکھا ہی نہیں ۔"

لوٹ کر پنڈت جی سے پوچھا—" پکشی کو تم لوگ
کس قاعدے سے شکشا دے رہے ہو، وہ دیکھنا چاہتا
ہوں ۔"

دکھاوا ہوا ۔ دیکھکر راجہ کو بڑی خوشی ہوئی ۔
قاعدہ پکشی سے اتنا زیادہ بڑا تھا کہ پکشی دکھائی ہی
نہیں دیتا تھا؛ ایسا لگا کہ اسے نہ دیکھنے سے بھی کام
چل جائے گا ۔ راجہ نے سمجھ لیا کہ کام میں کوئی کمی
نہیں ہے ۔ پنجرے میں نہ دانہ ہے نہ پانی؛ صرف
ڈھیر کی ڈھیر پوتھیوں سے پنوں پر پنے قلم کی نوک
سے پکشی کے منہ میں ٹھونسے جا رہے ہیں ! گانا تو بند
ہی ہے، چلا سکنے کا دروازہ بھی بند ہے ! دیکھکر رونگٹے
کھڑے ہو جاتے ہیں !

اس بار راجہ ہاتھی پر چڑھتے سمے سردار سے کہہ گئے
کہ چغل‌خور کے کان اچھی طرح مل دیئے جائیں ۔

(6)

پکشی دن دن باقاعدہ ادھمرا ہوتا گیا ۔ سرپرستوں
نے سمجھا اچھی آشا ہے ۔ پھر بھی پچھلی عادت کے کارن
صبح صبح پکشی اجالے کی طرف دیکھتا اور بری طرح
سے پنکھ پھڑپھڑاتا ۔ اتنا ہی نہیں ایک دن دیکھا گیا
کہ وہ اپنی مریل چونچ سے پنجرے کی سلاخیں توڑنے کی
کوشش کر رہا ہے ۔

हल निकला कि मामूली तिनकों से पक्षी जो घोंसला बनाता है उस घोंसले में ज्यादा विद्या नहीं अंट सकती. इसलिये सब से पहले ज़रूरत यह है कि एक अच्छा सा पिंजरा बनवाया जाय.

राजपंडित दक्षिना ले कर ख़ुश ख़ुश घर लौटे.

(3)

सुनार बैठा सोने का पिंजरा बनाने. पिंजरा ऐसा अनोखा बना कि देखने के लिये दूर दूर से लोग आने लगे. कोई कहता—'शिक्षा की हद ही कर दी है.' कोई कहता—'शिक्षा न भी हो, लेकिन पिंजरा तो बन गया. पक्षी की भी तक़दीर सिकन्दर है ?'

सुनार को थैली भर कर इनाम मिला. ख़ुश हो कर वह तो रवाना हुआ अपने घर की तरफ़.

पंडित लोग बैठे पक्षी को विद्या सिखाने.

सुंघनी सूंघ कर बोले—'छोटी पुस्तक से काम नहीं चलेगा.'

भान्जे ने उसी दम पुस्तक लिखने वालों को तलब किया. उन्होंने पुस्तक की नक़ल कर के और नक़ल की नक़ल करके पहाड़ खड़ा कर दिया. जिसने देखा वही कहने लगा—'शाबाश ! अब और विद्या कहां समायेगी ?'

नक़लनवीसों के दल ने बैल लदवा कर इनाम पाया और उसी दम घर की तरफ़ भाग खड़े हुए. उनकी दुनिया में अब ग़रीबी नहीं रही.

क़ीमती पिंजरे की रखवाली के लिये भान्जे की ख़बरदारी की हद न थी. मरम्मत करने वाले तो लगे ही थे, झाड़ने, पोंछने, पालिश करने वालों की भीड़ देख कर सभी कहते—'ख़ूब तरक़्क़ी हो रही है.'

लोग जुट गए बेशुमार, और उस पर निगरानी रखने वाले लोग लग गए और भी ज्यादा. उन्होंने महीने महीने भर भर मुट्ठी तनख़्वाह लेकर संदूकें भर लीं.

वह और उनके ममेरे, चचेरे और मौसेरे भाई ख़ुश हो कर अपनी अपनी कोठियों में गद्दी तकिये लगा कर बैठने लगे.

(4)

दुनिया में और सबकी कमी है सिर्फ़ चुग़लख़ोरों की नहीं. वह बोले—'पिंजरे की तो तरक़्क़ी हो रही है, लेकिन पक्षी की कोई ख़बर ही नहीं लेता !'

बात राजा के कान तक पहुंची. उन्होंने भान्जे को बुला कर पूछा—"यह क्या सुन रहा हूं ?"

भान्जा बोला—"महाराज, सच्ची बात अगर सुननी हो तो बुलाइये सुनारों को, पंडितों को, नक़लनवीसों को, उन्हें बुलाइये जो मरम्मत करते हैं और मरम्मत की खोज ख़बर लेते रहते हैं. चुग़लख़ोरों को कुछ खाने को नहीं मिलता इसीलिये बुरी भली कहते हैं."

حل نکلا کہ معمولی تنکوں سے پکھشی جو گھونسلہ بناتا ہے اُس گھونسلے میں زیادہ ودیا نہیں اَٹ سکتی، اِس لئے سب سے پہلے ضرورت یہ ہے کہ ایک اچھا سا پنجرا بنوایا جائے ۔

راج پنڈت دکشنا لیکر خوش خوش گھر لوٹے ۔

(3)

سنار بیٹھا سونے کا پنجرا بنانے ۔ پنجرا ایسا انوکھا بنا کہ دیکھنے کے لئے دور دور سے لوگ آنے لگے ۔ کوئی کہتا—'شکشا کی حد ہی کردی ہے۔' کوئی کہتا—'شکشا نہ بھی ہو' لیکن پنجرا تو بن گیا ۔ پکھشی کی بھی تقدیر سکندر ہے ۔'

سنار کو تھیلی بھرکر اِنعام ملا. خوش ہوکر وہ تو روانہ ہوا اپنے گھر کی طرف ۔

پنڈت لوگ بیٹھے پکھشی کو ودیا سکھانے ۔ سونگھنی سونگھ کر بولے—'چھوٹی پستک سے کام نہیں چلیگا ۔'

بھانجے نے اُسی دم پستک لکھنے والوں کو طلب کیا. انہوں نے پستک کی نقل کرکے اور نقل کی نقل کرکے پہاڑ کھڑا کر دیا. جس نے دیکھا وہی کہنے لگا—'شاباش! اب اور ودیا کہاں سمائیگی ؟'

نقلنویسوں کے دل نے بیل لدوا کر اِنعام پایا اور اُسی دم گھر کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے ۔ اُنکی دنیا میں اب غریبی نہیں رہی ۔

قیمتی پنجرے کی رکھوالی کے لئے بھانجے کی خبرداری کی حد نہ تھی. مرمت کرنے والے تو لگے ہی تھے' جھاڑنے' پونچھنے' پالش کرنے والوں کی بھیڑ دیکھکر سبھی کہتے—'خوب ترقی ہو رہی ہے ۔'

لوگ جٹ گئے بےشمار' اور اس پر نگرانی رکھنے والے لوگ لگ گئے اور بھی زیادہ ۔ انہوں نے مہینے مہینے بھر بھر مٹھی تنخواہ لیکر صندوقیں بھر لیں ۔

وے اور ان کے ممیرے' چچیرے اور موسیرے بھائی خوش ہوکر اپنی اپنی کوٹھیوں میں گدی تکیہ لگاکر بیٹھنے لگے ۔

(4)

دنیا میں اور سبکی کمی ہے صرف چغلخوروں کی نہیں۔ وے بولے—'پنجرے کی تو ترقی ہو رہی ہے' لیکن پکھشی کی کوئی خبر ہی نہیں لیتا !'

بات راجہ کے کان تک پہونچی ۔ انہوں نے بھانجے کو بلاکر پوچھا—"یہ کیا سن رہا ہوں ؟"

بھانجا بولا—"مہاراج' سچی بات اگر سننی ہو تو بلائیے سناروں کو' پنڈتوں کو' نقلنویسوں کو' انہیں بلائیے جو مرمت کرتے ہیں اور مرمت کی کھوج خبر لیتے رہتے ہیں۔ چغلخوروں کو کچھ کھانے کو نہیں ملتا اِس لئے بری بھلی کہتے ہیں ۔"

[अकस्मात] तुम्हारी इज्जत की दीवारें ढह जायेंगी यदि मैं तुम्हारा अपराध प्रगट कर दूं. मैं चाहता हूं कि तुम स्वीकार कर लो.

लियू—तुम मुझसे क्या मनवाना चाहते हो? बूढ़े चच्चा! मैंने जो कुछ भी किया है उसकी सारी जिम्मेदारी हमेशा मेरे ऊपर रहेगी. तुम्हें मेरे मामलों में सनने की नौबत न आयेगी.

मा—बूढ़े चच्चा, आपने सुना यह क्या कह रहे हैं? यह मुझे मुंह पर ही सारी बातें कहने के लिये मजबूर कर रहे हैं. मैं बताये देता हूं किसी ने बिना नाम बताये हुए तुम्हारे ऊपर दोषारोपन किया है.

[लियू-मा दाखिल होती है]

लियू—किस लिये?

मा—तुम गुप्त रूप से लुटेरों के साथ सम्बन्ध रखते हो. तुम्हारे घर में गोलियां छुपा कर रक्खी हुई हैं.

लियू—कहां की बातें करते हो! मैं गोलियां कहां से पा सकता हूं? पिछली बार इतना प्रयत्न करने पर भी गांव की स्वरक्षा सेना के लिये हम गोलियां नहीं पा सके.

चाओ—लियू-चेंग-तुंग ऐसा व्यक्ति नहीं है. मैं गारंटी दे सकता हूं कि उसने ऐसा नहीं किया होगा.

(सिलसिले के लिये अगला अंक देखिये)

तोते की कहानी

आजकल की तालीम पर एक व्यंग

(लेखक—रवीन्द्रनाथ ठाकुर, अनुवादक—मदनलाल जैन)

एक पक्षी था. वह था मूर्ख. वह गाना गाता पर शास्त्र न पढ़ता. फुदकता, उड़ता, लेकिन क़ायदा क़ानून न जानता था.

राजा बोला—"ऐसा पक्षी तो काम पर लगेगा नहीं, वन के फल खा कर राजहाट में फल के बाज़ार को नुकसान ही पहुंचाएगा."

वज़ीर को बुला कर कहा—"पक्षी को शिक्षा दो."

(2)

राजा के भान्जे को पक्षी को शिक्षा देने का भार सौंपा गया.

पंडितों ने बैठ कर बहुत विचार किया. सवाल यह था कि—'इस जीव की अविद्या का कारन क्या है?'

[اکسمات] تمہاری عزت کی دیواریں ڈھ جائیں گی یدی میں تمہارا اپرادھ پرکٹ کر دوں ۔ میں چاہتا ہوں کہ تم سویکار کر لو ۔

لیو—تم مجھ سے کیا منوانا چاہتے ہو؟ بوڑھے چچا' میں نے جو کچھ بھی کیا ہے اسکی ساری ذمہداری ہمیشہ میرے اوپر رہے گی ۔ تمہیں میرے معاملوں میں سلنے کی نوبت نہ آئے گی ۔

ما—بوڑھے چچا' آپ نے سنا یہ کیا کہہ رہے ہیں؟ یہ مجھے مکھ پر ہی ساری باتیں کہنے کے لئے مجبور کر رہے ہیں۔ میں بتائے دیتا ہوں کسی نے بنا نام بتائے ہوئے تمہارے اوپر دوشاروپن کیا ہے ۔

[لیو ما داخل ہوتی ہے]

لیو—کس لئے؟

ما—تم گپت روپ سے لٹیروں کے ساتھ سمبندھ رکھتے ہو ۔ تمہارے گھر میں گولیاں چھپا کر رکھی ہوئی ہیں ۔

لیو—کہاں کی باتیں کرتے ہو! میں گولیاں کہاں سے پا سکتا ہوں؟ پچھلی بار اتنا پریتن کرنے پر بھی گاؤں کی سورکشا سینا کے لئے ہم گولیاں نہیں پا سکے ۔

چاؤ—لیو ۔ چینگ ۔ تنگ ایسا ویکتی نہیں ہے ۔ میں گارنٹی دے سکتا ہوں کہ اس نے ایسا نہیں کیا ہوگا ۔

(سلسلہ کے لئے اگلا انک دیکھئے)

طوطے کی کہانی

آجکل کی تعلیم پر ایک ویَنگ

لیکھک—رویندر ناتھ ٹھاکر؛ انوواَدک—مدن لال جین)

ایک پکشی تھا ۔ وہ تھا مورکھ ۔ وہ گانا گاتا' پر شاستر پڑھتا ۔ پھدکتا اُڑتا' لیکن قاعدہ قانون نہ جانتا تھا ۔

راجہ بولا— ' ایسا پکشی تو کام پر لگیگا نہیں' بن پھل کھاکر راجہاٹ میں پھل کے بازار کو نقصان ہی پہنچائیگا ۔"

وزیر کو بلاکر کہا—"پکشی کو شکشا دو ۔"

(2)

راجہ کے بھانجے کو پکشی کو شکشا دینے کا بھار سونپا گیا ۔

پنڈتوں نے بیٹھکر بہت وچار کیا ۔ سوال یہ تھا کہ—جیو کی اودیا کا کارن کیا ہے؟"

मंडल यहां आया हुआ था और कृषि सुधार कर रहा था तो ज़मींदार चाऊ पर सब से आगे बढ़ कर मैंने ही दोशारोपन किया था. उसके बाद हम लोग सुन से निबटे थे. आप किसान सभा के अध्यक्ष हैं और मैं उपाध्यक्ष. यद्यपि हमारी सभा आदर्श सभा नहीं है फिर भी बुरी नहीं है.

लियू—इसका कारन यही है कि हमें सबों का सहयोग प्राप्त है. हम लोग जनता के सहयोग के बग़ैर कर ही क्या सकते हैं ?

मा—अच्छा, सुनो तो. आप योग्यता में मुझ से ऊंचे अवश्य हैं पर अवस्था में छोटे ही हैं. चूंकि मैं आप से अवस्था में ज़ियादा हूं अतः अपने दिल की कुछ बातें कहना चाहता हूं. हम कार्यकर्ता हमेशा समाज में प्रगतिशील और अगुआ दस्ते समझे जाते हैं, इसलिये हम लोग जो कुछ सोचते हैं वह कहना भी चाहिये. यदि हम ग़रीबों की सहायता करने की केवल बातें करते रहे और असलियत में किया उसका उल्टा तो हम लोग जान बूझ कर अपराध कर रहे हैं. [चाऊ की ओर मुड़ कर] क्या ग़लत कह रहा हूं ? कहावत है कि क़ानून को जानते हुए भी जो अपराध करे उसका दोश दुगना हो जाता है.

चाओ—हां, हां, बिल्कुल ठीक कह रहे हैं.

लियू—तुम आख़िर यह सब कह क्यों रहे हो ?

मा—आपकी अवस्था शायद तीस बरस के लगभग है, मुझसे काफ़ी छोटे हैं. आप की ज़बान से शायद कुछ ग़लत बात निकल गई है. लेकिन यदि आप इसी बात पर अड़े रहे तो कुछ ज़्यादा ख़तरा ही है. [चाओ की ओर मुड़ कर] क्या ग़लत कह रहा हूं ?

लियू—घुमा फिरा कर बातें मत करो. मैं सीधा सादा आदमी हूं, साफ़ साफ़ बताओ.

मा—इतनी जल्दबाज़ी क्यों कर रहे हो ? मैं बूढ़े चच्चा के आगे ही सारी बातें साफ़ साफ़ कह दूंगा लेकिन आप पहिले बतलाइये तो कि आप से ग़लती हुई या नहीं ? शायद मैं उस ग़लती को छुपाने का रास्ता बता सकूं. शायद है आपका अपराध दो-तिहाई रह जाय, घट कर आधा रह जाय या बिल्कुल ख़तम हो जाय. जब तक वह प्रकट न हो जाय रुकने की ज़रूरत नहीं है. फिर तो बहुत देर हो जायेगी. मैं यह नहीं चाहता कि आप किसी ऐसी परेशानी में फंस जायें और उस समय बच निकलने का भी कोई रास्ता नहीं रह जाय.

लियू—कहो न मतलब क्या है ? कुछ मालूम भी तो हो. क्यों चच्चा कुछ समझ में आ रहा है ?

चाओ—नहीं, कुछ भी नहीं.

मा—[लियू से] अनजान बनने की चेश्टा मत करो. जो कुछ तुमने किया है वह तुम्हें मालूम भी अवश्य होगा.

منڈل یہاں آیا ہوا تھا اور کرشی سدھار کر رہا تھا تو زمیندار چاؤ پر سب سے آگے بڑھ کر میں نے ہی دوشاروپن کیا تھا ؟ اس کے بعد ہم لوگ سن سے نپٹے تھے . آپ کسان سبھا کے ادھیکش ہیں اور میں اپادھیکش . یدپی ہماری سبھا آدرش سبھا نہیں ہے پھر بھی بری نہیں ہے.

لیو—اسکا کارن یہی ہے کہ ہمیں سبوں کا سہیوگ پراپت ہے . ہم لوگ جنتا کے سہیوگ کے بغیر کر ہی کیا سکتے ہیں ؟

ما—اچھا، سنو تو . آپ یوگتا میں مجھ سے اونچے اوشیہ ہیں پر اوستھا میں چھوٹے ہی ہیں . چونکہ میں آپ سے اوستھا میں زیادہ ہوں اتہ اپنے دل کی کچھ باتیں کہنا چاہتا ہوں . ہم کاریہ کرتا ہمیشہ سماج میں پرگتی شیل اور اگوا دستے سمجھے جاتے ہیں، اس لیے ہم لوگ جو کچھ سوچتے ہیں وہ کہنا بھی چاہئے . یدی ہم غریبوں کی سہائتا کرنے کی کیول باتیں کرتے رہے اور اصلیت میں کیا اسکا الٹا تو ہم لوگ جان بوجھ کر اپرادھ کر رہے ہیں . [چاؤ کی اور مڑ کر] کیا غلط کہ رہا ہوں ؟ کہاوت ہے کہ قانون کو جانتے ہوئے بھی جو اپرادھ کرے اسکا دوش دگنا ہو جاتا ہے .

چاؤ—ہاں، ہاں، بالکل ٹھیک کہ رہے ہیں .

لیو—تم آخر یہ سب کہ کیوں رہے ہو ؟

ما—آپ کی اوستھا شاید 30 برس کے لگ بھگ ہے، مجھسے کافی چھوٹے ہیں . آپ کی زبان سے شاید کچھ غلط بات نکل گئی ہے . لیکن یدی آپ اسی بات پر اڑے رہو تو کچھ زیادہ خطرہ ہی ہے . [چاؤ کی اور مڑ کر] کیا غلط کہ رہا ہوں ؟

لیو—گھما پھرا کر باتیں مت کرو . میں سیدھا سادا آدمی ہوں . صاف صاف بتاؤ .

ما—اتنی جلد بازی کیوں کر رہے ہو ؟ میں بوڑھے چچا کے آگے ہی ساری باتیں صاف صاف کہ دونگا . لیکن آپ پہلے بتلائیے تو کہ آپ سے غلطی ہوئی یا نہیں؟ شاید میں اس غلطی کو چھپانے کا راستہ بتا سکوں . شاید ہے آپ کا اپرادھ دو-تہائی رہ جائے، گھٹ کر آدھا رہ جائے یا بالکل ختم ہو جائے . جب تک وہ پرکٹ نہ ہو جائے رکنے کی ضرورت نہیں ہے . پھر تو بہت دیر ہو جائے گی . میں یہ نہیں چاہتا کہ آپ کسی ایسی پریشانی میں پھنس جائیں اور اس سمے بچ نکلنے کا بھی کوئی راستہ نہیں رہ جائے .

لیو—کہو نہ مطلب کیا ہے ؟ کچھ معلوم بھی تو ہو . کیوں چچا کچھ سمجھ میں آ رہا ہے ؟

چاؤ—نہیں، کچھ بھی نہیں .

ما—[لیو سے] انجان بننے کی چیشٹا مت کرو . جو کچھ تم نے کیا ہے وہ تمہیں معلوم بھی اوشیہ ہوگا .

मा—[लियू की ओर मुड़ कर] ये किस के बारे में कह रहे हैं ?

लियू—अन्दाज लगाओ. इस गांव में सुन-जिन-को को छोड़ कर ऐसा अत्याचार और कौन कर सकता है ?

मा—[समझने का बहाना करते हुए] ओ हो, वह ! वह तो खुद भी अभी अपनी फ़सल नहीं उठा पाया है. इतनी जल्दी क्या है ?

चाओ—मुझे डर है कि कहीं बरफ़ न गिरने लग जाय.

मा—अपने दस माऊ ज़मीन के लिये व्यर्थ ही इतना ज़ियादा परेशान मत हो. सुन के पास इतनी ज़मीन है फिर भी वह परेशान नहीं है.

लियू—[मा से] तुम किसान सभा के उपाध्यक्ष हो. सुन का पक्ष क्यों लेते हो ? पिछली बार सुन के घर में शराब पीने के बाद से क्या अभी तक तुम्हारा दिमाग़ ठीक नहीं हुआ है ?

मा—उसी अकेली बार मैंने सुन के घर में शराब पी थी. बार बार उसी का ज़िक्र करने से क्या लाभ ?

लियू—क्या तुम्हारी बस्ती के ग़रीब आदमी फ़सल उठा ले गए जिसे सुन ने देने का वादा किया था ?

मा—यह उनका काम है. तुम्हें क्यों इतनी परेशानी है ? फ़सल के पंख तो जम नहीं आये हैं कि उड़ कर ग़ायब हो जायेगी.

चाओ—[मा की बातों की अवहेलना करते हुए] तो क्या हम लोग उससे ऐसे ही निबटेंगे जैसे तुम कह रहे हो ?

लियू—अवश्य. जाओ अपने ग्रुप के सदस्यों को इकट्ठा करो.

मा—बूढ़े चच्चा, ज़रा रुको.

लियू—वैसे ही काफ़ी देर हो चुकी है. उन्हें जा कर लोगों को इकट्ठा करने दो. हम लोग चल कर सुन को ले आयेंगे. मैं तुम्हें सभी चीज़ें विस्तार पूर्वक बतलाता हूं.

मा—मुझ को भी कई विषयों पर बातें करनी हैं.

लियू—अच्छा ठीक है. जो कुछ भी बातें करनी हैं बूढ़े चच्चा से कर लो, लेकिन मीटिंग के लिये देर न होने पाए. मैं लाओ-लू-ताओ को रास्ता देता आऊं. जल्दी ही लौट आऊंगा.

मा—नहीं, अभी मत जाइये.

लियू—क्यों ? आखिर बात क्या है ?

मा—अत्यन्त महत्वपूर्ण विषय पर बातें करनी हैं.

लियू—कितनी महत्वपूर्ण ?

मा—[गम्भीर मुद्रा बना कर] मैं बूढ़े चच्चा के आगे अपनी बड़ाई नहीं करूंगा. जब राजनीतिक कार्यकर्ता

ما—[لیو کی اور مڑ کر] یہ کس کے بارے میں کہہ رہے ہیں ؟

لیو—اندازہ لگاؤ . اِس گاؤں میں سن-جن-کو کو چھوڑ کر ایسا اتیاچار اور کون کر سکتا ہے ؟

ما—[سمجھنے کا بہانا کرتے ہوئے] او ہو' وہ ! وہ تو خود بھی ابھی اپنی فصل نہیں اُٹھا پایا ہے . اِتنی جلدی کیا ہے ؟

چاؤ—مجھے ڈر ہے کہ کہیں برف نہ گرنے لگ جائے .

ما—اپنے دس ماؤ زمین کے لئے ویرتھ ہی اتنا زیادہ پریشان مت ہو . سن کے پاس اتنی زمین ہے پھر بھی وہ پریشان نہیں ہے .

لیو—[ما سے] تم کسان سبھا کے اُپادھیکش ہو . سن کا پکش کیوں لیتے ہو ؟ پچھلی بار سن کے گھر میں شراب پینے کے بعد سے کیا ابھی تک تمہارا دماغ ٹھیک نہیں ہوا ہے !

ما—اُسی اکیلی بار میں نے سن کے گھر میں شراب پی تھی . بار بار اُسی کا ذکر کرنے سے کیا لابھ ؟

لیو—کیا تمہاری بستی کے غریب آدمی فصل اُٹھا لے گئے جسے سن نے دینے کا وعدہ کیا تھا ؟

ما—یہ اُن کا کام ہے . تمہیں کیوں اتنی پریشانی ہے ؟ فصل کے پنکھ تو جم نہیں آئے ہیں کہ اُڑ کر غائب ہو جائے گی .

چاؤ—[ماں کی باتوں کی اوہیلنا کرتے ہوئے] تو کیا ہم لوگ اُس سے ایسے ہی نپٹینگے جیسے تم کہہ رہے ہو ؟

لیو—اوشیہ . جاؤ اپنے گٹ کے سدسیوں کو اِکٹھا کرو .

ما—بوڑھے چچا' ذرا رکو .

لیو—ویسے ہی کافی دیر ہو چکی ہے . اُنہیں جا کر لوگوں کو اکٹھا کرنے دو. ہم لوگ چل کر سن کو لے آئینگے. میں تمہیں سبھی چیزیں وستار پوروک بتلاتا ہوں .

ما—مجھکو بھی کئی وشیوں پر باتیں کرنی ہیں .

لیو—اچھا ٹھیک ہے . جو کچھ بھی باتیں کرنی ہیں بوڑھے چچا سے کر لو' لیکن میٹنگ کے لئے دیر نہ ہونے پائے . میں لؤ. لو. تاؤ کو رستہ دیتا آؤں. جلدی ہی لوٹ آؤنگا .

ما—نہیں' ابھی مت جائیے .

لیو—کیوں ؟ آخر بات کیا ہے ؟

ما—اتیَنت مہتو پورن وشے پر باتیں کرنی ہیں.

لیو—کتنی مہتو پورن ؟

ما—[گمبھیر مدرا بنا کر] میں بوڑھے چچا کے آگے اپنی بڑائی نہیں کرونگا . جب راجنیتک کاریکرتا

[मा-कुई-यू ओवरकोट ओढ़े अन्दर आता है]

मा-कुई-यू—तुम क्या कह रहे थे ? पढ़ना सीखोगे ? यह तो बड़ा आसान है. पढ़ाई लिखाई को छोड़ कर बाक़ी सभी कामों में तुम मुझसे अच्छे हो. जब मैं छोटा था कई साल तक स्कूल गया था. इसका कारन यही था कि बाप दादों की थोड़ी सी जायदाद मेरे पास तब भी थी. मैं स्कूल में पढ़ाने योग्य तो नहीं हूं पर तुम्हें तो पढ़ा ही सकता हूं.

लियू—बड़ा अच्छा है. पर तुम हंसी तो नहीं कर रहे हो ? मैं दर असल पढ़ना चाहता हूं. मैं तुम से अगले जाड़ों में पढ़ना शुरू करूंगा.

मा—मैं तुम्हें अवश्य पढ़ाऊंगा यदि तुम कुछ मेहनत करने कहो.

लियू-मा—इतनी कम शिक्षा के बावजूद तुम किसी को कैसे पढ़ा सकते हो ?

मिलने का पता—
सेक्रेटरी 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

جھنکار

سمپادک—شری رگھوپتی سہائے ' فراق '

پچھلے پندرہ برس سے آج تک کی اُردو کی چنی ہوئی کویتاؤں کا یہ سنگرہ پڑھکر آپکو معلوم ہوگا کہ اُردو کویتا نے کس طرح خیالی دنیا کو چھوڑ کر زندگی کی سچائیوں سے اپنا ناتا جوڑ لیا ہے . آج کی اُردو شاعری گل و بلبل اور وصل و فراق تک ہی سیمت نہیں ہے' اب آپ کو اُردو کویتا میں کسانوں اور مزدوروں کے دلوں کی دھڑکنیں سنائی دینگی . غلامی' انیائے اور لوٹ کھسوٹ کے خلاف اپ ایک ایسی آواز سنینگے جو آپ کے دل کی گہرائیوں کو چھوئیگی .

" اِن کویتاؤں میں انترراشٹری تتھا راشٹری دونوں جھلکیں ملتی ہیں...سجیو تتھا ساکار ہیں... واستو میں ہندی سنسار میں یہ پریاس انوکھا ہے اور اُردو ساہتیہ کے آدھنک دور میں ادتیہ ہے..."

23-2-'52 —روزانہ 'لوک وانی' جے پور

" جہاں تک بھاو کا سمبندھ ہے کویتائیں اُچ استر کی ہیں ."

6-3-'52 —'وشال بھارت' کلکتہ

" جھنکار میں پرکاشت 72 اُردو کی کویتائیں آج ہی کے یگ کی سمسیاؤں سے اوت پروت ہیں ."

17-2-'52 —'نو بھارت ٹائمس' دلی

" ہندی کے پاٹھک اِسنیہ اور چاؤ سے اِس سنگرہ کا آنند لینگے اور اُن سے پریرنا گرہن کرینگے' یہ نشچت ہے."

13-1-'52 —'امرت پتریکا' الہ آباد

" ہم اُن کی (کویتاؤں کی) شکتی' تازگی اور سوتر کے قائل ہیں . وہ ایک نئے یگ کا سندیش دیتی ہیں... بھاشا ادھک تر سرل اور بامحاورہ ہے . کہیں کہیں تو ٹھیٹھ ہندی ہے ."

8-5-'52 —'جیون ساہتیہ' دلی

" جھنکار' کی رچناؤں میں یگ کی پکار ہے اور بھاشا بالکل بول چال کے نکٹ ہے ."—' نیا سماج ' کلکتہ

ناگری لکھاوٹ میں ایسا بھرپور اُردو کویتا سنگرہ آج تک نہیں نکلا . سندر جلد' بڑھیا کاغذ . عمدہ چھپائی . دام صرف تین روپیہ . دس کتابوں کی ایک ساتھ خریداری پر پچاس فیصدی کمیشن .

ملنے کا پتہ—
سکریٹری ' نیا ہند ' 145' مٹھی گنج الہ آباد .

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी की किताबें

पचास रुपए से ज़ियादा दाम की किताबें ख़रीदने वालों को और बुकसेलरों को ख़ास रिआयत दी जायेगी. पूरी जानकारी के लिए लिखिये.

डाक या रेल ख़र्च हर हालत में गाहक के ज़िम्मे होगा.

भारत का विधान

पूरा हिन्दी अनुवाद

जो 26 जनवरी सन 1950 से सारे भारत में लागू हुआ.

'भारत में अंगरेज़ी राज' के लेखक पंडित सुन्दरलाल द्वारा मूल अंगरेज़ी से अनुवादित.

हर भारतवासी का फ़र्ज़ है कि जिस विधान के अधीन स्वाधीन भारत का शासन इस समय चल रहा है उसे अच्छी तरह समझे. भारत के हर घर में इस पुस्तक का रहना ज़रूरी है.

आसान बामहावरा भाशा. रायल अठपेजी बड़ा साइज़. लगभग चार सौ पन्ने. कपड़े की सुन्दर जिल्द. क़ीमत केवल साढ़े सात रुपए.

फ़िरक़ाबन्दी पर बापू

सम्पादक—श्री श्रीकृश्न दास

इस पुस्तक में 1921 से सन 1948 तक गांधी जी ने साम्प्रदायिता के सवाल पर जो कुछ कहा या लिखा वह सब आपको एक जगह मिलेगा.

भारत के आज़ाद होने पर यह और भी ज़रूरी हो गया है कि हर भारतवासी साम्प्रदायिकता के नुक़सानों को समझे और इस ज़हर को अपने अन्दर से साफ़ करे.

सुन्दर जिल्द. अच्छा काग़ज़. दो सौ सफ़े. क़ीमत दो रुपया.

विनोबा का सन्देश

लेखक—सुरेश रामभाई

एक शब्द—महात्मा भगवानदीन

विनोबाजी के भू-दान-यज्ञ से आज सारा देश वाक़िफ़ है. इस छोटी सी किताब में आपको मिलेगा कि यह भू-दान-यज्ञ कब और कैसे शुरू हुआ और इसका मक़सद क्या है.

पहला एडीशन हाथों हाथ निकल गया. यह दूसरा एडीशन है. सफ़े 25, दाम केवल दो आने.

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

ہندستانی کلچر سوسائٹی کی کتابیں

پچاس روپئے سے زیادہ دام کی کتابیں خریدنے والوں کو اور بکسیلروں کو خاص رعائت دی جائیگی. پوری جانکاری کے لئے لکھئے.

ڈاک یا ریل خرچ ہر حالت میں گاہک کے ذمے ہوگا.

بھارت کا ودھان

پورا ہندی انوواد

جو 26 جنوری سن 1950 سے سارے بھارت میں لاگو ہوا.

'بھارت میں انگریزی راج' کے لیکھک پنڈت سندرلال دوارا مول انگریزی سے انووادت.

ہر بھارت واسی کا فرض ہے کہ جس ودھان کے ادھین سوادھین بھارت کا شاسن اس سمے چل رہا ہے اسے اچھی طرح سمجھے. بھارت کے ہر گھر میں اس پستک کا رہنا ضروری ہے.

آسان بامحاورہ بھاشا. رایل اٹھ پیجی بڑا سائز. لگ بھگ چار سو پنّے. کپڑے کی سندر جلد. قیمت کیول ساڑھے سات روپئے.

فرقہ بندی پر باپو

سمپادک—شری شریکرشن داس

اس پستک میں سن 1921 سے سن 1948 تک گاندھی جی نے سامپردایکتا کے سوال پر جو کچھ کہا یا لکھا وہ سب آپکو ایک جگہ ملیگا.

بھارت کے آزاد ہونے پر یہ اور بھی ضروری ہو گیا ہے کہ ہر بھارت واسی سامپردایکتا کے نقصان کو سمجھے اور اس زہر کو اپنے اندر سے صاف کرے.

سندر جلد. اچھا کاغذ. دو سو صفحے. قیمت دو روپیہ.

ونوبا کا سندیش

لیکھک—سریش رام بھائی

ایک شبد—مہاتما بھگوان دین

ونوبا جی کے بھودان یگیہ سے آج سارا دیش واقف ہے. اس چھوٹی سی کتاب میں آپکو ملیگا کہ یہ بھودان یگیہ کب اور کیسے شروع ہوا اور اس کا مقصد کیا ہے.

پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا. یہ دوسرا ایڈیشن ہے. صفحے 35 دام کیول دو آنے.

ملنے کا پتہ—

ما[illegible] مٹھی گنج، الہ آباد.

सिक्के जारी कर रक्खे हैं जिन्हें टंक कहते हैं. इन में से हर एक का वज़न सरकारी तौल के मुताबिक़ तीन 'चेन' है. हर सिक्का सरकारी नाप में 1-1/5 इंच है. हर सिक्के के दोनों तरफ़ मुहरें हैं ....यहां चाय कहीं नहीं बिकती. महमानों को झाखियां दी जाती हैं. गलियों के दोनों तरफ़ तरह तरह की दूकानें, हम्माम, शराबखाने, मिठाई की दूकानें और इसी तरह की सब चीज़ों की दूकानें होती है......"

तीसरा लेखक 'फ़े शियन' है. वह भी 'चैंग हू' के साथ हिन्दुस्तान आया था. फ़े शियन कम से कम तीन बार हिन्दुस्तान आया. सन 1436 ई० में उसने अपना सफ़र-नामा लिखा जिस का नाम 'शिंग चा शैंग लान' है जिस के मानी होते हैं 'बज़ीर की हैसियत से जो यात्रा की गई उस के नज़ारे' उसने जो कुछ बंगाल में देखा उसे इस तरह बयान किया है :—

"यहां के लोग हद दर्जे के ईमानदार हैं. मर्द अपने सिरों पर सफ़ेद कपड़ा लपेटे रहते हैं और लम्बे सफ़ेद सूती गाउन यानी चुग़े पहनते हैं और भेड़ की खाल के जूते पहनते हैं जो पीले डोरों से सिले होते हैं.... औरतें कुर्ते पहनती हैं जो रंगीन सूती या घटिया रेशम के दुपट्टे ओढ़ती हैं. वह अपने मुंह पर बनावटी पाउडर या रंग नहीं लगातीं क्योंकि उनका रंग क़ुदरती तौर पर बालाई सा सफ़ेद होता है. कानों में वह बड़े बड़े सुन्दर बाले पहनती हैं, गले में मालाएं, उनके सिर के बाल पीछे जूड़े की शकल में बंधे रहते हैं, हाथों और पैरों में वह सोने के कड़े पहनती हैं, हाथों और पैरों की उंगलियों में अंगूठियां और छल्ले पहनती हैं. वह देखने में बड़ी सुन्दर लगती हैं."

इन के अलावा उन तीनों किताबों में बंगाल का और भी बहुत कुछ हाल मिलता है. लेकिन जो कुछ मैंने ऊपर दिया है उस से उस ज़माने के बंगाल की समाजी और माली हालत का खासा पता चलता है. यह कहने की ज़रूरत नहीं है कि जिन तीन किताबों का मैंने ज़िक्र किया है उनमें बंगाल के अलावा हिन्दुस्तान के दूसरे हिस्सों का भी काफ़ी हाल दिया गया है और इन तीन के अलावा और बहुत से चीनी यात्री उन दिनों हिन्दुस्तान आये. लेकिन मैं इस बयान को ज़ियादा बढ़ा कर आप को थकाना नहीं चाहता.

سکے جاری کر رکھے ہیں جنہیں ٹنک کہتے ہیں ۔ ان میں سے ہر ایک کا وزن سرکاری تول کے مطابق تین 'چین' ہے ۔ ہر سکہ سرکاری ناپ میں 1-1/5 انچ ہے. ہر سکے کے دونوں طرف مہریں ہیں...... یہاں چائے کہیں نہیں بکتی ۔ مہمانوں کو چھالیا دی جاتی ہیں. گلیوں کے دونوں طرف طرح طرح کی دوکانیں حمام' شراب خانے' مٹھائی کی دوکانیں اور اسی طرح کی سب چیزوں کی دوکانیں ہوتی ہیں۔....."

تیسرا لیکھک 'فے شین' ہے ۔ وہ بھی 'چینگ ہو' کے ساتھ ہندستان آیا تھا ، فے شین کم سے کم تین بار ہندستان آیا ۔ 1436ع میں اس نے اپنا سفر نامہ لکھا جس کا نام 'شانگ شینگ لن' ہے جس کے معنی ہوتے ہیں 'وزیر کی حیثیت سے جو یاترا کی گئی اسکے نظارے .' اس نے جو کچھ بنگال میں دیکھا اسے اسطرح بیان کیا ہے :—

"یہاں کے لوگ حد درجے کے ایماندار ہیں ۔ مرد اپنے سروں پر سفید کپڑا لپیٹے رہتے ہیں اور لمبے سفید سوتی گاؤن یعنی چوغے پہنتے ہیں اور بھیڑ کی کھال کے جوتے پہنتے ہیں جو پیلے ڈوروں سے سلے ہوتے ہیں..... عورتیں کرتے پہنتی ہیں اور رنگین سوتی یا گھٹیا ریشم کے دوپٹے اوڑھتی ہیں ۔ وہ اپنے منہ پر بناوٹی پاؤڈر یا رنگ نہیں لگاتیں کیونکہ ان کا رنگ قدرتی طور پر بالائی سا سفید ہوتا ہے ۔ کانوں میں وہ بڑے بڑے سندر بالے پہنتی ہیں' گلے میں مالائیں' انکے سر کے بال پیچھے جوڑے کی شکل میں بندھے رہتے ہیں' ہاتھوں اور پیروں میں وہ سونے کے کڑے پہنتی ہیں' ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں میں انگوٹھیاں اور چھلے پہنتی ہیں ۔ وہ دیکھنے میں بڑی ہی سندر لگتی ہیں ."

ان کے علاوہ ان تینوں کتابوں میں بنگال کا اور بھی بہت کچھ حال ملتا ہے ۔ لیکن جو کچھ میں نے اوپر دیا ہے اس سے اس زمانے کے بنگال کی سماجی اور مالی حالت کا خاصہ پتہ چلتا ہے—یہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے کہ جن تین کتابوں کا میں ذکر کیا ہے ان میں بنگال کے علاوہ ہندستان کے دوسرے حصوں کا بھی کافی حال دیا گیا ہے اور ان تین کے علاوہ اور بھی بہت سے چینی یاتری ان دنوں ہندستان آئے ۔ لیکن میں اس بیان کو زیادہ بڑھاکر آپ کو تھکانا نہیں چاہتا ۔

तारीख़ी किताबें लिख कर छोड़ गये हैं. इन दोनों की किताबों का भी यूरोप की भाषाओं में अनुवाद हो चुका है.

मैं इस तरह की और ज्यादा किताबों की चरचा करना नहीं चाहता. अब मैं केवल कुछ और सफ़रनामों का ज़िक्र करूंगा. जिन सफ़रनामों का मैं ने ऊपर ज़िक्र किया है उनके अलावा तीन चीनी यात्री चौदहवीं सदी ई० के बीच में और पंद्रहवीं सदी ईस्वी के शुरू में बंगाल आये थे. उनमें पहला यू आन राजकुल का वांग ता यू आन था. वांग ता यू आन हिन्दुस्तान में बहुत जगह गया और जहां जहां गया वहां वहां का मुफ़स्सिल हाल लिख कर छोड़ गया है. सन 1349 ई० में चीन लौट कर उसने अपना सफ़रनामा लिखा जिस का नाम है 'ताऊ ई चि लुइया' जिस के मानी होते हैं दूसरे देशों के मुख़्तसिर हालात. इस किताब में उस ने बंगाल का हाल इस तरह बयान किया है :—

"वहां ऊंचे ऊंचे पहाड़ हैं और घने जंगल हैं जिन के चारों तरफ़ आदमियों की बस्तियां हैं. खेती का काम और दरख़्त लगाने का काम साल भर तक बराबर चलता रहता है. इसलिये कोई ज़मीन परती नहीं पड़ी रहती. यहां की ज़मीन हद दर्जे की उपजाऊ है. लोग आम तौर पर साल में तीन फ़सलें उगाते हैं. हर चीज़ सस्ती है...... आबो हवा ज्यादातर गरम रहती है. लोग अपने ब्यापार और रहन सहन में बहुत ही ईमानदार और नेक हैं. मर्द और औरतें दोनों बहुत नफ़ीस बारीक़ कपड़ा अपने सिरों पर लपेटे रहते हैं और लम्बेलम्बे गाउन यानी चुग़े पहनते हैं. सरकार पैदावार का बीस फ़ी सदी यानी पांचवां हिस्सा लेती है... लोग अमन के साथ रहते हैं और सारी क़ौम ख़ुशहाल है. इस सब की एक यह भी वजह है कि इन लोगों की सब से ज़ियादा कोशिशें और सब से ज़ियादा मेहनत खेती के काम में ख़र्च होती है ....."

दूसरे सफ़रनामे का लेखक मां ह्वान' था जो मिंग राज कुल के शाही ख़ोजे 'चंग हू' के साथ हिन्दुस्तान आया था. उसने सन 1451 ई० में एक किताब लिखी जिस का नाम 'यंग या शैंग लान' था जिस के मानी होते हैं 'दूर दूर के देशों के नज़ारे' इस किताब में उसने बंगाल का हाल यों लिखा है :—

"यहां के लोग बड़े सीधे, नेक और मेहरबान हैं. अमीर घराने के लोगों के पास अकसर उनकी अपनी किश्तियां हैं जो उन्होंने दूसरे मुल्कों के साथ जा कर तिजारत करने के लिये बनवा रक्खी हैं. बहुत बड़ी तादाद ऐसे लोगों की भी है जो मज़दूरी करने के लिये बाहर जाते हैं......जो भाषा यह लोग काम में लाते हैं वह बंगला भाषा ही से निकली है पर वह अलग पहचानी जाती है. कुछ लोग यहां ऐसे भी हैं जो फ़ारसी भाषा बोलते हैं. यहां के राजा ने चांदी के

تاریخی کتابیں لکھکر چھوڑ گئے ہیں۔ ان دونوں کی کتابوں کا بھی یورپ کی بھاشاؤں میں انوواد ہوچکا ہے ۔

میں اِس طرح کی اور زیادہ کتابوں کی چرچا کرنا نہیں چاہتا ۔ اب میں کیول کچھ اور سفرناموں کا ذکر کرونگا ۔ جن سفرناموں کا میں نے اوپر ذکر کیا ہے اُن کے علاوہ تین چینی یاتری چودھویں صدی عیسوی کے بیچ میں اور پندرھویں صدی عیسوی کے شروع میں بنگال آئے تھے ۔ اِن میں پہلا یوآن راجکل کا وانگ تا یوآن تھا ۔ وانگ تا یوآن ہندستان میں بہت جگہ گیا اور جہاں جہاں گیا وہاں وہاں کا مفصل حال لکھکر چھوڑ گیا ہے. سن1349ع میں چین لوٹ کر اس نے اپنا سفرنامہ لکھا جس کا نام ہے 'تاؤ ای چہ لوئہ' جس کے معنی ہوتے ہیں دوسرے دیشوں کے مختصر حالات ۔ اِس کتاب میں اُس نے بنگال کا حال اس طرح بیان کیا ہے :—

"وہاں اونچے اونچے پہاڑ ہیں اور گھنے جنگل ہیں جن کے چاروں طرف آدمیوں کی بستیاں ہیں ۔ کھیتی کا کام اور درخت لگانے کا کام سال بھر تک برابر چلتا رہتا ہے. اس لئے کوئی زمین پرتی نہیں پڑی رہتی ۔ یہاں کی زمین حد درجہ کی اپجاؤ ہے ۔ لوگ عام طور پر سال میں تین فصلیں اُگاتے ہیں ۔ ہر چیز سستی ہے ۔ ...... آب و ہوا زیادہتر گرم رہتی ہے ۔ لوگ اپنے بیوپار اور رہن سہن میں بہت ہی ایماندار اور نیک ہیں ۔ مرد اور عورتیں دونوں بہت نفیس باریک کپڑا اپنے سروں پر لپیٹے رہتے ہیں اور لمبے لمبے گاؤن یعنی چوغے پہنتے ہیں ۔ سرکار پیداوار کا بیس فیصدی یعنی پانچواں حصہ لیتی ہے ......لوگ امن کے ساتھ رہتے ہیں اور ساری قوم خوش حال ہے. اِس سب کی ایک یہ بھی وجہ ہے کہ اِن لوگوں کی سب سے زیادہ کوشش اور سب سے زیادہ محنت کھیتی کے کام میں خرچ ہوتی ہے ......"

دوسرے سفر نامے کا لیکھک ' ماں ہوان ' تھا جو منگ راج کل کے شاہی خوجے ' چنگ ہو ' کے ساتھ ہندستان آیا تھا ۔ اس نے 1451ع میں ایک کتاب لکھی جس کا نام ' ینگ یا شینگ لن ' تھا جس کے معنی ہوتے ہیں 'دور دور کے دیشوں کے نظارے.' اِس کتاب میں اس نے بنگال کا حال یوں لکھا ہے :—

" یہاں کے لوگ بڑے سیدھے' نیک اور مہربان ہیں۔ امیر گھرانے کے لوگوں کے پاس اکثر ان کی اپنی کشتیاں ہیں جو انھوں نے دوسرے ملکوں کے ساتھ جا کر تجارت کرنے کے لئے بنوا رکھی ہیں ۔ بہت بڑی تعداد ایسے لوگوں کی بھی ہے جو مزدوری کرنے کے لئے باہر جاتے ہیں ......جو بھاشا یہ لوگ کام میں لاتے ہیں وہ بنگلہ بھاشا ہی سے نکلی ہے پر وہ الگ پہچانی جاتی ہے ۔ کچھ لوگ یہاں ایسے بھی ہیں جو فارسی بھاشا بولتے ہیں ۔ یہاں کے راجا نے چاندی کے

चीन की इतिहास की किताबों में इसके पन्द्रह बरस बाद तक उसके जिन्दा रहने का बयान मिलता है. अगर भविष्य में कभी किसी हिंदुस्तानी इतिहासकार को ऐसा मालूम हो कि चन्द्रगुप्त की मौत का समय और देर का हो सकता है और इसके लिये कुछ कारन हैं तो चीन की इस किताब से भी अच्छी काम की मदद मिल सकती है.

यह वह ज़माना था जबकि चीन के लोग बौद्ध धर्म की जानकारी हासिल करने और बौद्ध किताबें पढ़ने के लिये काफ़ी तादाद में हिन्दुस्तान आते थे. इनमें सबसे मशहूर फ़ाशियन (फ़ाहियान) था जो सन् 399 ई० में चीन से भारत के लिये रवाना हुआ और पंद्रह साल बाद चीन वापिस लौटा. अपने सफ़र के जो हालात यह चीनी विद्वान लिख कर छोड़ गये हैं वह हिंदुस्तान की बाबत सब तरह की जानकारी का ख़ज़ाना बल्कि खान मालूम होते हैं. 'फ़ाशियन' की एक किताब का नाम 'फ़ू कू ची' है जिस के मानी होते हैं 'बौद्ध सल्तनतों का हाल.' यह किताब तब से अब तक हिंदुस्तान की तारीख़ पर एक मुस्तनद यानी प्रमानिक किताब मानी गई है. मुझे यहां इस किताब के मज़मूनों की तफ़सील में जाने की ज़रूरत नहीं है. योरप की बहुत सी भाषाओं में उसका अनुवाद हो चुका है.

'तांग' राज कुल के ज़माने में यानी सन 620 ई० से सन 906 ई० तक के ज़माने में हिन्दुस्तान और चीन के बीच आना जाना और भी अधिक बढ़ गया. इस से पहले की इतिहास की किताबों में हिन्दुस्तान का केवल जहां तहां बयान मिलता था. अब इसके बाद से हिन्दुस्तान के ऊपर हर किताब में अलग मज़मून या अलग अध्याय लिखे जाने लगे. इन मज़मूनों या अध्यायों में हिन्दुस्तान का सब हाल ख़ूब तफ़सील से लिखा जाने लगा. जिन यात्रियों ने अपनी भारत यात्रा के हालात लिखे हैं उन्होंने तो और भी तफ़सील के साथ सब हाल दिया है. इस तरह के सफ़रनामों में सब से बढ़ चढ़ कर किताब श्वान सांग (वान सांग) की है. श्वान सांग का नाम हिन्दुस्तान में सब जानते हैं. वह सन 629 ई० में चीन से चला था और सत्रह साल भारत रहा. इन सत्रह साल के अन्दर उसने इस सारे देश की अच्छी तरह यात्रा की. उसकी किताब "तातांग सी यू की" तारीख़ की एक अमर किताब है. इस के मानी होते हैं 'तांग राज कुल की शाखे की हुई पच्छिमी देशों की याददाश्त' इस किताब का भी यूरोप की बहुत सी भाषाओं में अनुवाद हो चुका है. दुनिया भर के विद्वान इस किताब को बीच एशिया के देशों और हिन्दुस्तान की तारीख़ की जानकारी के लिये बिल्कुल ज़रूरी समझते हैं. और उनका यह समझना ठीक ही है. श्वान सांग ही के समय में दो और चीनी बौद्ध आचार्य थे—'ई चिंग' और 'हुई चाऊ'. यह दोनों भी हिन्दुस्तान के बारे में बड़ी क़ीमती

چین کی اتہاس کی کتابوں میں اس کے پندرہ برس بعد تک اُس کے زندہ رہنے کا بیان ملتا ہے ۔ اگر بھوشیہ میں کبھی کسی ہندستانی اتہاس کار کو ایسا معلوم ہو کہ چاندر گپت کی موت کا سمے اور دیر کا ہو سکتا ہے اور اِس کے لئے کچھ کارن ہیں تو چین کی اِس کتاب سے بھی اچھی کام کی مدد مل سکتی ہے ۔

یہ وہ زمانہ تھا جبکہ چین کے لوگ بودھ دھرم کی جانکاری حاصل کرنے اور بودھ کتابیں پڑھنے کے لئے کافی تعداد میں ہندستان آتے تھے ۔ ان میں سب سے مشہور فاشین (فاہیان) تھا جو سن 399ع میں چین سے بھارت کے لئے روانہ ہوا اور پندرہ سال بعد چین واپس لوٹا ۔ اپنے سفر کے جو حالات یہ چینی ودوان لکھکر چھوڑ گئے ہیں وہ ہندستان کی بابت سب طرح کی جانکاری کا خزانہ بلکہ کھان معلوم ہوتے ہیں ۔ 'فاشین' کی ایک کتاب کا نام 'فوکوچی' ہے جس کے معنی ہوتے ہیں 'بودھ سلطنتوں کا حال'. یہ کتاب تب سے اب تک ہندستان کی تاریخ پر اک مستند یعنی پرامانک کتاب مانی گئی ہے. مجھے یہاں اِس کتاب کے مضمونوں کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ یورپ کی بہت سی بھاشاؤں میں اُس کا انوواد ہو چکا ہے ۔

'تانگ' راجکل کے زمانے میں یعنی سن 620ع سے سن 906ع تک کے زمانے میں ہندستان اور چین کے بیچ آنا جانا اور بھی ادھک بڑھ گیا ۔ اِس سے پہلے کی اتہاس کی کتابوں میں ہندستان کا کیول جہاں تہاں بیان ملتا تھا. اب اِس کے بعد سے ہندستان کے اُوپر ہر کتاب میں الگ مضمون یا الگ ادھیائے لکھے جانے لگے. ان مضمونوں یا ادھیایوں میں ہندستان کا سب حال خوب تفصیل سے لکھا جانے لگا ۔ جن یاتریوں نے اپنی بھارت یاترا کے حالات لکھے ہیں اُنہوں نے تو اور بھی تفصیل کے ساتھ سب حال دیا ہے ۔ اِس طرح کے سفرناموں میں سب سے بڑھ چڑھکر کتاب شوان سانگ (ہوان سانگ) کی ہے ۔ شوان سانگ کا نام ہندستان میں سب جانتے ہیں ۔ وہ سن 629ع میں چین سے چلا تھا اور سترہ سال بھارت رہا. ان سترہ سال کے اندر اُس نے اِس سارے دیش کی اچھی طرح یاترا کی ۔ اُسکی کتاب "تاتانگ سی یوکی" تاریخ کی ایک امر کتاب ہے. اِس کے معنی ہوتے ہیں 'تانگ راجکل کی شائع کی ہوئی پچھمی دیشوں کی یادداشت.' اِس کتاب کا بھی یورپ کی بہت سی بھاشاؤں میں انوواد ہو چکا ہے. دنیا بھر کے ودوان اِس کتاب کو بیچ ایشیا کے دیشوں اور ہندستان کی تاریخ کی جانکاری کے لئے بالکل ضروری سمجھتے ہیں. اور اُن کا یہ سمجھنا ٹھیک ہی ہے ۔ شوان سانگ ہی کے سمے میں دو اور چینی بودھ آچاریہ تھے— 'ای چنگ' اور 'ہوئی چاؤ.' یہ دونوں بھی ہندستان کے بارے میں بڑی قیمتی

है चीन की तारीख़ी किताबों में हिन्दुस्तान का यह सब से शुरू का बयान है.

दो सौ बरस बाद दूसरे मशहूर चीनी इतिहासकार 'पान कू' ने अपने 'पच्छिमी हान राज कुल' के इतिहास में हिन्दुस्तान का और ज़ियादा तफ़सील के साथ हाल लिखा है. उन दिनों 'चुंगन' चीन की राजधानी था. पान कू ने हिसाब लगा कर 'चुंगन' से हिन्दुस्तान का फ़ासिला दिया है. हिन्दुस्तान को उसने एक टापू नुमा बताया है. यहां के अलग अलग सूबों के नाम दिये हैं. यहां की आबो हवा, रीत रिवाज, पैदावार और यहां के सिक्कों का हाल लिखा है. यहां के लोगों की दस्तकारी और कला की बहुत ज़बरदस्त तारीफ़ की है. ख़ासकर उनकी पत्थर और धात की चित्रकला, दरी और क़ालीन बनाने की कला और कपड़े पर सोने चांदी और सुई के बारीक काम की उसने बहुत तारीफ़ की है.

इसके बाद सन 25 ई० से लेकर सन 419 ई० तक चीन के तीन राज कुलों का समय आता है. पूरबी 'हान राज कुल' 'तीन रियासतों' का राज कुल और 'सिन राज कुल'—इन तीनों राज कुलों के ज़माने की तारीख़ी किताबों में हिन्दुस्तान का बयान मिलता है. इस के बाद दक्खिनी राज कुल और उत्तरी राज कुल का ज़माना आता है. यह समय सन 420 ई० से सन 589 ई० तक का था. उस ज़माने की किताबों में और ख़ासकर अलग अलग विद्वानों की लिखी किताबों में हिन्दुस्तान का और भी ज़ियादा तफ़सील से बयान मिलता है. उनमें से एक किताब का नाम है "संग राज कुल" की किताब. इस किताब में सम्राट चन्द्रगुप्त का ज़िक्र आता है जो विक्रमादत्य के नाम से मशहूर है. वह कपिलवस्तु का राजा था. हिन्दुस्तान के इतिहास में वह गुप्त राज कुल से था. चन्द्रगुप्त ने सन 428 ई० में अपना एक वज़ीर चीन भेजा जो अपने साथ बतौर नज़राने के हीरे की अंगूठियां, दूसरी क़ीमती चीज़ें और दो तोते ले गया था जिनमें एक तोता सफ़ेद रंग का था और दूसरा लाल. सम्राट चन्द्रगुप्त ने चीनी सम्राट के नाम एक लम्बा ख़त भी लिख कर भेजा था. उस ख़त में उसने लिखा कि—"मुझे आशा है कि इन दोनों देशों के बीच राजदूतों का आना जाना इसी तरह बराबर जारी रहेगा." चीन के इतिहास पर सम्राट चन्द्रगुप्त का जो असर रह गया है वह कभी मिट नहीं सकता. उस से पता चलता है कि भारत का एक सम्राट चीन के साथ किस तरह की दोस्ती बनाये रखना चाहता था. इस बारे में एक और बात ध्यान देने के क़ाबिल है. हिंदुस्तान में जो इतिहास की किताबें हैं उनके अनुसार चीन का यह दोस्त और भारत का यह सम्राट सन 413 ई० में मरा. लेकिन

ہے چین کی تاریخی کتابوں میں ہندستان کا یہ سب سے شروع کا بیان ہے ۔

دو سو برس بعد دوسرے مشہور چینی اِتہاس کار 'پان‌کو' نے اپنے 'پچھمی ہان راج‌کل' کے اِتہاس میں ہندستان کا اور زیادہ تفصیل کے ساتھ حال لکھا ہے ۔ اُن دنوں 'چنگن' چین کی راجدھانی تھا ۔ پان‌کو نے حساب لگاکر 'چنگن' سے ہندستان کا فاصلہ دیا ہے ۔ ہندستان کو اُس نے ایک ٹاپو نما بتایا ہے ۔ یہاں کے الگ الگ صوبوں کے نام دئے ہیں۔ یہاں کی آب و ہوا' ریت‌رواج' پیداوار اور یہاں کے سکوں کا حال لکھا ہے' یہاں کے لوگوں کی دستکاری اور کلا کی بہت زبردست تعریف کی ہے' خاصکر انکی پتھر اور دھات کی چترکلا' دری اور قالین بنانے کی کلا اور کپڑے پر سونے چاندی اور سوئی کے باریک کام کی اس نے بہت تعریف کی ہے۔

اِس کے بعد سن 25ع سے لیکر سن 419ع تک چین کے تین راج کلوں کا سمے آتا ہے ۔ پوربی 'ہان راج کل' تین ریاستوں کا راج کل اور سن راج‌کل ۔ ان تینوں راج کلوں کے زمانے کی تاریخی کتابوں میں ہندستان کا بیان ملتا ہے ۔ اِس کے بعد دکھنی راج‌کل اور اتری راج‌کل کا زمانہ آتا ہے ۔ یہ سمے سن 420ع سے سن 589ع تک کا تھا ۔ اس زمانے کی کتابوں میں اور خاصکر الگ الگ ودوانوں کی لکھی کتابوں میں ہندستان کا اور بھی زیادہ تفصیل سے بیان ملتا ہے ۔ اِن میں ایک کتاب کا نام ہے "سنگ راج‌کل" کی کتاب. اِس کتاب میں سمراٹ چندر گپت کا ذکر آتا ہے جو وکرما دتیہ کے نام سے مشہور ہے ۔ وہ کپلوستو کا راجا تھا ۔ ہندستان کے اِتہاس میں وہ گپتا راج‌کل سے تھا ۔ چندر گپت نے سن 428ع میں اپنا ایک وزیر چین بھیجا جو اپنے ساتھ بطور نذرانہ کے ہیرے کی انگوٹھیاں' دوسری قیمتی چیزیں اور دو طوطے لے گیا تھا جن میں ایک طوطا سفید رنگ کا تھا اور دوسرا لال ۔ سمراٹ چندر گپت نے چینی سمراٹ کے نام ایک لمبا خط بھی لکھکر بھیجا تھا ۔ اُس خط میں اُس نے لکھا کہ—"مجھے آشا ہے کہ اِن دونوں دیشوں کے بیچ راج‌دوتوں کا آنا جانا اِسی طرح برابر جاری رہیگا ۔" چین کے اِتہاس پر سمراٹ چندر گپت کا جو اثر رہ گیا ہے وہ کبھی مٹ نہیں سکتا ۔ اُس سے پتہ چلتا ہے کہ بھارت کا ایک سمراٹ چین کے ساتھ کس طرح کی دوستی بنائے رکھنا چاہتا تھا ۔ اِس بارے میں ایک اور بات دھیان دینے کے قابل ہے ۔ ہندستان میں جو اِتہاس کی کتابیں ہیں اُن کے انوسار چین کا یہ دوست اور بھارت کا یہ سمراٹ سن 413ع میں مرا ۔ لیکن

शौक़ रहा है. हमारे यहां की तारीख़ की बहुत सी किताबें राज दरबारों की लिखाई हुई हैं. बहुत सी अलग अलग विद्वानों की लिखी हुई हैं. उनमें से कुछ किताबों में आम तौर पर पुराने ज़माने के हालात हैं. कुछ में ख़ास ख़ास राजघरानों के हालात हैं. कुछ में तारीख़ को सन वार बांट दी हुई हैं और कुछ में सीधी सादी कहानी की तरह उस ज़माने के हालात बयान किये गये हैं. सब लिखने वालों के सामने उद्देश एक ही रहता था और वह यह था कि पिछली तारीख़ के बारे में जो कुछ उनकी अपनी राय है और जिस तरह वह उसे देखते हैं उसे लिख कर आगे की नसलों के लिये छोड़ जायें. इन लेखकों में से जो इतने ख़ुश क़िस्मत थे कि बाहर के देशों की यात्रा कर सकें उन्होंने क़ुदरती तौर पर यह चाहा कि एक ऐसी किताब लिख कर छोड़ जायें जिस में जो कुछ उन्होंने दूसरे देशों में देखा और सुना उसे सच सच और साफ़ साफ़ लिख दें, उन्होंने ऐसा ही किया. इस तरह की बहुत सी किताबें इस अर्से में गुम भी हो चुकीं. लेकिन जो बच गई हैं वह भी इतनी हैं कि एक अच्छी लाइब्रेरी भर जावे. इसलिये बग़ैर किसी तरह बढ़ा कर बात करने के मैं यह कह सकता हूं कि ईसा से दो सौ बरस पहले हमारे यहां के 'हान' राज कुल से लेकर अब तक हर राज कुल के ज़माने में हिन्दुस्तान के ऊपर कुछ न कुछ नई किताबें ज़रूर लिखी गई हैं.

चीन की पुरानी तारीख़ी किताबों में तरह तरह के मज़मूनों और उनकी तरतीब दोनों के लिहाज़ से सब से बढ़ कर किताब "शिह ची" है. "शिह ची" के मानी हैं तारीख़ी याददाश्त. इस महान ग्रंथ का लिखने वाला ईसा से पहले की दूसरी सदी का एक चीनी इतिहासकार था जिस का नाम 'सूमा चियन था.' 'सूमा चियन' यूरुप के मशहूर इतिहासकार 'हीरो डूटस' की टक्कर का इतिहासकार था. अपनी किताब में उसने 'हान राज कुल' के सम्राट 'वूती' के एक वज़ीर 'चांग चियन' का ज़िक्र किया है जो ईसा से एक सौ अड़तालीस साल पहले बख़्तयरियों में गया हुआ था. वहां उसे कुछ बहुत ही सुन्दर कपड़ा और बांस की कुछ सुन्दर छड़ियां मिलीं, यह दोनों चीज़ें उस इलाक़े की बनी हुई थीं जिसे आजकल 'सोचुआन' सूबा कहते हैं. 'चांग चियन' ने जब खोज की तो उसे पता चला कि यह सब चीज़ें 'सिंधु' नाम के मुल्क से हो कर बख़्तयार पहुंची हैं. उस ज़माने के चीनी हिन्दुस्तान को "सिंधु" कहते थे. इस किताब में हिन्दुस्तान का और भी हाल दिया हुआ है. लिखा है कि यह मुल्क समुन्दर के किनारे है, वहां काफ़ी गर्मी पड़ती है, वहां के लोग हाथियों पर सवार हो कर लड़ाई में लड़ने जाते हैं. जहां तक पता चलता

بہت شوق رہا ہے۔ ہمارے یہاں کی تاریخ کی بہت سی کتابیں راج درباروں کی لکھائی ہوئی ہیں۔ بہت سی الگ الگ ودوانوں کی لکھی ہوئی ہیں۔ ان میں سے کچھ کتابوں میں عام طور پر پرانے زمانے کے حالات ہیں۔ کچھ میں خاص خاص راج گھرانوں کے حالات ہیں۔ کچھ میں تاریخ کو سن وار بانٹ دی ہوئی ہیں اور کچھ میں سیدھی سادی کہانی کی طرح اس زمانے کے حالات بیان کئے گئے ہیں۔ سب لکھنے والوں کے سامنے ادیش ایک ہی رہتا تھا اور وہ یہ تھا کہ پچھلی تاریخ کے بارے میں جو کچھ انکی اپنی رائے ہے اور جس طرح وہ اسے دیکھتے ہیں اسے لکھکر آگے کی نسلوں کے لئے چھوڑ جائیں۔ ان لیکھکوں میں سے جو اتنے خوش قسمت تھے کہ باہر کے دیشوں کی یاترا کر سکیں انہوں نے قدرتی طور پر یہ چاہا کہ ایک ایسی کتاب لکھکر چھوڑ جائیں جس میں جو کچھ انہوں نے دوسرے دیشوں میں دیکھا اور سنا اسے سچ سچ اور صاف صاف لکھ دیں۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اس طرح کی بہت سی کتابیں اس عرصے میں گم بھی ہو چکیں۔ لیکن جو بچ گئی ہیں وہ بھی اتنی ہیں کہ ایک اچھی لائبریری بھر جاوے۔ اس لئے بغیر کسی طرح بڑھا کر بات کرنے کے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ عیسیٰ سے دو سو برس پہلے کے ہمارے یہاں کے 'ہان' راج کل سے لیکر اب تک ہر راج کل کے زمانے میں ہندستان کے اوپر کچھ نہ کچھ نئی کتابیں ضرور لکھی گئی ہیں۔

چین کی پرانی تاریخی کتابوں میں طرح طرح کے مضمونوں اور انکی ترتیب دونوں کے لحاظ سے سب سے بڑھکر کتاب "شہ چی" ہے۔ "شہ چی" کے معنی ہیں تاریخی یادداشت۔ اس مہان گرنتھ کا لکھنے والا عیسیٰ سے پہلے کی دوسری صدی کا ایک چینی اتہاس کار تھا جس کا نام 'سوما چین' تھا۔ 'سوما چین' یورپ کے مشہور اتہاس کار 'ہیروڈوٹس' کی ٹکر کا اتہاس کار تھا۔ اپنی کتاب میں اس نے 'ہان راج کل' کے سمراٹ 'ووتی' کے ایک وزیر 'چانگ چین' کا ذکر کیا ہے جو عیسیٰ سے ایک سو اڑتالیس سال پہلے بختیاریوں میں گیا ہوا تھا۔ وہاں اسے کچھ بہت ہی سندر کپڑا اور بانس کی کچھ سندر چھڑیاں ملیں۔ یہ دونوں چیزیں اس علاقے کی بنی ہوئی تھیں جسے آجکل 'سوچوان' صوبہ کہتے ہیں۔ 'چانگ چین' نے جب کھوج کی تو اسے پتہ چلا کہ یہ سب چیزیں 'سندھو' نام کے ملک سے ہوکر بختیار پہنچی ہیں۔ اس زمانہ کے چینی ہندستان کو 'سندھو' کہتے تھے۔ اس کتاب میں ہندستان کا اور بھی حال دیا ہوا ہے۔ لکھا ہے کہ یہ ملک سمندر کے کنارے ہے، یہاں گرمی کافی پڑتی ہے، یہاں کے لوگ ہاتھیوں پر سوار ہوکر لڑائی میں لڑنے جاتے ہیں۔ جہاں تک پتہ چلتا

उन्होंने इस बात का ज़िक्र किया था कि समय समय पर चीनी विद्वानों ने संस्कृत की बहुत सी ऐसी किताबों का चीनी में तरजुमा किया है जो किताबें प्राचीन भारती कलचर का ख़ज़ाना थीं, क्योंकि वह चीनी विद्वान उस समय की शानदार भारती कलचर की बड़ी क़दर करते थे. उनमें से बहुत सी किताबों की असली संस्कृत लिखावटें अब हिन्दुस्तान में कहीं नहीं मिलतीं. लेकिन चीन में उनके चीनी तरजुमे अभी तक मौजूद हैं. डाक्टर राजेन्द्र प्रसाद ने उम्मीद दिलाई थी कि किसी न किसी दिन इन क़ीमती ख़ज़ानों का फिर से चीनी से संस्कृत में अनुवाद किया जायगा. चीनी कलचरल डैलीगेशन के जितने मेम्बर उस समय हिन्दुस्तान आये थे सब ने डाक्टर प्रसाद की इस बात को पसन्द किया. हमारे जो हिन्दुस्तानी दोस्त वहां मौजूद थे उन्होंने भी इसे पसन्द किया. मुझे अफ़सोस है कि मुझे संस्कृत नहीं आती और मेरी अब सीखने की उम्र भी नहीं रही. लेकिन मुझे विश्वास है कि चीन और हिन्दुस्तान दोनों में संस्कृत के ऐसे अच्छे जानकार मिलेंगे जो इस बड़े और मुफ़ीद काम की तजवीज़ को हाथ में लेंगे. यह काम हमारे इन दोनों देशों के बीच कलचरी लेन देन में बहुत बड़ी मदद देगा.

संस्कृत की जिन पुरानी किताबों का डाक्टर राजेन्द्र प्रसाद ने ज़िक्र किया है उनमें से अधिकतर बौद्ध सूत्र थीं. इन सूत्रों में से बहुत से आज से लगभग तेरह सौ बरस पहले चीन पहुंचे. जिन यात्रियों ने बड़े बड़े वीरान जंगलों, रेगिस्तानों और ऊंचे पहाड़ों को पार करके या विशाल समुद्रों के तूफ़ानों का सामना करते हुए तरह तरह की मुसीबतें झेल कर कभी भारत से चीन और चीन से भारत लम्बी लम्बी यात्राएं करके इन ग्रंथों को चीन पहुंचाया उन की कठिनाइयों का हम थोड़ा बहुत अन्दाज़ा कर सकते हैं. कोई अचरज नहीं कि केवल बौद्ध धर्म के मानने वाले ही नहीं बल्कि सब धर्मों के चीनी इन सूत्रों की बहुत बड़ी क़द्र करते हैं. चीन में भी इन सूत्रों के असल संस्कृत रूप अब नहीं रहे. लेकिन उनके चीनी अनुवाद हमारे मन्दिरों और हमारे पुस्तकालयों में बड़ी सावधानी के साथ आज तक रखे हुए हैं. बहुत से मन्दिरों में तो इन क़ीमती ख़ज़ानों को संभाल कर रखने की ग़रज़ से अलग इमारतें बनाई गई थीं जो "सूत्र इमारतें" कहलाती थीं.

चीन के लोगों ने हिन्दुस्तान की कलचर का सदा बहुत बड़ा आदर किया है. हिन्दुस्तान और यहां के लोगों की बाबत उनकी जानकारी पुराने ज़माने से चली आरही है. इसीलिये बौद्ध सूत्रों के अनुवाद और उनकी हिफ़ाज़त के अलावा चीनी तारीख़ की किताबों में भी हिन्दुस्तान का बार बार ज़िक्र मिलता है. चीनियों को तारीख़ का

انہوں نے اس بات کا ذکر کیا کہ سمے سمے پر چینی ودوانوں نے سنسکرت کی بہت سی ایسی کتابوں کا چینی میں ترجمہ کیا ہے جو کتابیں پراچین بھارتی کلچر کا خزانہ تھیں، کیونکہ وہ چینی ودوان اس سمے کی شاندار بھارتی کلچر کی بڑی قدر کرتے تھے۔ ان میں سے بہت سی کتابوں کی اصلی سنسکرت لکھاوٹیں اب ہندستان میں کہیں نہیں ملتیں۔ لیکن چین میں ان کے چینی ترجمے ابھی تک موجود ہیں۔ ڈاکٹر راجیندر پرساد نے امید دلائی تھی کہ کسی نہ کسی دن ان قیمتی خزانوں کا پھر سے چینی سے سنسکرت میں انواد کیا جائے گا۔ چینی کلچرل ڈیلیگیشن کے جتنے ممبر اس سمے ہندستان آئے تھے سب نے ڈاکٹر پرساد کی اس بات کو پسند کیا۔ ہمارے جو ہندستانی دوست وہاں موجود تھے انہوں نے بھی اسے پسند کیا۔ مجھے افسوس ہے کہ مجھے سنسکرت نہیں آتی اور میری اب سیکھنے کی عمر بھی نہیں رہی لیکن مجھے وشواس ہے کہ چین اور ہندستان دونوں میں سنسکرت کے ایسے اچھے جانکار ملیں گے جو اس بڑے اور مفید کام کی تجویز کو ہاتھ میں لیں گے۔ یہ کام ہمارے ان دونوں دیشوں کے بیچ کلچری لین دین میں بہت بڑی مدد دیگا۔

سنسکرت کی جن پرانی کتابوں کا ڈاکٹر راجیندر پرساد نے ذکر کیا ہے ان میں سے ادھکتر بودھ سوتر تھیں۔ ان سوتروں میں سے بہت سے آج سے لگ بھگ تیرہ سو برس پہلے چین پہونچے۔ جن یاتریوں نے بڑے بڑے ویران جنگلوں، ریگستانوں اور اونچے پہاڑوں کو پار کر کے یا وشال سمندروں کے طوفانوں کا سامنا کرتے ہوئے طرح طرح کی مصیبتیں جھیل کر کبھی بھارت سے چین اور چین سے بھارت لمبی لمبی یاترائیں کر کے ان گرنتھوں کو چین پہونچایا انکی کٹھنائیوں کا ہم تھوڑا بہت اندازہ کر سکتے ہیں۔ کوئی اچرج نہیں کہ کیول بودھ دھرم کے ماننے والے ہی نہیں بلکہ سب دھرموں کے چینی ان سوتروں کی بہت بڑی قدر کرتے ہیں۔ چین میں بھی ان سوتروں کے اصل سنسکرت روپ اب نہیں رہے۔ لیکن ان کے چینی انواد ہمارے مندروں اور ہمارے پستکالیوں میں بڑی ساودھانی کے ساتھ آج تک رکھے ہوئے ہیں۔ بہت سے مندروں میں تو ان قیمتی خزانوں کو سنبھال کر رکھنے کی غرض سے الگ عمارتیں بنائی گئیں تھیں جو "سوتر عمارتیں" کہلاتی تھیں۔

چین کے لوگوں نے ہندستان کی کلچر کا سدا بہت بڑا ادر کیا ہے۔ ہندستان اور یہاں کے لوگوں کی بابت انکی جانکاری بہت ہی پرانے زمانے سے چلی آ رہی ہے۔ اسی لئے بودھ سوتروں کے انواد اور انکی حفاظت کے علاوہ چینی تاریخ کی کتابوں میں بھی ہندستان کا باربار ذکر ملتا ہے۔ چینیوں کو تاریخ کا

बचाई ? हमें पूरा यक़ीन है कि इस तरह के टीकों से नुक़सान ज़ियादा है. एक बड़ी तकलीफ़देह बात यह है कि इन टीकों के कारन हमारे डाक्टर भाईयों का ईमान तक गिर गया. कितनों ने तो रुपये ले लेकर बिना टीका लगाए टीकों के सार्टीफ़िकेट दे डाले. इस तरह लोगों ने जान बचाई. सरकार के दूसरे महकमों की तरह इसमें भी रिश्वत ख़ूब चली है.

V. I. P. नाम के अजीब ग़रीब डेरों का ज़िक्र हम ऊपर कर चुके हैं. नहीं मालूम सरकार का कितना रुपया इन डेरों और डेरे वालों की ख़ातिर में ख़र्च हुआ होगा. अंगरेज़ी अमल में भी लाट साहब वग़ैरा कुम्भ देखने आते थे पर बस आये और चले गये. यहां तो उलटे डेरा पड़ गया और जनता के मत्थे. मसल मशहूर है कि मियां की जूती मियां का सर. अगर हमारे गवर्नर, मिनिस्टर और दूसरे हुक्कामों को नहाने का पुन्य कमाना ही था तो शहर में सरकारी कोठी में या और कोठी में रहे होते और जनता की तरह जा कर नहाते. मेला में डेरा डाल कर जनता के ख़र्च पर जमे रहना हमारी क्या किसी की भी समझ में नहीं आयेगा. फिर लाट साहब जब एक दिन निकले तो सारे रास्ते बन्द कर दिये गये ! क्या ख़ूब है—यह जनता का राज और जनता का गवर्नर जब निकलता है तो जनता का चलना फिरना बन्द ! यह वह कमाल है जो अंगरेज़ी राज तक में देखने में नहीं आया था. आज के शासक जनता के हो कर भी जनता से दूर रहना चाहते हैं. उनका बस चलता तो अपनी ख़ातिर एक नया अलग संगम बनवा लेते. काश ! यह काम अमरीकी माहिरों और सलाहकारों के बूते का होता !

27. 1. '54. —सुरेश रामभाई

पुराने ज़माने के चीनियों की निगाह में हिन्दुस्तान

चीनी कलचरी डैलीगेशन के नेता श्री तिंग सी लिन का देहली का एक भाषन.

बहनो और भाइयो !

ठीक दो साल हुए मैं आप के इस महान देश में एक चीनी कलचरल डैलीगेशन के नेता की हैसियत से आया था. उस समय दिल्ली यूनिवर्सिटी में हमारा स्वागत हुआ था जो मेरे लिये बड़ी इज़्ज़त की चीज़ थी. उस मौक़े पर यूनिवर्सिटी के चान्सलर डाक्टर राजेन्द्र प्रसाद ने हिन्दुस्तान के कलचरी सम्बन्धों पर दिल की गहराई से एक तक़रीर की थी. डाक्टर राजेन्द्र प्रसाद उस वक्त भी आप के राष्ट्रपति थे और आज भी हैं. अपनी तक़रीर में

صفائی ؟ ہمیں پورا یقین ہے کہ اس طرح کے ٹیکوں سے نقصان زیادہ ہوتا ہے ۔ ایک بڑی تکلیف دہ بات یہ ہے کہ ان ٹیکوں کے کارن ہمارے ڈاکٹر بھائیوں کا ایمان تک گر گیا. کتنوں نے تو روپئے لے لے کر بنا ٹیکا لگائے ٹیکوں کے سارٹیفیکیٹ دے ڈالے ۔ اس طرح لوگوں نے جان بچائی سرکار کے دوسرے محکموں کی طرح اس میں بھی رشوت خوب چلی ہے ۔

V. I. P. نام کے عجیب غریب ڈیروں کا ذکر ہم اوپر کرچکے ہیں ۔ نہیں معلوم سرکار کا کتنا روپیہ ان ڈیروں اور ڈیرے والوں کی خاطر میں خرچ ہوا ہوگا ۔ انگریزی عمل میں بھی لاٹ صاحب وغیرہ کمبھ دیکھنے آتے تھے پر بس آئے اور چلے گئے ۔ یہاں تو الٹے ڈیرا پڑ گیا اور جنتا کے متھے. مثل مشہور ہے کہ میاں کی جوتی میاں کا سر. اگر ہمارے گورنر، منسٹر اور دوسرے حکاموں کو نہانے کا پن کمانا ہی تھا تو شہر میں سرکاری کوٹھی میں یا اور کوٹھی میں رہے ہوتے اور جنتا کی طرح جاکر نہاتے. میلہ میں ڈیرہ ڈالکر جنتا کے خرچ پر جمے رہنا ہماری تو کسی کی بھی سمجھ میں نہیں آئیگا. پھر لاٹ صاحب جب ایک دن نکلے تو سارے راستے بند کردئے گئے ! کیا خوب ہے—یہ جنتا کا راج اور جنتا کا گورنر جب نکلتا ہے تو جنتا کا چلنا پھرنا بند ! یہ وہ کمال ہے جو انگریزی راج تک میں دیکھنے میں نہیں آیا تھا ۔ آج کے شاسک جنتا کے ہوکر بھی جنتا سے دور رہنا چاہتے ہیں ۔ انکا بس چلتا تو اپنی خاطر ایک نیا الگ سنگم بنوالیتے ۔ کاش ! یہ کام امریکی ماہروں اور صلاحکاروں کے بوتے کا ہوتا !

27 . 1 . '54 —سریش رام بھائی

پرانے زمانے کے چینیوں کی نگاہ میں ہندستان

چینی کلچرل ڈیلیگیشن کے نیتا شری تنگ سی لن کا دہلی کا ایک بھاشن

بہنو اور بھائیو !

ٹھیک دو سال ہوئے میں آپ کے اس مہان دیش میں ایک چینی کلچرل ڈیلیگیشن کے نیتا کی حیثیت سے آیا تھا ۔ اس سمے دلی یونیورسٹی میں ہمارا سواگت ہوا تھا جو میرے لئے بڑی عزت کی چیز تھی ۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے چانسلر ڈاکٹر راجیندر پرساد نے ہندستان اور چین کے کلچری سمبندھوں پر دل کی گہرائی سے ایک تقریر کی تھی ۔ ڈاکٹر راجیندر پرساد اسوقت بھی آپ کے راشٹر پتی تھے اور آج بھی ہیں ۔ اپنی تقریر میں

नहीं, जिन्हें देश की बढ़ती हुई ग़रीबी पर कोई ग़म नहीं और जो हर मौक़े की ताक में रहते हैं जिस पर वह आम जनता के अन्दर बदअमनी फैला सकें.

थोड़े में यह है नक़शा कुम्भ नगर का. खिचड़ी के दिन या पूस की पूनो के दिन, भीड़ जितनी उम्मीद या तैयारी थी उससे बहुत ही कम थी. इसकी कई वजह हो सकती हैं. मगर तीन ख़ास हैं. पहले तो लोगों की आप ग़रीबी. दूसरी वजह है सरकार के नये नये टैक्स और तीसरी है टीके की पाबन्दी. ग़रीबी बेहद है फिर भी अपना पेट काट कर आदमी ऐसे मौक़े पर पहुँचने की कोशिश करता है. लेकिन जब यह पता चला कि सरकार ने—और अपनी ही सरकार ने—कुम्भ के नहान पर टैक्स लगा दिया तो ग़रीब आदमी के घाव पर मानो नमक छिड़का गया.

हमने ऊपर कहा है कि उत्तर प्रदेश सरकार का पचास लाख रुपये के क़रीब इस मेले में ख़र्च हो रहा है. इस नये टैक्स से उसे मुश्किल से पंद्रह लाख रुपया मिलेगा. हमें यक़ीन है कि इतनी रक़म तो वह अगर हाथ खींच कर ख़र्च करती तो आसानी से बचा सकती थी. सरकार के हज़ारों मुलाज़िम कुम्भ नगर में हैं जिन पर पैसा पानी की तरह बहाया गया है. इसमें काफ़ी किफ़ायत हो सकती थी. फिर ग़ुलाम भारत के किसी भी कुम्भ में इतनी फ़ौज नहीं रही जितनी इस कुम्भ में. साथ ही साथ टैक्स लगाने के लिये राजपति की तरफ़ से आर्डीनेन्स होना बताता है कि यह बहुत बाद की सूझ है. वर्ना 15 दिसम्बर तक पार्लियामेन्ट चल रही थी तब इस चीज़ को नहीं लाया गया, उत्तर प्रदेश की असेम्बली व कौंसिल में नहीं लाया गया और अचानक आर्डीनेन्स जारी कर दिया गया. या तो उत्तर प्रदेश सरकार को ख़र्च का होश नहीं था जो यह चीज़ इतनी बाद में की गई या फिर यह डर रहा होगा कि असेम्बली व पार्लियामेन्ट में जाने से पास होने में तवालत पड़ेगी. इस तरह आर्डीनेन्स की पनाह लेना किसी लोकप्रिय सरकार को शोभा नहीं देता

टीके के बारे में जो न कहा जाये थोड़ा है. आज जब साइन्स व डाक्टरी की नई खोजों ने साबित कर दिया कि इस तरह के टीके बेकार की चीज़ें होती हैं, इनसे फ़ायदा कम और नुक़सान ज़ियादा होता है, तब हमारी सरकार इन पर लट्टू होती है. इन टीकों से फ़ायदा तो सिर्फ़ उन देशी विदेशी कम्पनियों का है जो सुईयां और दवायें सपलाई करती हैं. इसके अलावा हर कोई जानता है कि अगर सुई किसी के बदन में चुभोई गई है तो दूसरे के बदन में चुभोने के पहले उसे साफ़ कर लेना चाहिये. लेकिन जब हज़ारों और लाखों टीके लगाना हों तो कहां का धोना और कैसी

نہیں، جنہیں دیش کی بڑھتی ہوئی غریبی پر کوئی غم نہیں اور جو ہر موقع کی تاک میں رہتے ہیں جس پر وہ عام جنتا کے اندر بدامنی پھیلا سکیں۔

تھوڑے میں یہ ہے نقشہ کمبھ نگر کا۔ کھچڑی کے دن یا پوس کی پونو کے دن بھیڑ جتنی امید یا تیاری تھی اُس سے بہت ہی کم تھی۔ اسکی کئی وجہ ہوسکتی ہیں۔ مگر تین خاص ہیں۔ پہلے تو لوگوں کی آپ غریبی۔ دوسری وجہ ہے سرکار کے نئے نئے ٹیکس اور تیسری ہے ٹیکے کی پابندی۔ غریبی بےحد ہے پھر بھی اپنا پیٹ کاٹکر آدمی ایسے موقع پر پہونچنے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن جب یہ پتہ چلا کہ سرکار نے—اور اپنی ہی سرکار نے—کمبھ کے نہان پر ٹیکس لگا دیا تو غریب آدمی کے گھاؤ پر مانو نمک چھڑکا گیا۔

ہم نے اوپر کہا ہے کہ اُتر پردیش سرکار کا پچاس لاکھ روپئے کے قریب اس میلے میں خرچ ہو رہا ہے۔ اس نئے ٹیکس سے اُسے مشکل سے پندرہ لاکھ روپیہ ملیگا۔ ہمیں یقین ہے کہ اتنی رقم تو وہ اگر ہاتھ کھینچ کر خرچ کرتی تو آسانی سے بچاسکتی تھی۔ سرکار کے ہزاروں ملازم کمبھ نگر میں ہیں جن پر پیسہ پانی کی طرح بہایا گیا ہے۔ اس میں کافی کفایت ہوسکتی تھی۔ پھر غلام بھارت کے کسی بھی کمبھ میں اتنی فوج نہیں رہی جتنی اس کمبھ میں۔ ساتھ ہی ساتھ ٹیکس لگانے کے لئے راجپتی کی طرف سے آرڈیننس جاری ہونا بتاتا ہے کہ یہ بہت بعد کی سوجھ ہے۔ ورنہ 15 دسمبر تک پارلیامینٹ چل رہی تھی تب اس چیز کو نہیں لایا گیا، اُتر پردیش کی اسمبلی و کونسل میں نہیں لایا گیا اور اچانک آرڈیننس جاری کردیا گیا۔ یا تو اُتر پردیش سرکار کو خرچ کا ہوش نہیں تھا جو یہ چیز اتنی بعد میں کی گئی یا پھر یہ ڈر رہا ہوگا کہ اسمبلی و پارلیامنٹ میں لانے سے پاس ہونے میں طوالت پڑیگی۔ اس طرح آرڈیننس کی پناہ لینا کسی لوک پریہ سرکار کو شوبھا نہیں دیتا۔

ٹیکے کے بارے میں جو نہ کہا جائے تھوڑا ہے۔ آج جب سائنس و ڈاکٹری کی نئی کھوجوں نے ثابت کردیا کہ اس طرح کے ٹیکے بیکار کی چیزیں ہوتی ہیں، ان سے فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوتا ہے، تب ہماری سرکار ان پر لٹو ہوتی ہے۔ ان ٹیکوں سے فائدہ تو صرف اُن دیشی ودیشی کمپنیوں کا ہے جو سوئیاں اور دوائیں سپلائی کرتی ہیں۔ اس کے علاوہ ہر کوئی جانتا ہے کہ اگر سوئی کسی کے بدن میں چبھوئی گئی ہے تو دوسرے کے بدن میں چبھونے کے پہلے اسے صاف کرلینا چاہئے۔ لیکن جب ہزاروں اور لاکھوں ٹیکے لگانا ہوں تو کہاں کا دھونا اور کیسی

रोशनियों (Flood Lights) का इन्तज़ाम है. डाक तार के 9 दफ़्तर हैं, टेलीफ़ोन भी हैं जिसके मातहत 150 कनैक्शन हैं.

कुम्भ नगर की एक ख़ास चीज़ है वह इलाक़ा जिसमें डेरों के ऊपर अंगरेज़ी में लिखा है V. I. P. (मानी Very Important Person's Camp—बहुत बड़े बड़े लोगों के डेरे)! हिन्दुस्तान के कुम्भों के इतिहास में यह एक नई चीज़ है.

ऊपर हमने पुलिस का दल बल के साथ होना लिखा है. इस वर्दी वाली पुलिस के अलावा हज़ारों की तादाद में सफ़ेद पोश ख़ुफ़िया पुलिस है जो मेले में इधर से उधर तक बिखरी हुई है.

कहा जाता है कि इस मेले में सरकार की तरफ़ से कुल मिला कर क़रीब पौन करोड़ रुपया ख़र्च किया जा रहा है जिस में से पचास लाख का भार उत्तर प्रदेश की सरकार उठा रही है. इसी ख़र्च को कुछ पूरा करने के लिये राजपति के एक आर्डीनेन्स द्वारा हर यात्री पर टैक्स (कुम्भ-कर कहना चाहिये) लगाया गया. इस के अलावा किराये से चलने वाली मोटरों, बसों, तांगों, इक्कों, रिक्शाओं, साईकिलों वग़ैरा पर टैक्स अलग हैं. मेले में जो दुकानें लगी हैं उनको नीलाम किया गया है. इस बार पहले से कई गुने ऊंचे दामों पर दुकानें गईं. गंगा, जमुना या संगम में नाव ले जाने वाले मल्लाहों पर भी भारी टैक्स लगाया गया है. यहां तक कि ख़ोन्चा बेचने वालों और बाल बनाने वाले नाईयों के ऊपर भी टैक्स हैं.

मेला 1500 एकड़ में फैला हुआ है. इसलिये चंद घंटों में सारे को घूम डालना नामुमकिन था. मगर दो चीज़ों की चर्चा हम और करेंगे. मेला मानो जेबकाटों के लिये तो स्वर्ग क़ायम हो गया है. हज़ारों की तादाद में जेबकाट मेले भर पर छाये हुए हैं—देश के कोने कोने से यह आये हैं और ख़ूब खुल खेलते हैं. जेबकाटों के अलावा दूसरी नुमायां चीज़ उन लोगों की है जिन्हें हम धर्मकाट कह सकते हैं. यह लोग 'गोवध बंद हो' की आड़ में सभायें करते हैं, छुआछूत व जातपात और साम्प्रदायिकता का ज़हर फैलाते हैं और खुले आम गाली देते हैं सरकार को और ख़ासकर प्रधान मंत्री नेहरू को. इत्तफ़ाक़ की बात है कि कुम्भ नगर पंडित जवाहरलाल नेहरू के चुनाव हलक़े में पड़ता है. एक कट्टर साम्प्रदायिक उम्मीदवार को हरा कर वह पिछले चुनाव में पार्लियामेन्ट में पहुंचे थे. कुम्भ नगर में अब उन पर लानत भेजी जाती है और चुनौती दी जाती है. चुनौती देने वाले वही लोग हैं जो कट्टर सम्प्रदायवादी हैं, जिन्हें गाय या बैल या उनकी नसल की बेहतरी की कोई परवाह

روشنیوں (Flood Lights) کا انتظام ہے ۔ ڈاک تار کے 9 دفتر ہیں، ٹیلیفون بھی ہیں جس کے ماتحت 150 کنیکشن ہیں ۔

کمبھ نگر کی ایک خاص چیز ہے وہ علاقہ جس میں ڈیروں کے اوپر انگریزی میں لکھا ہے .V. I. P (یعنی Very Important Persons' Camp—بہت بڑے بڑے لوگوں کے ڈیرے) ! ہندستان کے کمبھوں کے اتہاس میں یہ ایک نئی چیز ہے ۔

اوپر ہم نے پولس کا دل بل کے ساتھ ہونا لکھا ہے ۔ اس وردی والی پولس کے علاوہ ہزاروں کی تعداد میں سفید پوش خفیہ پولس ہے جو میلے میں ادھر سے ادھر تک بکھری ہوئی ہے ۔

کہا جاتا ہے کہ اس میلے میں سرکار کی طرف سے کل ملاکر قریب پون کروڑ روپیہ خرچ کیا جارہا ہے جس میں سے پچاس لاکھ کا بھار اُتر پردیش کی سرکار اُٹھا رہی ہے ۔ اسی خرچ کو کچھ پورا کرنے کے لئے راج پتی کے ایک آرڈننس دوارا ہر یاتری پر ٹیکس (کمبھ کر کہنا چاہئے) لگایا گیا ۔ اس کے علاوہ کرائے سے چلنے والی موٹروں، بسوں، تانگوں، اکوں، رکشاؤں، سائیکلوں وغیرہ پر ٹیکس الگ ہیں ۔ میلے میں جو دوکانیں لگی ہیں اُنکو نیلام کیا گیا ہے ۔ اس بار پہلے سے کئی گنے اونچے داموں پر دوکانیں گئیں ۔ گنگا، جمنا یا سنگم میں ناؤ لے جانے والے ملاحوں پر بھی بھاری ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ یہاں تک کہ خونچہ بیچنے اور بال بنانے والے نائیوں کے اُوپر بھی ٹیکس ہیں ۔

میلہ 1500 ایکڑ میں پھیلا ہوا ہے ۔ اس لئے چند گھنٹوں میں سارے کو گھوم ڈالنا ناممکن تھا ۔ مگر دو چیزوں کی چرچا ہم اور کرینگے ۔ میلہ مانو جیب کاٹوں کے لئے تو سورگ قایم ہوگیا ہے ۔ ہزاروں کی تعداد میں جیب کاٹ میلے بھر پر چھائے ہوئے ہیں—دیش کے کونے کونے سے یہ آئے ہیں اور خوب کھل کھیلتے ہیں ۔ جیب کاٹوں کے علاوہ دوسری نمایاں چیز اُن لوگوں کی ہے جنہیں ہم دھرم کاٹ کہہ سکتے ہیں ۔ یہ لوگ 'گئوبدھ بند ہو' کی آڑ میں سبھائیں کرتے ہیں، چھوا چھوت و جات پات اور سامپردائکتا کا زہر پھیلاتے ہیں اور کھلے عام گالی دیتے ہیں سرکار کو اور خاص کر پردھان منتری نہرو کو ۔ اتفاق کی بات ہے کہ کمبھ نگر پنڈت جواہر لال نہرو کے چناؤ حلقے میں پڑتا ہے ۔ ایک کٹر سامپردائک اُمیدوار کو ہرا کر وہ پچھلے چناؤ میں پارلیامنٹ میں پہونچے تھے ۔ کمبھ نگر میں اب اُن پر لعنت بھیجی جاتی ہے اور چنوتی دی جاتی ہے ۔ چنوتی دینے والے وہی لوگ ہیں جو کٹر سامپردائک وادی ہیں، جنہیں دھرم سے کوئی واسطہ نہیں، جنہیں گئو یا بیل یا اُنکی نسل کی بہتری کی کوئی پرواہ

3—सरकार पुलिस और फ़ौज के बल पर ही ज़िन्दा रहना चाहती है.

कुम्भ नगर की हालत देख कर तो यह विचार और पक्के से हो गये.

मेले के अन्दर जाने पर पता चला कि ज़ियादा मेला गंगा के उस पार-झूसी की तरफ़—है. हमेशा तो शहर की तरफ़ लगता था मगर अधिकारियों ने इस साल उस तरफ़ इन्तज़ाम करना ठीक समझा. इसकी वजह से ख़र्च बहुत बढ़ गये. गंगा पर जहां एक मामूली पुल से काम चल जाता था वहां इस बार छै पुलों की ज़रूरत पड़ी. साधुओं के अखाड़े, सन्यासी, उदासीन, बैरागी और नागा वग़ैरा—इसी तरफ़ हैं, बाज़ार दोनों तरफ़. एक नुमाइश भी है जो ग्रांड-ट्रंक रोड और केनिंग रोड के चौराहे के पास पूरब की तरफ़ है. नुमाइश का उस दिन उद्घाटन होने वाला था. नुमाइश के पास ही एक सिनेमाघर तैयार किया जा रहा था!

मालूम हुआ कि कुम्भ नगर को पुलिस महकमे का एक स्वतंत्र ज़िला क़रार दे दिया गया है. इसमें तीन रिज़र्व पुलिस लैन हैं. जगह जगह थाने हैं जिनमें बेतार के तार वाले सेट लगे हैं और तरह तरह के सामान हैं, टियर गैस तक मौजूद है. पुलिस के अलावा मिलिट्री भी पूरी ताक़त के साथ मौजूद है. मिलिट्री कितनी ज़बरदस्त तादाद में है इसका अन्दाज़ा इससे किया जा सकता है कि हिन्द सरकार के डिफ़ेन्स सेक्रट्री एक दिन ख़ुद तशरीफ़ लाये और सारे इन्तज़ाम को देख गये.

सबको हैज़े के टीके लगाने के लिये सरकार ने सवा तीन लाख रुपये से ऊपर की योजना बनाई है. यात्रियों की रोक थाम के लिये सोलह जगह टीका चौकियां हैं. 11 मेडिकल अफ़सर, 30 महिला टीका लगाने वाली, 86 मर्द टीके वाले, 100 सैनीटेरी इन्सपेक्टर और 500 के ऊपर टीका नवीस रखे गये हैं! दवा दारू के लिये कुम्भ नगर मे सात अंगरेज़ी ढंग के आरज़ी अस्पताल खोले गए हैं जिनमें 17 मेडिकल अफ़सर, तीन मेम डाक्टर और सैकड़ों नर्सें, कम्पाउंडर, पट्टी-पकड़ वग़ैरा हैं सफ़ाई के लिये नौ हैल्थ अफ़सरों के नीचे क़रीब छै हज़ार मर्द-औरतों को नौकर रखा गया है. अन्दाज़ा यह है कि इस सबमें क़रीब पौने अठारह लाख रुपया यू. पी. सरकार का ख़र्च होगा.

आग बुझाने के लिये आठ स्टेशन हैं जिनमें 13 मशीनें हैं, 200 फ़ायर हाइडरेन्ट्स हैं और आग को दूर से देखने के लिये 12 मीनार ख़ास तौर से बनाये गये हैं. जगह जगह 5 बिजलीघर हैं. कुल मिला कर बिजली के 20 मील लम्बे तार लगे हैं. ख़ास संगम पर 64 दूर फेंक

3—سرکار پولس اور فوج کے بل پر ہی زندہ رہنا چاہتی ہے۔

کمبھ نگر کی حالت دیکھکر تو یہ وچار اور بھی پکے سے ہوگئے۔

میلے کے اندر جانے پر پتہ چلا کہ زیادہ میلہ گنگا کے اس پار—جھوسی کی طرف—ہے۔ ہمیشہ تو شہر کی طرف لگتا تھا مگر ادھکاریوں نے اس سال اس طرف انتظام کرنا ٹھیک سمجھا۔ اسکی وجہ سے خرچ بہت بڑھ گئے۔ گنگا پر جہاں ایک معمولی پل سے کام چل جاتا تھا وہاں اس بار چھ پلوں کی ضرورت پڑی۔ سادھوؤں کے اکھاڑے، سنیاسی، اداسین، بیراگی اور ناگا وغیرہ—اسی طرف ہیں، بازار دونوں طرف۔ ایک نمائش بھی ہے جو گرانڈٹرنک روڈ اور کیننگ روڈ کے چوراہے کے پاس پورب کی طرف ہے۔ نمائش کا اس دن ادگھاٹن ہونے والا تھا۔ نمائش کے پاس ہی ایک سنیما گھر تیار کیا جا رہا تھا!

معلوم ہوا کہ کمبھ نگر کو پولس محکمہ کا ایک سوتنتر ضلع قرار دے دیا گیا ہے۔ اس میں تین رزرو پولس لین ہیں۔ جگہ جگہ تھانے ہیں جن میں بےتار کے تار والے سیٹ لگے ہیں اور طرح طرح کے سامان ہیں، ٹیر گیس تک موجود ہے۔ پولس کے علاوہ ملیٹری بھی پوری طاقت کے ساتھ موجود ہے۔ ملیٹری کتنی زبردست تعداد میں ہے اس کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ ہند سرکار کے ڈفینس سکریٹری ایک دن خود تشریف لائے اور سارے انتظام کو دیکھ گئے۔

سب کو ہیضے کے ٹیکے لگانے کے لئے سرکار نے سوا تین لاکھ روپے سے اوپر کی یوجنا بنائی ہے۔ یاتریوں کی روک تھام کے لئے سولہ جگہ ٹیکا چوکیاں ہیں۔ 11 میڈیکل افسر، 30 مہلا ٹیکا لگانے والی، 86 مرد ٹیکے والے، 100 سینیٹری انسپکٹر اور 500 کے اوپر ٹیکا نویس رکھے گئے ہیں! دوا دارو کے لئے کمبھ نگر میں سات انگریزی ڈھنگ کے عارضی اسپتال کھولے گئے ہیں جن میں 17 میڈیکل افسر، تین میم ڈاکٹر اور سیکڑوں نرسیں، کمپاونڈر، پٹی پکڑ وغیرہ ہیں۔ صفائی کے لئے نو ہیلتھ افسروں کے نیچے قریب چھ ہزار مرد عورتوں کو نوکر رکھا گیا ہے۔ اندازہ یہ ہے کہ اس سب میں قریب پونے اٹھارہ لاکھ روپیہ یو۔ پی۔ سرکار کا خرچ ہوگا۔

آگ بجھانے کے لئے آٹھ اسٹیشن ہیں جن میں 13 مشینیں ہیں، 200 فائر ہائی ڈرینٹس ہیں اور آگ کو دور سے دیکھنے کے لئے 12 مینار خاص طور سے بنائے گئے ہیں! جگہ جگہ 5 بجلی گھر ہیں۔ کل ملا کر بجلی کے 20 میل لمبے تار لگے ہیں۔ خاص سنگم پر 64 دور پھینک

हमारी राय

शुरू में ही हमें एक मुसीबत का सामना करना पड़ा. 15 जनवरी को पटना स्टेशन पर हमने रेलवे के बाबू से इलाहाबाद का टिकट मांगा तो उन्होंने कहा कि जब तक हैज़े के टीके का सार्टीफ़िकेट आप न दिखायेंगे हम टिकट नहीं दे सकते. हमने जब जवाब दिया कि टीके में हमारा विश्वास नहीं और उसे नुक़सानदह मानते हैं तो उन्होंने भी अपनी मजबूरी ज़ाहिर की. स्टेशन मास्टर ने भी कहा कि रेलवे के आर्डर्स ही इस तरह के हैं. वक़्त कम था—कोई सूरत नज़र नहीं आती थी कि इलाहाबाद का टिकट मिल जाये. लिहाज़ा हमने भरवारी का टिकट लिया और जैसे तैसे गाड़ी पकड़ी. तीसरे पहर को गाड़ी इलाहाबाद पहुंची, हम दरवाज़े के बाबू को टिकट दे कर बाहर आये तो उन्होंने आवाज़ दी. हम घबराये कि क्या आफ़त आई. उन्होंने कहा, "आपका टिकट तो भरवारी का है." हमने चलते चलते कहा, "जी हां यहीं उतर गये हैं, अब आप इसे रख ही लीजिये."

दूसरी घटना 17 जनवरी की है. हम एक साथी के साथ कुम्भ नगर गये. रामबाग़ स्टेशन पर झूसी का टिकट लिया—सोचा कि झूसी से मेला देखते हुए लौट आयेंगे. टिकट तो मिल गया, गाड़ी सामने खड़ी थी, एक बज रहा था. जगह भी उसमें कुछ थोड़ी निकल ही आती. मगर प्लेटफ़ार्म पर पहरा था. सिपाही ने जाने से रोक दिया और कहा, "अब अगली गाड़ी से जाना." हम सिपाही से ज़ोर क्या करते? हमने फिर लौट कर दो प्लेटफ़ार्म टिकट लिये, प्लेटफ़ार्म पर आये और रेल में बैठे और इस तरह झूसी पहुंचे. झूसी स्टेशन पर उतर कर मेले की तरफ़ आने लगे तो रेल की पटरियों पर सिपाही पहरा दे रहे थे. एक सिपाही ने पूछा कि सार्टिफ़िकेट है, बिना उसके नहीं जा सकते. पास ही में डाक्टरों का डेरा था. उन्होंने कहा कि हुक्म यही है कि बिना सार्टिफ़िकेट के नहीं जा सकते, अगर सार्टिफ़िकेट न हो तो टीका लगवा लीजिये और तब अन्दर आइये. हमने बताया कि हम शहर में ही रहते हैं, शहर से ही आ रहे हैं. उन्हें इतमीनान न हुआ. उनमें से एक डाक्टर भाई हमें लिवा ले गये कैम्प इन्चार्ज के पास. उन्होंने भी एक न सुनी. तब हम पास के एक गांव से होते हुए—रेल की पटरी से दूर ही हट हट कर—मेले के ठीक बीच में पहुंच गये.

यह दोनों घटनायें हमने तफ़सील से इस वजह से दी क्योंकि उनसे साफ़ पता चलता है :—

1—हमारी सरकार को देश वासियों के ईमान पर एतबार नहीं है.

2—उसके राज में टका सेर भाजी, टका सेर खाजा जैसी हालत हो रही है.

ہماری رائے

شروع میں ہی ہمیں ایک مصیبت کا سامنا کرنا پڑا۔ 15 جنوری کو پٹنہ اسٹیشن پر ہم نے ریلوے کے بابو سے الٰہ آباد کا ٹکٹ مانگا تو انہوں نے کہا کہ جب تک ہیضے کے ٹیکے کا سارٹیفکیٹ آپ نہ دکھائیں گے ہم ٹکٹ نہیں دے سکتے۔ ہم نے جب جواب دیا کہ ٹیکے میں ہمارا وشواس نہیں اور اسے نقصان دہ مانتے ہیں تو انہوں نے بھی اپنی مجبوری ظاہر کی۔ اسٹیشن ماسٹر نے بھی کہا کہ ریلوے کے آرڈرس ہی اس طرح کے ہیں۔ وقت کم تھا—کوئی صورت نظر نہیں آتی تھی کہ الٰہ آباد کا ٹکٹ مل جائے۔ لہٰذا ہم نے بھرواری کا ٹکٹ لیا اور جیسے تیسے گاڑی پکڑی۔ تیسرے پہر کو گاڑی الٰہ آباد پہنچی، ہم دروازے کے بابو کو ٹکٹ دیکر باہر آئے تو انہوں نے آواز دی۔ ہم گھبرائے کہ کیا آفت آئی۔ انہوں نے کہا۔ "آپ کا ٹکٹ تو بھرواری کا ہے۔" ہم نے چلتے چلتے کہا "یہیں اتر گئے ہیں، اب آپ اسے رکھ ہی لیجئے۔"

دوسری گھٹنا 17 جنوری کی ہے۔ ہم ایک ساتھی کے ساتھ کمبھ نگر گئے۔ رام باغ اسٹیشن پر جھوسی کا ٹکٹ لیا—سوچا کہ جھوسی سے میلہ دیکھتے ہوئے لوٹ آئیں گے۔ ٹکٹ تو مل گیا، گاڑی سامنے کھڑی تھی۔ ایک بج رہا تھا، جگہ بھی اس میں کچھ تھوڑی نکل ہی آتی۔ مگر پلیٹ فارم پر پہرا تھا، سپاہی نے جانے سے روک دیا اور کہا "اگلی گاڑی سے جانا۔" ہم سپاہی سے زور کیا کرتے؟ ہم نے پھر لوٹ کر دو پلیٹ فارم ٹکٹ لئے، پلیٹ فارم پر آئے اور ریل میں بیٹھے اور اس طرح جھوسی پہونچے۔ جھوسی اسٹیشن پر اتر کر میلہ کی طرف آنے لگے تو ریل کی پٹریوں پر سپاہی پہرا دے رہے تھے۔ ایک سپاہی نے پوچھا کہ سارٹیفکیٹ ہے، بنا اس کے نہیں جا سکتے۔ پاس ہی میں ڈاکٹروں کا ڈیرا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکم یہی ہے کہ بنا سارٹیفکیٹ کے نہیں جا سکتے، اگر سارٹیفکیٹ نہ ہو تو ٹیکا لگوا لیجئے اور تب اندر جائیے۔ ہم نے بتایا کہ ہم شہر میں ہی رہتے ہیں، شہر سے ہی آ رہے ہیں۔ انہیں اطمینان نہ ہوا۔ ان میں سے ایک ڈاکٹر بھائی ہمیں لوا لے گئے کیمپ انچارج کے پاس۔ انہوں نے بھی ایک نہ سنی۔ تب ہم پاس کے ایک گاؤں سے ہوتے ہوئے—ریل کی پٹری سے ہٹ ہی ہٹ کر—میلے کے ٹھیک بیچ میں پہونچ گئے۔

یہ دونوں گھٹنائیں ہم نے اس وجہ سے بیان کیں کیونکہ ان سے صاف پتہ چلتا ہے:—

1—ہماری سرکار کو دیش واسیوں کے ایمان پر اعتبار نہیں ہے۔

2—اس کے راج میں ٹکا سیر بھاجی، ٹکا سیر کھاجا جیسی حالت ہو رہی ہے۔

किया जा सकता और वह पेट में जाकर कई बीमारियां पैदा कर सकता है और करता है.

2—हिन्दुस्तान में ही कुटे उसना चावल के मुक़ाबिले वह मंहगा पड़ेगा.

3—धान के मुक़ाबले उसकी हिफ़ाज़त करना ज़ियादा मुश्किल है और उसके बिगड़ जाने का बहुत अंदेशा है.

4—इससे अपने देश में धान कूटने वाले मज़दूरों को बेरोज़गार बनाया जाता है और देहात के बढ़ई आदि के धन्धों को भी आघात पहुंचाया जाता है.

इसलिये फ़ूड मिनिस्ट्री के इस क़दम पर हम उसे मुबारकबाद न देकर नासमझी का क़दम कहेंगे. आज अगर हमारी सरकार उसना चावल मंगाती है तो कल पिसा हुआ आटा या पकी रोटियां भी मांगा सकती है और फिर इन्डस्ट्री मिनिस्टर सिला सिलाया कपड़ा भी बाहर से मंगा सकते हैं वग़ैरा वग़ैरा. इस तरह धीरे धीरे क्या रसोइया, क्या पीसने वाला मज़दूर क्या दरज़ी, क्या धोबी और क्या कोई दूसरा, किसी की भी ज़रूरत इस देश को नहीं रहेगी! और बिना ऐसे 'छोटे-छोटे' काम किये ही जनता को 'बड़े-बड़े' आराम मिलने लग जायेंगे! देस के 'रहन-सहन' का दर्जा ऊपर उठ जायेगा! और 'शरीफ़' क़ौमों में हमारी गिन्ती होने लगेगी!

देश के धन्धों और देश की ग़रीब जनता के लिये यह रास्ता बरबादी का रास्ता है.

12. 1. 54. —सुरेश राम भाई

جا سکتا اور وہ پیٹ میں جا کر کئی بیماریاں پیدا کر سکتا ہے اور کرتا ہے۔

2—ہندستان میں ہی کُٹے اُسنا چاول کے مقابلے میں وہ مہنگا پڑیگا۔

3—دھان کے مقابلے اسکی حفاظت کرنا زیادہ مشکل ہے اور اُس کے بگڑ جانے کا بہت اندیشہ ہے۔

4—اِس سے اپنے دیش میں دھان کوٹنے والے مزدوروں کو بے روزگار بنایا جاتا ہے اور دیہات کے بڑھئی آدی کے دھندوں کو بھی آگھات پہونچایا جاتا ہے۔

اس لئے فوڈمنسٹری کے اس قدم پر ہم اُسے مبارکباد نہ دیکر ناسمجھی کا قدم کہیں گے۔ آج اگر ہماری سرکار اُسنا چاول منگاتی ہے تو کل پسا ہوا آٹا یا پکی روٹیاں بھی منگا سکتی ہے اور پھر انڈسٹری منسٹر سلا سلایا کپڑا بھی باہر سے منگا سکتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اِسطرح دھیرے دھیرے کیا رسوئیا، کیا پیسنے والا مزدور، کیا درزی کیا دھوبی اور کیا کوئی دوسرا، کسی کی بھی ضرورت اِس دیش کو نہیں رہے گی! اور بنا ایسے 'چھوٹے چھوٹے' کام کئے ہی جنتا کو 'بڑے بڑے' آرام ملنے لگ جائیں گے! دیش کے 'رہن سہن کا درجہ' اوپر اُٹھ جائیگا! اور 'شریف' قوموں میں ہماری گنتی ہونے لگے گی!

دیش کے دھندوں اور دیش کی غریب جنتا کے لئے یہ راستہ بربادی کا راستہ ہے۔

—سریش رام بھائی 12.1.'54

कुम्भ नगर पर एक नज़र

दो बरस से हम सुन रहे थे कि 1954 के शुरू में इलाहाबाद में जो कुम्भ पड़ेगा उसके लिये सरकार ज़ोरदार तैयारियां कर रही है. सूबे की सरकार और नई दिल्ली की, दोनों इस कोशिश में थीं कि इस मौक़े पर यात्रियों को—चाहे वह इलाहाबाद के शहर व ज़िले के हों चाहे बाहर से आने वाले हों—ज़ियादा से ज़ियादा सहूलियत हो.

रेलवे का महकमा ख़ास तौर से कमरबस्ता हो गया था और पिछले कई महीनों से इलाहाबाद शहर के बड़ी व छोटी लाइन के स्टेशनों पर मज़दूरों की मदद लगाना शुरू हो गया था. जैसे जैसे कुम्भ का वक़्त क़रीब आता गया सरकारी तैयारियों में गर्मी आती गई और संक्रान्त 14 जनवरी वाले पहले नहान तक सब चीज़ें पूरी तरह फ़िट फ़ाट, ठीक ठाक होने की उम्मीद थी. मगर जब हमने अख़बार में पढ़ा कि राष्ट्रपति ने एक आर्डीनैन्स जारी कर यात्रा टैक्स के रूप में टाल टैक्स जारी किया है तो हमें बहुत अचम्भा हुआ. फिर जनवरी के तीसरे हफ़्ते में एक दिन हम कुम्भ नगर गये और मेले पर एक नज़र डाली.

کمبھ نگر پر ایک نظر

دو برس سے ہم سن رہے تھے کہ 1954 کے شروع میں الٰہ آباد میں جو کمبھ پڑیگا اُس کے لئے سرکار زوردار تیاریاں کر رہی ہے۔ صوبے کی سرکار اور نئی دلی کی، دونوں اِس کوشش میں تھیں کہ اس موقع پر یاتریوں کو—چاہے وہ الٰہ آباد کے شہر و ضلع کے ہوں چاہے باہر سے آنے والے ہوں—زیادہ سے زیادہ سہولیت ہو۔

ریلوے کا محکمہ خاص طور سے کمربستہ ہو گیا تھا اور پچھلے کئی مہینوں سے الٰہ آباد شہر کے بڑی و چھوٹی لائن کے اسٹیشنوں پر مزدوروں کی مدد لگانا شروع ہو گیا تھا۔ جیسے جیسے کمبھ کا وقت قریب آتا گیا سرکاری تیاریوں میں گرمی آتی گئی اور سنکرانت' 14 جنوری والے پہلے نہان تک سب چیزیں پوری طرح فٹ فاٹ' ٹھیک ٹھاک ہونے کی اُمید تھی۔ مگر جب ہم نے اخبار میں پڑھا کہ راشٹرپتی نے ایک آرڈیننس جاری کر یاترا ٹیکس کے روپ میں ٹال ٹیکس جاری کیا ہے تو ہمیں بہت اچنبھا ہوا۔ پھر جنوری کے تیسرے ہفتے میں ایک دن ہم کمبھ نگر گئے اور میلے پر ایک نظر ڈالی۔

पता चलता है कि उनका यह इन्तज़ाम निहायत ही ख़तरनाक, तबाहकुन और ग़रीब मोचू है.

ट्रावनकोर कोचीन की ज़िन्दगी, वहां के रहन सहन से हमारी काफ़ी जानकारी है. वहां पर उसना चावल ही खाया जाता है, अर्वा केवल नाम को. धान को ज़रा उबाल कर और कूट कर वहां घर घर में उसना चावल तैयार होता है. इसी को उसना चावल कहते हैं. उसके तैयार करने की कला मलयाली लोग अच्छी तरह जानते हैं. लेकिन जब से अंग्रेज़ों का झंडा हिन्दुस्तान से उठ ग या और नई दिल्ली की आज़ाद सरकार के साये में ट्रावनकोर कोचीन के राज आ गये तब से उसना चावल ट्रावनकोर कोचीन में बिजली या तेल इंजन से चलने वाली मिलों में कुटने लगा और हज़ारों की तादाद में इस घरेलू धन्दे के करने वाले लोग बेकार हो गए. यही नहीं, कुटा कुटाया उसना चावल दूसरे सूबों से भी वहां पहुंचने लगा जिसने और भी तबाही बरपा कर दी. इतने पर भी भारत सरकार को चैन नहीं पड़ा और अब परदेस से उसना चावल आने का इन्तज़ाम किया जा रहा है.

अंगरेज़ी राज के आख़री बरसों में ट्रावनकोर में दीवान के पद पर सर सी. पी. रामस्वामी अय्यर थे जो अंगरेज़ी हकूमत, अंगरेज़ी विधान और अंगरेज़ी तहज़ीब के बड़े क़ायल हैं. हम यहां उस इतिहास में नहीं जायेंगे कि किस तरह सर सी. पी. ने कांग्रेस के ख़िलाफ़ आवाज़ उठाई और आशा प्रगट की कि अंगरेज़ चाहे चले जायें ट्रावनकोर का राज ख़ुदमुख़तार रहेगा. उनकी एक न चली. होनहार हो कर रहा. हम कहना यह चाहते हैं कि उनके ज़माने में भी ट्रावनकोर में धान कूटने का काम हाथ से ही होता था जिससे लाखों ग़रीबों का कुछ भला हो जाता था. लेकिन आज जब अपना राज है, क्या नई दिल्ली और क्या ट्रिवेन्ड्रम, हर जगह अपना तिरंगा फहरा रहा है, तब धान कूटने को बड़ी बड़ी मिलें चल रही हैं, जला हुआ अनाज, ख़राब अनाज, मंहगा अनाज लोगों को खाना पड़ रहा है और रहे-सहे घरेलू धन्दे पिट रहे हैं.

श्री क़िदवई एक तरफ़ से लंका से उसना चावल मंगाते हैं दूसरी तरफ़ यह भी कहते हैं कि हमारे यहां इसकी कमी नहीं थी. अगर अपने यहां कमी नहीं थी और लंका सरकार को हमारे देश के अर्वा चावल की ज़रूरत थी ही तो उसके नक़द दाम लंका सरकार से क्यों न लिये जायें ? लेकिन अगर दाम नहीं लेना है, लेन देन का ही सौदा करना है तो अर्वा चावल के बदले में ख़ालिस धान क्यों न मंगाया जाय. ? बाहर से उसना चावल मंगाने से बहुत नुक़सान हैं जिनमें से कुछ यह हैं :—

1—इसकी सफ़ाई या सच्चेपन का कोई ऐतबार नहीं

پتہ چلتا ہے کہ اُنکا یہ انتظام نہایت ہی خطرناک، تباہ کن اور غریب نوچو ہے ۔

ٹراونکور کوچین کی زندگی، وہاں کے رہن سہن سے ہماری کافی جانکاری ہے. وہاں اُسنا چاول ہی کھایا جاتا ہے، اروا کیول نام کو. دھان ذرا اُبال کر اور کوٹ کر وہاں گھر گھر میں اُسنا چاول تیار ہوتا ہے ۔ اِسی کو اُسنا چاول کہتے ہیں ۔ اُس کے تیار کرنے کی کلا ملیالی لوگ اچھی طرح جانتے ہیں ۔ لیکن جب سے انگریزوں کا جھنڈا ہندوستان سے اُٹھ گیا اور نئی دلی کی آزاد سرکار کے سایے میں ٹراونکور کوچین کے راج آگئے تب سے اُسنا چاول ٹراونکور کوچین میں بجلی یا تیل انجن سے چلنے والی ملوں میں کٹنے لگا اور ہزاروں کی تعداد میں اِس گھریلو دھندے کے کرنے والے لوگ بیکار ہوگئے ۔ یہی نہیں، کٹا کٹایا اُسنا چاول دوسرے صوبوں سے بھی وہاں پہونچنے لگا جس نے اور بھی تباہی برپا کردی. اتنے پر بھی بھارت سرکار کو چین نہیں پڑا اور اب پردیش سے اُسنا چاول آنے کا انتظام کیا جارہا ہے ۔

انگریزی راج کے آخری برسوں میں ٹراونکور میں دیوان کے پد پر سر سی. پی. رام سوامی ایئر تھے جو انگریزی حکومت، انگریزی ودھان اور انگریزی تہذیب کے بڑے قائل ہیں ۔ ہم یہاں اُس اتہاس میں نہیں جائینگے کہ کس طرح سر سی. پی. نے کانگریس کے خلاف آواز اُٹھائی اور آشا پرگٹ کی کہ انگریز چاہے چلے جائیں ٹراونکور کا راج خود مختار رہے گا ۔ اُن کی ایک نہ چلی ۔ ہونہار ہو کر رہا ۔ ہم کہنا یہ چاہتے ہیں کہ اُن کے زمانے میں بھی ٹراونکور میں دھان کوٹنے کا کام ہاتھ سے ہی ہوتا تھا جس سے لاکھوں غریبوں کا کچھ بھلا ہو جاتا تھا ۔ لیکن آج جب اپنا راج ہے، کیا نئی دلی اور کیا ٹریونڈرم، ہر جگہ اپنا ترنگا پھہرا رہا ہے، تب دھان کوٹنے کی بڑی بڑی ملیں چل رہی ہیں، جلا ہو اناج، خراب اناج، مہنگا اناج لوگوں کو کھانا پڑ رہا ہے اور رہے سہے گھریلو دھندے پٹ رہے ہیں ۔

شری قدوئی ایک طرف سے لنکا سے اُسنا چاول منگاتے ہیں دوسری طرف یہ بھی کہتے ہیں کہ ہمارے یہاں اِسکی کمی نہیں تھی ۔ اگر اپنے یہاں کمی نہیں تھی ۔ اور لنکا سرکار کو ہمارے دیش کے اروا چاول کی ضرورت تھی ہی تو اُس کے نقد دام لنکا سرکار سے کیوں نہ لئے جائیں ؟ لیکن اگر دام نہیں لینا ہے، لین دین کا ہی سودا کرنا ہے تو اروا چاول کے بدلے میں خالص دھان کیوں نہ منگایا جائے؟ باہر سے اُسنا چاول منگانے سے بہت سے نقصان ہیں جن میں سے کچھ یہ ہیں :—

1—اس کی صفائی یا سچے پن کا کوئی اعتبار نہیں

से सीखनी चाहिये वह यह है कि—

(5) हमें इस वहम को हमेशा के लिये दिल से निकाल देना चाहिये कि देश का शासन चलाने के लिये अंग्रेज़ी तालीम या विदेशी अख़बारों और किताबों को पढ़ सकना ज़रूरी है. हमारे पास के बड़े बड़े देशों में मोची मां बाप के लड़के और किसान मां बाप के लड़के जिन्हें कोई विदेशी भाशा नहीं आती, अपने देश के भाग्यविधाता बन चुके हैं, बने हुए हैं और हम से हज़ार गुना ज्यादा कामयाबी के साथ बने हुए हैं. हमें यह विश्वास अपने दिलों में जमाना होगा कि जब तक वकीलों, बैरिस्टरों, प्रोफ़ैसरों और अंग्रेज़ी पढ़े डाक्टरों की जगह हमारे पक्की उम्र के बिना अंग्रेज़ी पढ़े सीधे सादे, नेक और तजुर्बेकार किसान और बुनकर, मोची, मज़दूर और ठेलेवाले हमारे प्रेज़ीडैन्ट, गवर्नर और बड़े और छोटे मिनिस्टरों की जगहों पर जाकर नहीं बैठेंगे तब तक देश की जनता के दुख दूर नहीं हो सकते. कुम्भ की जिस तरह की शानदार तैयारियां दो बरस से जारी थीं उन्हें देख कर कोई भी जागरूक इनसान आसानी से पेशिनगोई कर सकता था कि यह सब तैयारियां नाकाम रहेंगी. यही आख़िरी और सब से ज़बरदस्त सबक़ है जो हमें इलाहाबाद के सैकड़ों बेगुनाहों की मौत से सीखना चाहिये.

13.2.54. —सुन्दर लाल

लंका से चावल

हैदराबाद में प्रेस को बयान देते हुए यूनियन फ़ूड मिनिस्टर श्री रफ़ी अहमद क़िदवई ने 28 दिसम्बर को कहा कि भारत सरकार ने लंका सरकार से तीस हज़ार टन उसना चावल की मांग की है और उसके बदले में सरकार लंका को उतना ही अर्वा चावल देगी. श्री क़िदवई ने यह भी कहा कि यह मांग इस वजह से नहीं की जा रही है कि इस देश में चावल की कमी है बल्कि इस वजह से कि कुछ इलाक़ों को उसना चावल की ज़रूरत रहती है उसे पूरा करने में सुभीता हो जाय दूसरे, लंका सरकार को कुछ अर्वा चावल की ज़रूरत थी श्री क़िदवई ने यह भी बताया कि उसना चावल की ज़रूरत बंगाल और ट्रावनकोर कोचीन को होती है. बंगाल के लिये यह इन्तज़ाम किया गया है कि धान उड़ीसा और मध्य प्रदेश से वहां पहुंचा कर, मिलों में कुटवा कर उसना चावल बना लिया जाय और ट्रावनकोर कोचीन के लिये उसना चावल आंध्र और मध्यप्रदेश से पहुंचाया जायेगा.

अनजान आदमी को श्री रफ़ी अहमद क़िदवई के इस इन्तज़ाम पर ख़ुशी होगी कि हिन्दुस्तान में उसना चावल आसानी से मिलने लगेगा. पर ज़रा सी गहराई में जाने पर

سے سیکھنی چاہئے وہ یہ ہے کہ—

(5) ہمیں اِس وہم کو ہمیشہ کے لئے دل سے نکال دینا چاہئے کہ دیش کا شاسن چلانے کے لئے انگریزی تعلیم یا ودیشی اخباروں اور کتابوں کو پڑھ سکنا ضروری ہے۔ ہمارے پاس کے بڑے بڑے دیشوں میں موچی ماں باپ کے لڑکے اور کسان ماں باپ کے لڑکے جنھیں کوئی ودیشی بھاشا نہیں آتی، اپنے دیش کے بھاگیہ ودھاتا بن چکے ہیں، بنے ہوئے ہیں اور ہم سے ہزار گنا زیادہ کامیابی کے ساتھ بنے ہوئے ہیں۔ ہمیں یہ وشواس اپنے دلوں میں جمانا ہوگا کہ جب تک وکیلوں، بیرسٹروں، پروفیسروں اور انگریزی پڑھے ڈاکٹروں کی جگہ ہمارے پکی عمر کے بنا انگریزی پڑھے سیدھے سادے، نیک اور تجربہ کار کسان اور بنکر، موچی، مزدور اور ٹھیلے والے ہمارے پریزیڈنٹ، گورنر اور بڑے اور چھوٹے منسٹروں کی جگہوں پر جا کر نہیں بیٹھیں گے تب تک دیش کی جنتا کے دکھ دور نہیں ہوسکتے۔ کمبھ کی جس طرح کی شاندار تیاریاں دو برس سے جاری تھیں اُنھیں دیکھکر کوئی بھی جاگروک اِنسان آسانی سے پیشین گوئی کر سکتا تھا کہ یہ سب تیاریاں ناکام رہیں گی۔ یہی آخری اور سب سے زبردست سبق ہے جو ہمیں اِلہ آباد کے سیکڑوں بے گناہوں کی موت سے سیکھنا چاہئے۔

13.2.54 —سندر لال

لنکا سے چاول

حیدرآباد میں پریس کو بیان دیتے ہوئے یونین فوڈ منسٹر شری رفیع احمد قدوئی نے 28 دسمبر کو کہا کہ بھارت سرکار نے لنکا سرکار سے تیس ہزار ٹن اُسنا چاول کی مانگ کی ہے اور اِس کے بدلے میں سرکار لنکا کو اتنا ہی اَروا چاول دیگی۔ شری قدوئی نے یہ بھی کہا کہ یہ مانگ اِس وجہ سے نہیں کی جا رہی ہے کہ اِس دیش میں چاول کی کمی ہے بلکہ اِس وجہ سے کہ کچھ علاقوں کو اُسنا چاول کی ضرورت رہتی ہے اُسے پورا کرنے میں سبھیتا ہوجائے۔ دوسرے لنکا سرکار کو کچھ اَروا چاول کی ضرورت تھی۔ شری قدوئی نے یہ بھی بتایا کہ اُسنا چاول کی ضرورت بنگال اور ٹراونکور کوچین کو ہوتی ہے۔ بنگال کے لئے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ دھان اڑیسہ اور مدھ پردیش سے وہاں پہونچاکر، ملوں میں کٹواکر اُسنا چاول بنا لیا جائے اور ٹراونکور کوچین کے لئے اُسنا چاول آندھر اور مدھ پردیش سے پہونچایا جائیگا۔

انجان آدمی کو شری رفیع احمد قدوئی کے اِس انتظام پر خوشی ہوگی کہ ہندستان میں اُسنا چاول آسانی سے ملنے لگیگا۔ پر ذرا سی گہرائی میں جانے پر

न्यायपसन्दी, उन का एतदाल यानी मध्यम मार्ग अपने देश के अन्दर जहरीली साम्प्रदायिक ताक़तों जिस तरह उन्हों ने जान हथेली पर ले कर मुक़ाबिला है उसकी जितनी सराहना की जाये थोड़ी है. इन में उन्हों ने बड़ी हद तक गांधी जी की मर्यादा को या है. लेकिन जहां तक देश के अन्दर के प्रबंध और कर तिजारती, रोज़गारी और आर्थिक प्रबंध का सवाल सात बरस के अन्दर देश लगातार बर्बादी की तरफ़ ा चला जा रहा है. देश के उद्योग धन्दे एक एक करके जा रहे है. लाखों नहीं करोड़ों बुनकर, दस्तकार कारीगर जो सन 1947 तक भी पेट भर खाना खा थे आज फ़ाक़ों की ज़िन्दगी बसर कर रहे हैं. उनके और धन्दों के औज़ार चूल्हे जलाने के काम आ रहे किसान की हालत देश के ज़्यादातर हिस्से में पहले हीं बदतर है. रिश्वतख़ोरी, बेरोज़गारी, भिकमंगापन, बहुत से हिस्सों में अराजकता तेज़ी से बढ़ रही है. लखनऊ जैसे शहर के अन्दर दिन दहाड़े जिस तरह के ों के हालात हमने अपने नज़दीकी दोस्तों और दारों के घरों में देखे और सुने वह अंग्रेज़ी राज में कभी ने में न आये थे. देहातों की हालत तो और भी बदतर और बदतर होती जा रही है. हमारे अच्छे अच्छे शासक यह कहते हैं कि इस तरह की बहुत सी क़ुरबानियां) मुल्क की असली तरक़्क़ी यानी लोगों के स्टैन्डर्ड फ़ लिविंग ऊंचा होने के लिये ज़रूरी हैं. इनमें जो सच्चे वह इस पागलपन की धुन में हैं कि अमरीका की तरह रत में भी बहत्तर बहत्तर मंजिले आसमान चूमने वाले कान दिखाई दें और ज़्यादा से ज़्यादा लोगों के पास से कम दो दो मोटरें नज़र आवें. उनकी मुल्क को डुबो ने वाली नीति ज़ाहिर है मुल्क को डूबे भी न रहने गी. यह हालत उन की है जो सच्चे और नेक हैं लेकिन न्हें अपनी झूटी शान और ख़ुदग़र्ज़ियों ने लगभग अंधा र दिया है उनकी बात ही क्या. हमारे पतन और बेशर्मी ो यह हालत है कि पिछली मर्दुमशुमारी की रिपोर्ट में खुले सुझाया गया है कि मुल्क की आबादी का बढ़ना देश की सारी आर्थिक कठिनाइयों और मुसीबतों का ारन है और अगर आबादी इस तेज़ी से बढ़ती गई तो छ दिनों बाद खाना और कपड़ा मिल सकना नामुमकिन ो जायगा इसलिये सरकार का फ़र्ज़ है कि साइन्सी तरीक़ों लोगों के ज़्यादा बच्चे पैदा होने को रोके! हमें इस वक़्त महात्मा गांधी का वह उपदेश याद आ रहा है कि जो शासक, गवर्नर या मिनिस्टर सीधी सादी, सस्ती और तपस्या की ज़िन्दगी बसर नहीं कर सकते, जो जनता की तरह नहीं रह सकते वह जनता का भला नहीं कर सकते. लीजिये पांचवीं और आख़िरी चीज़ जो हमें इस दुर्घटना

کی انصاف پسندی' اُن کا اعتدال یعنی مدھیم مارگ اور اپنے دیش کے اندر زہریلی سامپردائک طاقتوں کا جس طرح اُنھوں نے جان ہتھیلی پر لے کر مقابلہ کیا ہے اسکی جتنی سراہنا کی جائے تھوڑی ہے۔ اِن باتوں میں اُنھوں نے بڑی حد تک گاندھی جی کی مریادا کو نبھایا ہے۔ لیکن جہاں تک دیش کے اندر کے پربندھ اور خاص کر تجارتی' روزگاری' اور آرتھک پربندھ کا سوال ہے اِن سات برس کے اندر دیش لگاتار بربادی کی طرف بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ دیش کے اُدیوگ دھندے ایک ایک کر کے مٹتے جا رہے ہیں۔ لاکھوں نہیں کروڑوں بنکر' دستکار اور کاریگر جو سن 1947 تک بھی پیٹ بھر کھانا کھا لیتے تھے آج فاقوں کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اُن کے کرگھے اور دھندوں کے اوزار چولھے جلانے کے کام آ رہے ہیں۔ کسان کی حالت دیش کے زیادہ تر حصے میں پہلے سے کہیں بدتر ہے۔ رشوت خوری' بیروزگاری' بھکمنگاپن' اور بہت سے حصوں میں اراجکتا تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ خود لکھنؤ جیسے شہر کے اندر دن دھاڑے جس طرح کے ڈاکوں کے حالات ہم نے اپنے نزدیکی دوستوں اور رشتہ داروں کے گھروں میں دیکھے اور سنے وہ انگریزی راج میں کبھی سننے میں نہ آئے تھے۔ دیہاتوں کی حالت تو اور بھی بدتر ہے اور بدتر ہوتی جا رہی ہے۔ ہمارے اچھے اچھے شاسک کہتے یہ کہتے ہیں کہ اِسطرح کی بہت سی قربانیاں (1) ملک کی اصلی ترقی یعنی لوگوں کے اِسٹینڈرڈ آف لونگ اُونچا ہونے کے لئے ضروری ہیں۔ اِن میں جو سچے ہیں وہ اس پاگل پن کی دھن میں ہیں کہ امریکہ کی طرح بھارت میں بھی بہتر بہتر منزلے آسمان چومنے والے مکان دکھائی دیں اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کے پاس کم سے کم دو دو موٹریں نظر آویں۔ اُن کی ملک کو ڈبونے والی نیتی ظاہر ہے ملک کو ڈوبے بھی نہ رہنے دے گی۔ یہ حالت اُن کی ہے جو سچے اور نیک ہیں لیکن جنھیں اپنی جھوٹی شان اور جھوٹی خود غرضیوں نے لگ بھگ اندھا کر دیا ہے اُن کی بات ہی کیا۔ ہمارے پتن اور بے شرمی کی یہ حالت ہے کہ پچھلی مردم شماری کی رپورٹ میں یہ کھلے سجھایا گیا ہے کہ ملک کی آبادی کا بڑھنا ہی دیش کی ساری آرتھک کٹھنائیوں اور مصیبتوں کا کارن ہے اور اگر آبادی اِسی تیزی سے بڑھتی گئی تو کچھ دنوں بعد کھانا اور کپڑا مل سکنا ناممکن ہو جائے گا اِس لئے سرکار کا فرض ہے کہ سائنسی طریقوں سے لوگوں کے زیادہ بچے پیدا ہونے کو روکے! ہمیں اِس وقت مہاتما گاندھی کا وہ اُپدیش یاد آ رہا ہے کہ جو شاسک' گورنر یا منسٹر سیدھی سادی سستی اور تپسیا کی زندگی بسر نہیں کر سکتے' جو جنتا کی طرح نہیں رہ سکتے وہ جنتا کا بھلا نہیں کر سکتے۔ اِس لئے پانچویں اور آخری چیز جو ہمیں اِس دُرگھٹنا

गांधी जी: तो मुझ से क्या पूछते हो. मैं तो यह कहने को तैयार हूं कि यह सब के सब नास्तिक हो जायें तो अच्छा. इनके न मानने से कोई ख़ुदा थोड़े ही मिट जायगा. पर यह आदमी तो बनें. पर मेरी कौन सुनता है. मर गये कबीर कहते कहते, मर गये नानक कहते कहते. दुनिया तो अपने ही रास्ते पर चलती है......

ज़ाहिर है हम में से कुछ अच्छे लोगों के दिमाग़ों पर अंग्रेज़ी कूटनीति की उस ग़लत नपज यानी धर्म की बिना पर अलग अलग क़ौमों के असूलों ने बहुत गहरा असर छोड़ दिया है. हमें यह अच्छी तरह समझना होगा कि न राष्ट्र या नेशन किसी धर्म या सम्प्रदाय की बिना पर रह सकते हैं और न रूढ़ियों और अंधविश्वासों के सहारे आजकल के ज़माने में कोई क़ौम ज़िन्दा रह सकती है या उन्नति कर सकती है.

पिछले कुम्भ के मौक़े पर एक तरफ़ हमारे बड़े बड़े मिनिस्टर चिल्ला चिल्ला कर फ़ख़्र के साथ कह रहे थे "यह है हिन्दू धर्म का असली प्रदर्शन" और दूसरी तरफ़ अमरीकी प्रेस रिपोर्टर उसी कुम्भ से नागों और तरह तरह की मूर्तियों वग़ैरह के सैकड़ों फ़ोटो लेकर अमरीका को और दुनिया भर को बता रहे थे "यह है भारत का धर्म और यह है भारत की कलचर !"

जो धर्म बुद्धि की कसौटी पर खरा नहीं उतर सकता या जो साइन्स की कसौटी पर ख़ुद साइन्स से बढ़ कर दमक नहीं दिखा सकता वह न इस बीसवीं सदी में देर तक ज़िन्दा रहने का हक़दार है और न रह सकता है. उसके आधार पर राष्ट्रीयता की नींव डालने की कोशिश करना देश की जनता को सदा के लिये अंधकार में रखने की कोशिश करना और मुल्क को पीछे घसीटना है.

हमें इस बात का भी पूरा पूरा तजुर्बा है कि हिन्दू अंधविश्वास हों या मुस्लिम अंधविश्वास या किसी भी धर्म के अंधविश्वास आज इन अंधविश्वासों की पोशक और उन्हें ज़िन्दा रखने वाली दुनिया की जनता नहीं है बल्कि वह पढ़े लिखे लोग हैं जो अपनी राजकाजी और दूसरी गरज़ों के लिये इन अंधविश्वासों का समर्थन करते हैं.

(4) चौथी बात जो देश की जनता और जनता के बेचैन और दुखी सेवकों को इस इतनी बड़ी राष्ट्रीय दुर्घटना से सीखनी चाहिये यह है कि आजकल के शासकों के सत्ता में रहते हुये देश की करोड़ों जनता अपने दुखों के दूर होने की या अपनी भलाई, बहबूदी और उन्नति की आशा नहीं कर सकती. इस में कोई शक नहीं कि पंडित जवाहिर लाल नेहरू ने पिछले सात बरस के अन्दर बाहर के देशों में इस देश के नाम को बहुत दर्जे तक बढ़ाया है. उन की अन्तर्राष्ट्रीय नीति, इनकी अमन पसन्दी, उन

گاندھی جی : تو مجھ سے کیا پوچھتے ہو. میں تو یہ کہنے کو تیار ہوں کہ یہ سب کے سب ناستک ہوجائیں تو اچھا . اِن کے نہ ماننے سے کوئی خدا تھوڑے ہی مٹ جائیگا . پر یہ آدمی تو بنیں . پر میری کون سنتا ہے . مرگئے کبیر کہتے کہتے' مرگئے نانک کہتے کہتے . دنیا تو اپنے ہی راستے پر چلتی ہے.......

ظاہر ہے ہم میں سے کچھ اچھے سے اچھے لوگوں کے دماغوں پر انگریزی کوٹ نیتی کی اُس غلط اپج یعنی دھرم کی بِنا پر الگ الگ قوموں کے اصول نے بہت گہرا اثر چھوڑ دیا ہے. ہمیں یہ اچھی طرح سمجھنا ہوگا کہ نہ راشٹر یا نیشن کسی دھرم یا سمپردائے کی بِنا پر رہ سکتے ہیں اور نہ روڑھیوں اور اندھ وشواسوں کے سہارے آجکل کے زمانے میں کوئی قوم زندہ رہ سکتی ہے یا اُنتی کرسکتی ہے .

پچھلے کمبھ کے موقعے پر ایک طرف ہمارے بڑے بڑے منسٹر چلا چلا کر فخر کے ساتھ کہہ رہے تھے کہ "یہ ہے ہندو دھرم کا اصلی پردرشن" اور دوسری طرف امریکی پریس رپورٹر اُسی کمبھ سے ناگوں اور طرح طرح کی مورتیوں وغیرہ کے سیکڑوں فوٹو لیکر امریکہ کو اور دنیا بھر کو بتا رہے تھے "یہ ہے بھارت کا دھرم اور یہ ہے بھارت کی کلچر !"

جو دھرم بدھی کی کسوٹی پر کھرا نہیں اُتر سکتا یا جو سائنس کی کسوٹی پر خود سائنس سے بڑھکر دمک نہیں دکھا سکتا وہ نہ اِس بیسویں صدی میں دیر تک زندہ رہنے کا حقدار ہے اور نہ رہ سکتا ہے . اُس کے آدھار پر راشٹریتا کی نیو ڈالنے کی کوشش کرنا دیش کی جنتا کو سدا کے لئے اندھکار میں رکھنے کی کوشش کرنا اور ملک کو پیچھے گھسیٹنا ہے .

ہمیں اِس بات کا بھی پورا پورا تجربہ ہے کہ ہندو اندھ وشواس ہوں یا مسلم اندھ وشواس یا کسی بھی دھرم کے اندھ وشواس آج اِن اندھ وشواسوں کی پوشک اور انہیں زندہ رکھنے والی دنیا کی جنتا نہیں ہے بلکہ وہ پڑھے لکھے لوگ ہیں جو اپنی راج کاجی اور دوسری غرضوں کے لئے اِن اندھ وشواسوں کا سمرتھن کرتے ہیں .

(4) چوتھی بات جو دیش کی جنتا اور جنتا کے بے چین اور دکھی سیوکوں کو اس اِتنی بڑی راشٹریہ دُرگھٹنا سے سیکھنی چاہئے یہ ہے کہ آج کل کے شاسکوں کے ستا میں رہتے ہوئے دیش کی کروڑوں جنتا اپنے دکھوں کے دور ہونے کی یا اپنی بھلائی' بہبودی اور اُنتی کی آشا نہیں کر سکتی . اِس میں کوئی شک نہیں کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے پچھلے سات برس کے اندر باہر کے دیشوں میں اِس دیش کے مان کو بہت درجے تک بڑھایا ہے . اُن کی انتر راشٹریہ نیتی' اُن کی امن پسندی' اُن

आगे बढ़ जाये जिस तरह गुलाम के साथ सरदार किया था. ऐसा ही किया गया. मोहम्मद साहब के स्लाम में सब बराबर थे, न कोई गुलाम न कोई सरदार.

महात्मा गांधी के दिखाये और जनता के त्याग से मिले हुये स्वराज में अगर हम ने इतना भी नहीं सीखा तो कुछ नहीं सीखा और खास कर तीर्थों और धार्मिक स्थानों में.

(3) हम ऊपर कह चुके हैं कि मज़हब के मामले में हम जनता को हर तरह की आज़ादी देने के हक़ में हैं. लेकिन हमारे पढ़े लिखे लोगों और खासकर नेताओं को यह अच्छी तरह समझ लेना चाहिये कि जनता को प्रेम और धीरज के साथ समझाना चाहिये कि क़ौमें रूढ़ियों और अंध विश्वासों के सहारे नहीं उभरा करतीं. स्वामी विवेकानन्द ने अपने एक व्याख्यान में देश के नौजवानों को मुख़ातिब करते हुए कहा था—

"Young men of India! I wish you were all rank atheists rather than superstitious fools."

यानी भारत के नौजवानो! मैं चाहता हूं कि अंध विश्वासी मूर्ख होने की निस्बत तुम सब अगर घोर नास्तिक हो तो ज़्यादा अच्छा है.

महात्मा गांधी के जीवन की सन 1924 की एक घटना भी इस मामले में काफ़ी शिक्षाप्रद है. दिल्ली में मौलाना मोहम्मद अली के मकान के एक कमरे में गांधी जी बैठे हुये थे. जगह जगह से हिन्दू मुस्लिम दंगों की खबरें आ चुकी थीं. गांधी जी की छाती में एक आग सी धधक रही थी. उनका चहरा एक एक मिनट के बाद रंग बदल रहा था. हम सामने बैठे देख रहे थे. हम ने बात शुरू की—

मैं : बापू! क्या आप समझते हैं आप हिन्दू और मुसलमानों को इस तरह मिला लेंगे?

गांधी जी : क्या मतलब तुम्हारा? मैं नहीं समझा तुम क्या कह रहे हो.

मैंने फिर वह फ़िक़रा दोहरा दिया—क्या आप समझते हैं आप हिन्दू और मुसलमानों को इस तरह मिला लेंगे?

गांधी जी : मैं नहीं समझा तुम क्या कहना चाह रहे हो.

मैंने फिर तीसरी बार वही फ़िक़रा दोहरा दिया.

गांधी जी : अच्छा. अब मैं समझा तुम क्या कहना चाह रहे हो. तुम्हारी मेरी तो जूहू में बात चीत हुई थी न. वही कहना चाहते हो?

मैं : जी हां.

کر کے آگے بڑھ جائے جس طرح غلام کے ساتھ سردار نے کیا تھا . ایسا ہی کیا گیا. محمد صاحب کے اسلام میں سب برابر تھے، نہ کوئی غلام نہ کوئی سردار .

مہاتما گاندھی کے دکھائے اور جنتا کے تیاگ سے ملے ہوئے سوراج میں اگر ہم نے اتنا بھی نہیں سیکھا تو کچھ بھی نہیں سیکھا اور خاص کر تیرتھوں اور دھارمک استھانوں میں .

(3) ہم اوپر کہہ چکے ہیں کہ مذہب کے معاملے میں ہم جنتا کو ہر طرح کی آزادی دینے کے حق میں ہیں . لیکن ہمارے پڑھے لکھے لوگوں اور خاصکر نیتاؤں کو یہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے اور جنتا کو پریم اور دھیرج کے ساتھ سمجھانا چاہئے کہ قومیں روڑھیوں اور اندھ وشواسوں کے سہارے نہیں ابھرا کرتیں . سوامی وویکانند نے اپنے ایک ویاکھیان میں دیش کے نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا—

"Young men of India! I wish you were all rank atheists rather than superstitious fools."

یعنی بھارت کے نوجوانو! میں چاہتا ہوں کہ اندھ وشواسی مورکھ ہونے کی نسبت تم سب اگر گھور ناستک ہو تو زیادہ اچھا ہے .

مہاتما گاندھی کے جیون کی سن 1924 کی ایک گھٹنا بھی اس معاملہ میں کافی شکشاپرد ہے . دلی میں مولانا محمد علی کے مکان کے ایک کمرے میں گاندھی جی بیٹھے ہوئے تھے . جگہ جگہ سے ہندو مسلم دنگوں کی خبریں آ چکی تھیں . گاندھی جی کی چھاتی میں ایک آگ سی دھدھک رہی تھی . اُن کا چہرا ایک ایک منٹ کے بعد رنگ بدل رہا تھا . ہم سامنے بیٹھے دیکھ رہے تھے. ہم نے بات شروع کی—

میں : باپو ! کیا آپ سمجھتے ہیں آپ ہندو اور مسلمانوں کو اِس طرح ملا لینگے ؟

گاندھی جی : کیا مطلب تمہارا ؟ میں نہیں سمجھا تم کیا کہہ رہے ہو .

میں نے پھر وہ فقرا دوہرا دیا—کیا آپ سمجھتے ہیں آپ ہندو اور مسلمانوں کو اِس طرح ملا لینگے ؟

گاندھی جی : میں نہیں سمجھا تم کیا کہنا چاہ رہے ہو .

میں نے پھر تیسری بار وہی فقرا دوہرا دیا .

گاندھی جی : اچھا. اب میں سمجھا تم کیا کہنا چاہ رہے ہو . تمہاری میری تو جوہو میں بات چیت ہوئی تھی نہ . وہی کہنا چاہتے ہو ؟

میں : جی ہاں .

ने कागज़ पैंसिल से हिसाब लगाकर बताया था कि उस वक़्त मेले में साठ लाख आदमी मौजूद थे. साठ लाख ही उस साल का सरकारी अन्दाज़ा था. लेकिन एक बच्चे की भी भिच कर मौत नहीं हुई. सन 1930 या सन 1942 में भी अंग्रेज़ी इन्तज़ाम में जहां तक हमें याद है कोई इस तरह की दुर्घटना नहीं सुनी गई. न इन कुम्भों में से किसी में कोई वैरी इम्पार्टैन्ट परसन्स कहीं लाखों जनता की जगह घेरे हुए थे. यह सब कुम्भ देखने के बाद हमें बड़े दुख के साथ लेकिन पूरी ज़िम्मेदारी के साथ यह कहना पड़ता है कि जितना ख़राब इन्तज़ाम इस आज़ादी के कुम्भ में था उतना गुलामी के उन चारों कुम्भों में से किसी में नहीं था. शायद इस की एक वजह यह भी रही हो कि किसी अंग्रेज़ हाकिम को अपने को कट्टर हिन्दू साबित करने की ज़रूरत नहीं थी और इसी लिये वह ग़रीब जनता की सुविधा और आराम का ज़्यादा ख़याल रख सकते थे.

जो हो चुका वह हो चुका. अब सवाल यह है कि इलाहाबाद कुम्भ की इतनी बड़ी दुर्घटना से हम क्या सबक़ ले सकते हैं. हमारी राय में इस दुर्घटना से हमें नीचे लिखी बातें सीख लेनी चाहियें :—

(1) कोई भी बड़ा या छोटा सरकारी आदमी अगर किसी धर्म विशेश में या किसी ख़ास धार्मिक विश्वास या अनुश्ठान में ख़ास श्रद्धा दिखलावे तो उसके इस दिखलावे की क़दर किसी भी ग़ैर सरकारी छोटे से छोटे आदमी के इस तरह की श्रद्धा दिखलाने से ज़रा भी अधिक नहीं होनी चाहिये और इस तरह के दिखलावों को जनता को सदा शक की निगाह से देखना चाहिये.

(२) अगर कोई छोटा या बड़ा सरकारी आदमी अपनी धार्मिक भावना को सन्तुश्ट करने के लिये किसी तीर्थ या दूसरे धार्मिक स्थान पर जाना चाहे तो उसे इस काम के लिये ज़रा सी भी इस से ज़्यादा सहूलियत नहीं मिलनी चाहिये जितनी आम जनता को दी जाती है और अपनी धार्मिक भावना की तृप्ति हर सरकारी आदमी को अपने निजी ख़र्च पर करनी चाहिये, सरकारी यानी ग़रीब जनता के पैसे पर नहीं.

हमें यहां मोहम्मद साहब की जीवनी की एक छोटी सी घटना याद आरही है. कोई अरब सरदार जो हाल में मुसलमान हुआ था काबे की परिक्रमा को गया. इत्तफ़ाक़ से एक ग़रीब ग़ुलाम भी ठीक उसी समय काबे की परिक्रमा कर रहा था. सरदार अपनी पुरानी आदत के मुताबिक़ उस ग़रीब ग़ुलाम को कोहनी से एक तरफ़ करता हुआ आगे बढ़ गया. मोहम्मद साहब तक इसकी ख़बर पहुंची. उन्हों ने फ़ौरन हुकुम दिया कि वह सरदार फिर से काबे की परिक्रमा के लिये जाये और वह ग़ुलाम उसके पीछे जाये और ग़ुलाम उसी तरह अपनी कोहनी से सरदार को पीछे

نے کاغذ پینسل سے حساب لگا کر بتایا تھا کہ اس وقت میلے میں ساٹھ لاکھ آدمی موجود تھے۔ ساٹھ لاکھ ہی اس سال کا سرکاری اندازہ تھا۔ لیکن ایک بچے کی بھی بھنچ کر موت نہیں ہوئی۔ سن 1930 یا سن 1942 میں بھی انگریزی انتظام میں جہاں تک ہمیں یاد ہے کوئی اس طرح کی درگھٹنا نہیں سنی گئی۔ نہ ان کمبھوں میں سے کسی میں کوئی ویری امپارٹنٹ پرسنس کہیں لاکھوں جنتا کی جگہ گھیرے ہوئے تھے۔ یہ سب کمبھ دیکھنے کے بعد ہمیں بڑے دکھ کے ساتھ لیکن پوری ذمہ داری کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ جتنا خراب انتظام اس آزادی کے کمبھ میں تھا اتنا غلامی کے ان چاروں کمبھوں میں سے کسی میں نہیں تھا۔ شاید اسکی ایک وجہ یہ بھی رہی ہو کہ کسی انگریز حاکم کو اپنے کو کٹر ہندو ثابت کرنے کی ضرورت نہیں تھی اور اسی لئے وہ غریب جنتا کی سودھا اور آرام کا زیادہ خیال رکھ سکتے تھے۔

جو ہو چکا وہ ہو چکا۔ اب سوال یہ ہے کہ الہ آباد کمبھ کی اتنی بڑی درگھٹنا سے ہم کیا سبق لے سکتے ہیں۔ ہماری رائے میں اس درگھٹنا سے ہمیں نیچے لکھی باتیں سیکھ لینی چاہئیں :—

(1) کوئی بھی بڑا یا چھوٹا سرکاری آدمی اگر کسی دھرم وشیش میں یا کسی خاص دھارمک وشواس یا انوشٹھان میں خاص شردھا دکھلاوے تو اس کے اس دکھلاوے کی قدر کسی بھی غیر سرکاری چھوٹے سے چھوٹے آدمی کے اسی طرح کی شردھا دکھلانے سے ذرا بھی ادھک نہیں ہونی چاہئے۔ اور اس طرح کے دکھلاوؤں کو جنتا کو سدا شک کی نگاہ سے دیکھنا چاہئے۔

(2) اگر کوئی چھوٹا یا بڑا سرکاری آدمی اپنی دھارمک بھاونا کو سنتشٹ کرنے کے لئے کسی تیرتھ یا دوسرے دھارمک استھان پر جانا چاہے تو اسے اس کام کے لئے ذرا سی بھی اس سے زیادہ سہولیت نہیں ملنی چاہئے جتنی عام جنتا کو دی جاتی ہے۔ اور اپنی دھارمک بھاونا کی ترپتی ہر سرکاری آدمی کو اپنے نجی خرچ پر کرنی چاہئے، سرکاری یعنی غریب جنتا کے پیسے پر نہیں۔

ہمیں یہاں محمد صاحب کی جیونی کی ایک چھوٹی سی گھٹنا یاد آ رہی ہے۔ کوئی عرب سردار جو حال میں مسلمان ہوا تھا کعبہ کی پریکرما کو گیا۔ اتفاق سے ایک غریب غلام بھی ٹھیک اسی سمے کعبہ کی پریکرما کر رہا تھا۔ سردار اپنی پرانی عادت کے مطابق اس غریب غلام کو کہنی سے ایک طرف کرتا ہوا آگے بڑھ گیا۔ محمد صاحب تک اسکی خبر پہونچی۔ انہوں نے فوراً حکم دیا کہ وہ سردار پھر سے کعبہ کی پریکرما کے لئے جائے اور وہ غلام اس کے پیچھے جائے اور غلام اسی طرح اپنی کہنی سے سردار کو پیچھے

कम्बल और धोतियां उड़ जाने की शिकायतें गिन सकना नामुमकिन था. पुलिस की बाबत यह आम ख्याल था और हमें खुद इसका तजुर्बा है कि आम पुलिस का बर्ताव जनता के साथ इन सात बरस के अन्दर बजाय कुछ ऊपर को जाने के काफ़ी नीचे की तरफ़ गया है. हमें इसमें बेचारे पुलिस वालों का कोई दोश दिखाई नहीं देता. एक ऊंचे पुलिस अफ़सर ने हम से कहा था कि एक बड़े वज़ीर साहब जब अस्नान को जाने लगे तो बताया गया कि वह जनता के बीच में नहायेंगे पर हुक्म था कि जहां वह नहायें वहां कई सौ खुफ़िया सफ़ेद कपड़े पहने हुए उनके चारों तरफ़ इधर उधर मौजूद रहें और उसी वक़्त नहाते दिखाई दें ताकि कोई ऐरा ग़ैरा नज़दीक न आसके और जनता चारों तरफ़ नहाती हुई भी दिखाई दे जाये. कहीं के भी किसी मिनिस्टर की मोटर के पार करने के लिये पुल घन्टे दो घन्टे खाली रखा जाता था. उसी वक़्त के अन्दर एक पुल से एक नेता की मोटर जाये और दूसरे पुल से लाख दो लाख आदमी जायें! "वैरी इम्पार्टैन्ट परसन्स" का लज्जा जनक तमाशा कम से कम इलाहाबाद के तो एक एक बच्चे की ज़बान पर है. हमने ऊपर कहा है कि बेचारे पुलिस का कोई दोश नहीं था. वह इसलिये कि जिन पुलिस वालों को या उनके अफ़सरों को यह मालूम था कि उनके मालिक "वैरी इम्पार्टैन्ट परसन्स" किन बातों से खुश होते हैं वह उन बातों को छोड़ कर दूसरी तरफ़ काफ़ी ध्यान कैसे दे सकते थे. गवर्नर के यहां की शाम की दावत उस समय जब कि सैकड़ों लाशें मैदान में पड़ी थीं, हज़ारों ज़ख्मी हो चुके थे और हज़ारों ही बिलख रहे थे, जनता के गले से कैसे उतर सकती थी. अगर यह सच है कि दावत के वक़्त तक यानी दुर्घटना के सात घन्टे बाद तक गवर्नर को या चीफ़ मिनिस्टर को या और किसी इम्पार्टैन्ट परसन को जो सब दुर्घटना के आस पास ही ठैहरे हुए थे यह मालूम न था कि गंगा के किनारे इतनी बड़ी दुर्घटना होगई तो यह और भी शर्म की बात है और हमारी नाक़ाबलियत का सब से बड़ा सबूत है.

हमने खुद इलाहाबाद का सब से पहला कुम्भ सन 1906 का देखा था. उसके बाद हम चार कुम्भ देख चुके हैं. सन 1906 के कुम्भ में जब संगम ठीक क़िले के नीचे था और रास्ता बेहद तंग था सुबह पहले घन्टे के अन्दर कुछ आदमी पिच कर मर गये थे. उनकी तादाद साठ बताई गई थी. लेकिन उस पहले घन्टे के बाद ही फिर इतना अच्छा इन्तज़ाम रहा कि फिर एक भी इस तरह की शिकायत सुनने में न आई और जिन लोगों की ग़लती से सुबह मौतें हुई थीं उनसे सख़्त बाज़पुर्स हुई. सन् 1918 के कुम्भ में हमारे पास ठहरे हुए एक अमरीकन रिपोर्टर

کمبل اور دھوتیاں اُڑ جانے کی شکایتیں گن سکنا ناممکن تھا. پولیس کی بابت یہ عام خیال تھا اور ہمیں خود اس کا تجربہ ہے کہ عام پولیس کا برتاؤ جنتا کے ساتھ ان سات برس کے اندر بجائے کچھ اوپر کو جانے کے کافی نیچے کی طرف گیا ہے ۔ ہمیں اس میں بیچارے پولیس والوں کا کوئی دوش دکھائی نہیں دیتا ۔ ایک اونچے پولیس افسر نے ہم سے کہا تھا کہ ایک بڑے وزیر صاحب جب اسنان کو جانے لگے تو بتایا گیا کہ وہ جنتا کے بیچ میں نہائیں گے پر حکم تھا کہ جہاں وہ نہائیں وہاں کئی سو خفیہ سفید کپڑے پہنے ہوئے ان کے چاروں طرف اِدھر اُدھر موجود رہیں اور اسی وقت نہاتے دکھائی دیں تاکہ کوئی ایرا غیرا نزدیک نہ آ سکے اور جنتا چاروں طرف نہاتی ہوئی بھی دکھائی دے جائے ۔ کہیں کے بھی کسی منسٹر کی موٹر کے پار کرنے کے لئے پل گھنٹے دو گھنٹے خالی رکھا جاتا تھا ۔ اسی وقت کے اندر ایک پل سے ایک نیتا کی موٹر جائے اور دوسرے پل سے لاکھ دو لاکھ آدمی جائیں ! "ویری امپارٹنٹ پرسنس" کا لجاجنک تماشہ کم سے کم الہ آباد کے تو ایک ایک بچے کی زبان پر ہے ۔ ہم نے اوپر کہا ہے کہ بیچارے پولیس کا کوئی دوش نہیں تھا وہ اس لئے کہ جن پولیس والوں کو یا ان کے افسروں کو یہ معلوم تھا کہ ان کے مالک "ویری امپارٹنٹ پرسنس" ان باتوں سے خوش ہوتے ہیں وہ ان باتوں کو چھوڑ کر دوسری طرف کافی دھیان کیسے دے سکتے تھے ۔ گورنر کے یہاں کی شام کی دعوت اس سمے جب کہ سیکڑوں لاشیں میدان میں پڑی تھیں' ہزاروں زخمی ہو چکے تھے اور ہزاروں ہی بلکھ رہے تھے' جنتا کے گلے سے کیسے اتر سکتی تھی ۔ اگر یہ سچ ہے کہ دعوت کے وقت تک یعنی درگھٹنا کے سات گھنٹے بعد تک گورنر کو یا چیف منسٹر کو یا اور کسی خاص امپارٹنٹ پرسن کو جو سب درگھٹنا کے آس پاس ہی ٹھہرے ہوئے تھے یہ معلوم تک نہ تھا کہ گنگا کے کنارے اتنی بڑی درگھٹنا ہو گئی تو یہ اور بھی زیادہ شرم کی بات ہے اور ہماری نااہلیت کا سب سے بڑا ثبوت ہے ۔

ہم نے خود الہ آباد کا سب سے پہلا کمبھ سن 1906 کا دیکھا تھا ۔ اس کے بعد ہم چار کمبھ دیکھ چکے ہیں ۔ سن 1906 کے کمبھ میں جب سنگم ٹھیک قلعہ کے نیچے تھا اور راستہ بے حد تنگ تھا صبح پہلے گھنٹے کے اندر کچھ آدمی پچھ کر مر گئے تھے ۔ ان کی تعداد ساٹھ بتائی گئی تھی ۔ لیکن اس پہلے گھنٹے کے بعد ہی پھر اتنا اچھا انتظام رہا کہ پھر ایک بھی اس طرح کی شکایت سننے میں نہ آئی ۔ اور جن لوگوں کی غلطی سے صبح موتیں ہوئی تھیں ان سے سخت باز پرس ہوئی ۔ سن 1918 کے کمبھ میں ہمارے پاس ٹھہرے ہوئے ایک امریکن رپورٹر

अब रहा मेले का इन्तज़ाम. इसका बहुत कुछ शोर मचा. खूब खर्च भी हुआ. पौन करोड़ तो खास कुम्भ के नाम से खर्च बताया जाता है. इसके अलावा जो रेल और दूसरे अलग अलग मुहकमों में अलग अलग ऐसा खर्च हुआ जो कुम्भ के मद में पड़ने के बजाय दूसरे तरह तरह के मदों में पड़ गया वह अलग रहा. कहा जाता था कि पचास लाख यात्रियों के आने की उम्मेद है. यह भी कहा जाता था कि इन्तज़ाम इस से कहीं ज्यादा के लिये कर लिया गया है. अमावस्या के दिन जो यात्री आये उनकी कुल तादाद शायद तीस (30) लाख से ज्यादा न थी. हमें इन इन्तज़ामों की तफ़सील में जाने की ज़रूरत नहीं है. पर ऐन आज़माइश के वक़्त सब इन्तज़ाम थोथे साबित हुए. गंगा के नये पुल भी टूटे. कुम्भ नगर में पानी और बिजली ने बार बार धोका दिया. डाक और तार के मुहकमों में काम करने के लिये दूर दूर के प्रान्तों से लोग जमा किये गये थे. पर अमावस्या को दस दिन हो चुके और आज के दिन तक यह हालत है कि हमें खुद ऐक्सप्रेस तार इलाहाबाद तारघर में पहुंच जाने के अड़तालीस अड़तालीस घंटे बाद और ऐक्सप्रेस डिलिवरी खत पांच पांच दिन के बाद मिल रहे हैं और जो कभी नहीं मिलेंगे उनका ज़िक्र ही क्या. अंग्रेज़ी राज में कुम्भ के मौक़े पर रेल का किराया अकसर आधा कर दिया जाता था. इस से सरकार को आमदनी भी खूब होती थी और लोगों को भी आराम. आज़ाद हिन्द में किराये बढ़ाये गये और बढ़ाने के क़ायदे जब ज्यादा बेतुके हो गये तो उन्हें बदला गया. हैज़े के ज़बरदस्ती टीके के बेजा और ग़लत हुक्म को वापिस ले लिया गया तो उसके बाद भी 12 फ़रवरी तक का हमें मालूम है कि इलाहाबाद आने वाले लोगों के कहीं कहीं ज़बरदस्ती सुइयां भोंकी जाती रहीं. अमावस्या के दिन की दुर्घटना को याद करके तो हमारा दिल थर थर कांपने लगता है. सरकारी या नीम सरकारी लोगों का कहना है कि कुल पांच सौ से कम बेगुनाह कुचल कर मरे. लोगों का ख्याल है कई हज़ार मरे. जो भी हो इसमें शक नहीं सैकड़ों बेगुनाहों की जानें गईं और हज़ारों घायल हुए. सूबे की सरकार ने जो तहक़ीक़ाती कमेटी नियुक्त की है उस पर खुद इलाहाबाद के शहरी अपना अविश्वास प्रगट कर चुके हैं. जहां तक देश की जनता का सवाल है वह एक दुख भरी लेकिन सच्ची बात है कि जनता को आज़ाद हिन्द के सरकारी आंकड़ों और सरकारी तहक़ीक़ाती कमेटियों पर उतना ही कम विश्वास है जितना सात साल पहले अंग्रेज़ी राज के सरकारी आंकड़ों और सरकारी कमेटियों पर था. गिरहकटों और जेबकतरों की तादाद कुम्भ नगर में इतनी बढ़ी हुई थी कि अखबारों में भी इसकी काफ़ी चर्चा हुई. जेबें कतरी जाने, कंधों पर से

اب رہا میلے کا انتظام۔ اس کا بہت کچھ شور مچا۔ خوب خرچ بھی ہوا۔ پون کروڑ تو خاص کمبھ کے نام سے خرچ بتایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ جو ریل اور دوسرے الگ الگ محکموں میں الگ الگ ایسا خرچ ہوا جو کمبھ کے مد میں پڑنے کے بجائے دوسرے طرح طرح کے مدوں میں پڑ گیا وہ الگ رہا۔ کہا جاتا تھا کہ پچاس لاکھ یاتریوں کے آنے کی امید ہے۔ یہ بھی کہا جاتا تھا کہ انتظام اس سے کہیں زیادہ کے لئے کر لیا گیا ہے۔ اماوسیا کے دن جو یاتری آئے انکی کل تعداد شاید تیس (30) لاکھ سے زیادہ نہ تھی۔ ہمیں ان انتظاموں کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ پر عین آزمائش کے وقت سب انتظام تھوتھے ثابت ہوئے۔ گنگا کے نئے پل بھی ٹوٹے۔ کمبھ نگر میں پانی اور بجلی نے بار بار دھوکہ دیا۔ ڈاک اور تار کے محکموں میں کام کرنے کے لئے دور دور کے پرانتوں سے لوگ جمع کئے گئے تھے۔ پر اماوسیا کو دس دن ہوچکے اور آج کے دن تک یہ حالت ہے کہ ہمیں خود ایکسپریس تار الہ آباد تارگھر میں پہونچ جانے کے اڑتالیس اڑتالیس گھنٹے بعد اور ایکسپریس ڈلیوری خط پانچ پانچ دن کے بعد مل رہے ہیں اور جو کبھی نہیں ملینگے ان کا ذکر ہی کیا۔ انگریزی راج میں کمبھ کے موقع پر ریل کا کرایہ اکثر آدھا کردیا جاتا تھا۔ اس سے سرکار کو آمدنی بھی خوب ہوتی تھی اور لوگوں کو بھی آرام۔ آزاد ہند میں کرائے بڑھائے گئے اور بڑھانے کے قاعدے جب زیادہ بےتکے ہوگئے تو انہیں بدلا گیا۔ ہیضے کے زبردستی ٹیکے کے بیجا اور غلط حکم کو واپس لے لیا گیا تو اس کے بعد بھی 12 فروری تک کا ہمیں معلوم ہے کہ الہ آباد آنے والے لوگوں کے کہیں کہیں زبردستی سوئیاں بھونکی جاتی رہیں۔ اماوسیا کے دن کی درگھٹنا کو یاد کرکے تو ہمارا دل تھر تھر کانپنے لگتا ہے۔ سرکاری یا نیم سرکاری لوگوں کا کہنا ہے کہ کل پانچ سو سے کم بےگناہ کچل کر مرے۔ لوگوں کا خیال ہے کئی ہزار مرے۔ جو بھی ہو اس میں شک نہیں سیکڑوں بےگناہوں کی جانیں گئیں اور ہزاروں گھائل ہوئے۔ صوبے کی سرکار نے جو تحقیقاتی کمیٹی نیکت کی ہے اس پر خود الہ آباد کے شہری اپنا اوشواس پرکٹ کر چکے ہیں۔ جہاں تک دیش کی جنتا کا سوال ہے یہ ایک دکھ بھری لیکن سچی بات ہے کہ جنتا کو آزاد ہند کے سرکاری آنکڑوں اور سرکاری تحقیقاتی کمیٹیوں پر اتنا ہی کم وشواس ہے جتنا سات سال پہلے انگریزی راج کے سرکاری آنکڑوں اور سرکاری کمیٹیوں پر تھا۔ گرہ کٹوں اور جیب کتروں کی تعداد کمبھ نگر میں اتنی بڑھی ہوئی تھی کہ اخباروں میں بھی اسکی کافی چرچا ہوئی۔ جیبیں کتری جانے، کندھوں پر سے

पर जब किसी देश की सरकार या सरकार के कोई खास आदमी या देश का कोई राजकाजी दल किसी तरह का राजकाजी फ़ायदा उठाने या अपनी सत्ता को मज़बूत करने के लिये इस तरह के अंध विश्वासों का समर्थन करता है और उनमें हिस्सा लेता है तो हालत बहुत गम्भीर हो जाती है. अंध विश्वासों से चाहे वह हिन्दू हों या मुस्लिम या किसी भी सम्प्रदाय के फ़ौरी मतलब मुमकिन है निकाला जा सके लेकिन अंध विश्वासों के सहारे दुनिया की कोई क़ौम न जी सकती है और न तरक़्क़ी की राह पर क़दम बढ़ा सकती है. इसलिये किसी भी धार्मिक अंध विश्वास या रीत रिवाज से राजकाजी फ़ायदा उठाने की कोशिश देश और देशवासियों के लिये और भी ख़तरनाक हो जाती है.

हम यह नहीं कहते कि हमारे जितने शासक या मिनिस्टर इलाहाबाद के इस कुम्भ में जमा हुए थे वह सब केवल राजकाजी उद्देश से ही जमा हुए थे. हमें मालूम है उनमें कुछ ऐसे भी थे जो सचमुच कट्टर विश्वासी हैं और जो यह मानते हैं कि सचमुच आसमान में नक्षत्रों और राशियों का ख़ास योग होने के वक़्त गंगा जी में और ख़ासकर गंगा और जमना के संगम पर एक ख़ास तरह का अमृत कहीं आसमान से टपकता है जो ठीक उस घड़ी उस जगह नहाने वाले के लिये मुक्ति के मार्ग को सरल बना देता है. पर हमें इसमें भी शक नहीं कि उनमें ऐसे भी काफ़ी थे और अधिक तादाद में थे जो इस तरह की कोई चीज़ नहीं मानते और जिन का लक्ष मुख्यकर राजकाजी था. हम यह भी मानते हैं कि इस दूसरी श्रेणी के नेताओं के दिलों में केवल व्यक्तिगत स्वार्थ ही नहीं था. वह जो कुछ कर रहे थे वह अपनी समझ से देश के भले और राष्ट्र की मज़बूती के लिये ही कर रहे थे. फिर भी इस तरह के ढंग को हम सच्चाई के ख़िलाफ़, धर्म की विडम्बना और उस का अपमान और देश की आगे की उन्नति, ख़ुशहाली और बहबूदी के लिये बहुत ही हानिकर मानते हैं. हमें लज्जा आती थी और हमारे अन्दर की धार्मिक भावना को धक्का लगता था जब हम इन पढ़े लिखे लोगों को जिन के अन्दर कोई इस तरह का विश्वास नहीं है अमावस्या के असनान के महूरत के साथ साथ अमृत और मुक्ति की बात करते सुनते थे. किसी के किसी भी विश्वास का हम आदर कर सकते हैं पर सच्चाई का आदर हमें उस से कहीं अधिक करना चाहिये. हमारे सरकारी चिन्ह अशोक चक्र के नीचे लिखा हुआ "सत्य मेव जयते" यानी सदा सच्चाई ही की जीत होती है झूट की नहीं केवल एक फ़िक़रा ही नहीं है वह सोलह आने सच्चा असूल है और वही क़ौमों और सरकारों दोनों के लिये ज़िन्दगी और तरक़्क़ी की शाहराह है.

پر جب کسی دیش کی سرکار یا سرکار کے کوئی خاص آدمی یا دیش کا کوئی راجکاجی دل کسی طرح کا راجکاجی فائدہ اُٹھانے یا اپنی ستا کو مضبوط کرنے کے لئے اِس طرح کے اندھ وشواسوں کا سمرتھن کرتا ہے اور اُن میں حصہ لیتا ہے تو حالت بہت گمبھیر ہو جاتی ہے ۔ اندھ وشواسوں سے چاہے وہ ہندو ہوں یا مسلم یا کسی بھی سمپردائے کے فوری مطلب ممکن ہے نکالا جاسکے لیکن اندھ وشواسوں کے سہارے دنیا کی کوئی قوم نہ جی سکتی ہے اور نہ ترقی کی راہ پر قدم بڑھا سکتی ہے ۔ اِس لئے کسی بھی دھارمک اندھ وشواس یا ریت رواج سے راجکاجی فائدہ اُٹھانے کی کوشش دیش اور دیش واسیوں کے لئے اور بھی خطرناک ہو جاتی ہے ۔

ہم یہ نہیں کہتے کہ ہمارے جتنے شاسک یا منسٹر اِلہ آباد کے اِس کمبھ میں جمع ہوئے تھے وہ سب کیول راجکاجی اُدیش سے ہی جمع ہوئے تھے ۔ ہمیں معلوم ہے اُن میں کچھ ایسے بھی تھے جو سچ مچ کٹر وشواسی ہیں اور جو یہ مانتے ہیں کہ سچ مچ آسمان میں نکشتروں اور راشیوں کا خاص یوگ ہونے کے وقت گنگا جی میں اور خاصکر گنگا اور جمنا کے سنگم پر ایک خاص طرح کا امرت کہیں آسمان سے ٹپکتا ہے جو ٹھیک اُس گھڑی اُس جگہ نہانے والے کے لئے مکتی کے مارگ کو سرل بنا دیتا ہے. پر ہمیں اِس میں بھی شک نہیں کہ اُن میں ایسے بھی کافی تھے اور ادھک تعداد میں تھے جو اِس طرح کی کوئی چیز نہیں مانتے اور جن کا لکش مکھیہ کر راجکاجی تھا ۔ ہم یہ بھی مانتے ہیں کہ اِس دوسری شرینی کے نیتاؤں کے دلوں میں کیول ویکتی گت سوارتھ ہی نہیں تھا ۔ وہ جو کچھ کر رہے تھے وہ اپنی سمجھ سے دیش کے بھلے اور راشٹر کی مضبوطی کے لئے ہی کر رہے تھے ۔ پھر بھی اِس طرح کے ڈھنگ کو ہم سچائی کے خلاف' دھرم کی وڈمبنا اور اُس کا اپمان اور دیش کی آگے کی اُنتی' خوشحالی اور بہبودی کے لئے بہت ہی ہانیکر مانتے ہیں ۔ ہمیں لجا آتی تھی اور ہمارے اندر کی دھارمک بھاونا کو دھکا لگتا تھا جب ہم اُن پڑھے لکھے لوگوں کو جن کے اندر کوئی اِس طرح کا وشواس نہیں ہے اماوسیا کے اِسنان کے مہورت کے ساتھ ساتھ امرت اور مکتی کی بات کرتے سنتے تھے. کسی کے کسی بھی وشواس کا ہم آدر کرسکتے ہیں پر سچائی کا آدر ہمیں اُس سے کہیں ادھک کرنا چاہئے. ہمارے سرکاری چنہ اشوک چکر کے نیچے لکھا ہوا "ستیہ میو جیتے" یعنی سدا سچائی ہی کی جیت ہوتی ہے جھوٹ کی نہیں کیول ایک فقرہ ہی نہیں ہے وہ سولہ آنے سچا اصول ہے اور وہی قوموں اور سرکاروں دونوں کے لئے زندگی اور ترقی کی شاہراہ ہے ۔

हमारी राय — ہماری رائے

इलाहाबाद का कुम्भ

इलाहाबाद का कुम्भ दुनिया का सब से बड़ा मेला समझा जाता है. हिन्दुस्तान के हिन्दुओं का तो यह सब से बड़ा मेला है ही. इस साल का कुम्भ आज़ादी मिलने के बाद पहला कुम्भ था. अगला कुम्भ इस के बारह बरस बाद आने वाला था. इसलिये दिल्ली सरकार और लखनऊ सरकार के कुछ बड़े बड़े लोगों ने इस मौक़े को ग़नीमत समझा. उससे पूरा पूरा फ़ायदा उठाने की तदबीरें की जाने लगीं. लगभग दो बरस से मेले की तैयारियां हो रही थीं और बहुत बड़े पैमाने पर हो रही थीं. नतीजा यह हुआ कि कई निगाहों से इस साल का कुम्भ पिछले सात बरस की सब से बड़ी घटना या दुर्घटना बन गया.

इन तैयारियों की दो ग़रज़ साफ़ दिखाई देती थीं. एक देश की भोली हिन्दू जनता पर यह असर डालना कि हमारी सरकारों के बड़े बड़े लोग हिन्दू धर्म के पक्के मानने वाले हैं और दूसरे लोगों को यह बताना कि आज़ाद भारत की कांग्रेस सरकार इस हिन्दू मेले का जितना अच्छा और बढ़िया इन्तज़ाम कर सकती है उतना विदेशी अंग्रेज़ सरकार ने कभी नहीं किया था.

अभी तक दुनिया की आम जनता शायद किसी देश में भी धार्मिक अंध विश्वासों से पूरी तरह ऊपर नहीं उठ पाई है. हम इस बात को भी मानते हैं कि इस तरह के मामलों में जनता को पूरी आज़ादी होना चाहिये. कम से कम उस हद तक जिस हद तक कि किसी एक गिरोह की इस तरह की आज़ादी दूसरे गिरोह की इसी तरह की आज़ादी से टक्कर न खावे. सरकार को या किसी को जनता के इस तरह के कामों में जहां तक हो सके किसी तरह का दख़ल नहीं देना चाहिये. हिन्दुओं का धार्मिक मेला हो या मुसलमानों की ताज़ियादारी, ईसाइयों का बड़ा दिन हो या जैनियों का उछाह हर सरकार का यह भी फ़र्ज़ है कि इस तरह के मेलों और त्योहारों का पूरा पूरा प्रबंध करदे और आम जनता को अपने विश्वास के अनुसार अपने रिवाज के पालन करने में हर तरह की सहूलियत दे. मज़हबी आज़ादी का यही मतलब है.

الہ‌آباد کا کمبھ

الہ‌آباد کا کمبھ دنیا کا سب سے بڑا میلہ سمجھا جاتا ہے . ہندستان کے ہندوؤں کا تو یہ سب سے بڑا میلہ ہے ہی. اس سال کا کمبھ آزادی ملنے کے بعد پہلا کمبھ تھا . اگلا کمبھ اس کے بارہ برس بعد آنے والا تھا . اس لئے دلی سرکار اور لکھنؤ سرکار کے کچھ بڑے بڑے لوگوں نے اس موقع کو غنیمت سمجھا. اس سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی تدبیریں کی جانے لگیں. لگ بھگ دو برس سے میلے کی تیاریاں ہو رہی تھیں اور بہت بڑے پیمانے پر ہو رہی تھیں. نتیجہ یہ ہوا کہ کئی نگاہوں سے اس سال کا کمبھ پچھلے سات برس کی سب سے بڑی گھٹنا یا درگھٹنا بن گیا .

ان تیاریوں کی دو غرض صاف دکھائی دیتی تھیں . ایک دیش کی بھولی ہندو جنتا پر یہ اثر ڈالنا کہ ہماری سرکاروں کے بڑے بڑے لوگ ہندو دھرم کے پکے ماننے والے ہیں اور دوسرے لوگوں کو یہ بتانا کہ آزاد بھارت کی کانگریس سرکار اس ہندو میلے کا جتنا اچھا اور بڑھیا انتظام کرسکتی ہے اتنا ودیشی انگریز سرکار نے کبھی نہیں کیا تھا .

ابھی تک دنیا کی عام جنتا شاید کسی دیش میں بھی دھارمک اندھ وشواسوں سے پوری طرح اوپر نہیں اٹھ پائی ہے . ہم اس بات کو بھی مانتے ہیں کہ اس طرح کے معاملوں میں جنتا کو پوری آزادی ہونی چاہئے. کم سے کم اس حد تک جس حد تک کہ کسی ایک گروہ کی اس طرح کی آزادی دوسرے گروہ کی اسی طرح کی آزادی سے ٹکر نہ کھاوے. سرکار کو یا کسی کو جنتا کے اس طرح کے کاموں میں جہاں تک ہوسکے کسی طرح کا دخل نہیں دینا چاہئے . ہندوؤں کا دھارمک میلہ ہو یا مسلمانوں کی تازیہ‌داری، عیسائیوں کا بڑا دن ہو یا جینیوں کا اچھاہ ہر سرکار کا یہ بھی فرض ہے کہ اس طرح کے میلوں اور تیوہاروں کا پورا پورا پربندھ کردے اور عام جنتا کو اپنے وشواس کے انوسار اپنے رواج کے پالن کرنے میں ہر طرح کی سہولیت دے. مذہبی آزادی کا یہی مطلب ہے .

कच्चा माल देहात में नहीं होता या देहात में पक्का नहीं किया जा सकता, जैसे घड़ी, फ़ाउन्टेन पेन, टार्च, बटन आदि. अगर ऐसा नहीं होता तो हमारे शहर देहातों को चूसेंगे, बड़े शहर छोटे शहरों को चूसेंगे और परदेश वाले हम सब को चूसेंगे और सारे देश की बाग बाहर वालों के हाथ में सहज ही आ जायेगी.

एक शब्द अमरीकी जानकारों की बाबत और. अमरीका चाहता है कि उसका पक्का माल विदेशों में पहुंचे और विदेशों का कच्चा माल उसे मिले. इसलिये कोई भी अमरीकी, अगर अपने मुल्क का सच्चा वफ़ादार है, यह नहीं चाहेगा कि विदेशों में लोग अपना अपना पक्का माल बना लें और अमरीका का पक्का माल इस्तेमाल न करें. इसलिये हर अमरीकी का फ़र्ज़ है कि विदेश जाकर अपने अमरीकी माल की बढ़ौती व प्रचार के लिये हर तरह कोशिश करे. हमें विश्वास है कि यह टोली हिन्दुस्तान की हालत की इस तरह छान बीन करेगी कि हिन्दुस्तान में अमरीका और स्वेडन का माल अधिक से अधिक खपे.

आख़िर में हमारा नम्र निवेदन है कि भारत सरकार ठंडे दिल से सोचे और सही रास्ते पर चले. एक तरफ़ तो वह नाराज़ होती है पाकिस्तान में अमरीकी फ़ौजी अड्डे बनने से, दूसरी तरफ़ वह ख़ुद नित नये मौक़े अमरीकी लोगों को देती जाती है ताकि भारत में अमरीकी आर्थिक अड्डे—जिन्हें हम निराकार फ़ौजी अड्डे कहते हैं—खुलें. फिर, जब एक खादी बोर्ड या ग्राम उद्योग बोर्ड सरकार बना चुकी है तो बाहर से किसी को इस काम के लिये क्यों बुलाया जाता है? क्या उस बोर्ड को देहाती धंधों से कोई वास्ता नहीं है? किस वास्ते है प्लानिंग कमीशन जो बाहर वालों से यह काम कराता है? क्या हिन्दुस्तान के देहाती धंधों या छोटे छोटे रोज़गारों की जानकारी हमारे अपने लोगों को न होकर विदेश वालों को अधिक है? क्या वह इनकी तरक़्क़ी के लिये हमसे बेहतर रास्ते खोज सकते हैं? अगर यह बात ठीक है कि बाहर वाले ही हमारे रोटी कपड़े, काम धाम अच्छी तरह समझ बूझ सकते हैं तो कोई वजह नहीं कि हमारे मिनिस्टर और शासक भी अमरीका या दूसरी विलायतों से क्यों न बुलाये जायं!

—सुरेश राम भाई

کچا مال دیہات میں نہیں ہوتا یا دیہات میں پکا نہیں کیا جاسکتا، جیسے گھڑی، فاؤنٹین پین، ٹارچ، بٹن آدی. اگر ایسا نہیں ہوتا تو ہمارے شہر دیہاتوں کو چوسینگے، بڑے شہر چھوٹے شہروں کو چوسینگے اور پردیس والے ہم سبکو چوسینگے اور سارے دیش کی باگ باہروالوں کے ہاتھ میں سہج ہی آجائیگی .

ایک شبد امریکی جانکاروں کی بابت اور . آج امریکہ چاہتا ہے کہ اسکا پکا مال ودیشوں میں پہونچے اور ودیشوں کا کچا مال اسے ملے . اس لئے کوئی بھی امریکی، اگر اپنے ملک کا سچا وفادار ہے، یہ نہیں چاہیگا کہ ودیشوں میں لوگ اپنا اپنا پکا مال بنالیں اور امریکہ کا پکا مال استعمال نہ کریں . اس لئے ہر امریکی کا فرض ہے کہ ودیش جاکر اپنے امریکی مال کی بڑھوتی و پرچار کے لئے ہرطرح کوشش کرے. ہمیں وشواس ہے کہ یہ ٹولی ہندستان کی حالت کی اس طرح چھان بین کریگی کہ ہندستان میں امریکہ اور سوئیڈن کا مال ادھک سے ادھک کھپے .

آخر میں ہمارا نمر نویدن ہے کہ بھارت سرکار ٹھنڈے دل سے سوچے اور صحیح راستے پر چلے . ایک طرف تو وہ ناراض ہوتی ہے پاکستان میں امریکی فوجی اڈے بننے سے، دوسری طرف وہ خود نت نئے موقعے امریکی لوگوں کو دیتی جاتی ہے تاکہ بھارت میں امریکی آرتھک اڈے — جنہیں ہم نراکار فوجی اڈے کہتے ہیں — کھلیں. پھر، جب ایک کھادی بورڈ یا گرام اُدیوگ بورڈ سرکار بنا چکی ہے تو باہر سے کسی کو اس کام کے لئے کیوں بلایا جاتا ہے؟ کیا اس بورڈ کو دیہاتی دھندوں سے کوئی واسطہ نہیں ہے؟ کس واسطے ہے پلاننگ کمیشن جو باہر والوں سے یہ کام کراتا ہے؟ کیا ہندستان کے دیہاتی دھندوں یا چھوٹے چھوٹے روزگاروں کی جانکاری ہمارے اپنے لوگوں کو نہ ہوکر ودیش والوں کو ادھک ہے؟ کیا وہ انکی ترقی کے لئے ہم سے بہتر راستے کھوج سکتے ہیں؟ اگر یہ بات ٹھیک ہے کہ باہر والے ہی ہمارے روٹی کپڑے، کام دھام اچھی طرح سمجھ بوجھ سکتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ہمارے منسٹر اور شاسک بھی امریکہ یا دوسری ولایتوں سے کیوں نہ بلائے جائیں!

—سریش رام بھائی

रोज़ी पर भी असर पड़ा. एक गांव में हमने यहांतक देखा कि एक ग़रीब किसान धान का बढ़िया प्याल पूस के महीने में बेचने लाया लेकिन उसे कोई ख़रीदार नहीं मिला और वह दुखी हो कर घर लौट गया !

ऊपर की बातों से हम इस नतीजे पर पहुंचे बिना नहीं रह सकते कि इस टोली को असली देहाती धन्धों से कोई सरोकार नहीं है. उसका सम्बन्ध केवल उन शहराती धन्धों से है जो हिन्दुस्तान में अभी ज़ियादा बड़े पैमाने पर चालू नहीं हैं, जैसे आगरे में जूते की दस्तकारी, मेरठ में क़ैंची की दस्तकारी, अलीगढ़ में ताले की दस्तकारी, जालन्धर में खेल का सामान वग़ैरा. इसलिये इस टोली के कारनामों से कोई फ़ायदा देहात के धन्धा करने वालों को तो पहुंच ही नहीं सकता.

हम इतने पर सब्र कर लेते. अगर हमारे शहरों के छोटे छोटे धंदे ही बढ़ें तब भी ख़ुशी की बात है. लेकिन जब शहर के धंदे भी न बढ़ें और देहात के रहे सहे धंदे और भी बरबाद हो जायं तब किसे तकलीफ़ न होगी. मिसाल के लिये आगरे में जूते का काम. हम जानते हैं कि कुछ अर्से से यह काम गिर रहा है. लेकिन क्यों ? सिर्फ़ इस वजह से कि कानपुर में बड़ी बड़ी देशी और विदेशी मिलों में जूते बन रहे हैं, बाटा नाम की विदेशी कम्पनी की दुकानें बस्ती बस्ती में खुल रही हैं, कलकत्ते वग़ैरा के इसी तरह के जूते उत्तर प्रदेश में आ रहे हैं. इसकी वजह से इलाहाबाद, प्रतापगढ़, रायबरेली, उन्नाव, फ़ैज़ाबाद, बस्ती, गोरखपुर वग़ैरा के देहातों का मोची बेकार हो गया, उसका बनाया जूता बिकता नहीं और साथ ही साथ उसे जानवरों की खालें मिलना भी दिन दिन मुश्किल होता जा रहा है. पहले अकेले आगरे के धंदे ने मथुरा, एटा, मैनपुरी, अलीगढ़ वग़ैरा के मोचियों का काम छीन लिया और अब कानपुर की मिलों के या बाहर के माल ने आगरे का काम भी ठंडा कर दिया. अब हम फ़र्ज़ कर भी लें कि विदेशी जानकारों की टोली सचमुच आगरे के काम को जिलाने की कोशिश करेगी तो फिर देहातों के मोची का काम तो बैठ ही जायेगा. इस तरह देहात के चिराग़ बुझा बुझा कर शहरों में चिराग़ जलाने की कोशिश की जा रही है. इस से शहर गांव के बीच की खाई बढ़ेगी, सरकार जनता के बीच की खाई बढ़ेगी और अमीर ग़रीब के बीच की खाई बढ़ेगी.

हमारे कहने का मतलब यह है कि जो कचा माल देहातों में पैदा होता है उसमें से जितना देहातों में पक्का किया जा सकता है उतना अगर देहातों में पक्का न किया गया तो देहात तबाह हो जायेंगे. केवल कचा माल गांव में हो और उससे पक्का माल शहर में या परदेस में ही बने तो देहात नष्ट होंगे. शहरों में वही धंदे चलने चाहियें जिनका

روزی پر بھی اثر پڑا . ایک گاؤں میں ہم نے یہاں تک دیکھا کہ ایک غریب کسان دھان کا بڑھیا پیال پوس کے مہینے میں بیچنے لایا لیکن اُسے کوئی خریدار نہیں ملا اور وہ دکھی ہو کر گھر لوٹ گیا !

اُوپر کی باتوں سے ہم اِس نتیجے پر پہونچے بنا نہیں رہ سکتے کہ اِس ٹولی کو اصلی دیہاتی دھندوں سے کوئی سروکار نہیں ہے. اُس کا سمبندھ کیول اُن شہراتی دھندوں سے ہے جو ہندستان میں ابھی زیادہ بڑے پیمانے پر چالو نہیں ہیں، جیسے آگرہ میں جوتے کی دستکاری، میرٹھ میں قینچی کی دستکاری، علیگڈھ میں تالے کی دستکاری، جالندھر میں کھیل کا سامان وغیرہ . اِس لئے اِس ٹولی کے کارناموں سے کوئی فائدہ دیہات کے دھندا کرنے والوں کو تو پہونچ ہی نہیں سکتا .

ہم اتنے پر صبر کرلیتے . اگر ہمارے شہروں کے چھوٹے چھوٹے دھندے ہی بڑھیں تب بھی خوشی کی بات ہے . لیکن جب شہر کے دھندے بھی نہ بڑھیں اور دیہات کے رہے سہے دھندے اور بھی برباد ہوجائیں تب کسے تکلیف نہ ہوگی. مثال کے لئے آگرہ میں جوتے کا کام. ہم جانتے ہیں کہ کچھ عرصہ سے یہ کام گر رہا ہے . لیکن کیوں ؟ صرف اس وجہ سے کہ کانپور میں بڑی بڑی دیشی اور ودیشی ملوں میں جوتے بن رہے ہیں، باٹا نام کی ودیشی کمپنی کی دوکانیں بستی بستی میں کھل رہی ہیں، کلکتہ وغیرہ کے اسی طرح کے جوتے اتر پردیش میں آرہے ہیں . اِسکی وجہ سے الہ آباد، پرتاپگڈھ، رائے بریلی، اناؤ، فیض آباد، بستی، گورکھپور وغیرہ کے دیہاتوں کا موچی بیکار ہوگیا، اس کا بنایا جوتا بکتا نہیں اور ساتھ ہی ساتھ اُسے جانوروں کی کھالیں ملنا بھی دن دن مشکل ہوتا جا رہا ہے . پہلے اکیلے آگرے کے دھندے نے متھرا، ایٹہ، مینپوری، علیگڈھ وغیرہ کے موچیوں کا کام چھین لیا اور اب کانپور کی ملوں کے باہر کے مال نے آگرے کا کام بھی ٹھنڈا کردیا. اب ہم فرض کر بھی لیں کہ ودیشی جانکاروں کی ٹولی سچ مچ آگرہ کے کام کو جلانے کی کوشش کریگی تو پھر دیہاتوں کے موچی کا کام تو بیٹھ ہی جاویگا . اِس طرح دیہات کے چراغ بجھا بجھا کر شہروں میں چراغ جلانے کی کوشش کی جاری ہے . اس سے شہراور گاؤں کے بیچ کی کھائی بڑھیگی، سرکاراور جنتا کے بیچ کی کھائی بڑھیگی اور امیر اور غریب کے بیچ کی کھائی بڑھیگی .

ہمارے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جو کچا مال دیہاتوں میں پیدا ہوتا ہے اس میں سے جتنا دیہاتوں میں پکا کیا جاسکتا ہے اتنا اگر دیہاتوں میں پکا نہ کیا گیا تو دیہات تباہ ہوجائینگے. کیول کچا مال گاؤں میں ہو اور اس سے پکا مال شہر میں یا پردیس میں ہی بنے تو دیہات نشٹ ہونگے. شہروں میں وہی دھندے چلنے چاہئیں جنکا

2—यह बतावें की पालीटेकनिक संस्था खुलने से पहले इन सवालों के बारे में क्या किया जा सकता है.

3—संस्था कैसे काम करे, उसका तरीक़ा क्या हो, वग़ैरा बातों के लिये सुझाव दे.

एक खास बात यह है कि इस टोली को बुनकरों के *धन्धे यानी करघा उद्योग से कोई वास्ता नहीं रहेगा.*

कैसा कमाल है कि देश के आज़ाद होने के छै बरस बाद, हमारी सरकार को देहाती धन्धों और छोटे छोटे धन्धों को बढ़ाने का ख़याल अचानक पैदा हुआ. लेकिन मसल मशहूर है कि देर आयद दुरुस्त आयद. मगर हम नहीं समझे कि इस काम के लिये बाहर के लोगों को दावत क्यों दी गई, टोली के मेम्बरों का चुनाव अमरीका की ही एक मशहूर तिजारती कम्पनी से क्यों कराया गया और टोली कहने को तो अन्तरक़ौमी है पर उसमें पांच लोग अमरीका के क्यों है ? दुनिया की दो सौ करोड़ आबादी में अमरीकी मुश्किल से आठ फ़ी सदी होंगे, लेकिन इस अन्तरक़ौमी टोली में सत्तर फ़ीसदी से ऊपर अमरीकी हैं. सरकार की इस तंगनज़री पर किसे अफ़सोस व अचरज न होगा.

अब ज़रा इस टोली के सिपुर्द जो काम हैं उन्हें देखें.

हमारे देहातों में खेती के बाद सब से बड़ा धन्धा बुनाई है. देहाती धन्धों में इसका दर्जा सबसे ऊंचा है. बुनकर के अलावा दूसरे दस्तकार बढ़ई, लुहार, कुम्हार, तेली, चमार, वग़ैरा हैं जो गांव की दूसरी छोटी बड़ी ज़रूरतों को पूरा करते हैं. मगर हैरत की बात है कि इस टोली का वास्ता इन धन्धों में से किसी धन्धे से नहीं रखा गया. उसके सुपुर्द कुछ अजीब ग़रीब काम किये गये हैं, जैसे—

उत्तर प्रदेश में—मेरठ में उस्तरा, क़ैंची, और खेल के सामान की दस्तकारी, रुड़की में नक़्शे के समान की दस्तकारी, आगरे में जूते की दस्तकारी, फ़ीरोज़ाबाद में चूड़ियों की दस्तकारी, वग़ैरा.

त ख़त्म होती है जब हमारा छोटा आपा और हमारा ा आपा, अपना और पराया, मेरा आपा और सब का ापा एक हो जाता है. मैं सब हूं और सब मैं ही हूं. सब ी ही रूप हैं. तब भोग और त्याग, सुख और फ़र्ज़ ानों एक हो जाते हैं. सुख फ़र्ज़ हो जाता है और फ़र्ज़ ुख, धर्म प्रेम हो जाता है और प्रेम धर्म. मां अपने बच्चे और बच्चे के लिये जीती है. बच्चे की देख रेख में से अपने सुख दुख का ध्यान भी नहीं रहता. उसके लिये ुख और फ़र्ज़ एक हो जाते हैं. उसी में उसके जीवन का ब से बड़ा आनन्द होता है. प्रेम की यही पहेली है, यही सकी ऊंच नीच है. मां का प्यार ! ईश्वर का प्यार ! जो ह अभी तक प्रवृत्ति यानी नज़ूल के रास्ते पर अटकी है वह क़ुदरती तौर पर अपने छोटे आपे से चिपटती और जो रूह प्रवृत्ति और निवृत्ति यानी नज़ूल और रूज के जंक्शन से ऊपर को मुड़ चुकी है वह क़ुदरती ोर पर अपने बड़े आपे यानी अनन्त आपे को चिपटती है.

यूनान में ऐपीक्योरस एक मशहूर फ़लास्फ़र हुआ . अकसर लोग यह समझते हैं कि उसने दुनिया को खाओ, पिओ और ख़ुश रहो' की तालीम दी है. लेकिन ऐपीक्योरस ने एक जगह कहा है :—

"अगर तुम किसी आदमी को सुखी बनाना चाहते ो तो उसकी दौलत को मत बढ़ाओ बल्कि उसकी वाहिशों को कम करो. हम तब तक सुख की ज़िन्दगी सर नहीं कर सकते जब तक समझदारी, सम्मान और न्साफ़ की ज़िन्दगी बसर न करें, और हम तब तक समझदारी, सम्मान और इन्साफ़ की ज़िन्दगी बसर नहीं कर सकते जब तक वह ज़िन्दगी हमारे लिये सुख की ज़िन्दगी भी न हो."

यही असल वेदान्त है. यही वैदिक धर्म है.

उपनिशद में लिखा है :—

"अमृत यानी आबेहयात को वही आदमी चख सकता है जो शरीर के सुखों को त्याग सकता हो."

भागवत में लिखा है : —

"दुनियवी ख़्वाहिशों के पूरा होने से जो सुख मिलता है वह उस ज़बरदस्त सुख का सोलहवां हिस्सा भी नहीं होता जो ख़्वाहिशों के ख़त्म हो जाने से आदमी को हासिल होता है."

कठ उपनिशद में लिखा है :—

"आदमी केवल दुनियवी दौलत से संतोश हासिल नहीं कर सकता और न दौलत उसे ज़िन्दा रख सकती है. बड़ी से बड़ी दौलत आत्मा को तसल्ली नहीं दे सकती. जब तक हम जीते हैं तब तक हम मौत को नहीं देख पाते. जब वह

وقت ختم ہوتی ہے جب ہمارا چھوٹا آپا اور ہمارا بڑا آپا، اپنا اور پرایا، میرا آپا اور سب کا آپا ایک ہو جاتا ہے. میں سب ہوں اور سب میں ہی ہوں. سب میرے ہی روپ ہیں. تب بھوگ اور تیاگ، سکھ اور فرض دونوں ایک ہو جاتے ہیں. سکھ فرض ہو جاتا ہے اور فرض سکھ، دھرم پریم ہو جاتا ہے اور پریم دھرم. ماں اپنے بچے میں اور بچے کے لئے جیتی ہے. بچے کے دیکھ ریکھ میں اسے اپنے سکھ دکھ کا دھیان بھی نہیں رہتا. اس کے لئے سکھ اور فرض ایک ہو جاتے ہیں. اسی میں اس کے جیون کا سب سے بڑا آنند ہوتا ہے. پریم کی یہی پہیلی ہے، یہی اس کی اونچ نیچ ہے. ماں کا پیار ! ایشور کا پیار ! جو روح ابھی تک پرورتی یعنی نزول کے راستے پر اٹکی ہوئی ہے وہ قدرتی طور پر اپنے چھوٹے آپے سے چپٹتی ہے اور جو روح پرورتی اور نورتی یعنی نزول اور عروج کے جنکشن سے اوپر کو مڑ چکی ہے وہ قدرتی طور پر اپنے بڑے آپے یعنی اننت آپے کو چپٹتی ہے.

یونان میں ایپی کیورس ایک مشہور فلاسفر ہوا ہے. اکثر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اس نے دنیا کو 'کھاؤ، پیو اور خوش رہو' کی تعلیم دی ہے. لیکن ایپی کیورس نے ایک جگہ کہا ہے :—

"اگر تم کسی آدمی کو سکھی بنانا چاہتے ہو تو اس کی دولت کو مت بڑھاؤ بلکہ اسکی خواہشوں کو کم کرو. ہم تب تک سکھ کی زندگی بسر نہیں کر سکتے جب تک سمجھداری، سمان اور انصاف کی زندگی بسر نہ کریں، اور ہم تب تک سمجھداری، سمان اور انصاف کی زندگی بسر نہیں کر سکتے جب تک وہ زندگی ہمارے لئے سکھ کی زندگی بھی نہ ہو."

یہی اصل ویدانت ہے. یہی ویدک دھرم ہے.

اپنشد میں لکھا ہے :—

"امرت یعنی آب حیات کو وہی آدمی چکھ سکتا ہے جو شریر کے سکھوں کو تیاگ سکتا ہو."

بھاگوت میں لکھا ہے :—

"دنیوی خواہشوں کے پورا ہونے سے جو سکھ ملتا ہے وہ اس زبردست سکھ کا سولہواں حصہ بھی نہیں ہوتا جو خواہشوں کے ختم ہو جانے سے آدمی کو حاصل ہوتا ہے."

کٹھ اپنشد میں لکھا ہے :—

"آدمی کیول دنیوی دولت سے سنتوش حاصل نہیں کر سکتا اور نہ دولت اسے زندہ رکھ سکتی ہے. بڑی سے بڑی دولت آتما کو تسلی نہیں دے سکتی. جب تک ہم جیتے ہیں تب تک ہم موت کو نہیں دیکھ پاتے. جب یہ

सूफ़ी कहता है :—

"कोई दिल ऐसा नहीं होना चाहिये जिस में इश्क़ न हो, फिर चाहे वह इश्क़ हक़ीक़ी (ईश्वरी) हो या मजाज़ी (मानव). इश्क़े मजाज़ी शीशे की तरह इश्क़े हक़ीक़ी का चहरा अपने अन्दर दिखाता रहता है. इश्क़े मजाज़ी की रोशनी आदमी को अल्लाह की गली तक पहुंचा देती है."

एक अंगरेज़ शायर कहता है :—

"प्यार करना और खो देना ज़ियादा अच्छा है बजाय इसके कि कभी प्यार किया ही न हो."

"अच्छा यह है कि आदमी अक़्लमन्दी यानी समझदारी के साथ प्यार करे, क्योंकि ऐसा करना ईश्वर की सब जानदार चीज़ों से प्यार करना है, और हर एक को प्यार भरे इन्साफ़ के साथ उसका हक़ पहुंचाना है लेकिन अगर तुम ऐसा नहीं कर सकते तो बेवक़ूफ़ी और नासमझी के साथ ही प्यार करो, क्योंकि प्यार न करने की निस्बत नासमझी से प्यार करना कहीं ज़ियादा अच्छा है."

यूरुप के एक लेखक ने बहुत अच्छा कहा है :—

"ईश्वर 'प्रेम' का खिंचा हुआ इत्र है और प्रेम वह मसाला या ख़ूराक है जिस में वह इत्र घुला हुआ है. जिस दर्जे तक हम प्यार करते हैं उस दर्जे तक हम ईश्वर में हैं और ईश्वर हम में है. और जिस दर्जे तक हम प्यार नहीं करते उस दर्जे तक हम इस दुनिया में या किसी भी दूसरी दुनिया में बिना ईश्वर के हैं. सब धर्म मज़हबों और तरह तरह की फ़िलासफ़ियों की आदर्श चर्च, जमाअत या सम्प्रदाय एक ही है. यह चर्च या जमाअत या सम्प्रदाय उन सब लोगों का मेल या संगम है जो प्यार करते हैं और जो उन सब की सेवा में लगे हुए हैं जो दुखी हैं."

हम सब की दो आत्माएं या दो आपे होते हैं, एक हमारा छोटा निचला आत्मा हमारी ख़ुदी हमारा अहंकार, और दूसरा हमारा बड़ा ऊंचा आपा जिस में सबके आपे शामिल होते हैं. हमारा पहला यानी छोटा आपा जब प्यार करता है तो कुछ लेना चाहता है. हमारा बड़ा आपा जब प्यार करता है तो देना चाहता है. यह कशमकश बराबर जारी रहती है. वैदिक धर्म में इस कशमकश को प्रेय और श्रेय यानी स्वार्थ और प्रमार्थ के बीच की कशमकश कहते हैं. बौध धर्म में इसे लाभ और निर्बान के बीच की कशमकश कहते हैं. पारसी धर्म में इसे दुरुज और आशा के बीच की कशमकश कहते हैं और सूफ़ी इस्तलाह में इसे ग़रज़ और फ़र्ज़ के बीच की कशमकश कहा जाता है. यही दिल और दिमाग़, ख़ुदग़र्ज़ी और ख़ुद-निसारी, परपीड़न और परोपकार, अपना भला और सब का भला के बीच की कशमकश है. यह कशमकश उस

صوفی کہتا ہے :—

" کوئی دل ایسا نہیں ہونا چاہئے جس میں عشق نہ ہو، پھر چاہے وہ عشق حقیقی (ایشوری) ہو یا مجازی (مانو). عشق مجازی شیشے کی طرح عشق حقیقی کا چہرہ اپنے اندر دکھاتا رہتا ہے. عشق مجازی کی روشنی آدمی کو اللہ کی گلی تک پہنچا دیتی ہے."

ایک انگریز شاعر کہتا ہے :—

" پیار کرنا اور کھو دینا زیادہ اچھا ہے بجائے اس کے کہ کبھی پیار کیا ہی نہ ہو."

" اچھا یہ ہے کہ آدمی عقلمندی یعنی سمجھداری کے ساتھ پیار کرے، کیونکہ ایسا کرنا ایشور کی سب جاندار چیزوں سے پیار کرنا ہے، اور ہر ایک کو پیار بھرے انصاف کے ساتھ اس کا حق پہنچانا ہے. لیکن اگر تم ایسا نہیں کر سکتے تو بیوقوفی اور ناسمجھی کے ساتھ ہی پیار کرو، کیونکہ پیار نہ کرنے کی نسبت نا سمجھی سے پیار کرنا کہیں زیادہ اچھا ہے."

یورپ کے ایک لیکھک نے بہت اچھا کہا ہے :—

" ایشور پریم کا کھنچا ہوا عطر ہے اور پریم وہ مسالہ یا خوراک ہے جس میں وہ عطر گھلا ہوا ہے. جس درجہ تک ہم پیار کرتے ہیں اس درجہ تک ہم ایشور میں ہیں اور ایشور ہم میں ہے. اور جس درجہ تک ہم پیار نہیں کرتے اس درجہ تک ہم اس دنیا میں یا کسی بھی دوسری دنیا میں بنا ایشور کے ہیں. سب دھرم مذہبوں اور طرح طرح کی فلاسفیوں کی آدرش چرچ، جماعت یا سمپردائے ایک ہی ہے. یہ چرچ یا جماعت یا سمپردائے ان سب لوگوں کا میل یا سنگم ہے جو پیار کرتے ہیں اور جو ان سب کی سیوا میں لگے ہوئے ہیں جو دکھی ہیں."

ہم سب کی دو آتمائیں یا دو آپے ہوتے ہیں، ایک ہمارا چھوٹا نچلا آتما ہماری خودی ہمارا اہنکار، اور دوسرا ہمارا بڑا اونچا آپا جس میں سب کے آپے شامل ہوتے ہیں. ہمارا پہلا یعنی چھوٹا آپا جب پیار کرتا ہے تو کچھ لینا چاہتا ہے. ہمارا بڑا آپا جب پیار کرتا ہے تو دینا چاہتا ہے. یہ کشمکش برابر جاری رہتی ہے. ویدک دھرم میں اس کشمکش کو پریہ اور شریہ یعنی سوارتھ اور پرمارتھ کے بیچ کی کشمکش کہتے ہیں. بودھ دھرم میں اسے لابھ اور نربان کے بیچ کی کشمکش کہتے ہیں. پارسی دھرم میں اسے دروج اور آشا کے بیچ کی کشمکش کہتے ہیں. اور صوفی اصطلاح میں اسے غرض اور فرض کے بیچ کی کشمکش کہا جاتا ہے. یہی دل اور دماغ، خود غرضی اور خودنثاری، پرپیڑن اور پروپکار، اپنا بھلا اور سب کا بھلا کے بیچ کی کشمکش ہے. یہ کشمکش اس

गुना बढ़ जाती है और जीवन में वह आनन्द मिलता है जो किसी दूसरी चीज़ से नहीं मिल सकता. फिर अगर छोटा सा इन्सान अपनी मर्ज़ी को सब की मर्ज़ी में यानी समाज की मर्ज़ी में मिला सके और वह समझ सके कि सब के अन्दर वही एक रूहेकुल है जो उसके अन्दर है और सब रूप उसी के रूप हैं, तो काम करने और दुनिया की ख़िदमत करने की जो ताक़त उसके अन्दर पैदा होगी उसका अन्दाज़ा हर कोई नहीं लगा सकता. जो आनन्द इस तरह इन्सान को नसीब होता है, जो बरकत उसके कामों में मिलती है वह अन्दाज़े से बाहर है. दुनिया के पैग़म्बरों और महात्माओं की कामयाबी का यही एक राज़ है. उस शक्ति और उस आनन्द को पा कर ही आदमी चिल्ला उठता है, "ईश्वर प्रेम है! इश्क़ के सिवा और कोई ख़ुदा नहीं!" एक का अपने को अनेक के लिये यानी सब के लिये क़ुर्बान कर देना ही भक्ति मार्ग यानी मज़हबे इश्क़ की आख़िरी मंज़िल है. इस मंज़िल पर पहुंच कर ही आदमी समझता है कि मैं ही सब हूं. मेरा अलग वजूद कोई चीज़ नहीं.

उपनिषद में लिखा है कि :—

"जो आदमी सब रूपों और रसों में उसी एक ब्रह्म को देखता है जो सब रसों का रस है वही पूर्नानन्द को हासिल करता है. वही सब का प्यारा होता है. फिर उसे किसी से कोई डर नहीं, क्योंकि उसके लिये कोई ग़ैर नहीं."

इंजील में लिखा है :—

"तुम ही ईश्वर का मंदिर हो. तुम ही इस धरती का नमक हो. अगर नमक अपना मज़ा खो बैठे तो फिर स्वाद उस में किस चीज़ से पैदा किया जा सकता है? उस आदमी को क्या फ़ायदा जो सारी दुनिया हासिल कर ले लेकिन अपनी आत्मा को खो दे.''

नार्विच की मदर जूलियन ने अपनी किताब 'रिविलेशन आफ़ डिवाइन लव' में लिखा है :—

"ईश्वर कहता है कि 'ऐ बन्दे मैं ही तेरी सारी खोज का मैदान हूं, क्या तुम इस बात में अपने ईश्वर का मतलब जानना चाहते हो? तो अच्छी तरह जानो. उसका मतलब 'प्रेम' है. तुम्हें यह किस ने दिखाया? प्रेम ने. उसने तुम्हें क्या दिखाया? प्रेम. किस के लिये? प्रेम के लिये."

इंजील में लिखा है :—

"ऐ प्यारो! आओ! हम सब एक दूसरे से प्रेम करें, क्योंकि प्रेम ईश्वर है, और जो कोई प्रेम करता है वह ईश्वर से पैदा हुआ है और ईश्वर को जानता है. जो प्रेम नहीं करता वह ईश्वर को नहीं जानता क्योंकि ईश्वर प्रेम है."

گنا بڑھ جاتی ہے اور جیون میں وہ آنند ملتا ہے جو کسی دوسری چیز سے نہیں مل سکتا۔ پھر اگر چھوٹا سا انسان اپنی مرضی کو سب کی مرضی میں یعنی سماج کی مرضی میں ملا سکے اور یہ سمجھ سکے کہ سب کے اندر وہی ایک روح کل ہے جو اس کے اندر ہے اور سب روپ اسی کے روپ ہیں، تو کام کرنے اور دنیا کی خدمت کرنے کی جو طاقت اس کے اندر پیدا ہوگی اس کا اندازہ ہر کوئی نہیں لگا سکتا۔ جو آنند اس طرح انسان کو نصیب ہوتا ہے، جو برکت اس کے کاموں میں ملتی ہے وہ اندازہ سے باہر ہے۔ دنیا کے پیغمبروں اور مہاتماؤں کی کامیابیوں کا یہی ایک راز ہے۔ اس شکتی اور اس آنند کو پاکر ہی آدمی چلا اٹھتا ہے، "ایشور پریم ہے! عشق کے سوا اور کوئی خدا نہیں!" ایک کا اپنے کو انیک کے لئے یعنی سب کے لئے قربان کردینا ہی بھکتی مارگ یعنی مذہب عشق کی آخری منزل ہے۔ اس منزل پر پہونچ کر ہی آدمی سمجھتا ہے کہ میں ہی سب ہوں۔ میرا الگ وجود کوئی چیز نہیں۔

اپنشد میں لکھا ہے کہ :—

"جو آدمی سب روپوں اور رسوں میں اسی ایک برہم کو دیکھتا ہے جو سب رسوں کا رس ہے وہی پورنانند کو حاصل کرتا ہے۔ وہی سب کا پیارا ہوتا ہے۔ پھر اسے کسی سے کوئی ڈر نہیں، کیونکہ اس کے لئے کوئی غیر نہیں۔"

انجیل میں لکھا ہے :—

"تم ہی ایشور کا مندر ہو۔ تم ہی اس دھرتی کا نمک ہو۔ اگر نمک اپنا مزا کھو بیٹھے تو پھر سواد اس میں کس چیز سے پیدا کیا جاسکتا ہے؟ اس آدمی کو کیا فائدہ جو ساری دنیا حاصل کرلے لیکن اپنی آتما کو کھو دے۔"

ناروچ کی مدر جولین نے اپنی کتاب 'ریویلیشن آف ڈوائن لو' میں لکھا ہے :—

"ایشور کہتا ہے کہ 'اے بندے میں ہی تیری ساری کھوج کا میدان ہوں، کیا تم اس بات میں اپنے ایشور کا مطلب جاننا چاہتے ہو؟ تو اچھی طرح جانو۔ اس کا مطلب 'پریم' ہے۔ تمہیں یہ کس نے دکھایا؟ پریم نے۔ اس نے تمہیں کیا دکھایا؟ 'پریم'۔ کس کے لئے؟ پریم کے لئے۔"

انجیل میں لکھا ہے :—

"اے پیارو! آؤ! ہم سب ایک دوسرے سے پریم کریں، کیونکہ پریم ایشور ہے اور جو کوئی پریم کرتا ہے وہ ایشور سے پیدا ہوا ہے اور ایشور کو جانتا ہے۔ جو پریم نہیں کرتا وہ ایشور کو نہیں جانتا کیونکہ ایشور پریم ہے۔"

नहीं. इसलिये तुम काम करने में न फल की इच्छा को सामने रक्खो और न अपना कर्त्तव्य पूरा करते रहने से चूको. वह नेक लोग जो दूसरों की तरफ़ अपने फ़र्ज़ों को यज्ञ समझ कर पूरा करते रहते हैं और उस यज्ञ से अपने लिये जो कुछ बच जावे उसे खा कर अपना काम चला लेते हैं वह सब पापों से छूट जाते हैं, और जो केवल अपने लिये खाते कमाते हैं वह पापी हैं और पाप खाते हैं.''

मोहम्मद साहब की एक मशहूर कहावत है :—

''अल का सबब हबीब अल्लाह'' यानी हाथ से काम करने वाला अल्लाह को प्यारा है.'' इस पर एक सूफ़ी ने कहा है :—

''रसूल की इस कहावत के मतलब को अच्छी तरह समझो. अपने कामों के नतीजे को अल्लाह पर छोड़ दो. इसी का नाम तवक्कुल है. लेकिन इस तवक्कुल की वजह से तुम नतीजों के सबब पैदा करने में ग़फ़लत मत करो. जाओ अल्लाह पर तवक्कुल करो और अपना काम यानी फ़र्ज़ भी पूरा करो, अंधे मत बनो, कोशिश करो, मेहनत करो और अपना फ़र्ज़ पूरा करने में बाल भर इधर उधर मत हो.''

क़ुरान, हदीसों और सूफ़ियों के कलाम में बार बार आता है कि अल्लाह पर सच्चे ईमान का सबूत अल्लाह के बन्दों की तरफ़ अपने सब फ़र्ज़ों को मेहनत और सच्चाई के साथ पूरा करने में ही है.

इन्सान काम करने में कहां तक आज़ाद है और कहां तक उसकी क़िस्मत अल्लाह के हाथों में है इस पर आलिमों और विद्वानों ने बड़ी बड़ी बहसें की हैं. यह बहसें अधिकतर बेमानी और नासमझी का नतीजा हैं. एक तरफ़ ईश्वर की अनन्त शक्ति और दूसरी तरफ़ आदमी के फ़र्ज़ों में कोई विरोध नहीं है. अनन्त अनन्त की जगह है. आदमी का काम पूरी मेहनत के साथ अपने फ़र्ज़ों को पूरा करना है. इसमें ग़फ़लत, कोताही या सुस्ती माफ़ नहीं की जा सकती. ख़ल्क़ की ख़िदमत ही अल्लाह की इबादत है. सच यह है कि ख़ल्क़ की तरफ़ या दूसरों की तरफ़ आदमी अपने फ़र्ज़ों को तभी अच्छी तरह निभा सकता है जब वह अपनी मर्ज़ी को कुल की मर्ज़ी में यानी समाज की मर्ज़ी में यानी अल्लाह की मर्ज़ी में मिला दे.

अपनी मर्ज़ी को इस तरह सब की मर्ज़ी में मिला देने से बढ़ कर आनन्द या बरकत दुनिया में दूसरी नहीं हो सकती.

हमारी इस छोटी सी ज़िन्दगी में भी जब कभी दो साथी, दो दोस्त, दो भाई या मर्द और औरत अपनी अपनी मर्ज़ी को दूसरों की मर्ज़ी में मिला देते हैं या फ़ना कर देते हैं तो आदमी की काम करने की ताक़त सैकड़ों

نہیں ۔ اس لئے تم کام کرنے میں نہ پھل کی اچھا کو سامنے رکھو اور نہ اپنا کرتویہ پورا کرتے رہنے سے چوکو۔ وہ نیک لوگ جو دوسروں کی طرف اپنے فرضوں کو یگیہ سمجھ کر پورا کرتے رہتے ہیں اور اس یگیہ سے اپنے لئے جو کچھ بچ جاوے اسے کھاکر اپنا کام چلا لیتے ہیں وہ سب پاپوں سے چھوٹ جاتے ہیں' اور جو کیول اپنے لئے کھاتے کماتے ہیں وہ پاپی ہیں اور پاپ کھاتے ہیں۔''

محمد صاحب کی ایک مشہور کہاوت ہے :—

''آل کا سبب حبیب اللہ'' یعنی ہاتھ سے کام کرنے والا اللہ کو پیارا ہے۔'' اس پر ایک صوفی نے کہا ہے :—

''رسول کی اس کہاوت کے مطلب کو اچھی طرح سمجھو۔ اپنے کاموں کے نتیجوں کو اللہ پر چھوڑ دو ۔ اسی کا نام توکل ہے ۔ لیکن اس توکل کی وجہ سے تم نتیجوں کے سبب پیدا کرنے میں غفلت مت کرو۔ جاؤ اللہ پر توکل کرو اور اپنا کام یعنی فرض بھی پورا کرو' اندھے مت بنو' کوشش کرو' محنت کرو اور اپنا فرض پورا کرنے میں بال بھر بھی ادھر ادھر مت ہو ۔''

قرآن' حدیثوں اور صوفیوں کے کلام میں بار بار آتا ہے کہ اللہ پر سچے ایمان کا ثبوت اللہ کے بندوں کی طرف اپنے سب فرضوں کو محنت اور سچائی کے ساتھ پورا کرنے میں ہی ہے ۔

انسان کام کرنے میں کہاں تک آزاد ہے اور کہاں تک اس کی قسمت اللہ کے ہاتھوں میں ہے اس پر عالموں اور ودوانوں نے بڑی بڑی بحثیں کی ہیں ۔ یہ بحثیں ادھکتر بے معنی اور ناسمجھی کا نتیجہ ہیں۔ ایک طرف ایشور کی اننت شکتی اور دوسری طرف آدمی کے فرضوں میں کوئی ورودھ نہیں ہے ۔ اننت اننت کی جگہ ہے ۔ آدمی کا کام پوری محنت کے ساتھ اپنے فرضوں کو پورا کرنا ہے ۔ اس میں غفلت' کوتاہی یا سستی معاف نہیں کی جاسکتی ۔ خلق کی خدمت ہی اللہ کی عبادت ہے ۔ سچ یہ ہے کہ خلق کی طرف یا دوسروں کی طرف آدمی اپنے فرضوں کو تبھی اچھی طرح نبھا سکتا ہے جب وہ اپنی مرضی کو کل کی مرضی میں یعنی سماج کی مرضی میں یعنی اللہ کی مرضی میں ملا دے ۔

اپنی مرضی کو اس طرح سب کی مرضی میں ملا دینے سے بڑھکر آنند یا برکت دنیا میں دوسری نہیں ہوسکتی ۔

ہماری اس چھوٹی سی زندگی میں بھی جب کبھی دو ساتھی' دو دوست' دو بھائی یا مرد اور عورت اپنی اپنی مرضی کو دوسرے کی مرضی میں ملا دیتے ہیں یا فنا کردیتے ہیں تو آدمی کی کام کرنے کی طاقت سیکڑوں

ही ज़रूरी और नाज़ुक चीज़ है जितनी जिस्म की ख़ुराक. शासक का काम है कि कुन्बे के बाप की तरह सब के साथ इन्साफ़ करे, सब की रक्षा करे. ब्योपारी का काम है कि सगे भाई की तरह सब की अपने धन से मदद करे. मज़दूर का काम है कि प्रेम और नम्रता के साथ समाज की सेवा करे.

असूल फिर यही निकला कि हर आदमी दूसरे सब आदमियों को निगाह में रख कर उन की तरफ़ अपने फ़र्ज़ को पूरा करे. इसमें हद दर्जे की बराबरी और उदारता की ज़रूरत है. हर आदमी सब का एक बराबर भला चेते और सब का भला करना अपना फ़र्ज़ और धर्म समझे. ग़रीब हो या अमीर, तन्दुरुस्त हो या बीमार, हर हाल में निस्वार्थ भाव से बिना सुस्ती, शक या डर मन में लाए, अपने ऊपर कष्टों की परवाह न करते हुए, इस यज्ञ यानी क़ुर्बानी से जो कुछ बचे, उस से अपना गुज़ारा करते हुए और अगर कुछ न बचे तो उसी में संतोष और सुख मानते हुए श्रद्धा और विश्वास के साथ ईश्वरार्पन, फ़ी सबीलिल्लाह, समाज यानी इन्सानी क़ौम के लिये काम करे और अपने फ़र्ज़ को और पूरा करे. यही सब धर्मों और मज़हबों का निचोड़ है.

चीन के मशहूर महात्मा मैनशियस ने कहा है :—

"ताऊ (ईश्वर, अल्लाह) हमारे पास है लोग उसे दूर दूर ढूंढते फिरते हैं. आदमी का फ़र्ज़ छोटे और आसान कामों में है, लोग उसे मुशकिल और बड़े बड़े कामों में ढूंढते फिरते हैं. हर आदमी अपने मां बाप से प्रेम करे, बड़ों की इज़्ज़त करे, सब की सेवा करे, सब का भला करे, तब ही दुनिया में शान्ति रह सकती है."

कबीर ने कहा हैं :—

मोकू कहां खोजे बन्दे, मैं तो तेरे पास में
न मैं मन्दिर न मैं मस्जिद न काबे कैलाश में
खोजी होय तुर्त ही मिलिहौं पल भर की तालाश में
कहें कबीर सुनो हो साधो ! सब स्वांसों की स्वांस में

इंजील में लिखा है कि :—

"कल की चिन्ता मत करो......लेकिन तुम्हारा जो भी फ़र्ज़ तुम्हारे हाथ के सामने है उसे अपनी पूरी शक्ति से करो."

गीता में अर्जुन को उपदेश दिया गया है कि :—

"ऐ अर्जुन ! ईश्वर सब प्रानियों के दिलों के अन्दर बैठा हुआ है, वही अपनी अनन्त शक्ति से सब प्रानियों को इस तरह चला रहा है मानो वह सब किसी मशीन पर चढ़े हुए हों. इसलिये हमेशा बेलाग भाव से अपने फ़र्ज़ों को ठीक ठीक पूरा करते रहो. बेलाग हो कर काम करने वाला ही उस परम पुरुष ईश्वर को प्राप्त करता है. तुम्हारा अधिकार अपना कर्तव्य पूरा करने तक ही है. उसके नतीजे पर तुम्हारा कोई अधिकार

ہی ضروری اور نازک چیز ہے جتنی جسم کی خوراک ۔ شاسک کا کام ہے کہ کنبے کے باپ کی طرح سب کے ساتھ انصاف کرے، سب کی رکشا کرے ۔ بیوپاری کا کام ہے کہ سگے بھائی کی طرح سب کی اپنے دھن سے مدد کرے ۔ مزدور کا کام ہے کہ پریم اور نمرتا کے ساتھ سماج کی سیوا کرے ۔

اصول پھر یہی نکلا کہ ہر آدمی دوسرے سب آدمیوں کو نگاہ میں رکھ کر اُن کی طرف اپنے فرض کو پورا کرے ۔ اِس میں حد درجے کی برابری اور اُدارتا کی ضرورت ہے ۔ ہر آدمی سب کا ایک برابر بھلا چیتے اور سب کا بھلا کرنا اپنا فرض اور دھرم سمجھے ۔ غریب ہو یا امیر، تندرست ہو یا بیمار، ہر حال میں نسوارتھ بھاؤ سے بنا سستی، شک یا ڈر من میں لائے، اپنے اوپر کشٹوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے، اِس یگیہ یعنی قربانی سے جو کچھ بچے، اُس سے اپنا گذارہ کرتے ہوئے اور اگر کچھ نہ بچے تو اِسی میں سنتوش اور سکھ مانتے ہوئے شردھا اور وشواس کے ساتھ ایشورارپن، فی سبیل اللہ، سماج یعنی انسانی قوم کے لئے کام کرے اور اپنے فرض کو پورا کرے ۔ یہی سب دھرموں اور مذہبوں کا نچوڑ ہے ۔

چین کے مشہور مہاتما مین شیس نے کہا ہے : —

"تاؤ (ایشور، اللہ) ہمارے پاس ہے ۔ لوگ اُسے دور دور ڈھونڈھتے پھرتے ہیں ۔ آدمی کا فرض چھوٹے اور آسان کاموں میں ہے، لوگ اُسے مشکل اور بڑے بڑے کاموں میں ڈھونڈھتے پھرتے ہیں ۔ ہر آدمی اپنے ماں باپ سے پریم کرے، بڑوں کی عزت کرے، سب کی سیوا کرے، سب کا بھلا کرے، تب ہی دنیا میں شانتی رہ سکتی ہے ۔"

کبیر نے کہا ہے :—

مو کو کہاں کھوجے بندے، میں تو تیرے پاس میں
نہ میں مندر نہ میں مسجد نہ کعبے کیلاش میں
کھوجی ہوئے ترت ہی ملی ہوں پل بھر کی تلاش میں
کہیں کبیر سنو ہو سادھوا سب سوانسوں کی سوانس میں

انجیل میں لکھا ہے کہ :—

"کل کی چنتا مت کرو......لیکن تمہارا جو بھی فرض تمہارے ہاتھ کے سامنے ہے اُسے اپنی پوری شکتی سے کرو ۔"

گیتا میں ارجن کو اُپدیش دیا گیا ہے کہ :—

"اے ارجن ! ایشور سب پرانیوں کے دلوں کے اندر بیٹھا ہوا ہے، وہی اپنی اننت شکتی سے سب پرانیوں کو اِس طرح چلا رہا ہے مانو وہ سب کسی مشین پر چڑھے ہوئے ہوں ۔ اِس لئے ہمیشہ بےلاگ بھاؤ سے اپنے فرضوں کو ٹھیک ٹھیک پورا کرتے رہو ۔ بےلاگ ہو کر کام کرنے والا ہی اُس پرم پرش ایشور کو پراپت کرتا ہے ۔ تمہارا ادھیکار اپنا کرتویہ پورا کرنے تک ہی ہے ۔ اُس کے نتیجے پر تمہارا کوئی ادھیکار

गीता में बहुत अच्छा और साफ़ कहा गया है कि :—

"जिस का मन दुखों के अन्दर परेशान न हो और सुखों के लिये जिसे चाह न हो, जो मोह, डर और क्रोध तीनों से ऊपर उठ चुका हो वह ही सच्चा मुनि और स्थित प्रज्ञ यानी सलीमुलअक़्ल है."

पुरानों में लिखा है :—

"आदमी दुख में अपने से अधिक दुखी को देखे और सुख में अपने से अधिक सुखी को देखे. यह जीवन सुख और दुख का संगम है. इस बात को जान कर ही आदमी ताप यानी अपने अन्दर की तकलीफ़ से आज़ाद हो कर शान्ति पा सकता है."

अपनी रूह को रूहे कुल में यानी ख़ुदी को ख़ुदा में और अपने छोटे छोटे आपों को इन्सानी समाज के बड़े आपे में लीन कर देने का यही रास्ता है. यही रूहानी कम्युनिज़्म और रूहानी सोशलिज़्म है.

हर आदमी को अपनी ड्यूटी, अपना कर्तव्य या अपना फ़र्ज़ पूरा करना चाहिये. पर अपना फ़र्ज़ पूरा करने के लिये यह ज़रूरी है कि पहले हर आदमी यह जाने और समझे कि उस का फ़र्ज़ है क्या. पारसियों के धर्म ग्रंथ गाथा में लिखा है : —

"हर आदमी को बड़ी सावधानी और अहतयात के साथ यह तै करना चाहिये कि जीवन में उसे क्या करना है. उस का क्या फ़र्ज़ है, उसके लिये क्या करना ठीक और अच्छा है."

अब ज़रा देखें कि यह कैसे किया जाये.

अंगरेज़ी शब्द ड्यूटी ड्यु शब्द से निकला है जिसके मानी हैं किसी का क़र्ज़ा या किसी का देना. वही मानी संस्कृत शब्द देय, फ़ार्सी दाद और पुराने पार्सी शब्द दाथ के हैं, 'किसी का कुछ देना.' यही संस्कृत उचित और पार्सी उश्ता के मानी हैं. इस से पता चला कि हमारी ड्यूटी या फ़र्ज़ जो कुछ भी हो दूसरों की तरफ़ और दूसरों के नाते से है. यह भी ज़ाहिर है कि हर आदमी का फ़र्ज़ देश, काल और हालात के अनुसार बदलता रहेगा. बच्चे का फ़र्ज़ अलग, जवान का अलग, बूढ़े का अलग, विद्यार्थी का अलग, ग्रस्थ का अलग, पढ़ाने वाले का अलग, पबलिक नेता और सम्पादक का अलग, शासक का अलग, सौदागर का अलग, मज़दूर का अलग, तन्दरुस्त का अलग, बीमार का अलग, सब के अपने अलग अलग फ़र्ज़ या कर्तव्य होते हैं. जिस आदमी के सुपुर्द देश के बच्चों और नौजवानों को तालीम देना है उस का काम है कि सारे समाज को एक कुटुम्ब मान कर मां की तरह अपना फ़र्ज़ पूरा करे, बच्चों और नौजवानों के दिलों और दिमाग़ों को ठीक ठीक ख़ूराक पहुंचावे. दिल और दिमाग़ की ख़ूराक उतनी

گیتا میں بہت اچھا اور صاف کہا گیا ہے کہ :—

"جس کا من دکھوں کے اندر پریشان نہ ہو اور سکھوں کے لئے جسے چاہ نہ ہو، جو موہ، ڈر اور کرودھ تینوں سے اوپر اٹھ چکا ہو وہ ہی سچا منی اور استھت پرگیہ یعنی سلیم العقل ہے."

پرانوں میں لکھا ہے :—

"آدمی دکھ میں اپنے سے ادھک دکھی کو دیکھے اور سکھ میں اپنے سے ادھک سکھی کو دیکھے. یہ جیون سکھ اور دکھ کا سنگم ہے. اس بات کو جان کر ہی آدمی تاپ یعنی اپنے اندر کی تکلیف سے آزاد ہوکر شانتی پاسکتا ہے."

اپنی روح کو روح کل میں یعنی خودی کو خدا میں اور اپنے چھوٹے چھوٹے آپوں کو انسانی سماج کے بڑے آپے میں لین کر دینے کا یہی راستہ ہے. یہی روحانی کمیونزم اور روحانی سوشلزم ہے.

ہر آدمی کو اپنی ڈیوٹی، اپنا کرتویہ یا اپنا فرض پورا کرنا چاہئے. پر اپنا فرض پورا کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ پہلے ہر آدمی یہ جانے اور سمجھے کہ اس کا فرض ہے کیا. پارسیوں کے دھرم گرنتھ گاتھا میں لکھا ہے :—

"ہر آدمی کو بڑی ساودھانی اور احتیاط کے ساتھ یہ طے کرنا چاہئے کہ جیون میں اسے کیا کرنا ہے. اس کا کیا فرض ہے، اس کے لئے کیا کرنا ٹھیک اور اچھا ہے."

اب ذرا دیکھیں کہ یہ کیسے کیا جائے.

انگریزی شبد ڈیوٹی ڈیو شبد سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں کسی کا قرضہ یا کسی کا دینا. وہی معنی سنسکرت شبد دیے، فارسی داد اور پرانے پارسی شبد داتھ کے ہیں، 'کسی کا کچھ دینا.' یہی سنسکرت اچت اور پارسی اشتا کے معنی ہیں. اس سے پتہ چلا کہ ہماری ڈیوٹی یا فرض جو کچھ بھی ہو دوسروں کی طرف اور دوسروں کے ناتے سے ہے. یہ بھی ظاہر ہے کہ ہر آدمی کا فرض دیش، کال اور حالات کے انوسار بدلتا رہےگا. بچے کا فرض الگ، جوان کا الگ، بوڑھے کا الگ، ودیارتھی کا الگ، گرہستھ کا الگ، پڑھانے والے کا الگ، پبلک نیتا اور سمپادک کا الگ، شاسک کا الگ، سوداگر کا الگ، مزدور کا الگ، تندرست کا الگ، بیمار کا الگ، سب کے اپنے الگ الگ فرض یا کرتویہ ہوتے ہیں. جس آدمی کے سپرد دیش کے بچوں اور نوجوانوں کو تعلیم دینا ہے اس کا کام ہے کہ سارے سماج کو ایک کٹمب مان کر ماں کی طرح اپنا فرض پورا کرے، بچوں اور نوجوانوں کے دلوں اور دماغوں کو ٹھیک ٹھیک خوراک پہونچاوے. دل اور دماغ کی خوراک اتنی

सुख, दुख और फ़र्ज़

(डाक्टर भगवान दास)

दुनिया के लोग आम तौर पर दुख से बचना और
ख भोगना चाहते हैं. यही सब जानदार चाहते हैं. यह
च्छा क़ुदरती है. पर दुनिया न केवल सुखों की दुनिया हो
कती है और न केवल दुखों की. सुख और दुख, भलाई
ौर बुराई, इन जुड़वां चीज़ों, द्वन्दों, जोड़े या जोजेन में
हैं जिन में से कोई एक दूसरे के बिना नहीं रह सकती.
ानियत में फ़लसफ़े और साइंस में यहां तक कि हिसाब
ौर अर्थशास्त्र में भी यह एक अटल क़ानून है कि ज़िन्दगी,
ौर इन दो दो के जोड़ों के, क़ायम नहीं रह सकती. हर
ोज़ की अपनी जगह और अपनी क़ीमत है. यह सच है
 आदमी आदमी के ऊपर बड़े से बड़े ज़ुल्म करता
 जिन्हें देख कर और सुन कर आदमी का दिल कांप
ठता है. पर जब इन घोर से घोर ज़ुल्मों को कोई आदमी
सी सच्चाई या असूल के लिये ख़ुशी ख़ुशी बरदाश्त
रने में अपना बड़प्पन समझता है तो उन्हीं नज़ारों को
ख कर दुनिया फूली नहीं समाती और इन्सान के ऊंचे
ऊंचे जीवन और उसकी पाक से पाक उमंगों को चार
ांद लग जाते हैं. झूठ और सच, ज़ुल्म और बहादुरी,
ी और नेकी, नफ़रत और मोहब्बत, बदला और सब्र
 ही तसवीर के दो पहलू हैं. बुराई नेकी के चमकने के
ये ज़रूरी है. इसी का नाम दुनिया है. यही रूहानी
क़्क़ी का भेद है. आज का मज़लूम शायद कभी पहले
ालिम रह चुका है. आज के ज़ालिम को भी शायद कभी
कभी मज़लूम बनना होगा. दोनों की आत्माओं के लिये
 कड़ुआ तजुर्बा ज़रूरी है. दोनों की मुक्ति या नजात का
ी रास्ता है, और दोनों को नजात मिलना लाज़िमी है.
ृति की आंधियां, तूफ़ान, बाढ़ें, भूचाल, क़ुदरती आगें और
फ़नाक जानवर रोज़ इन्सानों और जानवरों दोनों को
ी से बड़ी तकलीफ़ें पहुंचाते रहते हैं. इन सब से आदमी
 सीखना यह है कि वह केवल सुख की तरफ़ दौड़ने की
गह सुख दुख दोनों में अपने मन को एक सा रख सके.
 ज़िन्दगी आज़माइश की ज़िन्दगी है. इस में मीठा मीठा
 और कड़ुआ कड़ुआ थूकने का हमें कोई हक़ नहीं. सुख
ौर दुख दोनों से ऊपर उठ जाना ही असली नजात है.

भागवत में लिखा है :—

"हमारे अन्दर ही स्वर्ग है और हमारे अन्दर ही
रक है."

यही बात सूफ़ियों ने भी बार बार कही है.

سکھ، دکھ اور فرض

(ڈاکٹر بھگوان داس)

دنیا کے لوگ عام طور پر دکھ سے بچنا اور سکھ بھوگنا چاہتے ہیں۔ یہی سب جاندار چاہتے ہیں۔ یہ اِچھا قدرتی ہے۔ پر دنیا نہ کیول سکھوں کی دنیا ہوسکتی ہے اور نہ کیول دکھوں کی۔ سکھ اور دکھ، بھلائی اور برائی اُن جوڑواں چیزوں، دوندوں، جوڑوں یا زوجوں میں سے ہیں جن میں سے کوئی ایک دوسرے کے بنا نہیں رہ سکتی۔ روحانیت میں فلسفے اور سائنس میں یہاں تک کہ حساب اور ارتھ شاستر میں بھی یہ ایک اٹل قانون ہے کہ زندگی، بغیر اِن دو دو کے جوڑوں کے قائم نہیں رہ سکتی۔ ہر چیز کی اپنی جگہ اور اپنی قیمت ہے۔ یہ سچ ہے کہ آدمی آدمی کے اوپر وہ بڑے سے بڑے ظلم کرتا ہے جنہیں دیکھکر اور سنکر آدمی کا دل کانپ اٹھتا ہے۔ پر جب اِن گھور سے گھور ظلموں کو کوئی آدمی کسی سچائی یا اصول کے لئے خوشی خوشی برداشت کرتا ہے اور برداشت کرنے میں اپنا بڑپن سمجھتا ہے تو اُنہیں نظاروں کو دیکھکر دنیا پھولی نہیں سماتی اور اِنسان کے اونچے سے اونچے جیون اور اسکی پاک سے پاک امنگوں کو چار چاند لگ جاتے ہیں۔ جھوٹ اور سچ، ظلم اور بہادری، بدی اور نیکی، نفرت اور محبت، بدلہ اور صبر ایک ہی تصویر کے دو پہلو ہیں۔ برائی نیکی کے چمکنے کے لئے ضروری ہے۔ اِسی کا نام دنیا ہے۔ یہی روحانی ترقی کا بھید ہے۔ آج کا مظلوم شائد کبھی پہلے ظالم رہ چکا ہے۔ آج کے ظالم کو بھی شائد کبھی نہ کبھی مظلوم بننا ہوگا۔ دونوں کی آتماؤں کے لئے یہ کڑوا تجربہ ضروری ہے۔ دونوں کی مکتی یا نجات کا یہی راستہ ہے، اور دونوں کو نجات ملنا لازمی ہے۔ پرکرتی کی آندھیاں، طوفان، باڑھیں، بھونچال، قدرتی آگیں اور خوفناک جانور روز اِنسانوں اور جانوروں دونوں کو بڑی سے بڑی تکلیفیں پہونچاتے رہتے ہیں۔ اِن سب سے آدمی کو سیکھنا یہ ہے کہ وہ کیول سکھ کی طرف دوڑنے کی جگہ سکھ دکھ دونوں میں اپنے من کو ایک سا رکھ سکے۔ یہ زندگی آزمائش کی زندگی ہے۔ اس میں میٹھا میٹھا گپ اور کڑوا کڑوا تھوکنے کا ہمیں کوئی حق نہیں۔ سکھ اور دکھ دونوں سے اوپر اٹھ جانا ہی اصلی نجات ہے۔

بھاگوت میں لکھا ہے :—

"ہمارے اندر ہی سورگ ہے اور ہمارے اندر ہی نرک ہے۔"

یہی بات صوفیوں نے بھی بار بار کہی ہے۔

जीवन की कोमलता पर अब, रेंग रहे हैं कोढ़ के धब्बे
खेतों की हरियाली में अब, होते हैं ऐटम के चरचे
युद्ध से दूकानों में हलचल, मिल को इक पल नींद न आये
युद्ध आकाश के ज्ञान का दुश्मन, युद्ध से सागर का दिल धड़के
धरती की यह आस न टूटे, रस्ते में है फूलों का मौसम
खोलो नीला परचम साथी, खोलो अपना नीला परचम

युद्ध यानी हर रात अमावस, युद्ध यानी हर दिन गहनाया
दीवाली भी दीप को ढूंढे, युद्ध से चारों ओर अंधेरा
युद्ध यानी दीवारें बैठें, युद्ध यानी शमशान हो दुनिया
युद्ध यानी सड़कें ये बिगड़ें, सारा रंग रचाव कला का
युद्ध यानी हर घुंघरू रोये, युद्ध यानी रोये हर परछम
खोलो नीला परचम साथी, खोलो अपना नीला परचम

युद्ध यानी कलियां जल जायें, धूप पड़े और लाशें चटकें
घुंघरू संगीनों पर उछलें, मौत के ताल पे लाशें नाचें
बालों की खुशबू मर जाये, सड़ती गलती लाशें महकें
युद्ध यानी सड़कों पर लाशें, घर और स्कूलों में लाशें
धरती ज़ख्मों से बेदम है, आओ लगायें अम्न का मरहम
खोलो नीला परचम साथी, खोलो अपना नीला परचम

धरती के सूखे होंठों पर, अम्न का ठंडा रस टपकाओ
जीवन के मंदिर में जा कर, अम्न के सुन्दर दीप जलाओ
दुनिया भर के साज़ मिला कर, जीवन का संगीत बनाओ
जीवन के सपने नाच उट्ठें, अम्न का वह पैग़ाम सुनाओ
जीवन की बीना पर छेड़ो, अम्न की धुन, पर मद्धिम मद्धिम
खोलो नीला परचम साथी, खोलो अपना नीला परचम

جیون کی کوملتا پر اب رینگ رہے ہیں کوڑھ کے دھبے
کھیتوں کی ہریالی میں اب، ہوتے ہیں ایٹم کے چرچے
یدھ سے دوکانوں میں ہلچل، مل کو اک پل نیند نہ آئے
یدھ آکاش کے گیان کا دشمن، یدھ سے ساگر کا دل دھڑکے
دھرتی کی یہ آس نہ ٹوٹے، رستے میں ہے پھولوں کا موسم
کھولو نیلا پرچم ساتھی، کھولو اپنا نیلا پرچم

یدھ یعنی ہر رات اماوس، یدھ یعنی ہر دن گہنایا
دیوالی بھی دیپ کو ڈھونڈھے، یدھ سے چاروں اور اندھیرا
یدھ یعنی دیواریں بیٹھیں، یدھ یعنی شمشان ہو دنیا
یدھ یعنی سڑکیں یہ بگڑے، سارا رنگ رچاؤ کلا کا
یدھ یعنی ہر گھنگھرو روئے، یدھ یعنی روئے ہر پرچم
کھولو نیلا پرچم ساتھی، کھولو اپنا نیلا پرچم

یدھ یعنی کلیاں جل جائیں، دھوپ پڑے اور لاشیں چٹکیں
گھنگھرو سنگینوں پر اچھلیں، موت کے تال پر لاشیں ناچیں
بالوں کی خوشبو مرجائے، سڑتی گلتی لاشیں مہکیں
یدھ یعنی سڑکوں پر لاشیں، گھر اور سکولوں میں لاشیں
دھرتی زخموں سے بیدم ہے، آؤ لگائیں امن کا مرہم
کھولو نیلا پرچم ساتھی، کھولو اپنا نیلا پرچم

دھرتی کے سوکھے ہونٹھوں پر، امن کا ٹھنڈا رس ٹپکاؤ
جیون کے مندر میں جا کر، امن کے سندر دیپ جلاؤ
دنیا بھر کے ساز ملا کر، جیون کا سنگیت بناؤ
جیون کے سپنے ناچ اٹھیں، امن کا وہ پیغام سناؤ
جیون کی بینا پر چھیڑو، امن کی دھن، پر مدھم مدھم
کھولو نیلا پرچم ساتھی، کھولو اپنا نیلا پرچم

नया हिन्द — نیا ہند

जिल्द 16 फ़रवरी, सन '54 नम्बर 2

جلد 16 فروری، سن '54 نمبر 2

जात आदमी, प्रेम धर्म है, हिन्दुस्तानी बोली,
'नया हिन्द' पहुंचेगा घर-घर लिये प्रेम की झोली.

جات آدمی، پریم دھرم ہے، ہندستانی بولی،
'نیا ہند' پہنچے گا گھر گھر لیے پریم کی جھولی۔

खोलो नीला परचम

(राही मासूम रज़ा)

युद्ध की अग्नी की लपटों से, जीवन की जूही कुम्हलाये
लय की डोरी टूट रही है, गाये तो भौंरा कैसे गाये
शबनम अंगारों की क़ैदी, कौन कली की प्यास बुझाये
काजल की कविता मिटती है, नयन कंवल में नीर भर आये
जीवन की बीना पर कोई, छेड़ रहा है मौत का सरगम
खोलो नीला परचम साथी, खोलो अपना नीला परचम

आंगन से लिपटा है अंधेरा, डालर सारे दीप बुझाये
बाप की लाठी टूट रही है, कौन उसे गिरने से बचाये
लोरी का झूला टूटा है, मां कैसे बच्चे को सुलाये
मौत खिलौनों में बैठी है, बचपन को यह कौन बताये
देर हुई तो करना होगा, जीवन के सपनों का मातम
खोलो नीला परचम साथी, खोलो अपना नीला परचम

کھولو نیلا پرچم

(راہی معصوم رضا)

یدھ کی اگنی کی لپٹوں سے، جیون کی جوہی کمھلائے
لے کی ڈوری ٹوٹ رہی ہے، گائے تو بھونرا کیسے گائے
شبنم انگاروں کی قیدی، کون کلی کی پیاس بجھائے
کاجل کی کویتا مٹتی ہے، نین کنول میں نیر بھر آئے
جیون کی بینا پر کوئی، چھیڑ رہا ہے موت کا سرگم
کھولو نیلا پرچم ساتھی، کھولو اپنا نیلا پرچم

آنگن سے لپٹا ہے اندھیرا، ڈالر سارے دیپ بجھائے
باپ کی لاٹھی ٹوٹ رہی ہے، کون اسے گرنے سے بچائے
لوری کا جھولا ٹوٹا ہے، ماں کیسے بچے کو سلائے
موت کھلونوں میں بیٹھی ہے، بچپن کو یہ کون بتائے
دیر ہوئی تو کرنا ہوگا، جیون کے سپنوں کا ماتم
کھولو نیلا پرچم ساتھی، کھولو اپنا نیلا پرچم

"नया हिन्द"

"نیا ہند"

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

ہندستانی کلچر سوسائٹی

का

کا

माहवारी परचा

ماہواری پرچا

फ़रवरी 1954 فروری

क्या किससे	सफ़ा صفحہ	کیا کس سے
1—खोलो नीला परचम (कविता)—राही मासूम रज़ा	75	1—کھولو نیلا پرچم (کویتا)—راہی معصوم رضا
2—सुख, दुख और फ़र्ज़—डाक्टर भगवानदास	77	2—سکھ، دکھ اور فرض—ڈاکٹر بھگوان داس
3—तीन बुनियादी नियम—भगवानदीन	87	3—تین بنیادی نیم—بھگوان دین
4—बच्चों के खेल और भाषा—सैय्यद मुहम्मद अली शाह रहमानी	97	4—بچوں کے کھیل اور بھاشا—سید محمد علی شاہ رحمانی
5—शक्की—भगवानदीन	103	5—شکی—بھگوان دین
6—देश में अमरीकी जाल—सुरेश रामभाई	108	6—دیش میں امریکی جال—سریش رام بھائی
7—हमारी राय—	112	7—ہماری رائے—

इलाहाबाद का कुम्भ—सुन्दरलाल; लंका से चावल—सुरेश रामभाई; कुम्भ पर एक नज़र—सुरेश रामभाई; पुराने ज़माने के चीनियों की निगाह में हिन्दुस्तान—चीनी कलचरी डेलीगेशन के नेता श्री तिंग सी. लिन. का दिल्ली का एक भाषन.

إلہ آباد کا کمبھ—سندر لال؛ لنکا سے چاول—سریش رام بھائی؛ کمبھ پر ایک نظر—سریش رام بھائی؛ پرانے زمانے کے چینیوں کی نگاہ میں ہندستان—چینی کلچری ڈیلیگیشن کے نیتا شری تنگ سی. لن. کا دلی کا ایک بھاشن.

क़ीमत—हिन्दुस्तान में छै रुपया साल, बाहर दस रुपया साल. एक परचा दस आने.

قیمت—ہندستان میں چھ روپیہ سال، باہر دس روپیہ سال، ایک پرچہ دس آنے.

मैनेजर
'नया हिन्द'
145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

مینیجر
'نیا ہند'
145، مٹھی گنج، الہ آباد

...या हिंद   ...ہند

[illegible]

...स नम्बर के ख़ास लेख

- ★ [illegible]
- ★ [illegible]
- ★ [illegible]
- ★ [illegible]

...मारी ...—
- ★ [illegible]
- ★ [illegible]
- ★ [illegible]
- ★ [illegible]

اس نمبر کے خاص لیکھ

- ★ [illegible]
- ★ [illegible]
- ★ [illegible]
- ★ [illegible]

- ★ [illegible]
- ★ [illegible]
- ★ [illegible]
- ★ [illegible]

...ी कलचर सोसाइटी, इलाहाबाद   ...ستانی کلچر سوسائٹی الہ آباد

फ़रवरी 1954 فروری

क़ीमत दस आना   قیمت دس آنہ

नई किताब

हज़रत मुहम्मद और इस्लाम

लेखक—सुन्दरलाल

इस किताब का पहला एडीशन 1941 में निकला था. देश ने उसका स्वागत किया और जल्दी वह ख़त्म हो गया. दूसरे एडीशन की मांग अर्से से हो रही थी. पर वह अब ही मुमकिन हो सका है,

इस एडीशन को पंडित सुन्दरलाल जी एहतियात के साथ देख गये हैं. बहुत बुज़ुर्गों और साथियों की क़ीमती राय और सुझावों से इस में फ़ायदा उठाया गया है. नये एडीशन की ख़ास बात यह है कि इस किताब के शुरू में पंडित बिशम्भरनाथ ने दस सफ़े का एक गम्भीर और वज़नदार नोट यानी आमुख लिखा है

इस किताब से इस्लाम की असली तालीम और उसके बुनियादी उसूलों की जानकारी हासिल होने के साथ साथ हज़रत मुहम्मद की सीधी सच्ची और बेमिसाल ज़िन्दगी—एक ऐसी ज़िन्दगी जिसने सदियों से लाखों करोड़ों के जीवन को रौशन किया है—की झलक मिलती है इससे पता चलेगा कि किस तरह हज़रत मुहम्मद ने न सिर्फ़ अरब जैसे दक़ियानूसी और फ़िरक़ा परस्त देश की काया पलट दी बल्कि एक नये धर्म, एक नये राज और एक नई तहज़ीब को जन्म दिया

हमें यक़ीन है कि पहले एडीशन की तरह इसकी भी काफ़ी मांग होगी और पढ़ने वाले इससे फ़ायदा उठायेंगे.

सुन्दर जिल्द, बढ़िया डबल डिमाई काग़ज़ पर छपी. 160 सफ़े, कई तसवीरों और नक़्शों के साथ किताब का दाम सिर्फ़ तीन रुपया.

मिलने का पता—
मैनेजर 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

نئی کتاب

حضرت محمد اور اسلام

لیکھک—سندر لال

اِس کتاب کا پہلا ایڈیشن سن 1941 میں نکلا تھا. دیش نے اُس کا سواگت کیا اور جلدی وہ ختم ہوگیا. دوسرے ایڈیشن کی مانگ عرصے سے ہو رہی تھی. پر وہ اب ہی ممکن ہوسکا ہے.

اِس ایڈیشن کو پنڈت سندر لال جی احتیاط کے ساتھ دیکھ گئے ہیں. بہت سے بزرگوں اور ساتھیوں کی قیمتی رائے اور سمجھاوؤں سے اِس میں فائدہ اُٹھایا گیا ہے. نئے ایڈیشن کی خاص بات یہ ہے کہ اِس کتاب کے شروع میں پنڈت بشمبھر ناتھ نے دس صفحے کا ایک گمبھیر اور وزندار نوٹ یعنی آمکھ لکھا ہے.

اِس کتاب سے اِسلام کی اصلی تعلیم اور اس کے بنیادی اُصولوں کی جانکاری ہونے کے ساتھ ساتھ حضرت محمد کی سیدھی سچی اور بےمثال زندگی—ایک ایسی زندگی جس نے صدیوں سے لاکھوں کروڑوں کے جیون کو روشن کیا ہے—کی جھلک ملتی ہے. اِس سے پتہ چلیگا کہ کس طرح حضرت محمد نے نہ صرف عرب جیسے دقیانوسی اور فرقہ پرست دیش کی کایا پلٹ دی بلکہ ایک نئے دھرم، ایک نئے راج اور ایک نئی تہذیب کو جنم دیا.

ہمیں یقین ہے کہ پہلے ایڈیشن کی طرح اس کی بھی کافی مانگ ہوگی اور پڑھنے والے اِس سے فائدہ اُٹھائینگے.

سندر جلد، بڑھیا ڈبل ڈمائی کاغذ پر چھپی 160 صفحے، کئی تصویروں اور نقشوں کے ساتھ کتاب کا دام صرف تین روپیہ.

ملنے کا پتہ—
مینیجر 'نیا ہند' 145 مٹھی گنج الہ آباد.

Printed and Published by Suresh Ramabhai, at the Naya Hind Press, 145, Muthiganj, Allahabad.

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

सद

(1) एक ऐसी हिन्दुस्तानी कलचर का बढ़ाना, फैलाना र प्रचार करना जिसमें सब हिन्दुस्तानी शामिल हों.

(2) एकता फैलाने के लिये कताबों, अख़बारों, रिसालों रा का छापना.

(3) पढ़ाई घरों, किताब घरों, सभाओं, कानफ़रेन्सों, चरों से सब धर्मों, जातों, बिरादरियों और फ़िर्क़ों में पस का मेल बढ़ाना.

—:०:—

सोसाइटी के प्रेसीडेन्ट—मि० अब्दुल मजीद ख़्वाजा; स प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास और डा० अब्दुल . गवरनिंग बाडी के प्रेसीडेन्ट—डा० भगवानदास; टरी—पं० सुन्दरलाल.

गवरनिंग बाडी के और मेम्बर—

डा० सैयद महमूद, डा० ताराचन्द, मौलवी सैयद मान नदवी, मि० मंज़र अली सोख़्ता, श्री बी० जी० , पं० विशम्भर नाथ, महात्मा भगवानदीन, सेठ पूनम र रांका, क़ाज़ी मोहम्मद अब्दुल ग़फ़्फ़ार और श्री ओम श पालीवाल.

मेम्बरी के क़ायदों के लिये लिखिये—

सुन्दरलाल

सेक्रेटरी, हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

नोट—सोसाइटी के नए क़ायदे के अनुसार मेम्बरी फ़ीस सिर्फ़ एक रुपया कर दी गई है. "नया हिन्द" ने गाहक मेम्बर बनना चाहें उनको सिर्फ़ छै रुपया ा देने पर ही मेम्बर बना लिया जायेगा. अलग से ारी की फ़ीस देने वाले सोसाइटी की निकली हुई कोई ाब जो एक रुपया दाम की होगी मुफ़्त ले सकेंगे या ा दाम की किताबें लेने पर एक बार एक रुपया कम सकेंगे.

ہندستانی کلچر سوسائٹی

مقصد:

(1) ایک ایسی ہندستانی کلچر کا بڑھانا، پھیلانا اور پرچار کرنا جس میں سب ہندستانی شامل ہوں۔

(2) ایکتا پھیلانے کے لئے کتابوں، اخباروں، رسالوں وغیرہ کا چھاپنا۔

(3) پڑھائی گھروں، کتاب گھروں، سبھاؤں، کانفرنسوں، لیکچروں سے سب دھرموں، جاتوں، برادریوں اور فرقوں میں آپس کا میل بڑھانا۔

—:٥:—

سوسائٹی کے پریسیڈنٹ — مسٹر عبدالمجید خواجہ؛ وائس پریسیڈنٹ — ڈاکٹر بھگوان داس اور ڈاکٹر عبدالحق۔ گورننگ باڈی کے پریسیڈنٹ — ڈاکٹر بھگوان داس؛ سکریٹری — پنڈت سندرلال۔

گورننگ باڈی کے اور ممبر —

ڈاکٹر سید محمود، ڈاکٹر تارا چند، مولوی سید سلیمان ندوی، مسٹر منظر علی سوختہ، شری بی۔ جی۔ کھیر، پنڈت بشمبھر ناتھ، مہاتما بھگوان دین، سیٹھ پونم چند رانکا، قاضی محمد عبدالغفار اور شری اوم پرکاش پالیوال۔

ممبری کے قاعدوں کے لئے لکھئے —

سندر لال

سکریٹری، ہندستانی کلچر سوسائٹی،

145، مٹھی گنج، الہ آباد۔

نوٹ — سوسائٹی کے نئے قاعدے کے انوسار ممبری کی فیس صرف ایک روپیہ کردی گئی ہے۔ "نیا ہند" کے جو گاہک ممبر بننا چاہیں اُن کو صرف چھ روپیہ چندہ دینے پر ہی ممبر بنا لیا جائیگا۔ الگ سے ممبری کی فیس دینے والے سوسائٹی کی نکلی ہوئی کوئی کتاب جو ایک روپیہ دام کی ہوگی مفت لے سکیں گے یا زیادہ دام کی کتابیں لینے پر ایک بار ایک روپیہ کم کرا سکیں گے۔

महात्मा गांधी की वसीयत

लेखक—श्री मंज़र अली सोख्ता

अपने देहान्त से कुछ घन्टे पहले महात्मा गांधी ने कांगरेस को लोक सेवा संघ में बदल देने के लिए अपनी तजवीज़ लिखी थी. यह देश के नाम उनकी आखिरी वसीयत है और इसकी व्याख्या गांधी जी के परम भक्त श्री मंज़र अली सोख्ता ने की है जो गांधीवाद को समझने और अपनाने वाले देश के इने गिने लोगों में से एक हैं.

गांधीवाद को समझने के लिए इसका पढ़ना बहुत ज़रूरी है. 225 सफ़े की सुन्दर जिल्द बँधी किताब की क़ीमत सिर्फ़ दो रुपए.

अहिंसात्मक इन्क़लाब का रास्ता

लेखक—श्री मंज़र अली सोख्ता

इस छोटी सी किताब को पढ़ कर आपको पता चलेगा कि महात्मा गांधी क्या चाहते थे और किस तरह उनके रास्ते पर चल कर अहिंसात्मक ढंग से देश में इन्क़लाब लाया जा सकता है.

पैंतीस पन्ने की किताब, दाम सिर्फ़ चार आने.

आज के शहीद

सम्पादक—श्री रतन लाल बंसल

उन बहादुरों की कहानियां जिन्होंने विदेशी हाकिमों की फैलाई फूट की आग में इनसानियत को भस्म होते देख एक छन की भी देर न की और उसे बुझाने की कोशिश में अपनी जान क़ुरबान कर दी. दाम सिर्फ़ ढाई रुपया.

मुस्लिम देश भक्त

लेखक—श्री रतन लाल बंसल

उन मुसलमान देश भक्तों के जीवन का हाल जिन्होंने अपनी जान हथेली पर रखकर हिन्दुस्तान और विदेशों में रहते हुए भारत माता को ग़ुलामी की ज़ंजीरों से आज़ाद करने की कोशिश की. किताब बड़े दिलचस्प ढंग से लिखी गई है. क़ीमत सिर्फ़ एक रुपया बारह आने.

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

مہاتما گاندھی کی وصیت

لیکھک—شری منظر علی سوختہ

اپنے دیہانت سے کچھ گھنٹے پہلے مہاتما گاندھی نے کانگریس کو لوک سیوا سنگھ میں بدل دینے کے لئے اپنی تجویز لکھی تھی. یہ دیش کے نام اُنکی آخری وصیت ہے اور اسکی ویاکھیا گاندھی جی کے پرم بھکت شری منظر علی سوختہ نے کی ہے جو گاندھی واد کو سمجھنے اور اپنانے والے دیش کے اِنے گنے لوگوں میں سے ایک ھیں .

گاندھی واد کو سمجھنے کے لئے اِسکا پڑھنا بہت ضروری ہے . 225 صفحے کی سندر جلد بندھی کتاب کی قیمت صرف دو روپئے .

اهنساتمک اِنقلاب کا راستہ

لیکھک--شری منظر علی سوختہ

اِس چھوٹی سی کتاب کو پڑھکر آپ کو پتہ چلے گا کہ مہاتما گاندھی کیا چاھتے تھے اور کسطرح اُن کے راستے پر چل کر اہنساتمک ڈھنگ سے دیش میں اِنقلاب لیا جا سکتا ہے .

پینتیس پنے کی کتاب، دام صرف چار آنے .

آج کے شہید

سمپادک—شری رتن لال بنسل

اُن بہادروں کی کہانیاں جنھوں نے ودیشی حاکموں کی پھیلائی پھوٹ کی آگ میں اِنسانیت کو بھسم ہوتے دیکھ ایک چھن کی بھی دیر نہ کی اور اُسے بجھانے کی کوشش میں اپنی جان قربان کر دی. دام صرف ڈھائی روپیہ.

مسلم دیش بھکت

لیکھک—شری رتن لال بنسل

اُن مسلمان دیش بھکتوں کے جیون کا حال جنھوں نے اپنی جان ہتھیلی پر رکھکر ھندستان اور ودیشوں میں رہتے ہوئے بھارت ماتا کو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرنے کی کوشش کی. کتاب بڑے دلچسپ ڈھنگ سے لکھی گئی ہے .

قیمت صرف ایک روپیہ بارہ آنے .

ملنے کا پتہ—

منیجر' نیا ھند' 145' مٹھی گنج' الہ آباد .

गांधी बाबा

लेखक—क़ुदसिया ज़ैदी

दो शब्द—जवाहरलाल नेहरू

यह अनमोल किताब जन्म से बलिदान तक की गांधी जी की पूरी और सच्ची जीवनी भी है और कहानी भी. हमारे देश में यह पुराना रिवाज रहा है कि माएं अपने बच्चों को महापुरुशों के जीवन चरित कहानी के रूप में सुनाती हैं. इस तरह की कहानियां आम तौर पर वीर राजाओं और उनके युद्धों की कहानियां होती हैं. बेगम क़ुदसिया ज़ैदी ने, जो महात्मा गांधी की परम भक्त हैं, अपनी इस किताब में गांधीजी की जीवनी और उनका सत्य, अहिंसा, प्रेम और त्याग का उपदेश बच्चों को ऐसी प्यारी, सीधी सादी बोली में और ऐसे ढंग से सुनाया है कि बच्चों के दिल में उतरता चला जाता है. हिन्दी में गांधीजी के ऊपर बच्चों के लिये इससे बढ़कर किताब नहीं है. इसमें कहानी का रस भी है और बच्चों को ऊंचा उठाने वाले उपदेश भी.

पंडित जवाहरलाल नेहरू ने अपने 'दो शब्द' में लिखा है—

> "उन्होंने (क़ुदसिया ज़ैदी ने) यह छोटी सी किताब सच्चे दिल से लिखी है. वह इसे सिर्फ़ एक किताब नहीं समझतीं. उनके लिये गांधीजी की कहानी एक बहुत ही महत्त्व की और प्यारी चीज़ है...मुझे ख़ुशी है कि यह किताब लिखी गई है."

मोटे काग़ज़ पर, मोटे टाइप में, बहुत सी रंगीन तसवीरें, आर्ट पेपर पर सुन्दर रंगीन कवर और दफ़्ती की मज़बूत जिल्द—दाम केवल दो रुपए.

भाषा

लेखक—लाला मदन गोपाल

हिन्दी उर्दू और हिन्दुस्तानी की तकरार पर एक बे लाग राय इस किताब में आपको मिलेगी. राष्ट्र भाषा के सवाल में दिलचस्पी रखने वाले हर भाई-बहन को इस किताब के पढ़ने से फ़ायदा होगा—सोचने की राहें सूझेंगी, जानकारी बढ़ेगी और तरह तरह की तंग नज़रियां मिटेंगी.

क़रीब सवा सौ सफ़े की सुन्दर किताब, दाम डेढ़ रुपया

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द'

145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

گاندھی بابا

لیکھک—قدسیہ زیدی

دو شبد—جواہر لال نہرو

یہ انمول کتاب جنم سے بلیدان تک کی گاندھی جی کی پوری اور سچی جیونی بھی ہے اور کہانی بھی. ہمارے دیش میں یہ پرانا رواج رہا ہے کہ مائیں اپنے بچوں کو مہاپرشوں کے جیون چرت کہانی کے روپ میں سناتی ہیں. اِس طرح کی کہانیاں عام طور پر ویر راجاؤں اور اُن کے یدھوں کی کہانیاں ہوتی ہیں . بیگم قدسیہ زیدی نے، جو مہاتما گاندھی کی پرم بھکت ہیں، اپنی اِس کتاب میں گاندھی جی کی جیونی اور اُن کا ستیہ، اہنسا، پریم اور تیاگ کا اُپدیش بچوں کو ایسی پیاری، سیدھی سادی بولی میں اور ایسے ڈھنگ سے سنایا ہے کہ بچوں کے دل میں اُترتا چلا جاتا ہے . ہندی میں گاندھی جی کے اوپر بچوں کے لئے اس سے بڑھ کر کتاب نہیں ہے . اس میں کہانی کا رس بھی ہے اور بچوں کو اونچا اُٹھانے والے اُپدیش بھی .

پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنے 'دو شبد' میں لکھا ہے—

> "اُنہوں نے (قدسیہ زیدی نے) یہ چھوٹی سی کتاب سچے دل سے لکھی ہے . وہ اِسے صرف ایک کتاب نہیں سمجھتیں . اُن کے لئے گاندھی جی کی کہانی ایک بہت ہی مہتو کی اور پیاری چیز ہے...مجھے خوشی ہے کہ یہ کتاب لکھی گئی ہے ."

موٹے کاغذ پر، موٹے ٹائپ میں، بہت سی رنگین تصویریں، آرٹ پیپر پر سندر رنگین کور اور دفتی کی مضبوط جلد—دام کیول دو روپئے .

بھاشا

لیکھک—لالہ مدن گوپال

ہندی اُردو اور ہندستانی کی تکرار پر ایک بے لاگ رائے اِس کتاب میں آپ کو ملے گی . راشٹر بھاشا کے سوال میں دلچسپی رکھنے والے ہر بھائی بہن کو اِس کتاب کے پڑھنے سے فائدہ ہوگا—سوچنے کی راہیں سوجھیں گی، جانکاری بڑھے گی اور طرح طرح کی تنگ نظریاں مٹیں گی .

قریب سوا سو صفحے کی سندر کتاب، دام ڈیڑھ روپیہ .

ملنے کا پتہ—

مینیجر 'نیا ہند'

145 مٹھی گنج، الہ آباد .

झंकार

सम्पादक—श्री रघुपति सहाय 'फ़िराक़'

ले पन्द्रह बरस से आज तक की उरदू की चुनी हुई ओं का यह संग्रह पढ़ कर आप को मालूम होगा कि विता ने किस तरह ख़याली दुनिया को छोड़ कर ो की सचाइयों से अपना नाता जोड़ लिया है. ी उरदू शायरी गुल व बुलबुल और वस्ल व फ़िराक़ ो सीमित नहीं है, अब आप को उरदू कविता में और मज़दूरों के दिलों की धड़कनें सुनाई देंगी. ी, अन्याय और लूट खसोट के ख़िलाफ़ आप एक ऐसी ज़ सुनेंगे जो आपके दिल की गहराइयों को छुएगी.

"...न कविताओं में अन्तर्राष्ट्रीय तथा राष्ट्रीय दोनों मिलती हैं......सजीव तथा साकार ......वास्तव न्दी संसार में यह प्रयास अनोखा है और उरदू य के आधुनिक दौर में अद्वितीय..."

.3-2-'52 —रोज़ाना 'लोकवाणी' जयपुर

'जहां तक भाव का सम्बन्ध है कविताएं उच्च स्तर ."

. 3. '52 —'विशाल भारत' कलकत्ता

"झंकार में प्रकाशित 72 उरदू की कविताएं आज ही के ी समस्याओं स ओत प्रोत हैं."

17-2-'52 —'नव भारत टाइम्स' दिल्ली

"हिन्दी के पाठक स्नेह और चाव से इस संग्रह आनन्द लेंगे और उनसे प्रेरणा ग्रहण करेंगे, यह चत है."

13-1-'52 —'अमृत पत्रिका' इलाहाबाद

'हम उन की (कविताओं की) शक्ति, ताज़गी और सूत्र ायल हैं वह एक नए युग का सन्देश देती हैं...भाषा धकतर सरल और बामुहावरा है. कहीं कहीं तो ठेठ ी है."

8-5-'52 —'जीवन साहित्य' दिल्ली

"झंकार की रचनाओं में युग की पुकार है और भाषा कुल बोल चाल के निकट है"—'नया समाज' कलकत्ता

नागरी लिखावट में ऐसा भरपूर उरदू कविता संग्रह ज तक नहीं निकला. सुन्दर जिल्द, बढ़िया काग़ज़. उम्दा ाई, दाम सिर्फ़ तीन रुपया. दस किताबों की एक साथ ीदारी पर पचास फ़ी सदी कमीशन.

ने का पता—
मैनेजर 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

جھنکار

سمپادک—شری رگھوپتی سہائے 'فراق'

پچھلے پندرہ برس سے آج تک کی اُردو کی چنی ہوئی کویتاؤں کا یہ سنگرہ پڑھکر آپکو معلوم ہوگا کہ اردو ویتا نے کس طرح خیالی دنیا کو چھوڑ کر زندگی کی سچائیوں سے اپنا ناتا جوڑ لیا ہے۔ آج کی اردو شاعری ل و بلبل اور وصل و فراق تک ہی سیمت نہیں ہے، ب آپ کو اردو کویتا میں کسانوں اور مزدوروں کے دلوں کی دھڑکنیں سنائی دینگی۔ غلامی، انیائے اور لوٹ کھسوٹ کے خلاف آپ ایک ایسی آواز سنینگے جو آپ کے دل کی گہرائیوں کو چھوئیگی۔

" اِن کویتاؤں میں انتر راشٹری تتھا راشٹری دونوں جھلکیں ملتی ہیں... سجیو تتھا ساکار ہیں... واستو میں ہندی سنسار میں یہ پریاس انوکھا ہے اور اردو ساہتیہ کے آدھنک دور میں ادویتیہ ہے..."

23-2-'52 —روزانہ 'لوک وانی' جے پور

" جہاں تک بھاو کا سمبندھ ہے کویتائیں اُچ استر کی ہیں۔"

6-3-'52 —'وشال بھارت' کلکتہ

" جھنکار میں پرکاشت 72 اردو کی کویتائیں آج ہی کے یگ کی سمسیاؤں سے اوت پروت ہیں۔"

17-2-'52 —نو بھارت ٹائمس' دلی

" ہندی کے پاٹھک اِسنیہ اور چاؤ سے اِس سنگرہ کا آنند لینگے اور ان سے پریرنا گرہن کرینگے' یہ نشچت ہے۔"

13-1-'52 —'امرت پتریکا' الٰہ آباد

" ہم اُن کی (کویتاؤں کی) شکتی' تازگی اور سوتر کے قائل ہیں۔ وہ ایک نئے یگ کا سندیش دیتی ہیں... بھاشا ادھک تر سرل اور بامحاورہ ہے۔ کہیں کہیں تو ٹھیٹھ ہندی ہے۔"

8-5-'52 —'جیون ساہتیہ' دلی

" جھنکار کی رچناؤں میں یگ کی پکار ہے اور بھاشا بالکل بول چال کے نکٹ ہے۔"—'نیا سماج' کلکتہ

ناگری لکھاوٹ میں ایسا بھرپور اردو کویتا سنگرہ آج تک نہیں نکلا۔ سندر جلد' بڑھیا کاغذ۔ عمدہ چھپائی۔ دام صرف تین روپیہ۔ دس کتابوں کی ایک ساتھ خریداری پر پچاس فیصدی کمیشن۔

ملنے کا پتہ—
منیجر 'نیا ہند' 145 مٹھی گنج الٰہ آباد۔

गीता और क़ुरान

लेखक—पंडित सुन्दरलाल

इस किताब में हिन्दू धर्म और इसलाम दोनों के मेल की बातें हैं. गीता का बड़प्पन गीता के एक एक अध्याय का निचोड़, क़ुरान का बड़प्पन, लगभग 15 ख़ास ख़ास मज़मूनों पर क़ुरान की क़रीब 500 आयतों का लफ़्ज़ी तर्जुमा वग़ैरा दिया गया है.

जो लोग सब धर्मों की बुनियादी एकता को जानना और समझना चाहें उनके लिये यह किताब अनमोल है.

पौने तीन सौ सफ़े की सुन्दर जिल्द बंधी किताब की क़ीमत सिर्फ़ ढाई रुपया, डाक ख़र्च अलग.

हिन्दू मुसलिम एकता

इस किताब में वह चार लेक्चर जमा किये गए हैं जो पंडित जी ने कन्सीलियेटरी बोर्ड ग्वालियर की दावत पर ग्वालियर में दिये थे.

सौ सफ़े की किताब. क़ीमत सिर्फ़ बारह आने.

महात्मा गांधी के बलिदान से सबक़

साम्प्रदायिकता यानी फ़िरक़ापरस्ती की बीमारी पर राजकाजी, मज़हबी और इतिहासी पहलू से विचार और उसका इलाज. इसी ने आख़िर में देश पिता महात्मा गांधी तक को हमारे बीच में न रहने दिया.

क़ीमत बारह आने.

पंजाब हमें क्या सिखाता है

अक्तूबर सन् 1947 में पच्छिमी और पूरबी पंजाब के बटवारे के बाद वहां की भयंकर बरबादी और आपसी मार काट के कारन लोगों पर जो जो मुसीबतें आइं उन का दर्दनाक आंखों देखा बयान. इस छोटी सी किताब में आजकल की मुसीबतों को हल करने के लिए कुछ सुझाव भी पेश किये गए हैं. क़ीमत चार आने.

बंगाल और उससे सबक़

इस छोटी सी किताब में 1949-50 में पूरबी और पच्छिमी बंगाल के फ़िरक़ेवाराना झगड़ों पर रोशनी डाली गई है और ऐसे झगड़ों को हमेशा के लिए ख़त्म करने की तरकीब भी सुझाई गई है. क़ीमत सिर्फ़ दो आने.

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

گیتا اور قران

لیکھک—پنڈت سندر لال

اِس کتاب میں ہندو دھرم اور اِسلام دونوں کے میل کی باتیں ہیں. گیتا کا بڑپن' گیتا کے ایک ایک ادھیاے کا نچوڑ' قرآن کا بڑپن' لگ بھگ 15 خاص خاص مضمونوں پر قرآن کی قریب 500 آیتوں کا لفظی ترجمہ وغیرہ دیا گیا ہے .

جو لوگ سب دھرموں کی بنیادی ایکتا کو جاننا اور سمجھنا چاہیں اُن کے لئے یہ کتاب انمول ہے .

پونے تین سو صفحے کی سندر جلد بندھی کتاب کی قیمت صرف ڈھائی روپیہ' ڈاک خرچ الگ .

ہندو مسلم ایکتا

اِس کتاب میں وہ چار لیکچر جمع کئے گئے ہیں جو پنڈت جی نے کنسیلیٹری بورڈ گوالیار کی دعوت پر گوالیار میں دئے تھے .

سو صفحے کی کتاب . قیمت صرف بارہ آنے .

مہاتما گاندھی کے بلیدان سے سبق

سامپردایکتا یعنی فرقہ پرستی کی بیماری پر راج کاجی' مذہبی اور اِتہاسی پہلو سے وچار اور اسکا علاج. اِسی نے آخر میں دیش پتا مہاتما گاندھی تک کو ہمارے بیچ میں نہ رہنے دیا .

قیمت بارہ آنے .

پنجاب ہمیں کیا سکھاتا ہے

اکتوبر سن 1947 میں پچھمی اور پوربی پنجاب کے بٹوارے کے بعد وہاں کی بھینکر بربادی اور آپسی مار کاٹ کے کارن لوگوں پر جو جو مصیبتیں آئیں اُن کا دردناک آنکھوں دیکھا ورنن . اِس چھوٹی سی کتاب میں آجکل کی مصیبتوں کو حل کرنے کے لئے کچھ سجھاؤ بھی پیش کئے گئے ہیں . قیمت چار آنے .

بنگال اور اُس سے سبق

اِس چھوٹی سی کتاب میں 1949-50 میں پوربی اور پچھمی بنگال کے فرقہ وارانہ جھگڑوں پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ایسے جھگڑوں کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کی ترکیب بھی سجھائی گئی ہے . قیمت صرف دو آنے .

ملنے کا پتہ—

منیجر 'نیا ہند' 145 مٹھی گنج الہ آباد

व्यापार या कारखाने वालों को उनके माल की बिक्री में खूब मदद कर रहा है. साथ ही साथ रेडियो का महकमा पैसा भी कमाता होगा.

अब जब टायर इस्तेमाल होंगे बैलगाड़ी में, तो एक तरफ़ से गांव का बढ़ई ठंठा हुआ और दूसरी तरफ़ से बैल के दिन लदना शुरू हो गये. जब हमारी बहनें बाहर के क्रीम इस्तेमाल करेंगी तो फिर शृंगार के लिये बाहर की हर दूसरी चीज़ इस्तेमाल करने से कैसे रुकेंगी? तब कहां है गुंजाइश हिन्दुस्तान के तेल साबुन खपने की और तेली के सही सलामत ज़िन्दा रहने की? जब हम लोग या हमारे बच्चे बिस्कुट खायेंगे, जो बड़ी बड़ी कम्पनियों में बनते हैं, जिनके लिये आटा या मैदा और चीनी बड़ी मिलों में तैयार होती है, तो कैसे जियेगी गांव की पिसनहारी या गुड़ बनाने वाला अदना किसान? इस तरह बहुत से ख़्याल पैदा होते हैं. ज़ाहिर है कि अगर सरकार इसी तरह विदेशी या मिल के माल को—जो ग़ैर ज़रूरी हैं और जो हमारे ज़िन्दगी की बुनियादी ज़रूरत का पूरा नहीं करते—बढ़ावा देती रहेगी तो हमारे देहात के धन्धे बैठते जायेंगे. अंगरेज़ों ने तो इन्हें नेस्त नाबूद करने की कोशिश की ही थी, आज आज़ाद सरकार भी जले पर नमक छिड़कने का काम कर रही है?

लिहाज़ा लाखों घरों का रोज़गार तबाह होगा और करोड़ों को फ़ाक़े करना पड़ेंगे.

इस सूरत में कैसे पनपेगी कलचर और कहां जायेगा समाज? नीचे से ही जब कलचर के सोते सूख जायेंगे तो ऊपर का दिखावा कब तक चलेगा? जड़ सूखने के ज़ियादा दिन बाद तक ऊपर के फूल पत्ती नहीं चलते.

इसलिये आल इंडिया रेडियो के हुक्कामों से हमारी आरज़ू है कि वह देखें तो कि क्या कर रहे हैं. माना कि उनको इस इश्तिहारबाज़ी से आमदनी होती है लेकिन यह आमदनी पाक है या नापाक, उन्हें सोचना होगा. यह ज़रूर है कि देहात का बुनकर, तेली, कुम्हार, बढ़ई, लुहार वग़ैरा रेडियो से अपने माल का इश्तिहार नहीं करा सकते और सरकार को उनकी ज़ात से आमदनी नहीं हो सकती, लेकिन क्या हमारी सरकार पैसा बनाने का ही पेशा इख़्तियार करेगी? क्या उसे लोक लाज का लिहाज़ न होगा? क्या वह जनता के हितों को ठुकरायेगी? अगर वह ऐसा करती है तो इस के माने हैं कि रेडियो को अपनी मिलकियत समझ कर मनमाने ढंग से इस्तेमाल करती है. अगर उसे आज प्रजा की भलाई का ख़्याल है तो उसे अपना रवैया बदलना चाहिये और सरकार का रेडियो न बन कर सब का रेडियो बनना चाहिये. इसी में रेडियो की शान व आबरू है.

14. 1. '54 —सुरेश रामभाई

بیوپار یا کارخانے والوں کو ان کے مال کی بکری میں خوب مدد کر رہا ہے. ساتھ ہی ساتھ ریڈیو کا محکمہ پیسہ بھی کماتا ہوگا.

اب جب ٹائر استعمال ہوں گے بیل گاڑی میں، تو ایک طرف سے گاؤں کا بڑھئی ٹھنڈا ہوا اور دوسری طرف سے بیل کے دن لدنا شروع ہوگئے. جب ہماری بہنیں باہر کے کریم استعمال کریں گی تو پھر سنگار کے لئے باہر کی ہر دوسری چیز استعمال کرنے سے کیسے رکیں گی؟ تب کہاں ہے گنجائش ہندوستان کے تیل صابن کھپنے کی اور تیلی کے سہی سلامت زندہ رہنے کی؟ جب ہم لوگ یا ہمارے بچے بسکٹ کھائیں گے جو بڑی بڑی کمپنیوں میں بنتے ہیں، جن کے لئے آٹا یا میدہ اور چینی بڑی ملوں میں تیار ہوتی ہے، تو کیسے جئے گی گاؤں کی پسنہاری یا گڑ بنانے والا ادنیٰ کسان؟ اس طرح بہت سے خیال پیدا ہوتے ہیں. ظاہر ہے کہ اگر سرکار اسی طرح ودیشی یا مل کے مال کو—جو غیر ضروری ہیں اور جو ہماری زندگی کی بنیادی ضرورت کو پورا نہیں کرتے—بڑھاوا دیتی رہے گی تو ہمارے دیہات کے دھندے بیٹھتے جائیں گے. انگریزوں نے تو انہیں نیست نابود کرنے کی کوشش کی ہی تھی، اب آزاد سرکار بھی جلے پر نمک چھڑکنے کا کام کر رہی ہے؟

لہذا لاکھوں گھروں کا روزگار تباہ ہوگا اور کروڑوں کو فاقے کرنا پڑیں گے.

اس صورت میں کیسے پنپے گی کلچر اور کہاں جائے گا سماج؟ نیچے سے ہی جب کلچر کے سوتے سوکھ جائیں گے تو اوپر کا دکھاوا کب تک چلے گا؟ جڑ سوکھنے کے زیادہ دن بعد تک اوپر کے پھول پتی نہیں چلتے.

اس لئے آل انڈیا ریڈیو کے حکام سے ہماری آرزو ہے کہ وہ دیکھیں تو کیا کر رہے ہیں. مانا کہ ان کو اس اشتہار بازی سے آمدنی ہوتی ہے لیکن یہ آمدنی پاک ہے یا ناپاک، انہیں سوچنا ہوگا. یہ ضرور ہے کہ دیہات کا بنکر، تیلی، کمہار، بڑھئی، لہار وغیرہ ریڈیو سے اپنے مال کا اشتہار نہیں کرا سکتے اور سرکار کو ان کی ذات سے آمدنی نہیں ہو سکتی، لیکن کیا ہماری سرکار پیسہ بنانے کا ہی پیشہ اختیار کرے گی؟ کیا اسے لوک لاج کا لحاظ نہ ہوگا؟ کیا وہ جنتا کے ہتوں کو ٹھکرائے گی؟ اگر وہ ایسا کرتی ہے تو اس کے معنی ہیں کہ ریڈیو کو اپنی ملکیت سمجھ کر من مانے ڈھنگ سے استعمال کرتی ہے. اگر اسے آج پرجا کی بھلائی کا خیال ہے تو اپنا رویہ بدلنا چاہئے اور سرکار کا ریڈیو نہ بن کر سب کا ریڈیو بننا چاہئے. اسی میں ریڈیو کی شان و آبرو ہے.

—سریش رام بھائی 14. 1. 54

अमन और सारी दुनिया के अमन की सलामती के लिये इस दोस्ती को और भी अधिक मजबूत करें !

भारत की जनता सदा सुखी और समृद्ध रहे !

चीन भारत दोस्ती जिन्दा बाद !

(कलकत्ता) भारत — लिंग सी. लिन,

12 जनवरी 1954 — चीन इंडिया फ्रेंडशिप ऐसोसियेशन के डेलीगेशन के लीडर.

आल इन्डिया रेडियो किधर

दिसम्बर के आखरी हफ्ते में हिन्द सरकार के सूचना और रेडियो मिनिस्टर डाक्टर केसकर पटना आये थे. वहां उनका स्वागत किया गया. स्वागत का जवाब देते समय उन्होंने कहा कि यह नहीं समझना चाहिये कि रेडियो नई दिल्ली सरकार की जायदाद या मिलकियत है. उन्होंने बताया कि रेडियो तो देश की जनता के कलचरी जीवन के इज़हार का एक ज़बरदस्त ज़रिया है जिसमें केन्द्रीय और सूबे की सरकारों को बराबर की दिलचस्पी है.

क़ुदरती तौर पर मानना चाहिये कि जनता से डाक्टर केसकर का मतलब उन लोगों से, लाखों करोड़ों से होगा जो देहातों में बसे हैं और जिन की कमाई के बल पर देश का सारा जीवन, क्या आर्थिक, क्या सामाजिक और क्या कलचरी जीवन, मुनहसिर है. इसलिये सरकार का फ़र्ज़ हो जाता है कि इन देहातों में बने माल को बढ़ावा दे, इनके ज़ियादा से ज़ियादा इस्तेमाल की कोशिश करे और प्रेस व रेडियो से उनका अच्छी तरह प्रचार करे.

लेकिन चन्द रोज़ की बात है कि हम बिहार के छपरा ज़िले के एक देहात में घूम रहे थे. रात को एक नेक और सुखी काश्तकार के यहां ठहरे हुए थे. उन्होंने रेडियो बजाना शुरू किया तो जो चीज़ कान में पड़ी उसे सुन कर हम दंग रह गए. पता नहीं यह प्रोग्राम पटने का था, कलकत्ते का या दिल्ली का. लेकिन उसमें सिफ़ारिश की गई कि फ़लाँ मार्के का टायर इस्तेमाल कीजिये, फ़लां नाम का एक क्रीम बदन पर लगाइये और फ़लां कम्पनी का बिस्कुट खाइये. इन तीन चीज़ों में दो—टायर और क्रीम—विदेशी थे और एक बिस्कुट स्वदेशी.

रेडियो पर चीज़ों के इश्तहार सुनने का यह हमारा पहला इत्तफ़ाक़ था. हमने अपने मेज़बान से पूछा कि यह कैसा प्रोग्राम है, उन्होंने कहा कि इसमें ताज्जुब की क्या बात है, ऐसा तो अकसर ही होता है.

यह सुन कर हम ख़ामोश हो गए, लेकिन इस नतीजे पर पहुंचे कि देश के बड़े व्यापारी या दूकानदार आल इन्डिया रेडियो को अपने मतलब के लिये इस्तेमाल कर रहे हैं. दूसरे शब्दों में, आल इन्डिया रेडियो बड़े

امن اور ساری دنیا کے امن کی سلامتی کے لئے اس دوستی کو اور بھی ادھک مضبوط کریں !

بھارت کی جنتا سدا سکھی اور اسمردھ رہے !

چین بھارت دوستی زندہ باد !

کلکتہ (بھارت) — لنگ. سی. لن،

12 جنوری 1954 — چین انڈیا فرینڈشپ ایسوسیئیشن کے ڈیلیگیشن کے لیڈر.

آل انڈیا ریڈیو کدھر

دسمبر کے آخری ہفتے میں ہند سرکار کے سوچنا اور ریڈیو منسٹر ڈاکٹر کیسکر پٹنہ آئے تھے. وہاں ان کا سواگت کیا گیا. سواگت کا جواب دیتے سمے انہوں نے کہا کہ یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ ریڈیو نئی دلی سرکار کی جائداد یا ملکیت ہے. انہوں نے بتایا کہ ریڈیو تو دیش کی جنتا کے کلچری جیون کے اظہار کا ایک زبردست ذریعہ ہے جس میں کیندریہ اور صوبے کی سرکاروں کو برابر کی دلچسپی ہے.

قدرتی طور پر ماننا چاہئے کہ جنتا سے ڈاکٹر کیسکر کا مطلب ان لوگوں سے، لاکھوں کروڑوں سے ہوگا جو دیہاتوں میں بسے ہیں اور جن کی کمائی کے بل پر دیش کا سارا جیون، کیا آرتھک، کیا سماجک اور کیا کلچری جیون، منحصر ہے. اس لئے سرکار کا فرض ہو جاتا ہے کہ ان دیہاتوں میں بنے مال کو بڑھاوا دے، ان کے زیادہ سے زیادہ استعمال کی کوشش کرے اور پریس و ریڈیو سے ان کا اچھی طرح پرچار کرے.

لیکن چند روز کی بات ہے کہ ہم بہار کے چھپرا ضلع کے ایک دیہات میں گھوم رہے تھے. رات کو ایک نیک اور سکھی کاشتکار کے یہاں ٹھہرے ہوئے تھے. انہوں نے ریڈیو بجانا شروع کیا تو جو چیز کان میں پڑی اسے سنکر ہم دنگ رہ گئے. پتہ نہیں یہ پروگرام پٹنہ کا تھا، کلکتہ کا یا دلی کا. لیکن اس میں سفارش کی گئی کہ فلاں مارکے کا ٹائر استعمال کیجئے، فلاں نام کا ایک کریم بدن پر لگائیے اور فلاں کمپنی کا بسکٹ کھائیے. ان تین چیزوں میں دو—ٹائر اور کریم—ودیشی تھے اور ایک بسکٹ سودیشی.

ریڈیو پر چیزوں کے اشتہار سننے کا یہ ہمارا پہلا اتفاق تھا. ہم نے اپنے میزبان سے پوچھا کہ یہ کیسا پروگرام ہے. انہوں نے کہا کہ اس میں تعجب کی کیا بات ہے، ایسا تو اکثر ہی ہوتا ہے.

یہ سنکر ہم خاموش ہوگئے، لیکن اس نتیجے پر پہونچے کہ دیش کے بڑے بیوپاری یا دوکاندار آل انڈیا ریڈیو کو اپنے مطلب کے لئے استعمال کر رہے ہیں. دوسرے شبدوں میں، آل انڈیا ریڈیو بڑے

हम भारत में बहुत कम दिन ठहरे. लेकिन इन थोड़े से दिनों को हम भूल नहीं सकते. उमंग भरे स्वागत, फूल मालाएं, प्यार भरी मुलाक़ातें और दिल में खुप जाने वाले आंसू ऐसी चीज़ें हैं जो हमें सदा याद रहेंगी. हिन्दुस्तान के लोगों के शान्दार कलचरी कारनामे, अजन्ता की तसवीरें, एलोरा और एलीफ़ेन्टा की पत्थर की चित्रकला और ताज महल की शान्दार इमारत देख कर हमारे दिल ख़ुशी और तारीफ़ से भर गए. कोई शक नहीं कि हिन्दुस्तान के लोगों को हमेशा हमेशा तक इन चीज़ों का अभिमान रहेगा. चतुर भारतीय कलावन्तों ने हमें भारत का प्राचीन शास्त्रीय गाना और आजकल का गाना, बजाना और नाचना सब दिखलाया जिसे देख कर हमारा दिल बहुत ख़ुश हुआ. यह सब देख कर भारत की क़ौमी परम्परा का बड़ा सुन्दर चित्र हमारी आंखों के सामने खिंच गया. इस सबसे बढ़ कर हमें इस बार आम भारतीय जनता से मिलने के अवसर मिले. हमने देखा कि भारत की जनता के दिल चीन की जनता के साथ दोस्ती के भावों से लबालब हैं. जिन अनगिनत दोस्तों से हम मिले उन में से कुछ को हम पहले से जानते थे और कुछ को नहीं. उन सब की प्यारी प्यारी आवाज़ें, मुसकराते हुए चेहरे, भाव भरी मुलाक़ातें, प्रेम के साथ गले मिलना, हज़ारों हज़ार आंखों का जोश और उमंग के साथ हमारी तरफ़ लगे रहना और नये चीन की बाबत और अधिक बातें जानने के लिये बेताब रहना, उन भारतीय मज़दूर और किसान भाइयों के उमड़ते हुए दिल जो सरदी की रातों में रेल के स्टेशनों पर हमें केवल एक अमरूद देने के लिये या कुछ पूरियां देने के लिये घंटों बेचैन खड़े रहते थे—यह सब चीज़ें हम कैसे भूल सकते हैं! प्यारे दोस्तो! हमें मानना पड़ता है कि ऐसे मौक़ों पर हम अपने को रोक नहीं पाते थे. हमारे दिलों से निकले हुए और शुकरिये से भरे हुए आंसू जगह जगह आंखों से टपक ही पड़ते थे.

जो घटनाएं और दृश्य हमने इन पांच हफ़्तों के अन्दर देखे उनसे साबित है कि शान्ति के दुशमन कितनी भी चालें क्यों न चलें और हमारे बीच फूट डालने के लिये कितनी भी कोशिशें क्यों न करें वह हमारी दोस्ती को डिगाने में हरगिज़ कामयाब नहीं हो सकते, क्योंकि हमारी यह नई दोस्ती केवल हमारे पुराने सम्बन्ध के आधार पर ही क़ायम नहीं है, इस दोस्ती की जड़ें इस मज़बूत बुनियाद के अन्दर भी गहरी गई हुई हैं कि हम दोनों दुनिया में अमन के प्रेमी हैं. भारत और चीन दोनों महान देशों की जनता के बीच अटूट और बेलाग दोस्ती हमेशा के लिये क़ायम रहे! हममें से हर एक का यह पवित्र कर्त्तव्य है कि एशिया के

ہم بھارت میں بہت کم دن ٹھہرے۔ لیکن ان تھوڑے سے دنوں کو ہم بھول نہیں سکتے۔ امنگ بھرے سواگت' پھول مالائیں' پیار بھری ملاقاتیں اور دل میں چھپ جانے والے آنسو ایسی چیزیں ہیں جو ہمیں سدا یاد رہیں گی۔ ہندستان کے لوگوں کے شاندار کلچری کارنامے' اجنتا کی تصویریں' ایلورا اور ایلیفینٹا کی پتھر کی چتر کلا اور تاج محل کی شاندار عمارت دیکھکر ہمارے دل خوشی اور تعریف سے بھر گئے۔ کوئی شک نہیں کہ ہندستان کے لوگوں کو ہمیشہ ہمیشہ تک ان چیزوں کا ابھیمان رہے گا۔ چتر بھارتیہ کلاونتوں نے ہمیں بھارت کا پراچین شاستریہ گانا اور آج کل کا گانا' بجانا اور ناچنا سب دکھلایا جسے دیکھکر ہمارا دل بہت خوش ہوا۔ یہ سب دیکھکر بھارت کی قومی پرمپرا کا بڑا سندر چتر ہماری آنکھوں کے سامنے کھنچ گیا۔ اس سب سے بڑھکر ہمیں اس بار عام بھارتیہ جنتا سے ملنے کے اوسر ملے۔ ہم نے دیکھا کہ بھارت کی جنتا کے دل چین کی جنتا کے ساتھ دوستی کے بھاؤں سے لبالب ہیں۔ جن ان گنت دوستوں سے ہم ملے ان میں سے کچھ کو ہم پہلے سے جانتے تھے اور کچھ کو نہیں۔ ان سب کی پیاری پیاری آوازیں' مسکراتے ہوئے چہرے' بھاؤ بھری ملاقاتیں' پریم کے ساتھ گلے ملنا' ہزاروں ہزار آنکھوں کا جوش اور امنگ کے ساتھ ہماری طرف لگے رہنا' اور نئے چین بابت اور ادھک باتیں جاننے کے لئے بیتاب رہنا ان بھارتیہ مزدور اور کسان بھائیوں کے امڈتے ہوئے دل جو سردی کی راتوں میں ریل کے اسٹیشنوں پر ہمیں کیول ایک امرود دینے کے لئے یا کچھ پوریاں دینے کے لئے گھنٹوں بیچین کھڑے رہتے تھے—یہ سب چیزیں ہم کیسے بھول سکتے ہیں! پیارے دوستو! ہمیں ماننا پڑتا ہے کہ ایسے موقعوں پر ہم اپنے کو روک نہیں پاتے تھے۔ ہمارے دلوں سے نکلے ہوئے اور شکریے سے بھرے ہوئے آنسو جگہ جگہ آنکھوں سے ٹپک ہی پڑتے تھے۔

جو گھٹنائیں اور درشیہ ہم نے ان پانچ ہفتوں کے اندر دیکھے ان سے ثابت ہے کہ شانتی کے دشمن کتنی بھی چالیں کیوں نہ چلیں اور ہمارے بیچ پھوٹ ڈالنے کے لئے کتنی بھی کوششیں کیوں نہ کریں وہ ہماری دوستی کو ڈگانے میں ہرگز کامیاب نہیں ہو سکتے' کیونکہ ہماری یہ نئی دوستی کیول ہمارے پرانے سمبندھ کے آدھار پر ہی قائم نہیں ہے' اس دوستی کی جڑیں اس مضبوط بنیاد کے اندر بھی گہری گئی ہوئی ہیں کہ ہم دونوں دنیا میں امن کے پریمی ہیں۔ بھارت اور چین دونوں مہان دیشوں کی جنتا کے بیچ اٹوٹ اور بے لاگ دوستی ہمیشہ کے لئے قائم رہے! ہم میں سے ہر ایک کا یہ پوتر کرتویہ ہے کہ ایشیا کے

यह देश वीरों का देश है !
सैकड़ों सैकड़ों बरस तक वीर योद्धा, अपने ख़ून से
इसे सींचते रहे हैं !
यहां के लोग बड़े वीर और धीर हैं !
ठीक वैसे ही जैसे मेरी पितृभूमि के लोग हैं !

इसके जवाब में भारत के अदीबों की तरफ़ से बम्बई के मशहूर शायर सरदार जाफ़री ने नीचे लिखी नज़्म उसी समय बना कर पढ़ी—

एशिया तेरे गुलिस्तां को जगाने के लिये,
चीन के बाग़ से सरमस्त हवा आती है !
दश्तोदर जिस्से शफ़क़ सुर्ख़ हुए जाते हैं,
वह बहार आती है और लाला क़बा आती है !
आज हर नग़मए बेदारिए जमहूर के साथ,
माओ के दिल के धड़कने की सदा आती है !
दोस्तो ! चीन के फूलों को यह मुज़दा देना,
हिन्द के फूलों से ख़ुशबूए वफ़ा आती है !

चीनी कलचरल डेलीगेशन के नेता श्री तिंग सी लिन का आख़री बयान

प्यारे दोस्तो,

हमारा डेलीगेशन नये चीनी लोकराज के चीन हिन्द दोस्ती संघ की तरफ़ से भारत आया था. अब यह डेलीगेशन पांच सप्ताह तक भारत में दौरा करने के बाद इस महान देश को छोड़ कर अपने देश वापिस जा रहा है. इस बिदाई के समय चीन के चीन हिन्द दोस्ती संघ की तरफ़ से और अपने डेलीगेशन की तरफ़ से मैं हिन्द चीन दोस्ती संघ की नैशनल कमेटी का और इस देश में जगह जगह के मुक़ामी संघों का, उनके इस एहसान के लिये कि उन्होंने हमें इस दौरे का मौक़ा दिया और उस दौरे के लिये इतने अच्छे ढंग से हमारा प्रोग्राम बनाया, दिल से शुकरिया अदा करता हूं. भारत की जनता, भारत की सरकार और ख़ुद प्रधान मंत्री श्री नेहरू ने जिस प्रेम के साथ हमारा स्वागत किया और जितनी अच्छी हमारी ख़ातिरदारी की उसके लिये मैं, चीनी जनता की तरफ़ से, इन सबका शुकरिया अदा करता हूं.

गुलिस्तां = बाग़; सरमस्त = मस्त करने वाली; दश्तोदर = जंगल और आबादी; शफ़क़ = बादलों की लाली; लाला = लाल रंग का एक फूल; क़बा = चोग़ा; नग़मा = गीत; बेदारी = जागृति; जमहूर = जनता; सदा = आवाज़; मुज़दा = ख़ुशख़बरी; वफ़ा = वचन पालन.

یہ دیش ویروں کا دیش ہے !
سیکڑوں سیکڑوں برس تک ویر یودھا، اپنے خون سے
اسے سینچتے رہے ہیں !
یہاں کے لوگ بڑے ویر اور دھیر ہیں !
ٹھیک ویسے ہی جیسے میری پتر بھومی کے لوگ ہیں !

اس کے جواب میں بھارت کے ادیبوں کی طرف سے بمبئی کے مشہور شاعر سردار جعفری نے نیچے لکھی نظم اسی سمے بناکر پڑھی—

ایشیا تیرے گلستاں کو جگانے کے لئے،
چین کے باغ سے سرمست ہوا آتی ہے !
دشت و در مثل شفق سرخ ہوئے جاتے ہیں،
وہ بہار آتی ہے اور لالہ قبا آتی ہے !
آج ہر نغمۂ بیداریٔ جمہور کے ساتھ،
ماؤ کے دل کے دھڑکنے کی صدا آتی ہے !
دوستو ! چین کے پھولوں کو یہ مژدہ دینا
ہند کے پھولوں سے خوشبوئے وفا آتی ہے !

چینی کلچرل ڈیلیگیشن کے نیتا شری تنگ سی لن کا آخری بیان

پیارے دوستو،

ہمارا ڈیلیگیشن نئے چینی لوک راج کے چین ہند دوستی سنگھ کی طرف سے بھارت آیا تھا. اب یہ ڈیلیگیشن پانچ سپتاہ تک بھارت میں دورہ کرنے کے بعد اس مہان دیش کو چھوڑ کر اپنے دیش واپس جا رہا ہے . اس بدائی کے سمے چین کے چین ہند دوستی سنگھ کی طرف سے اور اپنے ڈیلیگیشن کی طرف سے میں ہند چین دوستی سنگھ کی نیشنل کمیٹی کا اور اس دیش میں جگہ جگہ کے مقامی سنگھوں کا، ان کے اس احسان کے لئے کہ انہوں نے ہمیں اس دورے کا موقع دیا اور اس دورے کے لئے اتنے اچھے ڈھنگ سے ہمارا پروگرام بنایا، دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں . بھارت کی جنتا، بھارت کی سرکار اور خود پردھان منتری شری نہرو نے جس پریم کے ساتھ ہمارا سواگت کیا اور جتنی اچھی ہماری خاطرداری کی اس کے لئے میں، چینی جنتا کی طرف سے، ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں.

گلستاں = باغ؛ سرمست = مست کرنے والی؛ دشت و در = جنگل اور آبادی؛ شفق = بادلوں کی لالی؛ لالہ = لال رنگ کا ایک پھول؛ قبا = چغہ؛ نغمہ = گیت؛ بیداری = جاگرتی؛ جمہور = جنتا؛ صدا = آواز؛ مژدہ = خوشخبری؛ وفا = بچن پالن .

ज़िन्दगी वह बसर करते चले आ रहे थे, न पेट को खाना था न तन ढकने को कपड़ा, वह दिन अब हमेशा के लिये ख़त्म हो गये. हमारे यहां के पढ़े लिखे लोगों को अब ज़रा सा भी बेकारी का डर नहीं रहा. अब वह अपनी पूरी योग्यता क़ौमी रचनात्मक कामों में ख़र्च कर सकते हैं.

हमारे बहुत से हिन्दुस्तानी दोस्त जो चीन हो आए हैं अकसर यह कहा करते हैं कि चीन ने चमत्कार कर दिखाया. यह इतना बड़ा चमत्कार हम कैसे कर सके ? इसके पीछे सिवाय इस के और कोई बात नहीं कि हमारी करोड़ों जनता ने एक दिल हो कर और निस्वार्थ लगन के के साथ देश को. ऊपर ले जाने की कोशिश की. हमें सदा जनता पर विश्वास रहा है, जनता पर ही हमारा पूरा भरोसा है. जनता ही की इच्छा और शक्ति के सहारे हम सब तरह की कठिनाइयों को पार कर सकते हैं और वह चमत्कार कर सकते हैं जो केवल कहानियों में सुनने में आता है.

इयो और बहिनों, भारत की सभ्यता पांच हज़ार बरस की शानदार सभ्यता है. यहां ३६ करोड़ आदमी रहते हैं. यहां की ज़मीन में काफ़ी धन दौलत छिपी हुई है. आप के उद्योग धन्धों की बुनियाद काफ़ी मज़बूत है. भारतीय जनता की शक्ति अपार है. इसमें कोई सन्देह नहीं हो सकता कि भारत की जनता भी चमत्कार करके दिखलाएगी. जब तक हमारे दोनों देशों के लोग मिल कर कोशिश करेंगे और कंधे से कंधा मिलाकर खड़े रहेंगे तब तक मुझे पक्का विश्वास है कि ९० करोड़ इन्सानों का संकल्प और उनकी शक्ति एशिया में और सारी दुनियां में अमन की सबसे ज़बरदस्त और कारगर गारंटी होगी.

हिन्द चीन दोस्ती ज़िन्दा बाद !

दुनियां की शांति ज़िन्दा बाद !

चीनी कलचरल डेलीगेशन के सम्बन्ध में दो कविताएं

उस चीनी कविता का हिन्दी अनुवाद जो श्रीमती महादेवी वर्मा की सदारत में इलाहाबाद के अदीबों और साहित्यकारों के जलसे में चीनी कलचरल डेलीगेशन के मेम्बर चीनी कवि श्री यूआन ने उसी समय बना कर पढ़ी—

यह कैसा सुन्दर देश है !
जगह जगह दरख़्त ज़मीन पर छतरियां लगाए खड़े हैं !
गुलाब के फूल बड़े बड़े प्यालों जैसे हैं !
जंगल में मोर के हरे हरे पंख चांदनी में चमकते हैं !
बसन्त ऋतु इस देश को अपना घर बनाए हुए है !

زندگی وہ بسر کرتے چلے آرہے تھے' نہ پیٹ کو کھانا تھا نہ تن ڈھکنے کو کپڑا' وہ دن اب ہمیشہ کے لئے ختم ہوگئے. ہمارے یہاں کے پڑھے لکھے لوگوں کو اب ذرا سا بھی بیکاری کا ڈر نہیں رہا. اب وہ اپنی پوری یوگیتا قومی رچناتمک کاموں میں خرچ کر سکتے ہیں.

ہمارے بہت سے ہندستانی دوست جو چین ہو آئے ہیں اکثر یہ کہا کرتے ہیں کہ چین نے چمتکار کر دکھایا. یہ اتنا بڑا چمتکار ہم کیسے کر سکے؟ اس کے پیچھے سوائے اس کے اور کوئی بات نہیں کہ ہماری کروڑوں جنتا نے ایک دل ہو کر اور نسوارتھ لگن کے ساتھ دیش کو اوپر لے جانے کی کوشش کی. ہمیں سدا جنتا پر وشواس رہا ہے' جنتا پر ہی ہمارا پورا بھروسہ ہے. جنتا ہی کی اچھا اور شکتی کے سہارے ہم سب طرح کی کٹھنائیوں کو پار کر سکتے ہیں اور وہ چمتکار کر سکتے ہیں جو کیول کہانیوں میں سننے میں آتا ہے.

بھائیو اور بہنو' بھارت کی سبھیتا پانچ ہزار برس کی شاندار سبھیتا ہے. یہاں 36 کروڑ آدمی رہتے ہیں. یہاں کی زمین میں کافی دھن دولت چھپی ہوئی ہے. آپ کے ادیوگ دھندوں کی بنیاد کافی مضبوط ہے. بھارتیہ جنتا کی شکتی اپار ہے. اس میں کوئی سندیہ نہیں ہو سکتا کہ بھارت کی جنتا بھی چمتکار کر کے دکھلائے گی. جب تک ہمارے دونوں دیشوں کے لوگ مل کر کوشش کریں گے اور کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے رہیں گے تب تک مجھے پکا وشواس ہے کہ 90 کروڑ انسانوں کا سنکلپ اور ان کی شکتی ایشیا میں اور ساری دنیا میں امن کی سب سے زبردست اور کارگر گارنٹی ہوگی.

ہند چین دوستی زندہ باد!

دنیا کی شانتی زندہ باد!

چینی کلچرل ڈیلیگیشن کے سمبندھ میں دو کویتائیں

اس چینی کویتا کا ہندی انواد جو شریمتی مہادیوی ورما کی صدارت میں الہ آباد کے ادیبوں اور ساہتیہ کاروں کے جلسے میں چینی کلچرل ڈیلیگیشن کے ممبر چینی کوی شری یو آن نے اسی سمے بنا کر پڑھی—

یہ کیسا سندر دیش ہے!
جگہ جگہ درخت زمین پر چھتریاں لگائے کھڑے ہیں!
گلاب کے پھول بڑے بڑے پیالوں جیسے ہیں!
جنگل میں مور کے ہرے ہرے پنکھ چاندنی میں چمکتے ہیں!
بسنت رتو اس دیش کو اپنا گھر بنائے ہوئے ہے!

इसलिये हम ऐसी पाक और दिली दोस्ती की ओर भी अधिक क़दर करते हैं जो एक दूसरे के मान और एक दूसरे की मदद पर क़ायम हो. आज चीन और भारत की दोस्ती इसी तरह की दोस्ती है. हमारे दोनों मुल्कों के सब लोग अमन चाहते हैं. पिछले ज़माने में हम दोनों को एक बराबर कड़ुए तजुर्बे हुए हैं. हमारी मित्रता सच्चाई और नेकी पर क़ायम है. इस तरह की मित्रता केवल रिवाजी बातों की या दिखावे की नहीं होती. इसकी जड़ें चीन और हिन्दुस्तान के मिलाकर १० करोड़ लोगों के दिलों में गहरी गई हुई हैं. हम दोनों में एक दूसरे से बदगुमानी पैदा करने की किसी तरह की चाल, कोई झूठी अफ़वाहें या एक को दूसरे की निगाह में गिराने की कोशिश हमारी मित्रता को नुक़सान नहीं पहुंचा सकती.

चीन की जनता दिल से शांति के पक्ष में है. वह युद्ध के खिलाफ़ है. वह अपनी मातृभूमि के जीवन की शांति के साथ फिर से रचना करना चाहती है. यह सब उस के दिल की बातें हैं, मुझे विश्वास है कि भारत की जनता भी यही चाहती है. इसलिये हम दोनो के दिल मिले हुए हैं.

प्यारे दोस्तो, इस तरह हमारे दोनों के एक से आदर्श हैं, हमारी एक सी इच्छाएं हैं और इन्हीं के ऊपर हमारी दोस्ती और हमारा सहयोग क़ायम है.

मेरे प्यारे हिन्दुस्तानी भाइयो और बहिनो, अमन और आज़ादी की क़ीमत ठीक ठीक वही समझ सकता है जो जंग के और अपने ऊपर दूसरों के अन्याय के कड़ुवे नतीजे भुगत चुका हो। पिछले लगभग एक सौ बरस के अन्दर बाहर के हमला करने वालों ने चीनी जनता पर क़ाफ़ी ज़ुल्म ढाए हैं. हमें बड़ी बड़ी सख़्त जंगों में से निकलना पड़ा है. इसलिये इन सब मुसीबतों के तजुर्बे के बाद आज जो हमें अमन और शान्ति के साथ ज़िन्दगी बसर करने का सुअवसर मिला है उसकी हमारे दिल में बहुत बड़ी क़दर है. देश के करोड़ों आदमियों ने ज़बरदस्त संग्राम करके और अपनी जान लड़ा कर देश में अमन क़ायम किया है. अब हम इस अमन की ज़िन्दगी को फिर से खोने के लिये तैयार नहीं हैं. पिछले चार बरस के अन्दर जब से हमारा देश सचमुच आज़ाद हुआ है, चीनी जनता अपनी पूरी शक्ति इस बात के लिये खर्च कर रही है कि देश की पैदावार फिर से बढ़े, लोगों की ज़रूरतें पूरी हों और उनके रहन सहन के ढंग में धीरे धीरे उन्नति हो. इस समय हमारे देश की अगुवाई यानी देश के जीवन की बाग उनके हाथों में है जो मेहनत करके अपना पेट पालते हैं. हमारे किसान अब अपनी अपनी ज़मीन के मालिक हैं. नतीजा यह कि सदियों से जो मुसीबतों की

اس لئے ہم ایسی پاک اور دلی دوستی کی اور بھی ادھک قدر کرتے ھیں جو ایک دوسرے کے مان اور ایک دوسرے کی مدد پر قائم ہو۔ آج چین اور بھارت کی دوستی اسی طرح کی دوستی ہے۔ ھمارے دونوں ملکوں کے سب لوگ امن چاھتے ھیں۔ پچھلے زمانے میں ہم دونوں کو ایک برابر کڑوے تجربے ہوئے ھیں۔ ھماری متر تا سچائی اور نیکی پر قائم ہے۔ اسطرح کی متر تا کیول رواجی باتوں کی یا دکھاوے کی نہیں ہوتی۔ اسکی جڑیں چین اور ھندستان کے ملا کر 90 کروڑ لوگوں کے دلوں میں گہری گئی ہوئی ھیں۔ ہم دونوں میں ایک دوسرے سے بدگمانی پیدا کرنے کی کسی طرح کی چال، کوئی جھوٹی افواھیں یا ایک کو دوسرے کی نگاہ میں گرانے کی کوشش ھماری متر تا کو نقصان نہیں پہونچا سکتی۔

چین کی جنتا دل سے شانتی کے پکش میں ہے۔ وہ یدھ کے خلاف ہے۔ وہ اپنی ماتر بھومی کے جیون کی شانتی کے ساتھ پھر سے رچنا کرنا چاھتی ہے۔ یہ سب اس کے دل کی باتیں ھیں۔ مجھے وشواس ہے کہ بھارت کی جنتا بھی یہی چاھتی ہے۔ اس لئے ہم دونوں کے دل ملے ہوئے ھیں۔

پیارے دوستو، اس طرح ھمارے دونوں کے ایک سے آدرش ھیں۔ ھماری ایک سی اچھائیں ھیں اور انہیں کے اوپر ھماری دوستی اور ھمارا سہیوگ قائم ہے۔

میرے پیارے ھندستانی بھائیو، اور بہنو، امن اور آزادی کی قیمت ٹھیک ٹھیک وہی سمجھ سکتا ہے جو جنگ کے اور اپنے اوپر دوسروں کے انیائے کے کڑوے نتیجے بھگت چکا ہو۔ پچھلے لگ بھگ ایک سو برس کے اندر باہر کے حملہ کرنے والوں نے چینی جنتا پر کافی ظلم ڈھائے ھیں۔ ھمیں بڑی بڑی سخت جنگوں میں سے نکلنا پڑا ہے۔ اس لئے ان سب مصیبتوں کے تجربے کے بعد آج جو ھمیں امن اور شانتی کے ساتھ زندگی بسر کرنے کا سواوسر ملا ہے اسکی ھمارے دل میں بہت بڑی قدر ہے۔ دیش کے کروڑوں آدمیوں نے زبردست سنگرام کر کے اور اپنی جان لڑا کر دیش میں امن قائم کیا ہے۔ اب ہم اس امن کی زندگی کو پھر سے کھونے کے لئے تیار نہیں ھیں۔ پچھلے چار برس کے اندر جب سے ھمارا دیش سچ مچ آزاد ہوا ہے چینی جنتا اپنی پوری شکتی اس بات کے لئے خرچ کر رہی ہے کہ دیش کی پیداوار پھر سے بڑھے، لوگوں کی ضرورتیں پوری ہوں اور ان کے رھن سہن کے ڈھنگ میں دھیرے دھیرے انتی ہو۔ اس سمے ھمارے دیش کی اگوائی یعنی دیش کے جیون کی باگ ان کے ہاتھوں میں ہے جو محنت کر کے اپنا پیٹ پالتے ھیں۔ ھمارے کسان اب اپنی اپنی زمین کے مالک ھیں۔ نتیجہ یہ کہ صدیوں سے جو مصیبتوں کی

शहरों में से है. हमें खुशी है कि इस शुभ अवसर पर हम इतने अधिक दोस्तों से मिल सके. चीनी जनता की तरफ़ से भाईचारे का शुभ सन्देश हम आपके पास ले कर आए हैं, और अपने डैलीगेशन की तरफ़ से और चीनी जनता की तरफ़ से मैं वह सन्देश आप तक पहुंचाना चाहता हूं. जिस जोश के साथ आपने हमारा स्वागत किया है, जो प्रेम आपने दरशाया है और जो ख़ातिरदारी आपने हमारी की है उसके लिये मैं भरे दिल से आपका शुक्रिया अदा करता हूं.

हमें इस बात की भी खुशी है और हम इसमें अपनी बड़ी इज़्ज़त समझते हैं कि हमें महात्मा गांधी के क़ायम किये हुए सेवाग्राम आश्रम जाने का मौक़ा मिला. महात्मा गांधी के नाम से चीनी जनता अच्छी तरह परिचित है. वह भारत के महान नेता थे. उन्हें अपने देश से भी प्रेम था, देशवासियों से भी प्रेम था और सब देशों की आज़ादी और स्वाधीनता से भी प्रेम था. अमन और शांति के वह सच्चे पुजारी थे, उसी तरह जिस तरह चीन और हिन्दुस्तान दोनों की सारी जनता अमन और शान्ति की पुजारी हैं.

मैं समझता हूं मुझे यहां इस समय इस बात के दुहराने की आवश्यकता नहीं है कि चीन और भारत में सैकड़ों और हज़ारों बरस से मित्रता का सम्बन्ध रहा है. और अब जबकि हम दोनों एक नए युग में प्रवेश कर रहे हैं हमारी इस पुरानी दोस्ती की परम्परा और भी तेज़ी के साथ आगे को बढ़ेगी. यह सब बातें अब चीन और हिन्दुस्तान दोनों देशों की जनता अच्छी तरह जान गई है. दोनों की यह इच्छा है कि हमारे मित्रता के सम्बन्ध दिन पर दिन गहरे होते जाएं. दोनों देशों की जनता अब अच्छी तरह समझती है कि पिछले ज़माने में हमारे धार्मिक, कल्चरी और आर्थिक या तिजारती सम्बन्ध कितने गहरे थे. हम चीनियों ने भारत से बहुत कुछ सीखा. भारत पर भी चीन का गहरा असर पड़ा. कुछ सदियों के लिये हम एक दूसरे से अलग हो गये. उस समय हम दोनों अपनी अपनी मुसीबतों में थे. अब इस नये युग में हम फिर से मिले हैं. बहुत दिनों के बिछुड़े हुए भाई जब फिर से मिलते हैं तो दोनों के दिलों का खुशी से भर जाना क़ुदरती है.

यहां मैं यह बात भी साफ़ कर देना चाहता हूं कि हम दोनों को और हम सब को उस झूठी दोस्ती से नफ़रत है जिसमें बराबरी का सम्बन्ध न हो और जिसकी ग़रज़ एक दूसरे को धोका देना हो. हम ऐसे राष्ट्रों के बीच संधि के भी सख़्त ख़िलाफ़ हैं जो दुनिया की दूसरी क़ौमों का बुरा चेतते हों.

شہروں میں سے ہے. ہمیں خوشی ہے کہ اس شبھ اوسر پر ہم اتنے ادھک دوستوں سے مل سکے. چینی جنتا کی طرف سے بھائی چارے کا شبھ سندیش ہم آپ کے پاس لےکر آئے ہیں، اور اپنے ڈیلی گیشن کی طرف سے اور چینی جنتا کی طرف سے میں وہ سندیش آپ تک پہونچانا چاہتا ہوں. جس جوش کے ساتھ آپ نے ہمارا سواگت کیا ہے، جو پریم آپ نے درشایا ہے اور جو خاطرداری آپ نے ہماری کی ہے اس کے لئے میں بھرے دل سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں.

ہمیں اس بات کی بھی خوشی ہے اور ہم اس میں اپنی بڑی عزت سمجھتے ہیں کہ ہمیں مہاتما گاندھی کے قائم کئے ہوئے سیواگرام آشرم جانے کا موقع ملا. مہاتما گاندھی کے نام سے چینی جنتا اچھی طرح پریچت ہے. وہ بھارت کے مہان نیتا تھے. انہیں اپنے دیش سے بھی پریم تھا، دیش واسیوں سے بھی پریم تھا اور سب دیشوں کی آزادی اور سوادھینتا سے بھی پریم تھا. امن اور شانتی کے وہ سچے پجاری تھے، اسی طرح جس طرح چین اور ہندستان دونوں کی ساری جنتا امن اور شانتی کی پجاری ہے.

میں سمجھتا ہوں مجھے یہاں اس سمے اس بات کے دہرانے کی آوشیکتا نہیں ہے کہ چین اور بھارت میں سیکڑوں اور ہزاروں برس سے مترتا کا سمبندھ رہا ہے. اور اب جب کہ ہم دونوں ایک نئے یگ میں پرویش کر رہے ہیں ہماری اس پرانی دوستی کی پرمپرا اور بھی تیزی کے ساتھ آگے کو بڑھیگی. یہ سب باتیں اب چین اور ہندستان دونوں دیشوں کی جنتا اچھی طرح جان گئی ہے. دونوں کی یہ اچھا ہے کہ ہمارے مترتا کے سمبندھ دن پر دن گہرے ہوتے جائیں. دونوں دیشوں کی جنتا اب اچھی طرح سمجھتی ہے کہ پچھلے زمانے میں ہمارے 'دھارمک' کلچری اور آرتھک یا تجارتی سمبندھ کتنے گہرے تھے. ہم چینیوں نے بھارت سے بہت کچھ سیکھا. بھارت پر بھی چین کا گہرا اثر پڑا. کچھ صدیوں کے لئے ہم ایک دوسرے سے الگ ہو گئے. اس سمے ہم دونوں اپنی اپنی مصیبتوں میں تھے. اب اس نئے یگ میں ہم پھر سے ملے ہیں. بہت دنوں کے بچھڑے ہوئے بھائی جب پھر سے ملتے ہیں تو دونوں کے دلوں کا خوشی سے بھر جانا قدرتی ہے.

یہاں میں یہ بات بھی صاف کر دینا چاہتا ہوں کہ ہم دونوں کو اور ہم سب کو اس جھوٹی دوستی سے نفرت ہے جس میں برابری کا سمبندھ نہ ہو اور جس کی غرض ایک دوسرے کو دھوکہ دینا ہو. ہم ایسے راشٹروں کے بیچ سندھی کے بھی سخت خلاف ہیں جو دنیا کی دوسری قوموں کا برا چیتتے ہیں.

जब आप हमारे यहां पहुंचे आपका स्वागत करने में हमारी सरकार ने हमारे साथ हिस्सा लिया. आप अपने मुल्क में आजाद, हम अपने मुल्क में आजाद.

आप यह खूब समझ लें हम जब आपको गले लगाते हैं, आप से हाथ मिलाते हैं, हिन्दी चीनी भाई भाई के नारे से आपका स्वागत करते हैं तो ऐसा करते देख कर हमारी सरकार की भी बाछें खिल जाती हैं. हम चाहे कितने ही कम क्यों न दिखाई दें, हम सब आपके स्वागत में दिल से शामिल हैं.

हमारे यहां के डाक्टर कोटनीस के साथ जो डाक्टर चोलकर चीन गए थे वह इसी नागपुर के रहने वाले थे. उस वक्त चीन में कोई सरकार रही हो, हम चीनी जनता के वह अहसान नहीं भूल सकते जो उन्होंने हमारे यहां के डाक्टरी मिशन के साथ किये. डाक्टर कोटनीस को तो चीनी जनता ने ऐसा अपनाया कि उन्होंने अपनी मिटटी चीन की मिट्टी में मिला दी. डाक्टर चोलकर जीवित हैं. आज के दिन वह पांडुचेरी में हैं. अगर यहां होते तो उन्हें हम आप से मिलाते, उनके घर ले चलते और यह बताते कि जब वह चीन से लौटे थे तो किस शान के साथ उस खातिर दारी और व्यौहार का जिक्र करते थे जो आप ने उनके साथ की.

हमारे पास कहने के लिये बेहद है. थोड़े में हमें आपसे यही कहना है कि हमें दुनिया को यह बताना है कि दुनिया हमें गले मिलते देख कर दुख न माने, खुशी मनाए, अपना शक दूर कर दे. हम दोनों के मिल जाने के बाद दुनिया चैन की बंसी बजायेगी, सुख की नींद सोवेगी, आनन्द के राग अलापेगी, खुशी का नाच नाचेगी, मुसर्रत के शामयाने के नीचे मुहब्बत के तराने गाएगी.

जय चीन, जय हिन्द !
इंदु शुंको यू-हवान, वान स्वे !

4. 1. '54. —भगवानदीन

جب آپ ہمارے یہاں پہونچے آپ کا سواگت کرنے میں ہماری سرکار نے ہمارے ساتھ حصہ لیا . آپ اپنے ملک میں آزاد' ہم اپنے ملک میں آزاد .

آپ یہ خوب سمجھ لیں ہم جب آپ کو گلے لگاتے ہیں' آپ سے ہاتھ ملاتے ہیں' ہندی چینی بھائی بھائی کے نعرے سے آپ کا سواگت کرتے ہیں تو ایسا کرتے دیکھکر ہماری سرکار کی بھی باچھیں کھل جاتی ہیں . ہم چاہے کتنے ہی کم کیوں نہ دکھائی دیں' ہم سب آپ کے سواگت میں دل سے شامل ہیں .

ہمارے یہاں کے ڈاکٹر کوٹنیس کے ساتھ جو ڈاکٹر چولکر چین گئے تھے وہ اسی ناگپور کے رہنے والے تھے . اس وقت چین میں کوئی سرکار رہی ہو' ہم چینی جنتا کے وہ احسان نہیں بھول سکتے جو انہوں نے ہمارے یہاں کے ڈاکٹری مشن کے ساتھ کئے . ڈاکٹر کوٹنیس کو تو چینی جنتا نے ایسا اپنایا کہ انہوں نے اپنی مٹی چین کی مٹی میں ملا دی . ڈاکٹر چولکر جیوت ہیں . آج کے دن وہ پانڈوچیری میں ہیں . اگر یہاں ہوتے تو انہیں ہم آپ سے ملاتے' ان کے گھر لے چلتے اور یہ بتاتے کہ جب وہ چین سے لوٹے تھے تو کس شان کے ساتھ اس خاطرداری اور بیوہار کا ذکر کرتے تھے جو آپ نے ان کے ساتھ کی .

ہمارے کہنے کے لئے بے حد ہے . تھوڑے میں ہمیں آپ سے یہی کہنا ہے کہ ہمیں دنیا کو یہ بتانا ہے کہ دنیا ہمیں گلے ملتے دیکھکر دکھ نہ مانے' خوشی منائے' اپنا شک دور کر دے . ہم دونوں کے مل جانے کے بعد دنیا چین کی بنسی بجائے گی' سکھ کی نیند سوئے گی' آنند کے راگ الاپے گی' خوشی کا ناچ ناچے گی' مسرت کے شامیانے کے نیچے محبت کے ترانے گائے گی .

جے چین جے ہند !
اندو شنکو یوہوان' وان شوے !

4. 1. '54. —بھگوان دین

4 जनवरी 1954 को नागपुर के आम जलसे में चीनी कलचरल डेलीगेशन के नेता श्री तिंग सी लिन का भाशन

सदर साहब और प्यारे मित्रो,

हम लोग पीकिंग के चीन हिन्द मित्रता संघ के प्रतिनिधि बन कर यहां आए हैं. हमें इस बात की बेहद खुशी है और हम इसमें अपना बड़ा मान अनुभव करते हैं कि हमें आपके शहर नागपुर में आने का शुभ अवसर मिला. आप का शहर हिन्दुस्तान के मशहूर से मशहूर

4 جنوری 1954 کو ناگپور کے عام جلسے میں چینی کلچرل ڈیلیگیشن کے نیتا شری تنگ سی لن کا بھاشن

صدر صاحب اور پیارے مترو'

ہم لوگ پیکنگ کے چین ہند مترتا سنگھ کے پرتی ندھی بنکر یہاں آئے ہیں . ہمیں اس بات کی بے حد خوشی ہے اور ہم اس میں اپنا بڑا مان انوبھو کرتے ہیں کہ ہمیں آپ کے شہر ناگپور میں آنے کا شبھ اوسر ملا . آپ کا شہر ہندستان کے مشہور سے مشہور

आपका स्वागत करते हुए हम दुनिया को यह विश्वास लाना चाहते हैं कि हम जिस दिन एक दिल हो जायेंगे दिन दुनिया से युद्ध नेस्त नाबूद हो जायगा, पासपोर्ट बला उठ जायगी, दुनिया की नागरिकता जन्म लेगी, बाज़ारों की आपाधापी ख़तम हो जायगी, मुल्क क की हदें इस तरह मिट जायेंगी कि यह पता लगाना किल हो जायगा कि चीन कहां तक है और हिन्द कहां क, रूस कहां तक है और ईरान कहां तक. काले, गोरे, ल, पीले का भेद इस तरह मिट जायगा जिस तरह चीन एक कुटुम्ब में कई धर्म मिल कर रहते हैं और पहचाने ीं पड़ते. दुनिया के हर घर में सब रंग हिलमिल कर सकेंगे. हर घर गुलदस्ता बन जायगा.

हममें दोस्ती न हो तब दुनिया को हम पर उंगली ाने का हक़ है क्योंकि प्रकृति ने हमको एक दूसरे से लग रहने के लिये नहीं बनाया. नक़्शे को उठा कर खिये साफ़ दिखाई देगा चीन और भारत दो जुड़वां नें हैं. कन्धे से कूल्हे तक मिली खड़ी हैं. 2000 मील क हमारी हद मिलती है फिर यह सवाल ही नहीं पैदा ता कि हममें से कोई दोस्ती के लिये हाथ बढ़ाए. मिले थों के लिये हाथ बढ़ाने की बात कैसी ?

दुनिया का कोई इतिहासज्ञ हमें यह तो बताये कि क्या म कभी एक दूसरे से लड़े हैं ? कभी किसी ने एक दूसरे र चढ़ाई की है ? हां, कहते हैं एक बार हिन्दुस्तान के एक ध बादशाह को चीन पर चढ़ाई की सूझी थी. उसे मुंह की कर लौटना पड़ा था. हिमालय पहाड़ ने उसे वह सीख ी कि फिर किसी ने कभी वैसी भूल न की. जब यहां देशियों का राज था तब उन विदेशियों ने भी इस तरह ी भूल की थी. पर जैसे ही हमारे देश की बागडोर हमारे ाथों में आई हमने एक क़लम से उस भूल को सुधार ाया. दुनिया के कुछ मुल्कों ने हमारे प्रधानमंत्री को, सके लिये ग़लत समझा पर आज सारी दुनिया उनको ीक समझती है और उनकी विदेशी नीति का लोहा ानती है.

तिब्बत और चीन और हिन्दुस्तान के बीच की हद को ेकर आए दिन कुछ मनचले मुल्क और मनचले पत्रकार नये नये गुल खिलाते रहते हैं. पर हुकूमत की नाव की तवार जिसके हाथ में है वह उन गुल खिलाने वालों की रफ़ देख देख कर हंसता रहता है और अपना चप्पू चलाता रहता है.

चीनी भाइयो, आप चीन से चीनी जनता के भेजे आए , हिन्दुस्तानी जनता के बुलाए आए हैं. चीन की हुकूमत आपकी, हिन्दुस्तान की हमारी. आप जब चीन से चले चीन की सरकार ने आपको सब तरह का सुभीता दिया.

آپ کا سواگت کرتے ہم دنیا کو یہ وشواس دلانا چاہتے ہیں کہ ہم جس دن ایک دل ہو جائینگے اُس دن دنیا سے یدھ نیست و نابود ہو جائیگا' پاسپورٹ کی بلا اُٹھ جائیگی' دنیا کی ناگرکتا جنم لے لے گی' بازاروں کی اپادھاپی ختم ہو جائے گی' ملک ملک کی حدیں اِس طرح مٹ جاوینگی کہ یہ پتہ لگانا مشکل ہو جائے گا کہ چین کہاں تک ہے اور ہند کہاں تک' روس کہاں تک ہے اور ایران کہاں تک. کالے' گورے' لال' پیلے کا بھید اِس طرح مٹ جائے گا جس طرح چین میں ایک کٹمب میں کئی دھرم ملکر رہتے ہیں اور پہچانے نہیں پڑتے. دنیا کے ہر گھر میں سب رنگ ہل مل کر رہ سکینگے. ہر گھر گلدستہ بن جائے گا.

ہم میں دوستی نہ ہو تب دنیا کو ہم پر اُنگلی اُٹھانے کا حق ہے کیونکہ پرکرتی نے ہم کو ایک دوسرے سے الگ رہنے کے لئے نہیں بنایا. نقشے کو اُٹھا کر دیکھئے صاف دکھائی دے گا چین اور بھارت دو جڑواں بہنیں ہیں. کندھے سے کولہے تک ملی کھڑی ہیں. 2000 میل تک ہماری حد ملتی ہے پھر یہ سوال ہی نہیں پیدا ہوتا کہ ہم میں سے کوئی دوستی کے لئے ہاتھ بڑھائے. ملے ہاتھوں کے لئے ہاتھ بڑھانے کی بات کیسی ؟

دنیا کا کوئی اِتہاسگیہ ہمیں یہ تو بتائے کہ کیا ہم کبھی ایک دوسرے سے لڑے ہیں ؟ کبھی کسی نے ایک دوسرے پر چڑھائی کی ہے ؟ ہاں' کہتے ہیں ایک بار ہندستان کے ایک نئے بادشاہ کو چین پر چڑھائی کی سوجھی تھی. اسے منہ کی کھا کر لوٹنا پڑا تھا. ہمالیہ پہاڑ نے اسے وہ سیکھ دی کہ پھر کسی نے ویسی بھول نہ کی. جب یہاں ودیشیوں کا راج تھا تب اُن ودیشیوں نے بھی اسطرح کی بھول کی تھی. پر جیسے ہی ہمارے دیش کی باگ ڈور ہمارے ہاتھوں میں آئی ہم نے ایک قلم سے اُس بھول کو سدھار لیا. دنیا کے کچھ ملکوں نے ہمارے پردھان منتری کو اِس کے لئے غلط سمجھا. پر آج ساری دنیا اُن کو ٹھیک سمجھتی ہے اور اُن کی ودیشی نیتی کا لوہا مانتی ہے.

تبت اور چین اور ہندستان کے بیچ کی حد کو لے کر آئے دن کچھ من چلے ملک اور کچھ منچلے پترکار نئے نئے گل کھلاتے رہتے ہیں. پر حکومت کی ناؤ کی پتوار جس کے ہاتھ میں ہے وہ اُن گل کھلانے والوں کی طرف دیکھ دیکھ کر ہنستا رہتا ہے اور اپنا چپو چلاتا رہتا ہے.

چینی بھائیو' آپ چین سے چینی جنتا کے بھیجے آئے ہیں' ہندستانی جنتا کے بلائے آئے ہیں. چین کی حکومت آپ کی' ہندستان کی ہماری. آپ جب چین سے چلے چین کی سرکار نے آپ کو سب طرح کا سوبھیتا دیا.

भेज कर हम पर किया था. उन्होंने हमारे उस इतिहास को जीवित रखा जिसको जानकर हम आज दुनिया के सामने अपनी गरदन ऊंची किये हैं. आपके देश ने हमारा वह युग आंखों देखा है जब यहां सोना बरसता था, कोई भी सोना उछालता खुश खुश निकल सकता था. हमारा वह युग भी आपने देखा है जब यहां दूध की प्याऊ थी और गोरस की गंगा बहती थी.

हम अपनी पुरानी दोस्ती ताजा कर रहे हैं. कोई हमारी दोस्ती को शक की निगाह से क्यों देखे ? हम केवल राजनीतिक आधार पर दोस्त नहीं बन रहे हैं. उस आधार को हम जियादा मजबूत नहीं समझते. वह जियादा टिकाऊ नहीं होती. जो जरमनी, दूसरी लड़ाई शुरू होते होते, रूस के साथ था वह दूसरी लड़ाई का निपटारा होने से पहले रूस से लड़ रहा था, अपनी दुर्गत करा रहा था. यही हाल जापान का था.

हम नैतिक दोस्ती में विश्वास रखते हैं. हम सांस्कृतिक आदान प्रदान में विश्वास रखते हैं. इसी आधार पर हम दोनों मिल रहे हैं. यह दोस्ती टिकाऊ होती है. इसमें यह होगा—आप हमारे यहां की कला सीख रहे हैं, हम आपके यहां की कला. आप हमारी भाषा सीख रहे हैं, हम आपकी भाषा. आप हमारे यहां का नाच गाना देख रहे हैं, हम आपके यहां का. न आपके जहाजों में गोला बारूद भर कर हमारे यहां आ रहा है, न हमारे यहां से लड़ाई का सामान लद कर आपके यहां जा रहा है.

आपके देश की ईमानदारी, सादगी और जनसेवा, और हमारे यहां के सत्य, अहिंसा इत्यादि हम दोनों से यह चाहते हैं कि हम दुनिया से गोला बारूद को इस तरह मिटा दें कि अगली सन्तान जब इन शब्दों को सुने तो वह इनके मानी न समझ पाए. वह अपने बड़े बूढ़ों और गुरुओं से पूछे कि गोला बारूद क्या चीज हुआ करती थी.

हम दोनों का धर्म हमें यह नहीं सिखाता कि हम दुनिया से अपने दुश्मनों को मिटा दें या एक भी दुश्मन को, अपना दिल दुखाये बिना, जान लें. हम दोनों अच्छी तरह समझते हैं, दुश्मनों को काटना पेड़ के पत्ते काटना है, जड़ काटना नहीं. पत्ते काटने से पेड़ बढ़ता है. एक दुश्मन कट कर सौ दुश्मन छोड़ जाता है. किसे नहीं मालूम एक दाना दफ्न हो कर सैकड़ों दानों में बदल जाता है. हम दोनों इस लिये दोस्त बन रहे हैं कि उस जड़ को नेस्त नाबूद कर दें. जिसके पेड़ का फल दुश्मन है, वह जड़ है, दुश्मनी. हम दुश्मनी मिटाना चाहते हैं, दुश्मन नहीं.

بھیج کر ہم پر کیا تھا. انہوں نے ہمارے اس اتہاس کو جیوت رکھا جس کو جان کر ہم آج دنیا کے سامنے اپنی گردن اونچی کئے ہیں. آپ کے دیش نے ہمارا وہ یگ آنکھوں دیکھا ہے جب یہاں سونا برستا تھا، کوئی بھی سونا اچھالتا خوش خوش نکل سکتا تھا. ہمارا وہ یگ بھی آپ نے دیکھا ہے جب یہاں دودھ کی پیاؤ تھی اور گورس کی گنگا بہتی تھی.

ہم اپنی پرانی دوستی تازہ کر رہے ہیں. کوئی ہماری دوستی کو شک کی نگاہ سے کیوں دیکھے؟ ہم کیول راج نیتک آدھار پر دوست نہیں بن رہے ہیں. اس آدھار کو ہم زیادہ مضبوط نہیں سمجھتے. وہ زیادہ ٹکاؤ نہیں ہوتی. جو جرمنی، دوسری لڑائی شروع ہوتے ہوتے، روس کے ساتھ تھا وہ دوسری لڑائی کا نپٹارا ہونے سے پہلے روس سے لڑ رہا تھا، اپنی درگت کرا رہا تھا. یہی حال جاپان کا تھا.

ہم نیتک دوستی میں وشواس رکھتے ہیں. ہم سانسکرتک آدان پردان میں وشواس رکھتے ہیں. اسی آدھار پر ہم دونوں مل رہے ہیں. یہ دوستی ٹکاؤ ہوتی ہے. اس میں یہ ہوگا—آپ ہمارے یہاں کی کلا سیکھ رہے ہیں، ہم آپ کے یہاں کی کلا. آپ ہماری بھاشا سیکھ رہے ہیں، ہم آپ کی بھاشا. آپ ہمارے یہاں کا ناچ گانا دیکھ رہے ہیں، ہم آپ کے یہاں کا. نہ آپ کے جہازوں میں گولہ بارود بھر کر ہمارے یہاں آ رہا ہے، نہ ہمارے یہاں سے لڑائی کا سامان لد کر آپ کے یہاں جا رہا ہے.

آپ کے دیش کی ایمانداری، سادگی اور جن سیوا اور ہمارے یہاں کے ستیہ، اہنسا اتیادی ہم دونوں سے یہ چاہتے ہیں کہ ہم دنیا سے گولہ بارود کو اس طرح مٹا دیں کہ اگلی سنتان جب ان شبدوں کو سنے تو وہ ان کے معنی نہ سمجھ پائے. وہ اپنے بڑے بوڑھوں اور گوروؤں سے پوچھے کہ گولہ بارود کیا چیز ہوا کرتی تھی.

ہم دونوں کا دھرم ہمیں یہ نہیں سکھاتا کہ ہم دنیا سے اپنے دشمنوں کو مٹا دیں یا ایک بھی دشمن کی، اپنا دل دکھائے بنا، جان لیں. ہم دونوں اچھی طرح سمجھتے ہیں، دشمنوں کو کاٹنا پیڑ کے پتے کاٹنا ہے، جڑ کاٹنا نہیں. پتے کاٹنے سے پیڑ بڑھتا ہے. ایک دشمن کٹ کر سو دشمن چھوڑ جاتا ہے. کسے نہیں معلوم ایک دانہ دفن ہو کر سیکڑوں دانوں میں بدل جاتا ہے. ہم دونوں اس لئے دوست بن رہے ہیں کہ اس جڑ کو نیست نابود کر دیں جس کے پیڑ کا پھل دشمن ہے، وہ جڑ ہے دشمنی. ہم دشمنی مٹانا چاہتے ہیں، دشمن نہیں.

वह जगह न मिल जाय जिस के आप हक़दार शुरू से हैं. आप का स्वागत करते हम दुनिया के सामने यह ऐलान करना चाहते हैं कि हम लड़ाई खड़ी करने के लिये नहीं मिल रहे हैं. आपने हमने मिल कर या अलग अलग कभी किसी दूसरे देश पर चढ़ाई की ही कब ? दूसरों को नुक़सान पहुंचाने के लिये अपनी बस्तियां बसाई ही कब ? फिर हम दोनों मिलने के बाद दुनिया में शान्ती फैलाने के सिवाय और सोच ही क्या सकते हैं.

हम मकड़ी की तरह दुनिया के कोने कोने में लड़ाई के अड्डों का जाल पूरने की बात नहीं सोच रहे हैं, हम तो जगह जगह दोस्ती और शान्ती के मन्दिर खड़े करना चाहते हैं.

आपका स्वागत कर के हम पच्छिमी देशों को यह बता देना चाहते हैं कि उन्होंने जो 'पीले भय' (Yellow Peril) का भूत अपने लिये खड़ा कर रक्खा है, वह कहीं है ही नहीं. पीली बला अब पीली सद्भावना है. पीला भय अब पीला प्यार है. क्या दुनिया के देश यह नहीं देखते कि चीन अभी अभी बड़ी बड़ी तकलीफ़ों में से सुर्खरु हो कर निकला है. तमतमाते चहरे से उभरा है, अब वह पीला है कहां ? वह अब सुर्ख़ है ! डरने की ज़रूरत नहीं !

हम विश्वास के साथ कह सकते हैं जिस चीन ने हमारे बुद्ध भगवान को अपनाया, वह महात्मा गांधी को न अपनाये यह हो ही नहीं सकता.

हमें तो आप गांधी के अनुयायी जंचते हैं, भले ही नई सरकार के बनते वक़्त चीन की कुछ ज़मीन ख़ून से रंग गई हो, जहां तक हमें पता है जो ज़मीन चीन की लाल हुई उसके लिये आप ख़ुश नहीं, दुख मानते हैं आपका बस चलता तो आप एक बूंद ख़ून न गिरने देते, पर वैसा न हो सका.

चीन के राष्ट्रपिता माओत्से तुंग के तीन सिद्धांत— 'ईमानदारी, सादगी, और जन सेवा' में 'सत्य और अहिंसा' समाई है. हिंद के राष्ट्रपिता गांधी के यही दो मूल सिद्धांत थे. उनके बाक़ी नो व्रत भी इन तीनों में समा जाते हैं. फिर हम क्यों न कहें कि आपने हमारी तरह हमारे राष्ट्रपिता के सिद्धांतों को अपना लिया.

हमें विश्वास है आनेवाली दुनिया माओत्से तुंग को जितना चीन के मुक्तिदाता के नाते याद रखेगी, उससे कहीं ज़ियादा एशिया के एक महान विचारक के नाते याद रखेगी.

हम मुद्दतों आपस में मिलते जुलते रहे हैं, सीखते सिखाते रहे हैं. हम चीन का वह ऐहसान कभी नहीं भूल सकते जो उसने सैकड़ों बरस तक अपने यात्री हिन्दुस्तान

وہ جگہ نہ مل جائے جس کے آپ حقدار شروع سے ہیں. آپ کا سواگت کرتے ہم دنیا کے سامنے یہ اعلان کرنا چاہتے ہیں کہ ہم لڑائی کھڑی کرنے کے لئے نہیں مل رہے ہیں. آپ نے ہم نے ملکر یا الگ الگ کبھی کسی دوسرے دیش پر چڑھائی کی ہی کب ؟ دوسروں کو نقصان پہونچانے کے لئے اپنی بستیاں بسائیں ہی کب ؟ پھر ہم دونوں ملنے کے بعد دنیا میں شانتی پھیلانے کے سوائے اور سوچ ہی کیا سکتے ہیں ۔

ہم مکڑی کی طرح دنیا کے کونے کونے میں لڑائی کے اڈوں کا جال پورنے کی بات نہیں سوچ رہے ہیں' ہم تو جگہ جگہ دوستی اور شانتی کے مندر کھڑے کرنا چاہتے ہیں ۔

آپکا سواگت کرکے ہم پچھمی دیشوں کو یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ انہوں نے جو 'پیلے بھئے' (Yellow Peril) کا بھوت اپنے لئے کھڑا کر رکھا ہے' وہ کہیں ہے ہی نہیں. پیلی بلا اب پیلی سدبھاونا ہے ۔ پیلا بھئے اب پیلا پیار ہے ۔ کیا دنیا کے دیش یہ نہیں دیکھتے کہ چین ابھی ابھی بڑی بڑی تکلیفوں میں سے سرخرو ہوکر نکلا ہے ۔ تمتماتے چہرے سے اُبھرا ہے ۔ اب وہ پیلا ہے کہاں ؟ وہ اب سرخ ہے ! ڈرنے کی ضرورت نہیں !

ہم وشواس کے ساتھ کہہ سکتے ہیں جس چین نے ہمارے بدھ بھگوان کو اپنایا' وہ مہاتما گاندھی کو نہ اپنائے یہ ہو ہی نہیں سکتا ۔

ہمیں تو آپ گاندھی کے انویائی جنچتے ہیں' بھلے ہی نئی سرکار کے بنتے وقت چین کی کچھ زمین خون سے رنگ گئی ہو' جہاں تک ہمیں پتہ ہے جو زمین چین کی لال ہوئی اس کے لئے آپ خوش نہیں' دکھ مانتے ہیں. آپکا بس چلتا تو آپ ایک بوند خون نہ گرنے دیتے' پر ویسا نہ ہوسکا ۔

چین کے راشٹر پتا ماؤتسے تنگ کے تین سدھانت— 'ایمانداری' سادگی' اور جن سیوا' میں 'ستیہ اور اہنسا' سمائی ہے ۔ ہند کے راشٹر پتا گاندھی کے یہی دو مول سدھانت تھے ۔ اُن کے باقی نو ورت بھی اِن تینوں میں سما جاتے ہیں ۔ پھر ہم کیوں نہ کہیں کہ آپ نے ہماری طرح ہمارے راشٹر پتا کے سدھانتوں کو اپنا لیا ۔

ہمیں وشواس ہے آنے والی دنیا ماؤتسے تنگ کو جتنا چین کے مکتی داتا کے ناتے یاد رکھے گی' اس سے کہیں زیادہ ایشیا کے ایک مہان وچارک کے ناتے یاد رکھے گی.

ہم مدتوں آپس میں ملتے جلتے رہے ہیں' سیکھتے سکھاتے رہے ہیں. ہم چین کا وہ احسان کبھی نہیں بھول سکتے جو اس نے سیکڑوں برس تک اپنے یاتری ہندستان

रोकता है आपकी बोली का हमारा अज्ञान और रोकती है सात समंदर पार की भाषा, अंगरेज़ी. हम अंगरेज़ी जानते हैं, पर पड़ोसी चीन की बोली न समझ सकते हैं, न बोल सकते हैं ! तसल्ली इतनी है, कि आप भी हमारी बोली नहीं जानते.

"हिन्दी चीनी भाई भाई" "हिन्द चीन मित्रता ज़िन्दाबाद" के नारे नये हैं, पर बिल्कुल नये नहीं हैं. वह नई बोतल में पुरानी शराब हैं.

हम दोस्त थे, भाई थे, हैं और रहेंगे. क्या हुआ अगर समय के उलट फेर ने कुछ दिनों के लिये हमें यह भुला दिया कि हम भाई हैं और दोस्त हैं.

समय का यह उलट फेर न हुआ होता तो आज नागपुर चीनी बोली में आपका स्वागत करता, और आप हिन्दी में उसका जवाब देते. न सही आज यह सुभीता, वह दिन दूर नहीं जब यही हो कर रहेगा जिसे हम दोनों चाहते हैं.

आप हमारे पड़ोसी देश चीन से आ रहे हैं. बताइये, हमारे काका माओत्से तुंग किस तरह हैं ? भाई चाऊ एन लाई की तबियत कैसी है ? हमारे चीनी भाई बहन किस तरह हैं ? कोरिया युद्ध का बोझ जो उनके सिर पर था और जो अभी पूरा पूरा तो नहीं पर कुछ हलका हुआ है इसका अनुभव हमारे चीनी भाइयों को कैसा रहा, और अब कैसा है ?

आपसे मिल कर हमारी खुशी वह रूप ले लेती है जो बच्चे की खुशी उस वक़्त लेती है जब वह मां से बिछुड़कर फिर मिलता है. शायद इसकी वजह यह है कि हम पुराने दोस्त और भाई हैं. बीच में विदेशी हकूमत के कारन अलग अलग पड़ गये थे. आज बिछुड़े फिर मिल रहे हैं.

हम आप से कुछ पहले आज़ाद हुए. आज़ाद होते ही हमारी नज़र आप पर गई. आपके देश में जल्दी ही ऐसी हकूमत बन गई जो हर तरह आपकी अपनी है. उसे सबसे पहले बरमा ने क़बूल किया. बरमा बरसों हिन्दुस्तान का हिस्सा रहा है. उसका क़बूलना हमारा क़बूलना था. हमने ख़ुद भी आपकी सरकार को माना. उसके बाद दुनिया में हवा चल पड़ी. मुल्क के बाद मुल्क जल्दी जल्दी आपको मानने लगे. ठीक है कुछ मुल्क आज भी आपकी सरकार को मान्यता नहीं देते पर हमें भी चैन कहां ? जब तक दुनिया के सब देश आपकी सरकार को मान्यता न दें, हिन्दुस्तान जी जान से उस के लिये कोशिश करता रहेगा.

इस में शक नहीं, हमें यू. एन. ओ. में जगह मिली हुई है, उसकी जनरल असेम्बली की गद्दी भी हमें हासिल है. वह गद्दी हमें गुदगुदी नहीं मालूम होती, चुभती है, उस वक़्त तक चुभती रहेगी जब तक यू. एन. ओ. में आपको

روکتا ہے آپ کی بولی کا ہمارا اگیان اور روکتی ہے سات سمندر پار کی بھاشا، انگریزی ۔ ہم انگریزی جانتے ہیں، پر پڑوسی چین کی بولی نہ سمجھ سکتے ہیں، نہ بول سکتے ہیں ! تسلی اِتنی ہے، کہ آپ بھی ہماری بولی نہیں جانتے ۔

"ہندی چینی بھائی بھائی" "ہند چین متر تا زندہ باد" کے نعرے نئے ہیں، پر بالکل نئے نہیں ہیں ۔ وہ نئی بوتل میں پرانی شراب ہیں ۔

ہم دوست تھے بھائی تھے، ہیں اور رہیں گے ۔ کیا ہوا اگر سمے کے اُلٹ پھیر نے کچھ دنوں کے لئے ہمیں یہ بھلا دیا کہ ہم بھائی ہیں اور دوست ہیں ۔

سمے کا یہ اُلٹ پھیر نہ ہوا ہوتا تو آج ناگپور چینی بولی میں آپ کا سواگت کرتا، اور آپ ہندی میں اُس کا جواب دیتے ۔ نہ سہی آج یہ سوبھیتا، وہ دن دور نہیں جب یہی ہوکر رہے گا جسے ہم دونوں چاہتے ہیں ۔

آپ ہمارے پڑوسی دیش چین سے آرہے ہیں ۔ بتائیے ہمارے کاکا ماؤتسے تنگ کس طرح ہیں ؟ بھائی چاؤ این لائی کی طبیعت کیسی ہے ؟ ہمارے چینی بھائی بہن کس طرح ہیں؟ کوریا یدھ کا بوجھا جو اُن کے سر پر تھا اور جو ابھی پورا پورا تو نہیں پر کچھ ہلکا ہوا ہے اِس کا انوبھو ہمارے چینی بھائیوں کو کیسا رہا، اور اب کیسا ہے ؟

آپ سے ملکر ہماری خوشی وہ روپ لے لیتی ہے جو بچے کی خوشی اُس وقت لیتی ہے جب وہ ماں سے بچھڑکر پھر ملتا ہے ۔ شاید اُسکی وجہ یہ ہے کہ ہم پرانے دوست اور بھائی ہیں ۔ بیچ میں ودیشی حکومت کے کارن الگ الگ پڑگئے تھے. آج بچھڑے پھر مل رہے ہیں ۔

ہم آپ سے کچھ پہلے آزاد ہوئے ۔ آزاد ہوتے ہی ہماری نظر آپ پر گئی ۔ آپ کے دیش میں جلدی ہی ایسی حکومت بن گئی جو ہر طرح آپکی اپنی ہے ۔ اسے سب سے پہلے برما نے قبول کیا. برما برسوں ہندستان کا حصہ رہا ہے ۔ اُس کا قبولنا ہمارا قبولنا تھا. ہم نے خود بھی آپکی سرکار کو مانا ۔ اُس کے بعد دنیا میں ہوا چل پڑی ۔ ملک کے بعد ملک جلدی جلدی آپکو ماننے لگے ۔ ٹھیک ہے کچھ ملک آج بھی آپ کے سرکار کو مانیتا نہیں دیتے پر ہمیں بھی چین کہاں ؟ جب تک دنیا کے سب دیش آپکی سرکار کو مانیتا نہ دیں، ہندستان جی جان سے اُس کے لئے کوشش کرتا رہیگا ۔

اِس میں شک نہیں، ہمیں یو. این. او. میں جگہ ملی ہوئی ہے، اُسکی جنرل اسمبلی کی گدی بھی ہمیں حاصل ہے. وہ گدی ہمیں گدگدی نہیں معلوم ہوتی، چبھتی ہے، اُس وقت تک چبھتی رہیگی جب تک یو. این. او. میں آپکو

कलकत्ता (हिन्दुस्तान)
12 जनवरी '54

प्रेज़ीडैन्ट चायना इंडिया फ्रेन्डशिप ऐसोसिएशन पीकिंग—से
प्रेज़ीडैन्ट इंडिया चायना फ्रेन्डशिप ऐसोसिएशन नई दिल्ली—के नाम

मेरे प्यारे पंडित सुन्दरलाल,

पांच सप्ताह तक भारत में दौरा करने के बाद अब हम लोग इस महान देश को छोड़ कर अपने देश वापिस जा रहे हैं. आपने जिस प्रेम के साथ हमें बुलाया, जिस सुन्दरता के साथ हमारे दौरे का प्रोग्राम बनाया और जिस मोहब्बत के साथ हमारी ख़ातिरदारी की उस सब के लिये इस बिदाई के वक़्त में अपने डैलीगेशन की तरफ़ से इंडिया चायना फ्रेन्डशिप ऐसोसियेशन की नेशनल कमेटी का और निजी तौर पर आप का तहे दिल से शुक्रिया अदा करता हूं.

ऐसा लगता है हम भारत में बहुत कम ठहरे. इस वजह से हमें इसका सचमुच बड़ा दुख है कि जहां जहां से हमें बुलावा आया हम उन सब जगह नहीं जा सके. फिर भी आपकी ऐसोसिएशन की नेशनल कमैटी की कोशिशों और जगह जगह मुक़ामी ऐसोसिएशनों की कोशिशों के कारन और बहुत से हिन्दुस्तानी दोस्तों ने इस दौरे में जिस जोश के साथ मदद दी उस सब की बदौलत हमारे इस दौरे को बहुत शानदार कामयाबी मिली. इस में कोई शक नहीं कि चीन और हिन्दुस्तान दोनों मुल्कों में चीन हिन्द दोस्ती की तहरीक को इस से बहुत ज़बरदस्त बढ़ावा मिलेगा.

जहां तक हमारे डैलीगेशन के मैम्बरों की बात है वहां तक यह पांच हफ़्ते का समय, फूलों की मालाएं, ज़िन्दाबाद के नारे, प्यार भरी मुलाक़ातें, गले मिलना और आंसुओं का टपकना, कभी भुलाया नहीं जासकता. हमारे दिलों से इन चीज़ों की याद कभी फीकी नहीं पड़ सकती.

मुझे अब यह ख़त बन्द करना पड़ता है. बहुत बहुत शुक्रिया और बहुत बहुत प्यार !

हमेशा आपका,
तिंग सी लिन.

नागपुर में चीनी कलचरी डेलीगेशन

[वह भाशन जो नागपुर निवासियों की ओर से चीनी कलचरी डेलीगेशन का स्वागत करते हुए 4. 1. '54 को नागपुर में दिया गया.]

चीनी दोस्तो,

आपका स्वागत करते हुए हम सब का दिल अंदर से उमड़ता है. उस उमड़न को शब्दों में नहीं कहा जा सकता. हां, यह कहा जा सकता है कि उसको रोकता कौन है. उसे

کلکتہ (ہندستان)
12 جنوری '54

پریزیڈنٹ چائنا انڈیا فرینڈشپ ایسوسی ایشن پیکنگ—سے
پریزیڈنٹ انڈیا چائنا فرینڈشپ ایسوسی ایشن نئی دلی—کے نام

میرے پیارے پنڈت سندر لال'

پانچ سپتاہ تک بھارت میں دورہ کرنے کے بعد اب ہم لوگ اس مہان دیش کو چھوڑ کر اپنے دیش واپس جا رہے ہیں . آپ نے جس پریم کے ساتھ ہمیں بلایا' جس سندرتا کے ساتھ ہمارے دورہ کا پروگرام بنایا اور جس محبت کے ساتھ ہماری خاطرداری کی اس سب کے لئے اس بدائی کے وقت میں اپنے ڈیلی گیشن کی طرف سے انڈیا چائنا فرینڈشپ ایسوسی ایشن کی نیشنل کمیٹی کا اور نجی طور پر آپ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں .

ایسا لگتا ہے ہم بھارت میں بہت کم ٹھہرے. اس وجہ سے ہمیں اس کا سچ مچ بڑا دکھ ہے کہ جہاں جہاں سے ہمیں بلاوا آیا ہم ان سب جگہ نہیں جاسکے. پھر بھی آپ کی ایسوسی ایشن کی نیشنل کمیٹی کی کوششوں اور جگہ جگہ مقامی ایسوسی ایشنوں کی کوششوں کے کارن اور بہت سے ہندستانی دوستوں نے اس دورہ میں جس جوش کے ساتھ مدد دی اس سب کی بدولت ہمارے اس دورہ کو بہت شاندار کامیابی ملی . اس میں کوئی شک نہیں کہ چین اور ہندستان دونوں ملکوں میں چین ہند دوستی کی تحریک کو اس سے بہت زبردست بڑھاوا ملے گا .

جہاں تک ہمارے ڈیلی گیشن کے ممبروں کی بات ہے وہاں تک یہ پانچ ہفتے کا سمے' پھولوں کی مالائیں' زندہ باد کے نارے' پیار بھری ملاقاتیں' گلے ملنا اور آنسوؤں کا ٹپکنا' کبھی بھلایا نہیں جاسکتا. ہمارے دلوں سے ان چیزوں کی یاد کبھی پھیکی نہیں پڑسکتی .

مجھے یہ خط اب بند کرنا پڑتا ہے . بہت بہت شکریہ اور بہت بہت پیار !

ہمیشہ آپ کا'
تنگ سی لن .

ناگپور میں چینی کلچری ڈیلیگیشن

[وہ بھاشن جو ناگپور نواسیوں کی اور سے چینی کلچری ڈیلیگیشن کا سواگت کرتے ہوئے 4 . 1 . '54 کو ناگپور میں دیا گیا .]

چینی دوستو'

آپ کا سواگت کرتے ہوئے ہم سب کا دل اندر سے اومڑتا ہے . اس امڑن کو شبدوں میں نہیں کہا جاسکتا . ہاں' یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس کو روکتا کون ہے . اسے

हमारी राय | ہماری رائے

चीनी कलचरी डैलीगेशन के सम्बन्ध के दो खत

145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.
4 जनवरी '54.

प्रेज़ीडैन्ट इंडिया चायना फ्रैन्डशिप ऐसोसिएशन, नई दिल्ली—से.

प्रेज़ीडैन्ट चायना इंडिया फ्रैन्ड शिप ऐसोसिएशन पीकिंग—के नाम

मेरे प्यारे भाई तिंग सी लिन,

इस देश से चीन के लिये बिदा होते समय मेरी हार्दिक शुभ कामनाएं स्वीकार कीजिये. भारत और चीन के आपसी सम्बन्ध के इतिहास में और दुनिया में अमन बनाये रखने की कोशिशों में आप के प्रतिनिधि मंडल का इस देश में आना अपनी खास जगह और खास अहमियत रखता है. आपके आने ने हमारे दोनों देशों के बीच मित्रता के बन्धनों को बहुत अधिक मज़बूत कर दिया है. लाखों भारतीय नर नारियों के दिलों में आपका आना बहुत प्यारी और मीठी यादगारें छोड़ जायेगा. मेहरबानी कर के चीन की जनता तक भारत की जनता का दिली और प्यार भरा संदेशा पहुंचा दीजिये. भारत की जनता चीन की जनता के साथ हमेशा के लिये मित्रता निभाने का वचन देती है, और इस बात के लिये अपनी ज़बर्दस्त इच्छा प्रगट करती है कि इन दोनों प्राचीन देशों का सम्बन्ध कलचरी, समाजी, आर्थिक और राजनैतिक चारों तरह के मामलों में दिन दूना और रात चौगुना बढ़ता और गहरा होता जाये, क्योंकि दुनिया की आजकल की संकट की हालत में भारत के लोगों को इस बात का पूरा विश्वास है कि न केवल उनकी अपनी ख़ैरियत, सलामती और आज़ादी ही बल्कि दुनिया की सारी जनता का अमन, उनकी तरक़्क़ी और उनकी ख़ुशहाली बहुत बड़े दर्जे तक भारत और चीन के बीच सच्ची दोस्ती और सच्चे भाईचारे पर निर्भर हैं.

संस्कृत की एक पुरानी कहावत है—'गीताम पुनर्दर्शनाये' यानी जाइये और फिर आइये.

हिन्द चीन दोस्ती ज़िन्दा बाद!
हिन्दी चीनी भाई भाई!

आपका प्यारा,
सुन्दरलाल.

چینی کلچرل ڈیلیگیشن کے سمبندھ کے دو خط

145 مٹھی گنج، الہ آباد.
4 جنوری '54

پریذیڈنٹ انڈیا چائنا فرینڈشپ ایسوسی ایشن، نئی دلی—سے.

پریذیڈنٹ چائنا انڈیا فرینڈشپ ایسوسی ایشن، پیکنگ—کے نام.

میرے پیارے بھائی تنگ سی لن،

जैसी देग वैसे चुक़न्दर

(सैयद महमूद अली जमालज़ादा)

[सैयद महमूद अली जमालज़ादा ईरान की सरकार के नौकर रह चुके हैं. पन्द्रह बरस तक वह बरलिन (जरमनी) के ईरानी राजदूत के दफ़्तर में काम करते थे. सन 19:1 से वह कुछ ऐसे दफ़्तरों में काम करते रहे हैं जिनका सम्बन्ध अब यू. एन. ओ. से हो गया है. लेखक के रूप में सब से पहले वह अपनी कहानी "यके बूद व यके न बूद" (एक था और एक नहीं था) के शाया होने के साथ चमके. यह कहानी पहले बरलिन में छपी थी. उसके बाद तेहरान में उसके कई एडीशन निकल चुके हैं. उसके बाद से उन्होंने बहुत सी छोटी छोटी कहानियां लिखी हैं. इस तरह के साहित्य के ईरान में वह जन्मदाताओं में गिने जाते हैं. अपने ज़माने के ईरान के दूसरे लेखकों की तरह उन पर भी पच्छिमी साहित्य का बहुत बड़ा असर पड़ा है. दूसरे ईरानी लेखकों की तरह ही उन्होंने भी आज के ईरानी समाज की कमज़ोरियों की तरफ़ अपने देशवासियों का ध्यान दिलाने में अपनी क़ाबलियत ख़र्च की है ताकि उस समाज का सुधार हो सके. इस तरह के ईरानी लेखक देश के मामूली आदमी की तरफ़ ख़ास ध्यान देते हैं. एक मामूली ईरानी का धन्दा, उसकी अच्छाइयां और उसकी बुराइयां और उसका जीवन, इन सब को वह अपनी भाशा में चित्रित करने की कोशिश करते हैं. सैयद महमूद अली जमालज़ादा की जो कहानी मैं अनुवाद कर के नीचे दे रहा हूं वह उनकी कला का एक ख़ास नमूना है—ताराचन्द]

हमारी आदतें भी एक अजूबा हैं. ठीक वही दशा है जैसे किसी ढीठ भिखारी की, पालतू बिल्ली की, उधार उगाहने वाले पठान की, या झाड़ू देने वाले मेहतर (तेहरानियों की भाशा में "कन्नास") की. हज़ार दफ़ा एक दरवाज़े से बाहर निकालिये दूसरे से फिर घर में घुस आते हैं. किसी ईरानी की फ़िरंगिस्तान में उम्र कट जाय फिर भी दिल कभी कभी बहाने बनाता ही है. कैसे कैसे विचार उठते हैं, किन किन चीज़ों की ओर दिल झुकता है. परदेस में घर की कोई एक बात भी ध्यान में आई और फ़ौरन इच्छाओं का एक तूफ़ान उबल पड़ता है. समझ बूझ रखने वाला पूरा सूरमा भी गर्भवती स्त्री की तरह अनोखी भावनाओं का शिकार हो जाता है. न दिन को दिन समझता है न रात को रात.

جیسی دیگ ویسے چقندر

(سید محمود علی جمال‌زادہ)

[سید محمود علی جمال‌زادہ ایران کی سرکار کے نوکر رہ چکے ہیں۔ پندرہ برس تک وہ برلن (جرمنی) کے ایرانی راجدوت کے دفتر میں کام کرتے تھے۔ سن 1931 سے وہ کچھ ایسے دفتروں میں کام کرتے رہے ہیں جنکا سمبندھ اب یو. این. او. سے ہوگیا ہے۔ لیکھک کے روپ میں سب سے پہلے وہ اپنی کہانی "یکے بود و یکے نہ بود" (ایک تھا اور ایک نہیں تھا) کے شائع ہونے کے ساتھ چمکے۔ یہ کہانی پہلے برلن میں چھپی تھی۔ اس کے بعد طہران میں اسکے کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ اس کے بعد سے انہوں نے بہت سی چھوٹی چھوٹی کہانیاں لکھی ہیں۔ اس طرح کے ساہتیہ کے ایران میں وہ جنم داتاؤں میں گنے جاتے ہیں۔ اپنے زمانے کے ایران کے دوسرے لیکھکوں کی طرح ان پر بھی پچھمی ساہتیہ کا بہت بڑا اثر پڑا ہے۔ دوسرے ایرانی لیکھکوں کی طرح ہی انہوں نے بھی آج کے ایرانی سماج کی کمزوریوں کی طرف اپنے دیش واسیوں کا دھیان دلانے میں اپنی قابلیت خرچ کی ہے تاکہ اس زمانے کا سدھار ہوسکے۔ اس طرح کے ایرانی لیکھک دیش کے معمولی آدمی کی طرف خاص دھیان دیتے ہیں۔ ایک معمولی ایرانی کا دھندا، اسکی اچھائیاں اور اسکی برائیاں اور اسکا جیون، ان سب کو وہ اپنی بھاشا میں چترت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ سید محمود جمال‌زادہ کی جو کہانی میں انوواد کرکے نیچے دے رہا ہوں وہ ان کی کلا کا ایک خاص نمونہ ہے—تارا چند]

ہماری عادتیں بھی ایک عجوبہ ہیں۔ ٹھیک وہی دشا ہے جیسی کسی ڈھیٹھ بھکاری کی، پالتو بلی کی، ادھار اگاہنے والے پٹھان کی، یا جھاڑو دینے والے مہتر (طہرانیوں کی بھاشا میں "کناس") کی۔ ہزار دفعہ ایک دروازے سے باہر نکالئے دوسرے سے پھر گھر میں گھس آتے ہیں۔ کسی ایرانی کی فرنگستان میں عمر کٹ جائے پھر بھی دل کبھی کبھی بہانے بناتا ہی ہے۔ کیسے کیسے وچار اٹھتے ہیں۔ کن کن چیزوں کی اور دل جھکتا ہے۔ پردیس میں گھر کی کوئی ایک بات بھی دھیان میں آئی اور فوراً اچھاؤں کا ایک طوفان ابل پڑتا ہے۔ سمجھ بوجھ رکھنے والا پورا سورما بھی گربھوتی استری کی طرح انوکھی بھاوناؤں کا شکار ہو جاتا ہے۔ نہ دن کو دن سمجھتا ہے نہ رات کو رات۔

एक ही जान सब की जान है

अहिंसा यानी किसी को तकलीफ़ मत दो, सत्य यानी सच बोलो, अस्तेय यानी चोरी न करो, ब्रह्मचर्य यानी नेकचलन रहो और अपरिग्रह यानी ज़रूरत से ज़ियादा माल अपने पास न रखो—क्या यह पांचों नेकियां इसी दुनिया में हमारे लिये सब से ज़ियादा अमली, सबसे ज़ियादा ज़रूरी, सबसे ज़ियादा काम की और सबसे ज़ियादा मुफ़ीद नहीं हैं? दुनिया को बचाने का इस समय यही एक तरीक़ा है. यह बात अलग है कि इन पांचों नेकियों की असली जड़ और इनकी असली वजह उसी एक रूहानी सच्चाई में है कि सब के अन्दर एक ही आत्मा रमी हुई है, एक ही जान सब की जान है.

महाभारत में लिखा है :—

"अर्थ और काम यानी धन और सुख सब धर्म ही से मिलते हैं. इसलिये आदमी धर्म का पालन क्यों न करे."

सूफ़ी ने अपने ढंग से कहा है :—

"ख़ुदा को पाया तो क्या न पाया
ख़ुदा मिला तो सब ही मिला है."

इंजील में लिखा है :—

"धर्म यानी नेकी पर चलो तो बाक़ी सब चीज़ें तुम्हें अपने आप मिल जावेंगी."

ایک ہی جان سب کی جان ہے

اہنسا یعنی کسی کو تکلیف مت دو' ستیہ یعنی سچ بولو' استیہ یعنی چوری نہ کرو' برہمچریہ یعنی نیک چلن رہو اور اپری گرہ یعنی ضرورت سے زیادہ مال اپنے پاس نہ رکھو—کیا یہ پانچوں نیکیاں اسی دنیا میں ہمارے لئے سب سے زیادہ عملی' سب سے زیادہ ضروری' سب سے زیادہ کام کی اور سب سے زیادہ مفید نہیں ہیں؟ دنیا کو بچانے کا اس سمے یہی ایک طریقہ ہے. یہ بات الگ ہے کہ ان پانچوں نیکیوں کی اصلی جڑ اور ان کی اصلی وجہ اسی ایک روحانی سچائی میں ہے کہ سب کے اندر ایک ہی آتما رمی ہوئی ہے' ایک جان ہی سب کی جان ہے.

مہابھارت میں لکھا ہے کہ :—

"ارتھ اور کام یعنی دھن اور سکھ سب دھرم ہی سے ملتے ہیں. اس لئے آدمی دھرم کا پالن کیوں نہ کرے."

صوفی نے اپنے ڈھنگ سے کہا ہے :—

"خدا کو پایا تو کیا نہ پایا
خدا ملا تو سب ہی ملا ہے."

انجیل میں لکھا ہے :—

"دھرم یعنی نیکی پر چلو تو باقی سب چیزیں تمہیں اپنے آپ مل جاوینگی."

तमाम फ़िलासफ़ी की ऊंचाई आत्मा को जानना है, और इस ज्ञान का अंत परमात्मा को जानना है: आत्मा को जान ताकि तू परमात्मा को जान सके; और परमात्मा को जान ताकि तू उससे प्रेम कर सके और उसके समान हो सके.

—क्वालर्स

अध्यात्म यानी रूहानियत में दिल को लगाए हुए, आशा और ममता से ऊपर उठ कर, आदमी 'ईश्वर के लिये' अपने सब फ़र्ज़ों को पूरा करे.

—गीता

تمام فلاسفی کی اونچائی آتما کو جاننا ہے' اور اس گیان کا انت پرماتما کو جاننا ہے. آتما کو جان تاکہ تو پرماتما کو جان سکے; اور پرماتما کو جان تاکہ تو اس سے پریم کر سکے اور اس کے سمان ہو سکے.

—کوالرس

ادھیاتم یعنی روحانیت میں دل کو لگائے ہوئے' آشا اور ممتا سے اوپر اٹھکر' آدمی 'ایشور کے لئے' اپنے سب فرضوں کو پورا کرے.

—گیتا

दीन धर्म का सारी निचोड़ लोगों के सामने रख दें जिस पर लोग आसानी से अमल कर सकें. इसी से वह "सुनहरा असूल" बना है जो सब धर्मों और सब पुस्तकों में मिलता है.—"दूसरों के साथ वैसा ही सलूक करो जैसा तुम चाहते हो कि वह तुम्हारे साथ करें. किसी के साथ कोई ऐसी बात न करो जो तुम नहीं चाहते कि वह तुम्हारे साथ करे."

दीनता दिखाने के मामले में भी हमें इस असूल को ध्यान में रखना चाहिये.

हम पहले एक लेख में बता चुके हैं कि मनु, मूसा, बुद्ध, ईसा और मोहम्मद सबने आदमी के फ़र्ज़ों में पांच बातों पर ज़ियादा ज़ोर दिया है. यह पांचों अच्छी बातें केवल दूसरी दुनिया के लिये नहीं हैं. यह सब इस दुनिया में हमारे भले के लिये सब से ज़ियादा ज़रूरी हैं. यह इस ज़िन्दगी के लिये और दुनिया के लिये अमली चीज़ें हैं. यही वह मसाले हैं जो इन्सानी समाज को मिलाए रखता है. इन्हीं पर अमल करने से समाज बनता है और समाज रह सकता है. जब कभी किसी समाज में इन पांच चीज़ों की कमी होने लगती है तब वह समाज गिरने और बर्बाद होने लगता है. यह बात बिल्कुल ज़ाहिर है कि जब कभी "अहिंसा" के असूल के ख़िलाफ़ लोग अपने स्वार्थ और अपनी ख़ुदगर्ज़ियों के लिये दूसरों को तकलीफ़ें पहुंचाने लगते हैं और उसके लिये नफ़रतें फैलाते हैं, जब कभी लोग "सत्य" के असूल के ख़िलाफ़ जान बूझ कर झूट बोलते हैं, लोगों को धोका देते हैं, झूटा प्रोपैगेन्डा करते हैं, बड़े बड़े पैमाने पर झूटे इश्तहार निकालते हैं और दुनिया में डर और बेएतबारी बढ़ाते हैं, जब कभी 'अस्तेय (चोरी न करना)" के असूल के ख़िलाफ़ लोग हलाल हराम का ख़याल न कर के दूसरों का हक़ छीन कर अपना पेट भरने लगते हैं, जब कभी लोग "ब्रह्मचर्य' के असूल को तोड़ कर ऐयाशियों और बदचलनियों में डूब जाते हैं, और जब जब लोग "अप्रीग्रह" के सिद्धांत के ख़िलाफ़ लोभ, लालच में पड़ कर दुनिया भर को लूट खसोट कर अपने घर भरने लगते हैं और कमज़ोरों को चूसना, उनकी मेहनत से फ़ायदा उठाना अपने लिये जाइज़ समझते हैं तब तब इनसानी समाज में फूट और गिरावट बढ़ती है. दुनिया की सब ख़ानाजंगियों, आर्थिक लड़ाईयों, महा युद्धों और उन सब आफ़तों की यही जड़ें हैं जिनमें आदमी दरिन्दों से बदतर हो जाता है और सारी मानव सभ्यता ख़तरे में पड़ जाती है. यह बात हमें आज दुनिया में हमारी आंखों के सामने दिखाई दे रही है. तो क्या समय नहीं आया कि हम रुक कर ज़रा सोचें ? क्या दुनिया के दीन धर्म का यह पहलू, सब धर्मों का यह निचोड़, यह पांच नेकियां—

دین دھرم کا سار نچوڑ لوگوں کے سامنے رکھ دیں جس پر لوگ آسانی سے عمل کرسکیں. اسی سے وہ "سنہرا اصول" بنا ہے جو سب دھرموں اور سب پستکوں میں ملتا ہے —"دوسروں کے ساتھ ویسا ہی سلوک کرو جیسا تم چاہتے ہو کہ وہ تمہارے ساتھ کریں. کسی کے ساتھ کوئی ایسی بات نہ کرو جو تم نہیں چاہتے کہ وہ تمہارے ساتھ کرے."

دینتا دکھانے کے معاملے میں بھی ہمیں اس اصول کو دھیان میں رکھنا چاہئے.

ہم پہلے ایک لیکھ میں بتا چکے ہیں کہ منو، موسیٰ، بدھ، عیسیٰ اور محمد سب نے آدمی کے فرضوں میں پانچ باتوں پر زیادہ زور دیا ہے. یہ پانچوں اچھی باتیں کیول دوسری دنیا کے لئے نہیں ہیں. یہ سب اس دنیا میں ہمارے بھلے کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہیں. یہ اس زندگی کے لئے اور دنیا کے لئے عملی چیزیں ہیں. یہی وہ مسالے ہیں جو انسانی سماج کو ملائے رکھتا ہے. انہیں پر عمل کرنے سے سماج بنتا ہے اور سماج رہ سکتا ہے. جب کبھی سماج میں ان پانچ چیزوں کی کمی ہونے لگتی ہے تب وہ سماج گرنے اور برباد ہونے لگتا ہے. یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ جب کبھی "اہنسا" کے اصول کے خلاف لوگ اپنے سوارتھ اور اپنی خود غرضیوں کے لئے دوسروں کو تکلیفیں پہنچانے لگتے ہیں اور اس کے لئے نفرتیں پھیلاتے ہیں، جب کبھی لوگ "ستیہ" کے اصول کے خلاف جان بوجھ کر جھوٹ بولتے ہیں، لوگوں کو دھوکہ دیتے ہیں، جھوٹا پروپیگنڈا کرتے ہیں، بڑے بڑے پیمانے پر جھوٹے اشتہار نکالتے ہیں اور دنیا میں ڈر اور بے اعتباری بڑھاتے ہیں، جب کبھی "استے (چوری نہ کرنا)" کے اصول کے خلاف لوگ حلال حرام کا خیال نہ کرکے دوسروں کا حق چھین کر اپنا پیٹ بھرنے لگتے ہیں، جب کبھی لوگ 'برہمچریہ' کے اصول کو توڑ کر عیاشیوں اور بدچلنیوں میں ڈوب جاتے ہیں، اور جب جب لوگ "اپری گرہ" کے سدھانت کے خلاف لوبھ لالچ میں پڑکر دنیا بھر کو لوٹ کھسوٹ کر اپنے گھر بھرنے لگتے ہیں اور کمزوروں کو چوسنا، انکی محنت سے فائدہ اٹھانا اپنے لئے جائز سمجھتے ہیں تب تب انسانی سماج میں پھوٹ اور گراوٹ بڑھتی ہے. دنیا کی سب خانہ جنگیوں، آرتھک لڑائیوں، مہایدھوں اور ان سب آفتوں کی یہی جڑیں ہیں جن میں آدمی درندوں سے بدتر ہو جاتا ہے اور ساری مانو سبھیتا خطرے میں پڑ جاتی ہے. یہ بات ہمیں آج دنیا میں ہماری آنکھوں کے سامنے دکھائی دے رہی ہے. تو کیا سمے نہیں آیا کہ ہم رک کر ذرا سوچیں؟ کیا دنیا کے دین دھرم کا یہ پہلو، سب دھرموں کا یہ نچوڑ، یہ پانچ نیکیاں—

खुदी के मिटने से ही और सब गुन पैदा होते हैं जिन में सब से बड़ा गुन ईश्वर प्रनिधान यानी तवक्कुल है. इसी से दीनता आती है. सब्र और दीनता सब नेकियों की जड़ है. इसी से आदमी अपने को दूसरों से अलग और दूसरों को ग़ैर समझना बंद कर देता है और मंझते मंझते सब के साथ और ईश्वर के साथ अपनी एकता को महसूस करता है.

खुदी को मारना और दीनता दोनों एक ही चीज़ के दो नाम हैं. यह बात सत्य यानी हक़ से पैदा होती है. सत्य का मतलब केवल सच बोलना ही नहीं बल्कि इस सब सच्चाइयों की एक सच्चाई को समझना है कि सब के अन्दर एक ही आत्मा है और वही परम आत्मा है. इस एक बात को समझ लेने से आदमी में सब अच्छाइयां खिल बैठती हैं, जिस तरह लोकिषना यानी दुनिया की हिर्स, क्रोध, दूसरों से नफ़रत, शहवत और धन दौलत का लोभ जैसी बुराइयां एक एक कर पैदा होती हैं उसी तरह दीनता से अहिंसा, नफ़्स पर क़ाबू, ब्रह्मचर्य, पाकदामनी, अप्रीग्रह, त्याग, फ़ुक़्र और सकून पैदा होते हैं. इस तरह सचाई सब नेकियों की जड़ है और दीनता उन सब का मुकुट है.

आख़ीर में दीनता के संबन्ध में लोगों को एक और चेतावनी देने की ज़रूरत है. आदमी का धर्म या फ़र्ज़ देश, काल और मौक़ा के अनुसार बदलता रहता है. यों तो अपने दिल से सब ही को दीन रहना चाहिये. प्रमात्मा के सामने भी सब को दीनता का व्योहार करना चाहिये. पर हर भले बुरे आदमी के सामने मौक़ा बे मौक़ा दीनता दिखाने से नुक़सान भी बहुत हो सकता है. आदमी की उन्नति इसी में है कि वह जब जो करे सोच समझ कर, मौक़े को देख कर और अपने विवेक से पूरा काम लेकर करे.

सीधे सादे आदमी क़ुदरती तौर पर यह भी चाहते हैं कि उन्हें कोई एक सीधा सा असूल बता दिया जावे. मोहम्मद साहब से उनके साथी ने एक बार पूछा था कि मुझे कोई एक ऐसी बात बता दीजिये जिसे मैं आसानी से कर सकूं और जिसमें सब कुछ आ जावे. मोहम्मद साहब ने उसे जवाब दिया था कि--"केवल सच बोला करो और बस." इसी तरह का सवाल चीनी महात्मा कन्फ़ूशियस से उनके किसी चेले ने किया था. यही सवाल गीता में एक जगह अर्जुन ने कृष्ण से भी किया है. भागवत में भी शौनिक ने रूमशिर्वा से इसी तरह का सवाल बहुत तफ़सील के साथ किया है.

दुनिया के बड़े बड़े महापुरुषों ने भी सब ने इस बात की आवश्यकता अनुभव की है कि कुछ थोड़े से शब्दों में

خودی کے مٹنے سے ہی اور سب گن پیدا ہوتے ہیں جن میں سب سے بڑا گن ایشور پرندھان یعنی توکل ہے . اسی سے دینتا آتی ہے . صبر اور دینتا سب نیکیوں کی جڑ ہے . اسی سے آدمی اپنے کو دوسروں سے الگ اور دوسروں کو غیر سمجھنا بند کردیتا ہے اور منجھتے منجھتے سب کے ساتھ اور ایشور کے ساتھ اپنی ایکتا کو محسوس کرتا ہے .

خودی کو مارنا اور دینتا دونوں ایک ہی چیز کے دو نام ہیں . یہ بات ستیہ یعنی حق سے پیدا ہوتی ہے . ستیہ کا مطلب کیول سچ بولنا ہی نہیں بلکہ اس سب سچائیوں کی ایک سچائی کو سمجھنا ہے کہ سب کے اندر ایک ہی آتما ہے . اس ایک بات کو سمجھ لینے سے آدمی میں سب اچھائیاں کھل بیٹھتی ہیں' جس طرح لوکیشنا یعنی دنیا کی حرص' کرودھ' دوسروں سے نفرت' شہوت اور دھن دولت کا لوبھ جیسی برائیاں ایک ایک کر پیدا ہوتی ہیں اسی طرح دینتا سے اہنسا' نفس پر قابو' برہمچریہ' پاکدامنی' اپری گرہ' تیاگ' فقر اور سکون پیدا ہوتے ہیں . اس طرح سچائی سب نیکیوں کی جڑ ہے اور دینتا اُن سب کا مکٹ ہے.

آخیر میں دینتا کے سمبندھ میں لوگوں کو ایک اور چیتاونی دینے کی ضرورت ہے . آدمی کا دھرم یا فرض دیش' کال اور موقع کے انوسار بدلتا رہتا ہے . یوں تو اپنے دل سے سب ہی کو دین رہنا چاہئے. پرماتما کے سامنے بھی سبکو دینتا کا ویوہار کرنا چاہئے . پر ہر بھلے برے آدمی کے سامنے موقع بے موقع دینتا دکھانے سے نقصان بھی بہت ہوسکتا ہے. آدمی کی اننتی اسی میں ہے کہ وہ جب جو کرے سوچ سمجھکر' موقع کو دیکھکر اور اپنے وویک سے پورا کام لیکر کرے .

سیدھے سادے آدمی قدرتی طور پر یہ بھی چاہتے ہیں کہ انہیں کوئی ایک سیدھا سا اصول بتا دیا جاوے . محمد صاحب سے اُن کے ایک ساتھی نے ایک بار پوچھا تھا کہ مجھے کوئی ایک ایسی بات بتا دیجئے جسے میں آسانی سے کرسکوں اور جس میں سب کچھ آجاوے . محمد صاحب نے اُسے جواب دیا تھا کہ—"کیول سچ بولا کرو اور بس." اسی طرح کا سوال چینی مہاتما کنفیوشس سے ان کے کسی چیلے نے کیا تھا . یہی سوال گیتا میں ایک جگہ ارجن نے کرشن سے بھی کیا ہے. بھاگوت میں بھی شونک نے … سے اسی طرح کا سوال بہت تفصیل کے ساتھ کیا ہے .

دنیا کے بڑے بڑے مہاپرشوں نے بھی سب نے اس بات کی آوشکتا انوبھو کی ہے کہ کچھ تھوڑے سے شبدوں میں

इसीलिये भागवत महात्म में कहा है कि :—

"कलियुग में व्रत, तीर्थ, योग, शास्त्रों का पढ़ना पढ़ाना, रतजगे, यग्य, हवन, कथा और ज्ञान विज्ञान की बातें सब बेकार हैं. इसी युग में आदमी अगर मुक्ति चाहता है तो केवल एक भक्ति ही मुक्ति की देने वाली है यानी यह कि आदमी अपना सब कुछ ईश्वर के अर्पन कर दे. इसी तरह आदमी सच्चे मानों में बेख़ौफ़ हो सकता है और सब के साथ अपनी एकता को अनुभव कर सकता है"

सूफ़ी ने कहा है कि :—

सद किताबो सद वरक़ दर नार कुन
जानो दिल रा जानिबे दिल्दार कुन

यानी किताबों के ढेर को और इन सैकड़ों वरक़ों को आग में डाल दे और अपनी जान और अपने दिल को अपने प्रीतिम यानी ईश्वर की तरफ़ लगा दे.

कलियुग के इस ज़माने में जब चारों तरफ़ ख़ुदी, अहंकार, लड़ाई झगड़ों और लूट खसोट का ज़ोर है, जब बलवान निर्बलों पर अत्याचार करते हैं और आदमी की शक्लों में भेड़िये और चीते निहत्थे बेगुनाह लोगों को तरह तरह के कष्ट पहुंचाते हैं तो कमज़ोर और नाज़ुकदिल आदमी क़ुदरती तौर पर इस सब से घबरा कर दुनिया से भाग कर मठों और ख़ानक़ाहों में बैठ कर अपने को ईश्वर की मर्ज़ी पर छोड़ देना अधिक आसान और अच्छा समझते हैं. पर दुनिया और दुनिया की कमज़ोरियां उनका पीछा वहां भी नहीं छोड़तीं. ख़ुदा के इन घरों में जो बदमाशियां, बदचलनियां, बाल हत्यायें और तरह तरह के पाप होते हैं वह आज की दुनिया से छिपे नहीं हैं. धर्म के नाम पर योरूप में क्या और एशिया में क्या लोगों ने अत्याचार एक दूसरे पर किये हैं मार काट, ज़िन्दा जला देना, औरतों और बच्चों पर तरह तरह के ज़ुल्म, उन्हें पढ़ कर और सुन कर दिल कांप उठता है. भगवान इन अत्याचारों को क्यों होने देते हैं ! अन्दर से जवाब यही मिलता है कि शायद मज़लूमों और पीड़ितों के रूप में भगवान यह सब आफ़तें ख़ुद अपने ऊपर लेते हैं. मालूम होता है कि बेगुनाहों और शहीदों का ख़ून ही धर्म और नेकी की सच्ची बुनियाद होता है. उनकी मिसालें लोगों में सच्चाई और बहादुरी पैदा करती हैं. इसी तरह मनुष्य जाति के पाप धुलते हैं. भगवान पर उनका भरोसा ताज़ा होता है. भगवान उन्हें और अधिक अपनी छाती से चिपटाते हैं. इसी तरह धीरे धीरे ज़ालिमों और अत्याचारियों का दिल बदलता है. इसी तरह मुसीबतों की आग में से निकल कर लोग सत्य, अहिंसा, त्याग, ब्रह्मचर्य और निरहंकारता यानी ख़ुदी को मिटाने का सबक़ सीखते हैं.

اسی لئے بھاگوت مہاتم میں کہا ہے کہ :—

"کلیگ میں برت، تیرتھ، یوگ، شاستروں کا پڑھنا پڑھانا، رتجگے، یگیہ، ہون، کتھا اور گیان وگیان کی باتیں سب بیکار ہیں. اس یگ میں آدمی اگر مکتی چاہتا ہے تو کیول ایک بھکتی ہی مکتی کی دینے والی ہے یعنی یہ کہ آدمی اپنا سب کچھ ایشور کے ارپن کر دے. اسی طرح آدمی سچے معنوں میں بے خوف ہوسکتا ہے اور سب کے ساتھ اپنی ایکتا کو انوبھو کر سکتا ہے."

صوفی نے کہا ہے کہ :—

صد کتاب و صد ورق در نار کن
جان و دل را جانب دلدار کن

یعنی کتابوں کے ڈھیر کو اور ان سینکڑوں ورقوں کو آگ میں ڈال دے اور اپنی جان اور اپنے دل کو اپنے پریتم یعنی ایشور کی طرف لگا دے.

کلیگ کے اس زمانے میں جب چاروں طرف خودی، اہنکار، لڑائی جھگڑوں اور لوٹ کھسوٹ کا زور ہے، جب بلوان نربلوں پر اتیاچار کرتے ہیں اور آدمی کی شکلوں میں بھیڑیئے اور چیتے نہتے بے گناہ لوگوں کو طرح طرح کے کشٹ پہونچاتے ہیں تو کمزور اور نازک دل آدمی قدرتی طور پر اس سب سے گھبرا کر دنیا سے بھاگ کر مٹھوں اور خانقاہوں میں بیٹھ کر اپنے کو ایشور کی مرضی پر چھوڑ دینا ادھک آسان اور اچھا سمجھتے ہیں. پر دنیا اور دنیا کی کمزوریاں اُن کا پیچھا وہاں بھی نہیں چھوڑتیں. 'خدا کے ان گھروں میں جو بدمعاشیاں' بدچلنیاں' بال ہتھیائیں اور طرح طرح کے پاپ ہوتے ہیں وہ آج کی دنیا سے چھپے نہیں ہیں. دھرم کے نام پر یورپ میں کیا اور ایشیا میں کیا لوگوں نے اتیاچار ایک دوسرے پر کئے ہیں. مار کاٹ، زندہ جلا دینا، عورتوں اور بچوں پر طرح طرح کے ظلم، انہیں پڑھکر اور سن کر دل کانپ اٹھتا ہے. بھگوان ان اتیاچاروں کو کیوں ہونے دیتے ہیں! اندر سے جواب یہی ملتا ہے کہ شاید مظلوموں اور پیڑتوں کے روپ میں بھگوان یہ سب آفتیں خود اپنے اوپر لیتے ہیں. معلوم ہوتا ہے کہ بے گناہوں اور شہیدوں کا خون ہی دھرم اور نیکی کی سچی بنیاد ہوتا ہے. اُن کی مثالیں لوگوں میں سچائی اور بہادری پیدا کرتی ہیں. اسی طرح منشیہ جاتی کے پاپ دھلتے ہیں. بھگوان پر ان کا بھروسہ تازہ ہوتا ہے. بھگوان انہیں اور ادھک اپنی چھاتی سے چپٹاتے ہیں. اسی طرح دھیرے دھیرے ظالموں اور اتیاچاریوں کا دل بدلتا ہے. اسی طرح مصیبتوں کی آگ میں سے نکل کر لوگ ستیہ، اہنسا، تیاگ، برہمچریہ اور نراہنکرتا یعنی خودی کو مٹانے کا سبق سیکھتے ہیں.

जानकार हो और जिसकी लौ ब्रह्म में लगी हो. फिर खोजी अपने दिल का ईंधन बना कर उसे गुरु के चरनों में रखदे ताकि गुरु उस ईंधन को रोशन कर के खोजी के अन्दर वह जोत जगा सके जिस के उजाले में खोजी फिर से अपने भूले हुए आपे को पेहचान ले और यह देख ले कि उसकी आत्मा और पर्मात्मा दोनों एक ही हैं."

पारसी धर्म की किताब यसना में लिखा है :—

"ऐ मरदो और औरतो जिस्मानी लज़्ज़तों की इच्छा तुम में क़ुदरती जड़ किये हुए है. जब यह इच्छा ढीली पड़ जायेगी और ख़त्म हो जायेगी और पाप के ख़्याल दिल से जाते रहेंगे तब तुम्हें वह बहुत बड़ी सफलता इनाम में मिलेगी. इसलिये इस ऊंचे काम के लिये अभी से कमर कसे रखो नहीं तो अन्त में तुम्हें अफ़सोस होगा."

इंजील में हज़रत ईसा को सन आफ़ मैन और सन आफ़ गाड दोनों नामों से पुकारा गया है. सन आफ़ मैन के मानी हैं आदमी का बेटा और सन आफ़ गाड के मानी हैं ख़ुदा का बेटा. सच यह है कि आदमी जब हर तरह के परीग्रह को छोड़ कर किसी तरह के माल असबाब को अपनी सम्पत्ति न मानते हुए अहंकार और ख़ुदी से ऊपर उठ कर दरिद्रता, ग़रीबी, फ़क़्र और सुक्र के साथ अपना नाता जोड़ लेता है तब वह आदमी के बेटे से ख़ुदा का बेटा बन जाता है. जो आत्मा किसी ख़ास चीज़ से अपना संबन्ध नहीं रखती उसका संबन्ध सचमुच फिर सारी दुनिया के साथ जुड़ जाता है. सब उसके और वह सब का.

कबीर साहब ने इसी ख़्याल को यों ज़ाहिर किया है :-

"साहब को महीन होय सो पावे
शक्कर बिखरी रेत में संतो ! कुंजर (हाथी) मुख नहीं आवे
मान बड़ाई छोड़ दे बन्दे ! च्यूंटी हो बिनी खावे
साहब को महीन होय सो पावे."

हिन्दी की मशहूर कहावत—"निर्बल के बल राम" का भी यही मतलब है. नजात यानी मोक्ष का केवल यही रास्ता है कि आदमी में पहले अपनी ग़ल्तियों के लिये पछतावा हो, दीनता हो, फिर वह ग़ल्तियों से मुंह मोड़े और पूरे विश्वास यानी सच्चे ईमान के साथ ईश्वर अल्लाह की मर्ज़ी पर अपने को छोड़ दे. हर आदमी का ईश्वर शुरू में साकार होता है यानी कुछ ख़ास ख़ास सिफ़तों से मुसूफ़ होता है. इसी को सगुन कहते हैं. फिर वह निराकार और निर्गुन यानी सब सिफ़तों से बालातर हो जाता है और फिर सगुन और निर्गुन दोनों से ऊपर उठ कर सब कुछ अपने अंदर लिये हुए केवल वही वह रह जाता है. इस मुक़ाम पर पहुंच कर भगत या आबिद की अपनी हस्ती भी ईश्वर ही के अन्दर फ़ना हो जाती है.

جانکار ہو اور جس کی لو برہم میں لگی ہو۔ پھر کھوجی اپنے دل کا ایندھن بناکر اسے گرو کے چرنوں میں رکھ دے، تاکہ گرو اس ایندھن کو روشن کرکے کھوجی کے اندر وہ جوت جگا سکے جس کے اجالے میں کھوجی پھر سے اپنے بھولے ہوئے آپے کو پہچان لے اور یہ دیکھ لے کہ اسکی آتما اور پرم آتما دونوں ایک ہی ہیں۔"

پارسی دھرم کی کتاب یسنا میں لکھا ہے :—

"اے مردو اور عورتو جسمانی لذتوں کی اچھا تم میں قدرتی جڑ کئے ہوئے ہے۔ جب یہ اچھا ڈھیلی پڑ جائیگی اور ختم ہو جائیگی اور پاپ کے خیال دل سے جاتے رہینگے تب تمہیں وہ بہت بڑی سپھلتا انعام میں ملیگی۔ اس لئے اس اونچے کام کے لئے ابھی سے کمر کسے رکھو نہیں تو انت میں تمہیں افسوس ہوگا۔"

انجیل میں حضرت عیسیٰ کو سن آف مین اور سن آف گاڈ دونوں ناموں سے پکارا گیا ہے۔ سن آف مین کے معنی ہیں آدمی کا بیٹا اور سن آف گاڈ کے معنی ہیں خدا کا بیٹا۔ سچ یہ ہے کہ آدمی جب ہر طرح کے پری گرہ کو چھوڑ کر کسی طرح کے مال اسباب کو اپنی سمپتی نہ مانتے ہوئے اہنکار اور خودی سے اوپر اٹھکر دردرتا، غریبی، فقر اور سکر کے ساتھ اپنا ناتا جوڑ لیتا ہے تب وہ آدمی کے بیٹے سے خدا کا بیٹا بن جاتا ہے۔ جو آتما کسی خاص چیز سے اپنا سمبندھ نہیں رکھتی اس کا سمبندھ سچ مچ پھر ساری دنیا کے ساتھ جڑ جاتا ہے۔ سب اس کے اور وہ سب کا۔

کبیر صاحب نے اسی خیال کو یوں ظاہر کیا ہے:—

"صاحب کو مہین ہوئے سو پاوے
شکر بکھری ریت میں سنتو! کنجر (ہاتھی) مکھ نہیں آوے
مان بڑائی چھوڑ دے بندے! چیونٹی ہو بنی کھاوے
صاحب کو مہین ہوئے سو پاوے۔"

ہندی کی مشہور کہاوت :—"نربل کے بل رام" کا بھی یہی مطلب ہے۔ نجات یعنی موکش کا کیول یہی راستہ ہے کہ آدمی میں پہلے اپنی غلطیوں کے لئے پچھتاوا ہو، دینتا ہو، پھر وہ غلطیوں سے منہ موڑے اور پورے وشواس یعنی سچے ایمان کے ساتھ ایشور اللہ کی مرضی پر اپنے کو چھوڑ دے۔ ہر آدمی کا ایشور شروع میں ساکار ہوتا ہے یعنی کچھ خاص خاص صفتوں سے موصوف ہوتا ہے۔ اسی سگن کہتے ہیں۔ پھر وہ نراکار اور نرگن یعنی سب صفتوں سے بالاتر ہو جاتا ہے اور پھر سگن اور نرگن دونوں سے اوپر اٹھ کر سب کچھ اپنے اندر لئے ہوئے کیول وہی وہ رہ جاتا ہے۔ اس مقام پر پہنچ کر بھگت یا عابد کی اپنی ہستی بھی ایشور ہی کے اندر فنا ہو جاتی ہے۔

सकता है पर मां कुछ भी करती रहे उसका दिल और ध्यान बराबर बच्चे में लगा रहता है. जब भी बच्चा लड़खड़ाता है मां उसकी तरफ़ दौड़ पड़ती है. इसी तरह ईश्वर यानी हमारे घट के अन्दर बैठी हुई रूह कुल यानी हमारी ही अपनी असल आत्मा हमेशा हमारे छोटे आपे को देखती रहती है और उसे गिरने से बचाने की कोशिश करती रहती है. इसी को ईश्वर प्रसाद या तवज्जहे इलाही कहते हैं. इसी को गुरुकृपा या मेहरेशेख़ भी कहते हैं. यह ठीक है कि खोजी को खुद अपने पैरों से चलना और अपनी आंखों से देखना पड़ता है. लेकिन यह भी उतना ही सच है कि रास्ते को रोशन करने के लिये एक सच्चे राह दिखाने वाले गुरु या शेख़ की जरूरत होती है. गुरु या शेख़ की मदद खुले तौर पर हासिल करने के लिये खोजी का काम है कि उसे खुद खोजे. आदमी को अपना मुंह दूसरी तरफ़ यानी अन्दर की तरफ़ मोड़ने की ज़रूरत होती है.

सूफ़ी कहता है कि :—

"तू खुदा को भी चाहता है और इस दुनिया को भी. यह बात नामुमकिन है और यह इच्छा पागलपन है. जिस किसी ने अपना मुंह दुनिया से फेरा वह फिर खोया नहीं जा सकता. वही खुदा को पा सकता है और अपने खोए हुए आपे को फिर से हासिल कर सकता है."

इंजील में भी लिखा है कि :—

"तुम खुदा को और दुनिया की दौलत दोनों को एक साथ पाने की आशा नहीं कर सकते."

एक सूफ़ी कहता है कि :—

काबा काबा है, सनमख़ाना (बुतख़ाना) सनमख़ाना
लेक (लेकिन) टूटा दिल भी असली मंज़िल जाना है.

इंजील में लिखा है कि :—

"दुनिया से प्रेम न करो और न दुनिया की चीज़ों से. जो कोई दुनिया से प्रेम करता है वह पिता ईश्वर से प्रेम नहीं करता. दुनिया में जो कुछ है, जैसे शरीर का मोह, आंखों का सुख और अपनी इस जिन्दगी का घमंड यह सब दुनिया की बदलती तस्वीरें हैं, यह ईश्वर की तरफ़ ले जाने वाली नहीं हैं. दुनिया एक दिन मिट जायेगी. दुनिया के सुख भी मिट जायेंगे. लेकिन वह जो ईश्वर की इच्छा पूरी करेगा हमेशा के लिये जिन्दा रहेगा."

उपनिषद में लिखा है कि :—

"जब आदमी दुनिया के सुख दुखों को पूरी तरह परख चुके, मीठा और कड़ुवा सब देख चुके, उसका जी भर जाये, उन कड़वी मिठाइयों से अपना मुंह जला लेने की उसे और अधिक इच्छा न हो, और उसे शान्ति न मिल सके तब उसे चाहिये कि दीनता और नम्रता के साथ ऐसे गुरु की खोज में लगे जो आगे के रास्ते का

سکتا ہے پر ماں کچھ بھی کرتی رہے اُس کا دل اور دھیان برابر بچے میں لگا رہتا ہے. جب بھی بچہ لڑکھڑاتا ہے ماں اُسکی طرف دوڑ پڑتی ہے. اِسی طرح ایشور یعنی ہمارے گھٹ کے اندر بیٹھی ہوئی روح کل یعنی ہماری ہی اپنی اصل آتما ہمیشہ ہمارے چھوٹے آپے کو دیکھتی رہتی ہے اور اُسے گرنے سے بچانے کی کوشش کرتی رہتی ہے . اِسی کو ایشور پرساد یا توجہ اِلٰہی کہتے ہیں . اِسی کو گرو کرپا یا مہر شیخ بھی کہتے ہیں. یہ ٹھیک ہے کہ کھوجی کو خود اپنے پیروں سے چلنا اور اپنی آنکھوں سے دیکھنا پڑتا ہے . لیکن یہ بھی اُتنا ہی سچ ہے کہ راستے کو روشن کرنے کے لئے ایک سچے راہ دکھانے والے گرو یا شیخ کی ضرورت ہوتی ہے . گرو یا شیخ کی مدد کھلے طور پر حاصل کرنے کے لئے کھوجی کا کام ہے کہ اُسے خود کھوجے . آدمی کو اپنا منھ دوسری طرف یعنی اندر کی طرف موڑنے کی ضرورت ہوتی ہے .

صوفی کہتا ہے کہ :—

"تو خدا کو بھی چاہتا ہے اور اِس دنیا کو بھی . یہ بات ناممکن ہے اور یہ اِچھا پاگل پن ہے . جس کسی نے اپنا منھ دنیا سے پھیرا وہ پھر کھویا نہیں جاسکتا . وہی خدا کو پاسکتا ہے اور اپنے کھوئے ہوئے آپے کو پھر سے حاصل کرسکتا ہے ."

اِنجیل میں بھی لکھا ہے کہ :—

"تم خدا کو اور دنیا کی دولت کو دونوں کو ایک ساتھ پانے کی آشا نہیں کرسکتے ."

ایک صوفی کہتا ہے کہ :—

کعبہ کعبہ ہے صنم خانہ (بت خانہ) صنم خانہ
لیک (لیکن) ٹوٹا دل ہی اصلی منزل جانا ہے .

اِنجیل میں لکھا ہے :—

"دنیا سے پریم نہ کرو اور نہ دنیا کی چیزوں سے . جو کوئی دنیا سے پریم کرتا ہے وہ پتا ایشور سے پریم نہیں کرتا . دنیا میں جو کچھ ہے' جیسے شریر کا موہ' آنکھوں کا سکھ اور اپنی اِس زندگی کا گھمنڈ یہ سب دنیا کی بدلتی تصویریں ہیں' یہ ایشور کی طرف لے جانے والی نہیں ہیں. دنیا ایک دن مٹ جائیگی. دنیا کے سکھ بھی مٹ جائینگے . لیکن وہ جو ایشور کی اِچھا پوری کریگا ہمیشہ کے لئے زندہ رہیگا ."

اپنشد میں لکھا ہے کہ :—

"جب آدمی دنیا کے سکھ دکھوں کو پوری طرح پرکھ چکے' میٹھا اور کڑوا سب دیکھ چکے' اُس کا جی بھر جائے' اُن کڑوی مٹھائیوں سے اپنا منھ جلا لینے کی اُسے اور ادھک اِچھا نہ ہو' اور اُسے شانتی نہ مل سکے تب اُسے چاہئے کہ دینتا اور نمرتا کے ساتھ ایسے گرو کی کھوج میں لگے جو آگے کے راستے کا

इंजील में लिखा है कि ईश्वर अक़्ल की तलाश से नहीं मिलता बल्कि दिल की बेताबी और उसके उमड़ने से मिलता है.

जब आदमी आत्मा को पा लेता है तब वह मिट्टी की दुनिया उसकी निगाह में ठीक जगह ले लेती है और जो मेहनत और रियाज़त उसे आत्मा की खोज में करनी पड़ती थी उसके सफल हो जाने पर वह अपने नए नए फ़र्ज़ों को समझने लगता है. तब वह इस दुनिया और उस दुनिया दोनों को ठीक ठीक समझ जाता है और दोनों के फ़र्ज़ ठीक ठीक अदा करने लगता है.

उपनिषद में लिखा है :—

वह आत्मा बहुत अच्छी अच्छी बातें करने से नहीं मिलता, न बहुत पढ़ने लिखने से और न अक़्ल की तेज़ी से. पर जो कोई भी सच्चे दिल से आत्मा से लौ लगाता है उससे आत्मा को भी प्रेम पैदा होता है और उसे आत्मा के सुन्दर रूप के दर्शन होते हैं. जब तक आदमी बुरे कामों से मुंह नहीं मोड़ता, जब तक वह अपने अन्दर शान्ति पैदा नहीं करता, जब तक कि दुनिया की चीज़ों का लोभ उसमें से नहीं जाता, उसका मन शान्त नहीं होता और उसमें आत्मा को पाने की लगन नहीं जागती तब तक वह आत्मा को नहीं पा सकता."

गीता में लिखा है कि :—

"जब आदमी हमेशा आत्मा की तरफ़ ध्यान लगाये रहता है, काम और क्रोध से ऊपर उठ कर अपने अन्दर देखने की कोशिश करता है तब उसे ब्रह्म के दर्शन होते हैं. और तब वह सारी दुनिया को ठीक ठीक समझ कर ख़ुद ब्रह्म हो जाता है."

क़ुरान में लिखा है कि :—

"अल्लाह जिस रूह से प्यार करता है उसे अपनी तरफ़ खींचता है."

कन्फ़ूशियस धर्म की किताब में लिखा है कि :—

'दुनिया में बहुत कम आदमी हैं जो जिस से प्यार करते हैं उसके दोषों को भी जानते हैं, या जो जिससे नफ़रत करते हैं उसके गुनों को भी समझते हैं, लेकिन ईश्वर सब के गुनों और दोषों को अच्छी तरह जानता है और सब को प्रेम के साथ बराबर ठीक रास्ता बताता रहता है."

ईश्वर अनन्त यानी लामहदूद है. आदमी का वजूद शान्त यानी महदूद है. इसीलिये आदमी का ईश्वर के लिये प्रेम, आदमी के लिये ईश्वर के प्रेम का कभी मुक़ाबिला नहीं कर सकता. लेकिन दुनियावी मां बाप का प्रेम अपने बच्चों के लिये अंधा होता है. ईश्वर का प्रेम अपने बन्दों के लिये अंधा नहीं होता. बच्चा खेल में मां को भूल

انجیل میں لکھا ہے کہ ایشور عقل کی تلاش سے نہیں ملتا بلکہ دل کی بیتابی اور اس کے امڑنے سے ملتا ھ۔

جب آدمی آتما کو پالیتا ھ تب یہ مٹی کی دنیا اسکی نگاہ میں ٹھیک جگہ لے لیتی ھ اور جو محنت اور ریاضت اسے آتما کی کھوج میں کرنی پڑی تھی اس کے سپھل ہو جانے پر وہ اپنے نئے نئے فرضوں کو سمجھنے لگتا ھ۔ تب وہ اس دنیا اور اس دنیا دونوں کو ٹھیک ٹھیک سمجھ جاتا ھ اور دونوں کے فرض ٹھیک ٹھیک ادا کرنے لگتا ھ۔

اپنشد میں لکھا ھ :—

"یہ آتما بہت اچھی اچھی باتیں کرنے سے نہیں ملتی' نہ بہت پڑھنے لکھنے سے اور نہ عقل کی تیزی سے۔ پر جو کوئی بھی سچے دل سے آتما سے لو لگاتا ھ اس سے آتما کو بھی پریم پیدا ہوتا ھ اور اسے آتما کے سندر روپ کے درشن ہوتے ہیں۔ جب تک آدمی برے کاموں سے منھ نہیں موڑتا' جب تک وہ اپنے اندر شانتی پیدا نہیں کرتا' جب تک کہ دنیا کی چیزوں کا لوبھ اس میں سے نہیں جاتا' اس کا من شانت نہیں ہوتا اور اس میں آتما کو پانے کی لگن نہیں جاگتی تب تک وہ آتما کو نہیں پاسکتا۔"

گیتا میں لکھا ھ کہ :—

"جب آدمی ہمیشہ آتما کی طرف دھیان لگائے رہتا ھ' کام اور کرودھ سے اوپر اٹھکر اپنے اندر دیکھنے کی کوشش کرتا ھ تب اسے برھم کے درشن ہوتے ہیں۔ اور تب وہ ساری دنیا کو ٹھیک ٹھیک سمجھکر خود برھم ہوجاتاھ۔"

قرآن میں لکھا ھ کہ :—

"اللہ جس روح سے پیار کرتا ھ اسے اپنی طرف کھینچتا ھ۔"

کنفوشیس دھرم کی کتاب میں لکھا ہے کہ :—

"دنیا میں بہت کم آدمی ہیں جو جس سے پیار کرتے ہیں اس کے دوشوں کو بھی جانتے ہیں' یا جو جس سے نفرت کرتے ہیں اس کے گنوں کو بھی سمجھتے ہیں' لیکن ایشور سب کے گنوں اور دوشوں کو اچھی طرح جانتا ھ اور سب کو پریم کے ساتھ برابر ٹھیک راستہ بتاتا رہتا ھ۔

ایشور اننت یعنی لامحدود ھ۔ آدمی کا وجود شانت یعنی محدود ھ۔ اس لئے آدمی کا ایشور کے لئے پریم آدمی کے لئے ایشور کے پریم کا کبھی بھی مقابلہ نہیں کرسکتا۔ لیکن دنیوی ماں باپ کا پریم اپنے بچوں کے لئے اندھا ہوتا ھ۔ ایشور کا پریم اپنے بندوں کے لئے اندھا نہیں ہوتا۔ بچہ کھیل میں ماں کو بھول

है राजा ऐसे आदमी जो हमेशा मीठी मीठी बातें कहते रहें बहुत मिल सकते हैं लेकिन कड़वी और फ़ायदे की बात के कहने वाले और सुनने वाले मुश्किल से मिलते हैं."

मशहूर ईसाई संत सैन्ट फ्रांसिस पेलीसी ने एक जगह कहा है :—

अगर हम सारी दुनिया के अन्दर पवित्रता और ईश्वर भक्ति की अच्छी से अच्छी मिसालें सब के सामने रखें तब भी उससे हमें परम आनन्द नहीं मिल सकता. अगर हम दुनिया की सब भाषाएं बोल सकें, सारा ज्ञान हासिल कर लें, सब धर्म ग्रंथों को पढ़ लें और भविष्य की बातें और लोगों के दिलों में छुपी हुई बातें बता सकें, अगर हम फ़रिश्तों की बोलियां बोल सकें और ताराओं की गति और सब जड़ी बूटियों की ख़ासियतें जान जायें, और अगर ज़मीन के सारे ख़ज़ाने भी हमें मालूम हो जायें, और परिन्दों, दरिन्दों और मछलियों के सब गुन और उनकी शक्तियां हम जान जायें, और मनुष्य जाति, दरख़्तों, पत्थरों, जड़ों और जल की सब ख़ासियतें हम जान लें, तब भी इस सब से भी हमें परम आनन्द नहीं मिल सकता. पर जब हम लोगों की गालियों और अपने साथ उनके बुरे से बुरे सलूक को बर्दाश्त कर लें और हमें ग़ुस्सा न आये, और ग़ुस्सा आने के बजाय हम दीनता के साथ यह सोचें कि हम सचमुच उन सब गालियों और बदसुलूकियों के हक़दार हैं, तब इस में हमें परम आनन्द मिल सकता है. अगर हम भूक और सर्दी और मार और सब तरह के कष्टों, अनन्याय, नफ़रत और सख़्ती को सब्र के साथ बर्दाश्त कर लें और इन्हें अपने लिये कसौटी और आज़माइश समझें और यह सोचें कि हमें अभी कितना और कष्ट भोगना चाहिये—तो इस में परम आनन्द है."

इंजील में लिखा है कि :—

"क़हक़हा मार कर हंसने से रंज करना ज़ियादा अच्छा है क्योंकि रंज से दिल पाक होता है बुद्धिमान आदमी का दिल हमेशा रंज या मातम के घर में रहता है, और मूर्खों का दिल ख़ुशी और ठठोलबाज़ी के महल में रहता है."

जिस बच्चे के चोट लग जाती है उसे मां सबसे अधिक अपनी छाती से चिपटाती है.

अभ्यास को सूफ़ी लोग मुनाजिलत कहते हैं और वैराग्य को मुजानिबत कहते हैं. अभ्यास यानी मुनाजिलत के लिये वैराग्य यानी मुजानिबत ज़रूरी है. अभ्यास का मतलब है आत्मा की तरफ़ मुड़ना. वैराग्य का मतलब है दुनिया की लज़्ज़तों से मुँह मोड़ना और दुनिया में जितने लोग दुख और मुसीबत में हैं उनके लिये दिल का दया, प्रेम और सेवा की इच्छा से लबरेज़ रहना."

ہے راجہ ایسے آدمی جو ہمیشہ میٹھی میٹھی باتیں کہتے رہیں بہت مل سکتے ہیں لیکن کڑوی اور فائدہ کی بات کے کہنے والے اور سننے والے دونوں مشکل سے ملتے ہیں۔"

مشہور عیسائی سنت سینٹ فرانسس آف ایلی سی نے ایک جگہ کہا ہے :—

"اگر ہم ساری دنیا کے اندر پوترتا اور ایشور بھکتی کی اچھی سے اچھی مثالیں سب کے سامنے رکھیں تب بھی اس سے ہمیں پرم آنند نہیں مل سکتا۔ اگر ہم دنیا کی سب بھاشائیں بول سکیں، سارا گیان حاصل کر لیں، سب دھرم گرنتھوں کو پڑھ لیں اور بھوشیہ کی باتیں اور لوگوں کے دلوں میں چھپی ہوئی باتیں بتا سکیں، اگر ہم فرشتوں کی بولیاں بول سکیں اور تاروں کی گتی اور سب جڑی بوٹیوں کی خاصیتیں جان جائیں، اور اگر زمین کے سارے خزانے بھی ہمیں معلوم ہو جائیں، اور پرندوں، درندوں اور مچھلیوں کے سب گن اور ان کی شکتیاں ہم جان جائیں، اور منشیہ جاتی، درختوں، پتھروں، جڑوں اور جل کی سب خاصیتیں ہم جان لیں، تب بھی اس سے بھی ہمیں پرم آنند نہیں مل سکتا۔ پر جب ہم لوگوں کی گالیوں اور اپنے ساتھ ان کے برے سے برے سلوک کو برداشت کر لیں اور ہمیں غصہ نہ آئے، اور غصہ آنے کے بجائے ہم دینتا کے ساتھ یہ سوچیں کہ ہم سچ مچ ان سب گالیوں اور بدسلوکیوں کے حقدار ہیں، تب اس میں ہمیں پرم آنند مل سکتا ہے۔ اگر ہم بھوک اور سردی اور مار اور سب طرح کے کشٹوں، انیائے، نفرت اور سختی کو صبر کے ساتھ برداشت کر لیں اور انہیں اپنے لئے کسوٹی اور آزمائش سمجھیں اور یہ سوچیں کہ ہمیں ابھی کتنا اور کشٹ بھوگنا چاہئے— تو اسی میں پرم آنند ہے۔"

انجیل میں لکھا ہے کہ :—

"قہقہہ مار کر ہنسنے سے رنج کرنا زیادہ اچھا ہے کیونکہ رنج سے دل پاک ہوتا ہے۔ بدھیمان آدمی کا دل ہمیشہ رنج یا ماتم کے گھر میں رہتا ہے، اور مورکھوں کا دل خوشی اور ٹھٹھول بازی کے محل میں رہتا ہے۔"

جس بچے کے چوٹ لگ جاتی ہے اسے ماں سب سے اَدھک اپنی چھاتی سے چپٹاتی ہے۔

ابھیاس کو صوفی لوگ منازلت کہتے ہیں اور ویراگیہ کو مجانبت کہتے ہیں۔ ابھیاس یعنی منازلت کے لئے ویراگیہ یعنی مجانبت ضروری ہے۔ ابھیاس کا مطلب ہے آتما کی طرف مڑنا۔ ویراگیہ کا مطلب ہے دنیا کی لذتوں سے منہ موڑنا اور دنیا میں جتنے لوگ دکھ اور مصیبت میں ہیں ان کے لئے دل کا دیا، پریم اور سیوا کی اچھا سے لبریز رہنا۔

चीनी कन्फ़ूशियस धर्म की किताब शीकिंग में लिखा है कि :—

"ईश्वर आदमी के विश्वास को कड़ाई के साथ परखता है."

एक दूसरे चीनी धर्म ताऊइज़्म में कहा गया है कि :—

"हीनता मान की जड़ है. अपने को छोटा समझना ऊंचा जाने की बुनियाद है. दुनिया के सब से कमज़ोर लोग दुनिया के सब से सख़्त लोगों पर विजय प्राप्त कर लेते हैं."

इन्जील में लिखा है :—

"घमन्ड नाश का पेशख़ेमा होता है और ग़ुरूर करने वाला गिरता है......ईश्वर का डर ज्ञान की शुरूआत है."

इन्जील में एक दूसरी जगह लिखा है :—

"जो आदमी लोभ को क़ाबू में कर लेता है वह मुबारक है, क्योंकि जब वह परखा जाएगा तो उसे जीवन का वह मुकुट मिलेगा जिसका वादा ईश्वर ने उन लोगों के साथ किया है जो ईश्वर से प्यार करते हैं."

वेद के शत पथ ब्राह्मण में लिखा है :—

"जो बहुत घमंड करते थे वही अपने घमंड के कारन गिरे, इसलिये किसी को बहुत घमंड नहीं करना चाहिये. घमंड ही हार का दरवाज़ा है."

पारसी धर्म की किताब गाथा में लिखा है :—

"ऐ मज़दा यानी ईश्वर मुझे आज़मा और परख, तू मुझ पर जो भी मुसीबतें डालेगा मैं उन सब को तेरा अनुग्रह और तेरी बरकतें समझूंगा."

इन्जील में लिखा है :—

"मुबारक हैं वह जो अपनी आत्मा से ग़रीब हैं क्योंकि स्वर्ग का राज उन्हीं को मिलेगा. मुबारक हैं वह लोग जो दीन हैं क्योंकि यह धरती उन्हीं को विर्से में मिलेगी. मुबारक हैं वह लोग जिन के दिल पाक साफ़ हैं क्योंकि उन्हें ही ईश्वर का दीदार देखने को मिलेगा. मुबारक हो तुम जब लोग तुम्हारी बुराई करें और तुम्हें कष्ट पहुंचाएं क्योंकि स्वर्ग में तुम्हें इसका बड़ा इनाम मिलेगा."

इन्जील में यह भी लिखा है :—

"ईश्वर का राज बाहर ढूंढने से नहीं मिलेगा न कोई यह कह सकेगा कि लो यहां ईश्वर का राज है! लो वहां ईश्वर का राज है! क्योंकि देखो ईश्वर का राज सचमुच तुम्हारे अन्दर है."

एक और जगह इन्जील में लिखा है :—

"मूर्खों से तारीफ़ के राग सुनने की निस्बत बुद्धिमान आदमी की फटकार सुनना ज़ियादा अच्छा है."

बाल्मीकी रामायन में लिखा है :—

"जिस आदमी की जुआरी लोग, भाट और बदचलन औरतें तारीफ़ करती हैं वह आदमी जीते हुए भी मुर्दा है.

چینی کنفیوشیس دھرم کی کتاب شی کنگ میں لکھا ہے کہ :—

" ایشور آدمی کے وشواس کو کڑائی کے ساتھ پرکھتا ہے "

ایک دوسرے چینی دھرم تاؤازم میں کہا گیا ہے کہ :—

" ہینتا مان کی جڑ ہے . اپنے کو چھوٹا سمجھنا اونچا جانے کی بنیاد ہے . دنیا کے سب سے کمزور لوگ دنیا کے سب سے سخت لوگوں پر وجے پراپت کر لیتے ہیں."

انجیل میں لکھا ہے :—

" گھمنڈ ناش کا پیش خیمہ ہوتا ہے اور غرور کرنے والا گرتا ہے..... ایشور کا ڈر گیان کی شروعات ہے ."

انجیل میں ایک دوسری جگہ لکھا ہے :—

" جو آدمی لوبھ کو قابو میں کر لیتا ہے وہ مبارک ہے، کیونکہ جب وہ پرکھا جائے گا تو اسے جیون کا وہ مکٹ ملے گا جس کا وعدہ ایشور نے ان لوگوں کے ساتھ کیا ہے جو ایشور سے پیار کرتے ہیں ."

وید کے شت پتھ براہمن میں لکھا ہے :—

" جو بہت گھمنڈ کرتے تھے وہی اپنے گھمنڈ کے کارن گرے، اس لئے کسی کو بہت گھمنڈ نہیں کرنا چاہئے . گھمنڈ ہی ہار کا دروازہ ہے ."

پارسی دھرم کی کتاب گاتھا میں لکھا ہے :—

" اے مزدا یعنی ایشور مجھے آزما اور پرکھ، تو مجھ پر جو بھی مصیبتیں ڈالے گا میں ان سب کو تیرا انوگرہ اور تیری برکتیں سمجھوں گا ."

انجیل میں لکھا ہے :—

" مبارک ہیں وہ جو اپنی آتما سے غریب ہیں کیونکہ سورگ کا راج انہیں کو ملے گا . مبارک ہیں وہ لوگ جو دین ہیں کیونکہ یہ دھرتی انہیں کو ورثے میں ملے گی . مبارک ہیں وہ لوگ جن کے دل پاک صاف ہیں کیونکہ انہیں ہی ایشور کا دیدار دیکھنے کو ملے گا . مبارک ہو تم جب لوگ تمہاری برائی کریں اور تمہیں کشٹ پہنچائیں کیونکہ سورگ میں تمہیں اس کا بڑا انعام ملے گا ."

انجیل میں یہ بھی لکھا ہے :—

" ایشور کا راج باہر ڈھونڈنے سے نہیں ملے گا . نہ کوئی یہ کہہ سکے گا کہ لو یہاں ایشور کا راج ہے ! لو وہاں ایشور کا راج ہے ! کیونکہ دیکھو ایشور کا راج سچ مچ تمہارے اندر ہے ."

ایک اور جگہ انجیل میں لکھا ہے :—

" مورکھوں سے تعریف کے راگ سننے کی نسبت بدھیمان آدمی کی پھٹکار سننا زیادہ اچھا ہے .

والمیکی رامائن میں لکھا ہے :—

" جس آدمی کی جواری لوگ، بھاٹ اور بدچلن عورتیں تعریف کرتی ہیں وہ آدمی جیتے ہوئے بھی مردہ ہے،

एक ही जान सब की जान है

(डाक्टर भगवानदास)

दीनता यानी इनकिसार को सब मज़हबों ने ऊंची जगह दी है. मज़हब हमें सिखाता है कि अनायास हम पर जो मुसीबतें पड़ें या आफ़तें आवें उनका हमें यह समझ कर स्वागत करना चाहिये कि वह हमें भगवान की देन हैं. भगवान कोई हम से अलग चीज़ नहीं. वह हमारे अन्दर से अन्दर की आत्मा हैं. इन मुसीबतों के ज़रिये वह हमें और हमारे मन को पाक साफ़ करना चाहते हैं ताकि हम हलके फुलके हो कर अधोगति यानी क़ौसे नज़ूल के रास्ते से हट कर अर्धोगति यानी क़ौसे उरूज के रास्ते पर तेज़ी से बढ़ सकें.

इन्जील में लिखा है :—"ईश्वर जिसे प्यार करते हैं उसे वह रगड़ कर साफ़ करते हैं."

भागवत में लिखा है कि भगवान कहते हैं :—"जिस किसी पर मैं अनुग्रह यानी मेहर करना चाहता हूं उसका एक बार मैं सब कुछ छीन लेता हूं."

मोहम्मद साहब की एक हदीस है :—"अल्लाह जब किसी बन्दे से मोहब्बत करता है तो उसे आज़माने के लिये उस पर चारों तरफ़ से बलाएं भेजता है."

क़ुरान में लिखा है :—

"ऐ ईमान वालो सब्र और दुआ के साथ अल्लाह की मदद चाहो, सचमुच अल्लाह सब्र करने वालों के साथ है और जो लोग अल्लाह की राह में मारे जायें उन्हें मरा हुआ मत कहो. नहीं नहीं, वह ज़िन्दा हैं अगरचे तुम उन्हें देखते. और इसमें शक नहीं कि अल्लाह तुम्हें ख़ौफ़ यानी डर और भूक और माल और जान और फलों के नुक़सान के ज़रिये आज़माएगा. और जो लोग सब्र करने वाले हैं उन्हें ख़ुशख़बरी दो. उन लोगों को ख़ुशख़बरी दो जिन पर जब कभी कोई मुसीबत आती है तो वह कहते हैं सचमुच हम अल्लाह ही से हैं और हम अल्लाह ही की तरफ़ लौट कर जायेंगे. यही वह लोग हैं जिन पर अल्लाह की दया और उसकी बरकतें उतरती हैं और उन्हीं का रास्ता ठीक रास्ता है."

एक सूफ़ी लिखता है :—

"ख़ुदी और अक़्ल को तेज़ करने से अल्लाह नहीं मिलता. अल्लाह की मेहर सिवाय टूटे हुए दिल वाले यानी दीन और आजिज़ के दूसरे को नहीं मिलती."

शंकराचार्य ने लिखा है कि :—

"बच्चे खेल कूद में मां को भूल जाते हैं. भूक और प्यास में उन्हें मां याद आती है."

ایک ھی جان سب کی جان ھے

(ڈوکٹر بھگوان داس)

دینتا یعنی اِنکسار کو سب مذھبوں نے اُونچی جگہ دی ھے . مذھب ھمیں سکھاتا ھے کہ اناپاس ھم پر جو مصیبتیں پڑیں یا آفتیں آویں اُن کا ھمیں یہ سمجھکر سواگت کرنا چاھئے کہ وہ ھمیں بھگوان کی دین ھیں . بھگوان کوئی ھم سے الگ چیز نہیں . وہ ھمارے اندر سے اندر کی آتما ھیں . اِن مصیبتوں کے ذریعہ وہ ھمیں اور ھمارے من کو پاک صاف کرنا چاھتے ھیں تاکہ ھم ھلکے پھلکے ھو کر ادھوگتی یعنی قوس‌نزول کے راستے سے ھٹ کر اردھوگتی یعنی قوس عروج کے راستے پر تیزی سے بڑھ سکیں.

اِنجیل میں لکھا ھے :—" ایشور جسے پیار کرتے ھیں اُسے وہ رگڑ کر صاف کرتے ھیں ."

بھاگوت میں لکھا ھے کہ بھگوان کہتے ھیں :—"جس کسی پر میں انوگرہ یعنی مہر کرنا چاھتا ھوں اُس کا ایک بار میں سب کچھ چھین لیتا ھوں ."

محمد صاحب کی ایک حدیث ھے :—" اللہ جب کسی بندے سے محبت کرتا ھے تو اُسے آزمانے کے لئے اُس پر چاروں طرف سے بلائیں بھیجتا ھے ."

قرآن میں لکھا ھے :—

" اے ایمان والو صبر اور دعا کے ساتھ اللہ کی مدد چاھو' سچ مچ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ھے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں انھیں مرا ھوا مت کہو . نہیں' وہ زندہ ھیں اگرچہ تم اُنھیں نہیں دیکھتے . اور اِس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تمھیں خوف یعنی ڈر اور بھوک اور مال اور جان اور پھلوں کے نقصان کے ذریعہ آزمائے گا . اور جو لوگ صبر کرنے والے ھیں انھیں خوشخبری دو . اُن لوگوں کو خوشخبری دو جن پر جب کبھی کوئی مصیبت آتی ھے تو وہ کہتے ھیں سچ مچ ھم اللہ ھی سے ھیں اور ھم اللہ ھی کی طرف لوٹ کر جائینگے . یہی وہ لوگ ھیں جن پر اللہ کی دیا اور اُس کی برکتیں اُترتی ھیں اور اُنھیں کا راستہ ٹھیک راستہ ھے ."

ایک صوفی لکھتا ھے :—

" خودی اور عقل کو تیز کرنے سے اللہ نہیں ملتا . اللہ کی مہر سوائے ٹوٹے ھوئے دل والے یعنی دین اور عاجز کے دوسرے کو نہیں ملتی ."

شنکراچاریہ نے لکھا ھے کہ :—

بچے کھیل کود میں ماں کو بھول جاتے ھیں . بھوک اور پیاس میں اُنھیں ماں یاد آتی ھے."

16 जनवरी, सन '54 नम्बर 1

نمبر 1 '54 جنوری، سن 16

जात आदमी, प्रेम धर्म है, हिन्दुस्तानी बोली,
'नया हिन्द' पहुँचेगा घर-घर लिये प्रेम की झोली.

جات آدمی، پریم دھرم ہے، ہندستانی بولی،
'نیا ہند' پہنچے گا گھر گھر لئے پریم کی جھولی۔

पुकार

(सैयदा फ़रहत)

के लोभी लोभ में धन के चलते हैं फिर चाल
हैं मक्कार शिकारी फिर फैलाए जाल
ने को है बिपता भारी आएगा भूचाल
धरती पर फिर लग जाएँगे लाशों के अम्बार
होगी फिर आकाश से साथी गोलों की बौछार
के पुजारी भेंट में देंगे इन्सानों की जानें
की देवी धन से भरेगी फिर उनकी दूकानें
ल पटेंगी सोने से फिर उनकी सारी कानें
काल मगर दुनिया में पड़ेगा तड़पेंगे सब भूके
झुलसेंगे फिर तन मन सारा पेट से उठके लूके
पर फिर मंडराने लगे हैं जंग के काले बादल
अ गरज से ऐटम बम की धरती होगी बेकल
जाएँगे खून से साथी सारे जग में जल थल
सारे जग में छा जाएगा साथी घोर अन्धेरा
कोने कोने में दुनिया के होगा मौत का डेरा
देंगी अपने हाथों से फिर लाल हज़ारों माएँ
गे फिर अनाथ हज़ारों और लाखों बेवाएँ
न के सागर में डूबेंगी फिर लाखों आशाएँ
भूक और भीक का होगा साथी सारे जग में राज
मौजें खूब उड़ाएंगे फिर धन वाले महराज
आ साथी हम जान लड़ा कर आई बलाएं टालें
आ साथी मिल जुल कर उलट दें सब शैतानी चालें
चलते फिरते फ़ितनों के हम पैर में बेड़ी डालें
डगमग करती नैया को आ साथी पार लगाएं
जीवन को जो रोग लगे हैं उनको खोज मिटाएं
अफ़रंगी या अमरीकी हो जर्मन या जापानी
मिस्र और अरब के बासी हों वो तुर्क हों या ईरानी
भारत के हों बसने वाले या हों पाकिस्तानी
जो भी जीवन में विष घोले इंसां को कलपाए
साथी ऐसा सारे जग में कोई न रहने पाए

پکار

(سیدہ فرحت)

دھن کے لوبھی لوبھ میں دھن کے چلتے ہیں پھر چال
بیٹھے ہیں مکار شکاری پھر پھیلائے جال
پڑنے کو ہے وپتا بھاری آئے گا بھونچال
دھرتی پر پھر لگ جائیں گے لاشوں کے انبار
ہوگی پھر آکاش سے ساتھی گولوں کی بوچھار
دھن کے پجاری بھینٹ میں دینگے انسانوں کی جانیں
دھن کی دیوی دھن سے بھریگی پھر ان کی دوکانیں
اُبل پڑیں گی سونے سے پھر ان کی ساری کانیں
کال مگر دنیا میں پڑے گا تڑپینگے سب بھوکے
جھلسینگے پھر تن من سارا پیٹ سے اُٹھ کے لوکے
سر پر پھر منڈرانے لگے ہیں جنگ کے کالے بادل
گونج گرج سے ایٹم بم کی دھرتی ہوگی بیکل
بھر جائینگے خون سے ساتھی سارے جگ میں جل تھل
سارے جگ میں چھا جائیگا ساتھی گھور اندھیرا
کونے کونے میں دنیا کے ہوگا موت کا ڈیرا
کھوئینگی اپنے ہاتھوں سے پھر لال ہزاروں مائیں
ہوں گے پھر اناتھ ہزاروں اور لاکھوں بیوائیں
خون کے ساگر میں ڈوبینگی پھر لاکھوں آشائیں
بھوک اور بھیک کا ہوگا ساتھی سارے جگ میں راج
موجیں خوب اُڑائینگے پھر دھن والے مہراج
آ ساتھی ہم جان لڑا کر آئی بلائیں ٹالیں
آ ساتھی مل جل کر اُلٹ دیں سب شیطانی چالیں
چلتے پھرتے فتنوں کے ہم پیر میں بیڑی ڈالیں
ڈگ مگ کرتی نیا کو آ ساتھی پار لگائیں
جیون کو جو روگ لگے ہیں ان کو کھوج مٹائیں
افرنگی یا امریکی ہوں جرمن یا جاپانی
مصر اور عرب کے واسی ہوں وہ ترک ہوں یا ایرانی
بھارت کے ہوں بسنے والے یا ہوں پاکستانی
جو بھی جیون میں بس گھولے انساں کو کلپائے
ساتھی ایسا سارے جگ میں کوئی نہ رہنے پائے

"नया हिन्द"

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

का

माहवारी परचा

ہندستانی کلچر سوسائٹی

کا

ماہواری پرچا

जनवरी 1954 جنوری

क्या किससे — सफ़ा

کیا کس سے — صفحہ

क़ीमत—हिन्दुस्तान में छै रुपया साल, बाहर दस रुपया साल, एक परचा दस आने.

मैनेजर
'नया हिन्द'
145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

قیمت—ہندستان میں چھ روپیہ سال، باہر دس روپیہ سال، ایک پرچہ دس آنے۔

مینیجر
'نیا ہند'
145، مٹھی گنج، الہ آباد۔

नया हिन्द نیا ہند

एडीटर—ताराचंद, भगवानदीन, मुज़फ़्फ़र हसन, बिशम्भर नाथ, सुन्दरलाल

اڈیٹر—تاراچند' بھگوان دین' مظفر حسن' بشمبھر ناتھ' سندرلال

नायब एडीटर—सुरेश रामभाई, मुजीब रिज़वी

نائب اڈیٹر—سریش رام بھائی' مجیب رضوی

27-4/13

* * * * *

जनवरी 1954 جنوری